Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

نثار دہلوی کی دماغی کاوشوں پر مبنی

مخزنِ اسرارِ نو

جلد 1

گذشتہ بارہ سالوں میں وقت وقت پر
لکھے گئے خطوط، مضامین، مقدمے و
آرٹیکل پیپر، ایڈیٹوریل، تبصرے
کھلے خطوط، تنقیدی نوٹ، رائے زنیاں
جاتی سرخیاں، چیدہ خبریں، سرکار مخالف
سیاسی و دھارمک مضامین۔ تاریخی،
مطبوعہ وغیر مطبوعہ ادبی پاروں اور مناظرہ
پر مشتمل مخزنِ اسرارِ نو۔

بی این نثار دہلوی

۲۸۸ سہ منزلہ بکرم نگر سروال چوک جموں ۱۸۰۰۰۵

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

نثار دہلوی کی دماغی کاوشوں پر مبنی

مخزنِ اسرارِ نو

گذشتہ بارہ سالوں میں
لکھے گئے خطوط، مضامین
آرٹیکل، پیپر، ایڈیٹوریل
کھلے خطوط، تنقیدی نوٹ
جلتی سرخیاں، چند خبریں
سیاسی و دھارمک مضامین
مطبوعہ و غیر مطبوعہ ادبی پاروں
پر مشتمل مخزنِ اسرارِ نو

بی این نثار دہلوی
۲۸۸ حصہ مشرقی بکرم نگر سروال چوک جموں ۱۸۰۰۰۵

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh.Funding by IKS MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سورگبیہ

پنڈت کیشو بھٹ جیوتشی

کے تالیف کردہ گنیش ستوترم

کا

اردو نظام و قالب

بی این بھان نثار
۲۸۸ شیہ منزل بکرم نگر۔ سروال چوک
جموں توی ۱۸۰۰۰۵

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

گنیش ستوترم

اوم شری گنیشائے نمہ

ببھوت دکھنہ ہستنہ ہدمہ یوگلے دنناکھی سوترے شبھے ۔ وامے مودک پورن پاترہرشو
ناگوپویتی تردرکھ یشرمیان سمہ یگا سناہ شروتی یگے شنکھو بن مولیمان ۔ دلیثات الیشر
پوتر الیثہ بھگوان لمبودرہ شرم ناہ = شکلام بردرم ولیشنوم ششی ورنم چترُبھجم
پرسن ودنم دھیایت سرو وگھنوپ شانتئے = ابھ پرثیتارتھ سیدھیرتھم پوجتو یاہ سریراپی
سروہ وگھنہ چھدے تسمے گنادی پتئے نماہ = گنا نام ادرپہ چنڈو گجہ وکترس ترلوچناہ ۔
پرسنو بوتات نیشم وردا تا ونایکاہ = سومکھش چیکہ دنتش چہ کپلو گجکرنکاہ ۔ لمبودرشچ
وکٹو وگھنہ راجو ونایکاہ = دھومرکیتور گنا دھیکشو بھالچندرو گجا ننناہ ۔ دوادشیٹے
تانہ نامانی گنیشسے سماہناہ = یاہ پٹھیتو شرو کہتانی سا لبیت ریدھم انتمام ۔ ودیارمبے
وواہے چہ پرویشے نرگمے تتھا ۔ سنگرامے سنکٹے چیو وگھنس تسئے نہ جایتے =
اوم چت اچت پدگھمبیرم گما گم پد او جتم ۔ گنہا کاش سم کاشم وندے دیوم
گنیشورم =

شری شنت کمار اُواچہ

شنکرات برہمنا پراپتم پدمہ یونیر مبا پرتھو ۔ تت اہم کیرتہ یشامی ستوترم پرمہ درلبھم =
ششٹام چتر نمیام اشٹمیام چترُ دشیام چہ بھکتتہ ۔ پوجئے چہ گنا دکھیم شردھا بھکتی
سمن وتاہ = ارگئے پشپس تتھا دوبے ر دی پے ر مالیشچ چامرئیے ۔ وسترے
کنڈل کے یور ہیر مولہ بھسچہ ونا نکئے = بھکشیر بھوجیئے ریوپشچہ متسیر مانسئے چہ مودکئے
پانکئے پھلموالیشچہ ہومئیے ر منترا دبھر تتھا = گنگا ہردے تو گانگییم شری شیلے تو گنیشورم
وارانسیام گجہ مکھم گیایام ٹنکہ دھارنم = ہریاگے تو گنا دیکیم کیدارے وکٹا ننم
لمبودرم کورو کھیترے نے مشے چہ مدوت کٹم = جمبکم دنڈکارنئے لوکے شم ہموت گرو
وشوک سینم چہ وندھیادرو ملئے ہیم کمبھکم = نایکم پشکر دِ ویپے وِگنیشم شل ملو ستھنم
الاوترتے وشو رُوپم ہری ورشے گھطو درم = شری نیتر سمہل دوِیپے شیتو دوِیپے
تو واہنم ۔ انجنیام تو لمبوشٹم مالوے شور پہ کرنکم = سوراشٹرے ورَدم تیشم
کاشمیرے بجیمہ روپنم ۔ سندھو ساگر یور مدھیئے وگنیم منترنایکم = ہریکھیم یکھی لونے
کیلاسے پرمیشورم ۔ مہودرم تو لمپایام چمپایام شکمی واہنم = پاتشہ ہستم تر کوٹشو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پُوٗ جیعے ت سرو بِید دھم - بَلم اگنی گُمایام تو پاٹلے سَمہہ واہنم = پونڈرے رُوٗدر
ممکعم چاپ کلاپی گرا مِکے جنیمَ - مِیرُوٗ ٹپرشِحِھٹے کام رُوٗیم نندنم نندنے وَنے = وِجیم وَبیٹھ
گندھونے دیو دارُو وَنے تنم - آرتا نام وِگنہ ہرنم گنگا ساگر سنگمے = مہا بچھتے وِرُوٗ پاکھیم
چیتر سینم تُوٗ پُشکرے - دِرجیمَ بمبنا نبیرے ستنم بنم گندھ مادنے = امبرشم بھدروٹے
موہنم ہستنا پُرے - کِشاسند حابام اُگرکے تَمُ لنکا یام تُوٗ وِبعیشنَم = کالنگے وَتروغم چیئوٗ
وِندھی پادے مدوت سٹم - اشوٗتعم چہ نٹرشس کیشو چِی نیشو نٹرشکما بُدھم = وَخبر ہتنم
کوسلے شو داکِھنا تبیشو لوٗ ہنم - شوٗ توت دھنتہ لَرمَ چیئو مدھہ دیشے پٹر کیر تیستم =
ایکہ دمِش ٹرم پٹس چہ مادرَو پُوٗرتو دیشے ہیرا جنتمَ - اُترے چارَو وکرٹم چہ ورشٹھم
نٹر بورے شوچہ = ہٹرنے کوَجم جیئو گری سن دھشوٗ سمس تھِتم - سمکُمیم ناگ رندھرلیشو
سزمدایام چہ شرط بِھمَ = مایا پُریام نا مایم بھدرکرنے ہردے شوم - کوکرنے گجہ کرنم چہ
کالی کنجے ورانسم = پدماسنم کام رُوٗپے شرٹی مُلکھم سرو ناہ تھِنتمَ - وید ویدانگ
شاستر لیشو چنتہ ایت گن نایکم = اشٹا ششٹی تُوٗ ناما نی تُشنا نیشت بھت کرمناہ
نیشِم ہیربھات کالے تُوٗ چنتہ اَیت سَرو بِید دھم = ابنت شتو نٹرم پُوٗنٹرم تُوٗ
منگلم پاپ ناشنم شستر کھرکود ویتال یکھہ رکھیو بعیا پہم = چورارنے بھیہ وِیا گھرا
وِیادھی دربکھیہ ناشنم - کرتیا دِمایا شمنم سَروَ شنٹرو وِمردنم = نٹر سندھیم
یاہ پٹھیتَ اے نت سبھو بیت سَرو بِدہ باک - گنیشور پٹرساد ن لبھتے شنکرم پدم +

اوم لالکھیا سِندوٗر ورنم سُروَر نمنتمَ موَدکیہ مودنا سیتم - ہستے دنتم دداتم
یمہ کرسدَ رِشم نیعسو گرم ہتٹر نیٹرم - دکھہ رِتنا کہ سُوٗ نٹرم وَرَ بیرَ شُدھرم ساکوسمہا ستنسھم
گانگے یم رُوٗدرَ مُوٗرتم نٹر بُرو دھکرم وِگُن بھکتیم نمامی + گوری پُوٗنٹرم نٹر نیٹرم گجہ مُکھہ ستھتم
ناگ یگنیبو پوٗیتم - پدما کیتم سَرو بھکیم سکل جن ہیریم سَرو گندھروٗ پُوٗجیم - سمپوٗرنم بھالچندرم
وَردم اتِ بلم ہنتٹر کم چاسُرانام - ہیے رِمبِمَ آدِ دیوم گن پتم امُلم سِدھی داتارم ایڈے +
یم برھمہ ویدانت وِدو و دنتی پرم پردانم پُوٗروشم تتھانے - وِشو وت گتے کارنم ایشورم
وا - تسمئے نمو وِگھن وِناشکائے + گج ودنم اچنتیم تیکھن دنتم ٹرنیٹرم برہت
اُددرم انن تمَ دنت مالے ددانم - ہیرشوٗ چشک پدمہ دوند ہستار بندم ہری تُیگل
نوشٹم شری گیشم بھجامی + ابھیہ ورد پانم لڈوٗ پاتٹرم سَدِ نتم - نرتی جپ مالام ناگ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh. Funded by ... 2023 Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

باشان کوشم چھ ۔ کنہٕ مٕئ وچترٕم مُدگرم پانہٕ بدمے ۔ پرشُم اپٕ وٕنٕنٕم وِگھن راجم نمامی + وِگنیشم
وِشو وَندم شو وِپلہٕ ییشسم لوکہٕ رکھیا پٔتر دٕکھم ۔ ساکھیات سروا بِدا شو پٔترش مٕنہٕ سُمتنم
پاروتی پرانہٕ شونم ۔ برایاہ سروا سریندرے شستر مٕنی گنئے ستا دھکلے پوجیہ مانم کارونہٕ نان
ننرایا مِنتہٕ ببہٕ شمنم وِگھن راجم نمامی + غوغو گیندرائے ایک دنت ہ درائے چھ نمہٕ الیشور
پونرائے گنیشائے نمونمہٕ + ماتا ییتیہ اوما دیوی پتا ییتیہ مہیشورہ مُوشکو واہنم ییتیہ سُناہ پایات گنا
وندے ورا بھیہ پناک کپال کھٹ ٹنکہٕ ترشول انگ دنت مسلا بجکرم ترنیترم ۔ بیسیم جٹا مکٹنم کملا
سنستھم کشیرِ واسم اُملم گنہٕ راجم آدیشم + رکتانگ راگم پرشو کھمالا سو دنت پانم سِت لڈو پاترم ۔
گجانم سمہرتا دِہ رو ڈاھم گنیشورم وگن ہرم نمامی + سم سدِ شیرنہٕ نمت سرا اُسرملت مولیس
بھتہ پرول ست ۔ سدرنن ٹیر کھو پرکشٹ وِبھوا پرینا کھن مٕیو کھو مُلت ۔ شرےیو وگھن مہابھیہ پٔترشچھ
دیوتیم یدے کو شدم ۔ بھوپانو دِوردا ننا نگر کملا دُندم تت اشٹاف تئیے + بیھرت پنچ مُکھانی یوِیم
اُدِتاہ سواتنِ تٕر ماترات مٕنا ۔ شکتیر ویٔے بھوتاہ پرا پٔترتہ ہت ا دوٗیٔ تا بِکیہ وگھنِ وے یاہ
ایکی بھوت مُکھاہ سکارن گنانہٕ اوم کارِ تا تیمبا دیوہ سمپرتی بھاستام مٕنی ییھا تت توم گنادھیشورہ +
ہس تیندرا ننم اِندو چوڑم ارنہٕ چھایم ترنیترم رسات آش لشٹم پٔتریہ یا سیدم کریا سواہکش
تھیا ئنہٕ نتم ۔ بیجا پورگدا دھنس ترشلہٕ یک چکرا بجہ پاشوت پل ا ۔ ورہی ھِیے گرشتھ وِشان
رتن کلشان ہس تیرہٕ وہن تم بھجے + دیوم ستھول تنوم گجیندرہ وَدنم لمبودرم سُندرم ۔ وِگنیشم مدگند
لول مدھپا وِیا لول گنڈ سس تھلم ۔ دنتا گھات وِدارِتا ہت جنم سندور شوبھاکرم ۔ وندے شیل
ستا سُتم گنہٕ پتنم سدِ تھے پٔردم کامدم + دِچتر دشہ ورنہ بھوشتا ئم سلام بھو جبھرم مہو پویتم
دِرگا دِھیگا منم ترنیترم ہر پوترم دِر دانم بھجے ہم + جٹا مکٹ مٕنڈِتم ترنیتم بھجے شِٹھ
بھجم یِتی سرنوا سنم استرنا سنم نو ہتم ۔ ورا بھیہ پنا ننم توشی کپال بھرت شولنم گیر ورت نیشورم
کملکم چہ بھیما کرتم +

گجانم بھوت گنا دِتھہ سیوِتم کپتھہ جامبو پھل سار بھکھنم اُوما پتنے
شوک وِناش کارنم نمامی وِشوے شورم آشو سدِھدم + لمبودرئیک وَدناہ کملا سنس تھم
چیندرار دِتھہ مولرا ملو بھمبگیندر نارا ۔ بھیموشٹ باہور اُدِتار کسمری چراشٹا ۔ سدِھی
پٔردو بھوتوان پہت سدہ دوناہ + یو بھرچتاہ سُرگنیشر ور سدِھی ھے تو ۔ چھے توم بھیانِ
چہ کرے ہرشم ددھاناہ ۔ دیوہ ش شمبھو دیہ تا پٔرور دِھتہ شرشی وِگھنان نِوارئی تو
وا رتن راج وکرہ +

تمام شد

اپنے عزیز اور محترم بھائیوں کے حکم سے میں نے یہ اُردو کا قالب دیا
غلطیاں درگزر۔
(بی این بھان نثار)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant


حنفی مت
عبرانی مت
پارسی مت
سکھ مت
جین مت
بودھ مت
آریا سماجی مت
ہندو مت
اسلام مت
عیسائی مت
موسائی مت
یہودی مت
دہریہ مت
بہائی مت
رازائی مت
آغاخانی مت
اِنسانیت
رادھاسوامی مت
انسانی مت
قادیانی مت
احمدیہ مت
کبیر پنتھ
اور
رام داسی باوالال دیال مت
اہلِ تشیع اہلِ سُنت
اہلِ حدیث۔
سب کا اصلی مقصد ہے انسانیت کی بقا۔
دُنیا کا واحد مذہب ہے بھائی چارہ و یگانگت
سب کے لئے وضع کردہ لقب الجبین
ہے
اِنسانیت

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بہر حال کہنا ہی پڑ رہا ہے

کشمیری پنڈت

کیا چاہتے ہیں؟

مُرتّبہ: پی، این بھان نثار

برائے کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ)

امبھلا جموّں 5

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری پنڈت برادری کے بیشتر ارکان چونکہ پڑھے لکھے اور سوجھ بوجھ رکھنے والے ہیں لہذا ہر قومی مرحلہ پہ ان کے کردار اور کردار کے ردعمل پر سب کی نگاہیں جاتی ہیں۔

آبادی کے تناسب سے بہت کم اقلیت میں ہونے ہوئے بھی اندرون ریاست ہو یا بیرون ریاست، ملک و قوم کو درپیش اہم سیاسی اور سماجی مرحلوں پہ ہماری برادری کے اراکین کا ہمیشہ ہمیشہ سے ہی ایک موثر کردار رہا ہے۔

جموں و کشمیر اسمبلی کے حالیہ چناؤ بھی کچھ مخصوص حالات کے سبب اہم نظر ہو رہے ہیں۔ ہماری برادری کو فروری 1986 میں وادی کشمیر میں فرقہ پرست اور دہشت گرد عناصر کے ہاتھوں وسیع پیمانہ پہ لوٹ، غارتگری، آگ زنی اور لوٹ تیرہ و دھرم ستھانوں کی حد درجہ بے حرمتی کا سامنا کرنا پڑا۔

آج بھی مذہب کے نام پہ کچھ غیر ذمہ دار عناصر جس شدت سے صف آرائی کر رہے ہیں اور ان کے بلند بانگ غیر ضروری نعرے اور ان کا جگہ جگہ بیجا غیر قانونی جم غفیر وادی کشمیر میں گاؤں گاؤں میں مقیم ہماری مٹھی بھر بکھری ہوئی آبادی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کے لئے بڑی طرح سے ہراساں ہونیکا کارن بن رہے ہیں۔ ان حالات
کو دیکھ کر آئندہ قانون ساز اسمبلی میں ان ہی ممبران کا سواد
اکثریت میں ہونا ضروری ہے جو قومی سیکولر اور جمہوریت پسند
سیاسی ڈسپلن کے پابند ہوں۔ جو ان فرقہ پرست، گمراہ اور
مذہبی جنونیوں کا بے باکی کے ساتھ جواب دینے اور سیاسی
طور پر مقابلہ کرنے کی ہمت رکھتے ہوں۔ سیاسی مصلحتوں کی
آڑ میں فرقہ پرست اور علیحدگی پسند رجحانات کے ساتھ
سمجھوتہ کرنے کی صورت میں قومی مفادات کی خاطر ایسی
باتوں کے خلاف بھی آواز اٹھانے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

چونکہ ان دنوں رائے دہندگان اور اسمبلی امیدوار
حضرات دلچسپی کے ساتھ کہنے اور سننے کے موڈ میں ہیں
تو ہم بھی اپنی برادری کی جانب سے عرض کر دینا چاہتے ہیں کہ

(۱) زمانہ کے حوادث کو سہتے ہوئے کشمیری پنڈت اپنی
پیدائشی جگہ کشمیر سے نکلتے نکلتے نہ صرف جموں بلکہ ہندوستان
کے طول و عرض حتیٰ کہ بیرون ملک بھی آباد ہو چکے ہیں۔ پر نا
جانے یہ سلسلہ کب تک جاری رہے گا۔ تواریخ گواہ ہے کہ
مجبوریوں نے ہمارا یہ سلسلہ بنایا۔ اس امر سے ریاست جموں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیر اپنی تعمیر و ترقی میں بہترین کارگزاروں اور دماغ داروں (Talent) سے محروم ہوتی رہی ہے۔ ملک اور ریاست کے مفاد میں اس اخراج کو روکنے کے لئے تدابیر کرنا بہت ہی ضروری بات ہے۔ باہر چلی گئی شخصیتوں میں سے مختلف شعبوں میں مہارت رکھنے والی ایسی شخصیات کو جموں و کشمیر کے فلاح و بہبود کے پیش نظر واپس بُلا کر مناسب مواقع فراہم کرنے کا ریاستی حکومت کا فرض بنتا ہے

(۲) بد قسمتی سے ہماری برادری کے نوجوانوں کو کسی بھی شعبہ میں قابلیت کے معیار پر پورا اُترنے کے باوجود کبھی تو فرقہ پرستی اور کبھی صوبہ پرستی کا شکار ہونا پڑ رہا ہے ہم نے کبھی بھی اقلیت کے لحاظ سے نوکریوں یا پیشہ ورانہ اداروں میں داخلہ کے لئے تحفظ نہیں مانگا۔ ہم تو قابلیت کے معیار پر پورا اترنے پر اپنا حق مانگتے ہیں۔ اکثریت اور اقلیت کی دلیلیں دیکر اور مذہب کے آدھار پر ہماری برادری میں سے قابلیت رکھنے والے نوجوانوں کو بلی کا بکرا بنانا نہ صرف انسانی حقوق کے منافی بات ہے بلکہ ملکی اور قومی تقاضوں کے بھی خلاف ہے۔ اسی طرح صوبہ پرستی کے جذبہ کے تحت بھی ذہین اور قابل نوجوانوں کے حق کو نظر انداز کر کے انہیں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اپنی ہی ریاست میں پریشان ہونا پڑے۔ یہ بات کبھی ناقابل برداشت
ہے۔ (۳) افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جموں میں مستقل طور پر
سکونت پذیر ہماری برادری کے اشخاص کو حسب مستقل باشندہ ریاست
کا سارٹیفکیٹ بنانا پڑتا ہے، اول تو سارٹیفکیٹ دینے میں
سخت لیت ولیل کیا جاتا ہے اور پھر اُن کی مستقل سکونت لکھنے
کے بدلے "حال جموں" لکھا جاتا ہے۔ وادی کشمیر میں بھی وادی
سے باہر کے بسے ہوئے ریاستی باشندوں کو ایسی ہی مشکلات کا
سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس طرح کے امتیاز کو فوری طور دُور
کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

(۴) وادی کشمیر میں ہمارا قومی، تمدنی اور مذہبی
ورثہ سب سے دیرینہ ہونے کی وجہ سے ہمارے پرانے تمدنی مراکز اور
دھرم ستھانوں کی کافی تعداد موجود ہیں لیکن وہاں پر اب ہماری
آبادی قلیل تعداد میں رہ گئی ہے جس کی وجہ سے وقتاً فوقتاً
ہمارے صدیوں پرانے دھرم ستھانوں کی حفاظت کو خطرہ لاحق
رہتا ہے۔ ہماری اسی اقلیتی کمزوری کی وجہ سے گلہ ہے کہ
تبلیغ کے نام پر بھی پریشان کن مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے
اس طرح کے واقعات سے ہماری برادری اور ہمارے ورثہ کو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بچانے کے لئے ٹھوس اقدامات کا اُٹھانا بھی ضروری ہے۔

(۵) کشمیری پنڈت اب زمانہ کی رفتار اور سماجی تصورات میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ یہ سمجھ چکے ہیں کہ اُن کی حیثیت اب ایک علیحدہ مخصوص فرقہ کی نہیں بلکہ سماجی سطح پر وہ ہندو سماج کا ایک جزو اور قومی سطح پر محض بھارت واسی ہیں وہ جہاں کہیں ہوں اوّل اور آخر ہندوستانی ہیں۔ ہماری برادری نے کبھی بھی فرقہ پرستی اور صوبہ پرستی کا ساتھ نہیں دیا۔ ہندوستان کی جنگ آزادی میں وسیع النظری اور قومی جذبہ ہماری وراثت رہی ہے اور اُسی کارن ہماری کتنی ہی بزرگ شخصیتوں نے جنگِ آزادی میں نمایاں رول ادا کیا

ملک کی تقسیم اور آزادی حاصل کرنے کے بعد آج تک جن بدلے ہوئے حالات کا ہمیں اپنی ریاست میں سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اُن کو ہم نظر انداز نہیں کر سکتے۔ وادی کشمیر اور جموں ڈویژن کے دونوں خطوں میں ہمیں وہاں کی اکثریت کے ساتھ جذباتی ہم آہنگی اور میل جول کے ساتھ رہنا ہے۔ ریاست کے تینوں خطوں کے اپنے اپنے مسائل بھی ہیں۔ ہماری برادری کے لوگ جہاں جہاں آباد ہیں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

وہاں کی علاقائی مشکلوں اور مسائل کو سمجھتے ہوئے انہیں وہاں کے لوگوں کے ساتھ شانہ بشانہ حل کر مشکلات کا ازالہ کرنے میں شریکِ حال رہنا ہے۔ لیکن ہم پر ایک اہم موروثی فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ

"ہندوستان کی قومی یکجہتی اور ریاست
کی سالمیت پر کسی بھی طرح آنچ نہ
آنے پائے"

دیش یکجہتی اور علاقائی ہم آہنگی کی ہماری اس خواہش کے تحت جموں و کشمیر کے خطوں میں اکثریتی فرقوں کے اندر احترام کا ہونا ضروری ہے، اور ہر خطہ کے اندر ہماری برادری کے ارکان کا سیاسی، سماجی اور تمدنی رول پیش پیش رہے گا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ان کاموں میں ہمارے تعاون کا ردِ عمل خطہ کے اکثریتی فرقہ کے اندر ہماری برادری کی جانب حوصلہ افزا ہونا نہایت ضروری ہے ہمیں ایک الگ تھلگ فرقہ سمجھ کر سماجی، سرکاری، تعلیمی اور تمدنی اداروں میں گنتی کے تناسب کے حساب سے ہمارے ساتھ کوئی امتیاز نہ برتا جانا چاہیے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں و کشمیر ریاست کے نازک سیاسی حالات کے پیش نظر ہم توقع کرتے ہیں کہ مجوزہ الیکشن میں کھڑے معزز اُمیدوار ہماری خواہشات اور ہمارے احساسات کو مدِ نظر رکھ کر ہماری برادری میں سے ہزاروں رائے دہندگان کی تسلی کر کے ہی اُن سے اُن کا قیمتی ووٹ حاصل کرنے کی اُمید کریں گے۔

رائے دہندگان سے بھی ہماری اپیل ہے کہ کسی ذات، فرقہ، مت، متانتر کو دیکھ کر نہیں بلکہ ملک و قوم کے وسیع تر مفادات کو دیکھ کر ہی اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال کریں۔

ہم مکمل امن و امان اور فرقہ وارانہ بھائی چارہ کے ماحول میں قومی ایکتا اور ریاست کی ترقی کے خواہاں ہیں۔

پیش کردہ - بی، این، بھان نثار
ترجمان کشمیری پنڈت سبھا جموں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پہلے مقدمہ پاکستان کی ایک پیشی کہ جسکی دوسری پیشی آجتک نہ ہوئی

پاکستان کی فیڈرل کورٹ کے روبرو ایک نامی گرامی شخص نے اپنی گواہی دیتے ہوئے حلفاً بیان کیا کہ:-

"ہندوستان کا بٹوارہ ہونے کے بعد محمد علی جناح نے لیاقت علی خان سے نیم خفیہ طور پر کہدیا تھا کہ "میں نے ہندوستان کو دو حصوں میں تقسیم تو کروا دیا اور مسلمانوں کے لیے بغیر کوئی قربانی دیے ایک الگ وطن پیدا کرالیا۔ لیکن یہ میری ایک زبردست غلطی تھی کہ پاکستان کا وجود طلب کیا۔ میرا منشا تھا کہ پاکستان بے شک ایک اسلامی ملک بنے اور اس میں دوسرے غیر مسلم بھی بہ حیثیت مساوی رہ سکیں۔ لیکن جو اس ملک کی نوعیت اور حالت دیکھ رہا ہوں وہ اصلی پاکستان کے مدعے سے دور بہت دور ہے اور یہ ایک تباہ کن شکل نظر آتی ہے"۔

فیڈرل کورٹ کے ایک ضعیف الاعتقاد جج نے تھوڑی جرح کرلی تو ایک وعدہ معاف گواہ نے شہادت پیش کرتے ہوئے "تصدیقاً" کہا کہ:-

"مسٹر محمد علی جناح کی نیم خفیہ گفت و شنید سے دل برداشتہ ہو کر ڈیرہ دون (یوپی بھارت) کی ہندو طوائف کے بطن سے پیدا ہوئے لیاقت علی خان نے ایک سازش رچ کر خفیہ طور پر محمد علی جناح کا قتل کروا دیا اور ان کی موت کی اطلاع تین دن بعد عوام کو دی گئی۔ چونکہ میں بھی ڈیرہ دون کا رہنے والا تھا اور ستاروں بھائی طوائف سے میرا اچھے مراسم تھے (کیونکہ وہ میری غزلیں عام طور پر گایا کرتی تھیں) اور جانتا ہوں کہ لیاقت علی خان کیسے لیاقت علی خان بن گئے"۔

اس پر سرکاری وکیل نے بس بس کہہ کر گواہ کی سرزنش کی۔ فیڈرل جج نے اگلی سنوائی ۲ جون مقرر کی۔

دریں اثنا جناب شورش کاشمیری نے اپنے "چٹان" میں ایڈیٹوریل کی آخری سطروں میں تحریر کرلیا تھا کہ "اس قاتلانہ حرکت، روگردانی، نافرمانی اور فراڈ کی پاداش میں وقت ملنے پر ایک مجمع میں تقریر کرتے ہوئے لیاقت علی خان وزیراعظم کا ڈائس (اسٹیج) پر ہی راولپنڈی میں قتل کر دیا گیا اور اصلی قاتل کو مجمع میں سے کسی دوسرے شخص نے گولی مار کر فنا کر دیا، تاکہ اصلی واقعات طشت از بام نہ ہوں۔ اور عوام یہ نہ جان پائیں کہ لیاقت علی خان کا قاتل کون تھا"

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

2 جون کو فیڈرل کورٹ لوٹوں سے کھچا کھچ بھر گئی اور جج صاحبان کھانستے اور تھوکتے تھوکتے چیمبر میں داخل ہو گئے لیکن کرسی جج پر نہ بیٹھ سکے اسلئے کہ کسی نے اُن کا چیمبر میں چھرا گھونپ کر قتل کر دیا تھا اور اسطرح اس مقدمہ کی کاروائی 13 دن آگے کے لئے ملتوی ہو گئی اور آجتک وہ نام نہاد فیڈرل کورٹ نہ بیٹھ سکی جو جناح مرحوم کے قتل اور قاتل در قاتل کے بارہ میں حیران بین رکے گمراہ ہوئے پاکستانیوں کے دلوں کو ٹھنڈک پہنچا سکے۔ البتہ راولپنڈی میں کسی سراج الدین احمد نے سیشن کورٹ میں لیاقت علی خان کے خلاف ایک مقدمہ اس نوعیت کا درج کر لیا تھا کہ:-

"لیاقت علی خان ہی قائد اعظم محمد علی جناح کے اصلی قاتل ہیں کیونکہ میں نے فیروز خان نون اور سردار عبد الرب نشتر کو ایک سرکاری کوٹھی میں آپسمیں باتیں کرتے ہوئے سنا تھا کہ:-

"محمد علی جناح نے حکومت پاکستان سے کہدیا تھا کہ میری بمبئی والی کوٹھی کو نہ بیچا جائے۔ کیونکہ میں خود اُس میں رہنے کے لئے چلا جاؤں گا اور وہیں پر اپنے گناہوں کو دھو ڈالوں گا جو میں نے مہاتما گاندھی کا دل دکھا کر پاکستان کی حصولی چاہی" محمد علی جناح کی اس خواہش کا احترام نہ کیا گیا۔ بلکہ آخری ایام سے پہلے ہی اُنھیں نیم پاگل قرار دیا گیا تھا اسلئے بھی کہ وہ "اردو اور عربی بولنا یا پڑھنا نہ جانتے تھے۔ صرف انگریزی بول سکتے تھے۔ بلکہ زبانی طور پر اسلام کا پرچار کیا کرتے تھے" محمد علی جناح نے زندگی بھر میں ایک بار بھی نماز نہ پڑھی۔ وہ نقال تھے اور اصل میں دین اسلام کے متعلق خاصہ کچھ نہ جانتے تھے۔

(ماہ نو۔ راولپنڈی۔ شمارہ 9۔ صفحہ 38 سال 1951ء)

چونکہ شیخ محمد عبد اللہ نے مسٹر محمد علی جناح کے گلے میں کشمیر میں جوتوں کا ہار ڈلوایا تھا اور مسٹر جناح نے اُسوقت اُف بھی نہ کیا تھا (البتہ کہا تھا کہ شیخ عبد اللہ کتے کی موت مریں گے) اور وہ چارج بھی مسٹر جناح کے خلاف گیا اور لیاقت علی خان اُس لئے بھی مسٹر جناح کے خاتمہ کی سبیل کرنے لگ گئے۔ مسٹر جناح کے خلاف ایک چارج یہ بھی تھا جو مقبوضہ کشمیر یعنی پاکستانی مقبوضہ کشمیر والوں نے اُن کے خلاف لگایا تھا کہ "مولوی یوسف شاہ میر واعظ بکرا ایک گندے انڈے کی مانند ہیں"

دریں اثنا عدالت کے سامنے کسی بہاالدین غوری نے عدالت سے زبانی درخواست کی کہ ہمیں یہ بات بتلا دی جائے کہ "مسٹر محمد علی جناح ایک سنی مسلمان ہیں یا کہ وہ شیعہ طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔" سیشن جج ابھی یہ بات سن ہی رہے تھے کہ محمد مقبل صدیقی نام سے کسی وکیل نے کہا "مسٹر محمد علی جناح قائد اعظم مرحوم شیعہ مسلمان تھے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور وہ سنی مسلمانوں سے بھی زبردست پیار کیا کرتے تھے"۔ اِس جواب کو سن کر سیشن جج مسٹر کرامت اللہ اندرابی نے بوکھلا کر کہا:۔

"میں سوال سن رہا تھا۔ میں جواب دینے کے اہل نہ تھا کیا؟ کہ مسٹر افضل صدیقی نے فوری طور سوال کا جواب دے دیا۔ اِس سے عدالت کی توہین ہوئی ہے۔ لہذا اصل مقدمہ کی شنوائی تین ماہ کے لئے ملتوی کی جاتی ہے اور مسٹر صدیقی کو تا برخاستِ عدالت قیدِ محض کی سزا سنائی جاتی ہے۔"

——o——

حکومتِ پاکستان آج تک اِن دو عقدوں کو حل نہ کر سکی اور وہ کیا خاک اس ضمن میں کر سکے گی۔

جنرل ضیاء الحق (جالندھری) کے ہوا میں پرخچے اُڑا دئے جانے کے پیچھے کونسی سازش کارفرما تھی۔ جبکہ عام نظریہ یہ رہا ہے کہ "قاتل موجودہ صدر اسحاق خان اور جنرل اسلم بیگ تھے۔ یہ وہی اسلم بیگ ہے کہ جس نے ضیاء الحق کے ہمراہ جہاز میں سفر کرنا تھا، کہ نہیں کیا اور اپنی دیرینہ سازش کے تحت اسحاق خان سے آشیرواد لیکر کئی جنرلوں اور ضیاء الحق کو ہوا کے دوش پر ہی جل کر راکھ ہونے دیا۔ اور بعد میں اُن کے گھر میں رکھی ہوئی فوجی کیپ کو دفنا دیا گیا۔ کیونکہ وہ ہوا میں ہی بکھر گئے تھے۔

اگر حکومتِ پاکستان کا غیر کرداری ٹی وی ایک بھی ایسا جلسہ دکھلائے گا کہ جسمیں مسٹر محمد علی جناح نے اُردو میں تقریر کی ہو تو ہم متذکرہ صدر سطور کے لئے تحریری طور پر معافی نامہ پیش کرنے سے عار نہ کریں گے۔ یہ بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ جناح صاحب مرحوم و مغفور نے کہدیا تھا کہ ا۔

شیخ محمد عبداللہ عرف ان کی موت مر گئے اور کہ میر واعظ مولوی یوسف شاہ مُرغی کے گندے انڈے سے کچھ کم نہیں۔

ہمیں لگتا ہے کہ ایسے ایسے الزامات کی فہرست تیار کر کے رنڈی زادہ آنجہانی لیاقت علی خان اور اُن کے حواریوں نے آنجہانی مسٹر محمد علی جناح کا سدا کے لئے پاکستان سے پتا کاٹنے کے لئے منصوبہ ترتیب دیکر اُن کے قتل کو عملی جامہ پہنانا ہوگا۔

تتمہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حضور! اس مملکتِ خداداد میں افسر تو کیا وزیر تک
رنڈی بازی کیا کرتے ہیں۔ سلیمہ شائق

دوسرے مقدمۂ پاکستان کے ڈرامے کا ایک اور سنگلاخ اور دلچسپ سین

مقدمۂ پاکستان میں ایک اور منظر کا پردہ اُٹھاتے ہوئے کراچی میں مسٹر قمر الزماں جج ہائی کورٹ نے ایک مُہنیہ اوباش عورت کہ جس کا نام سلیمہ شائق تھا سے بھری عدالت میں اُس وقت جب وہ پولیس حراست میں رُوبرو لائی گئی سوال کیا۔

"کہ پاکستان میں رنڈیاں نہ ہوتیں اور ان کے بازار نہ سجتے تو اچھے بھلے مَردوں کا دھیان ہی اس گناہ کی طرف کیوں جاتا؟"

حضور! "پاکستان بھر میں مجھے آپ کی ذاتِ گرامی کے سوا کوئی بھی شخص اچھا بھلا نظر نہیں آرہا۔ گستاخی معاف۔ یہ میرا تجزیہ ہے اور تجربہ بھی۔ میرے مُنہ میں خاک، اس مملکتِ خُداداد میں افسر تو کیا وزیر تک ہر سطح پر رنڈی بازی کے عادی مُجرم ہیں۔ یہ اسمگلر بھی ہیں اور افیون اور حشیش کا کاروبار تک کیا کرتے ہیں۔ جرائم پیشہ لوگوں کو اپنی سرکاری کوٹھیوں میں پناہ تک دیا کرتے ہیں۔ مرحوم لیاقت علی خان بھی ایک رنڈی زادہ تھے۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ بھی رنڈی بازی کیا کرتے تھے لیکن گھر منگوا کر۔"

"پاکستان دُنیا کی ایک بڑی اسلامی مملکت ہے جس کا سرکاری مذہب اسلام ہے وہ اسلام جو صرف سُنیوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس زمرے میں مرزائی، حنفی، آغاخانی شیعہ، بہائی، قادیانی، احمدی، کُردی اور کرائی نہیں آتے۔ وہ اسلام جس کے بانی نے "زنا" کو سب سے گھناؤنا جرم قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ "زانی اور زانیہ کو کبھی حال میں بھی معاف نہیں کیا جا سکتا۔ اس دعوے میں میں حدیثوں کی بنا پر ایسا ثبوت پیش کرتی ہوں"

"اگر زنا عورت مرد دونوں کی رضامندی سے ہو تو ایسے مجرموں کو شرعی سزا کی صورت یہ ہے کہ اگر دونوں شادی شدہ بھی ہیں، تب تو دونوں کو سنگسار کیا جائے، اگر غیر شادی شدہ ہیں تو ایسے زانی اور زانیہ کی سزا سو کوڑے اور ایک سال کے لئے جلا وطنی ہے۔ اگر ایک شادی شدہ ہے اور دوسرا غیر شادی شدہ، تب شادی شدہ مجرم کو سنگسار کرو اور غیر شادی شدہ کو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سَو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی ہے۔" (بخاری ، مسلم)

ایک اور حدیث سن لیجئے!

"ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے زنا کا ایک مجرم پیش ہوا۔ آپؐ نے اُسے سَو دُرّے مارنے اور ایک سال کی جلاوطنی کا حکم دیا۔ اس کے بعد پتہ چلا کہ یہ شخص شادی شدہ ہے تو آپؐ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ وہ سنگسار کیا گیا" (ابوداؤد)

"اعلیٰ حضور! کسی سرکاری افسر کو تو یہ توفیق ہوتی کہ وہ اپنے ہادیٔ اعظم کے اس حکم کی تعمیل کرتا، جس میں اُنہوںؐ نے فرمایا تھا:- کہ

"جس جگہ اجنبی عورتیں ہوں اور تخلیہ ہو یا عورتیں برہنہ یا بے پردہ بیٹھی ہوں، وہاں ہرگز نہ جاؤ" کیا یہ سنہری ہدایات پاکستانی افسروں کو نہیں معلوم! کیا ان احادیث سے علمائے پاکستان بے خبر ہو سکتے ہیں، کیا یہ صاف طور پر ظاہر نہیں کہ پاکستانی سرکار اور اُسکے اہلکار قرآنی احکام اور حدیثوں کی ہدایت سے سرکش ہو چکے ہیں اور یہی لوگ بانیٔ اسلامؐ کی بے قدری کے مُرتکب ہیں۔!'

میں نے مذہبی رہنماؤں اور اسلام کے ٹھیکیداروں پر سَو فیصد ذمہ داریوں کا لفظ اسلئے استعمال کیا کہ آنحضرت رسولِ خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ:-

"خدا کے نزدیک مرتبہ کے اعتبار سب سے بدتر شخص وہ عالم ہے، جس کے علم سے نفع حاصل نہ ہو"۔ ایک اور موقعہ پر حضور محمدؐ مصطفےٰ صلعم نے فرمایا تھا "اگر کوئی شخص علم کو اس غرض سے حاصل کرتا ہے کہ وہ اس سے علماء پر فخر کرے گا یا جاہلوں سے جھگڑے گا یا لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرے گا (تاکہ لوگ اسے بہت بڑا عالم سمجھ لیں۔ تو ایسے شخص کا ٹھکانا دوزخ ہے۔'

"کیا یہ اب واضح نہیں ہو رہا کہ پاکستان کے مذہبی رہنماؤں پر اخلاقِ عامہ سدھارنے اور دینی تعلیم پھیلانے کی کتنی بڑی ذمہ داری ہے، لیکن دیکھ رہے ہوں کہ یہ لوگ بھی اب محض سیاسی بھول بھلیوں میں کھو گئے"۔

اوہ! معاف کیجئے گا میں حب الوطنی اور حق گوئی میں بہت آگے نکل گیا۔ مجھے اپنے تمام الفاظ واپس لے لینے چاہئیں۔ مزید برآں ....

جناب عالی۔ سردار عبدالقیوم نے بھی ہمارا جیسا پیشہ لیکن اُلٹا اختیار کر لیا ہے۔ وہ کھلے عام اسلام بازی کر رہے ہیں اور خود بھبھیا بھی ہیں۔ اُن سے کوئی ایسا سوال نہیں کرتا۔ وہ موضع پلّن سرینڈر کیمپ (لبارٹ) کے پاس ایک چھوٹے گاؤں کے رہنے والے ہیں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu.

وہ کسان زادہ ہیں۔ اُن کے والد ایک کشتی بان تھے۔ اُن کی زندگی سے متعلق جو راز کھلا اُوہ قیوم عبد کا تولد ہوا۔ جسکو کشمیر سے نکال کر ہزارہ میں کسی نعرات مولوی موسومی عبدالرزاق شاہ سمندری نے پالا پوسا اُور جب بالغ ہوا تو اُسکی ماں نے اُسے خان کہا۔ باپ مر چکا تھا اُور مولوی صاحب نے اسے سردار کہہ کر ایسا اعزاز بخشا کہ عبدالقیوم اِس سرداری میں ڈوب گیا۔ اُور ماں سے ناطہ توڑ کر اغلام بازی کرنے لگ گیا۔ اسے لاہور میں ایک درجۂ دوئم کی عدالت سے ۱۹۴۴ء میں سزا بھی ہوئی تھی کیونکہ یہ لونڈوں کے چکر میں پڑا کرتا تھا اُور بھبھیا بن گیا تھا۔ آج وہ ہمارے مُلک کا نامور لیڈر سمجھا جاتا ہے۔ بنیادی وہ کیا ہے، اُسے میرے بغیر کوئی نہیں جانتا۔

ہمیں رنڈی کہا جاتا ہے، طوائف کہا جاتا ہے، اُوباش سمجھا جاتا ہے اُور یہی حرکتیں جب مرد کرتا ہے، اُسے شریف کہا جاتا ہے۔ قیوم خان نے ہماری جیسی حرکتیں کیں۔ اُسے کسی نے بھی دوسرے نام سے نہیں پکارا۔ یہ بڑے ہی افسوس کی بات ہے اِس مُلک کے لئے۔"

ہائی کورٹ میں موجود ہجوم نے قیوم خان کی داستان سن کر اپنے حیرت بھرے انداز کو بیکرا ایسے نعرے بلند کئے کہ عدالت سر پر اُٹھائی گئی۔ اُور اِس ماحول سے متاثر ہو کر جج صاحب نے عدالت دوسرے دن کے لئے برخاست کی۔ ہجوم نے بیان دہندہ مس شائق کو کچہری کے باہر پولیس کی حراست سے یہ کہہ کر جبراً چھڑا دیا کہ "غیر مرد کسی غیر عورت کو ہاتھ نہیں لگا سکتا" چونکہ پاکستان میں عورتوں کی پولیس نہ ہے اسلئے مرد پولیس والے عورتوں کے ساتھ بہانا تلاشتے تلاشتے دست اندازی کرنے کے عادی بن چکے ہیں لیکن کراچی میں اِس موقعہ پر اِس پولیس کی دال نہ گل سکی۔

دوسرے روز کوئی پانچ ہزار لوگ اندر باہر مقدمۂ پاکستان کی کاروائی میں دلچسپی لینے کے لئے کمرۂ عدالت اُور اُسکے برآمدات میں حاضر آئے۔ کئی فوٹو گرافر بھی اِس موقعہ پر موجود تھے۔ اِسی دَوران ہنستے ہنستے جناب قمر الزماں جج ہائی کورٹ عدالت میں داخل ہو گئے۔ تھوڑا ٹھہر کر ---- اُور ہاں مس سلیمہ شائق آپ کو اپنے کل کے بیان کے تسلسل میں اُور کچھ کہنا ہے"۔ جج صاحب نے پوچھا۔

جی حضور۔ میں اُن تمام سوالات کے جواب خود دینے کی بجائے پاکستان کے اُن لیڈروں سے چاہتی ہوں جن کے ہاتھ میں آج یا آج سے پہلے قیادت تھی۔ جو اِس مُلک کے قانون ساز اِداروں میں اپنے نام کا سکہ چلاتے رہتے ہیں اُور جو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اپنے دن رات ایک کرنے کے دعویدار ہیں۔ وہ بتائیں کہ اُنہوں نے مُلک

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کو عصمت فروشی جیسے ذلیل ترین جرم سے بچانے کے لئے ان آسمانی ہدایات سے کیا استفادہ کیا اور یہی سوال میرا اُن تمام مذہبی رہنماؤں سے بھی ہے جو سیاسی گرگٹ ہوتے جا رہے ہیں۔"

جج صاحب دم بخود سے بیٹھے مس سلیمہ شائق سے سب کچھ سنتے رہے اور کاغذ پر کچھ لکھتے بھی رہے اور کوئی ساڑھے چار بجے بعد دوپہر کا وقت تھا کہ جج صاحب نے کہا:۔

"کہ مس سلیمہ شائق نے ہماری آنکھیں کھولدی ہیں اور ہم واقعی غلطی پر ہیں۔ تمام پاکستانی معاشرہ بگڑا ہوا ہے۔ مذہب اور گندی سیاست کا ادغام ہوا ہے۔ مستورات کی کوئی قدر نہیں۔ برہنگی بہت بڑھ گئی ہے۔ کسی کی عزت محفوظ نہیں۔ سارے داؤ پیچ عورت ذات کی بیحرمتی کے لیے لڑائے جاتے ہیں۔ لوٹ کھسوٹ برابر جاری ہیں۔ خدا ہمیں توفیق دے انسان بننے کی" اور "میں پولیس کو زبردست سرزنش کرتا ہوں کہ اس نے ایک بے گناہ کو پکڑ کر اُس سے دست اندازی کرکے ہماری عدالت میں پیش کر دیا۔ ہم مس سلیمہ شائق کے خیالات کی قدر کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اپنی دینِ اسلام کی تعلیمات کی کافی قدر ہے۔ اسلئے انہیں باعزت معہ پندرہ ہزار روپیہ از جانب عدالت ہذا بطور عطیہ عدالت سے رخصت کیا جاتا ہے۔"

چند لمحات بعد رجسٹرار عدالت عالیہ کو عدالت نے پاس بلا کر حکم دیا کہ تمام مقدمہ کی کاروائی اور عدالت کا فیصلہ مشتہر کیا جائے اور حکومت کے چیف جنرل سیکریٹری کو بھی اس فیصلہ کی نقل جاری کر دی جائے۔ یہی دینِ اسلام اور معبودِ برحق کو ہمارا نذرانہ ہوگا۔ اسکے بعد عدالت برخاست کی گئی اور جج صاحب نے اپنے روبرو مس سلیمہ شائق کو خزانچی سے پندرہ ہزار کی رقم دلوادی اور مس شائق کو اپنی کار میں بٹھا کر نہ جانے کہاں اور کس مقصد سے لے گئے ۔۔۔۔۔ باقی کا راز اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں۔

تتمہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مقدمۂ پاکستان کا تیسرا منظر جہاں جج وکیل مؤکل اور پولیس سبھی حمام میں ننگے!

لالہ موسلی حال لاہور کے عبدالکبیر نے راولپنڈی کی سیشن عدالت میں ۶ جولائی ۱۹۶۸ء کو ایک درخواست پیش کی کہ "مظفرآباد اور راولپنڈی کے درمیان ایک جگہ ہے کہ جسکو چھتری کے نام سے جانا جاتا ہے، میں نے دیکھا کہ دو اوباش قسم کے لوگ ایک نوجوان عورت مسماۃ رضیہ خاتون کو گھسیٹ کر کھیتوں میں لے جا رہے تھے۔ کوئی دن کے ساڑھے تین بجے کا وقت تھا۔ اس عورت کے کپڑے ملبوسات پھاڑ دیے گئے، اس کے زیور بھی اتار دیے گئے اور بعد میں الف ننگی کر دی گئی۔

حضور اس عورت کو میں کافی دیر سے جانتا ہوں، بڑی ہی پاکباز اور نمازی ہے اس کا شوہر مرحوم شفیق احمد بیرساتھ 1945-46 میں سرینگر اور لاہور کے درمیان بس چلایا کرتا تھا اور الائیڈ چراغ دین اینڈ سنز اس کے مالک تھے۔ وہ کشمیر میں دومیل کے قریب جنوری ۱۹۶۵ء میں ایک حادثہ میں مارا گیا، بعد ازاں اس کی اہلیہ نے میٹرک پاس کیا۔ اُن کا مکان چھتری سے کوئی میل سوا میل کے فاصلے پر موضع گگوال میں واقع ہے۔ اس میں دو کرایہ دار رہتے ہیں اور اٹھارہ روپیہ ماہانہ کرایہ ملتا ہے۔ اسی روپیہ پر مسماۃ رضیہ خاتون نے گزارہ کر لیا۔ اس عورت کی عمر اسوقت کوئی تیئس سال کی ہوگی۔

جناب والا! ایک دن مسمات رضیہ خاتون نے اپنے کرایہ داروں سے دو ماہ کے بقایا کرایہ کا تقاضہ کیا۔ چونکہ اسکے پاس کوئی نقدی نہ تھی اور چند روز سے بھوکوں رہ رہی تھی۔ اسکے بطن سے ایک نرینہ اولاد ہوئی تھی جو اسوقت کوئی سات سال کی ہے۔ اسکی پڑھائی کے لیے اس عورت کے پاس کوئی سرمایہ وافر نہیں ہے۔ اور وہ لڑکے کو کتابیں تک میسر نہ کر سکی ہے۔ چنانچہ اسکول میں استاد اسکی روز پٹائی کرتے ہیں۔ اسی صدمہ کے کارن مسماۃ رضیہ خاتون نے کرایہ داروں سے چھتیس 36 روپیہ کا تقاضہ کیا ہوا تھا۔

سرکار والا۔ مسمات رضیہ خاتون نے ایک اسکول میں بیس روپیہ ماہانہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پر نوکری حاصل کرلی لیکن گزارہ نہ ہوتا تھا ۔ میں چونکہ گھر سے بے گھر ہوا تھا اور میں نے برانڈرتھ روڈ اندرون موچی گیٹ لاہور میں نوکری کی خاطر عارضی سکونت حاصل کرلی ہے ، میں ایک ٹرک میں مال لیکر مظفر آباد آیا ہوا تھا وہاں سے میں ایک دوست کی لڑکی کی شادی میں شریک ہونے کے لئے گگوال کی طرف چل پڑا ، جہاں میری گناہ گار آنکھوں نے یہ دلخراش حادثہ دیکھا" ۔

جناب میں نے چاہا کہ قریب جاؤں ، لیکن تین وجوہات کی بنا پر ایسا کر نہ سکا ایک یہ کہ میری چھوٹی بہن نما بھاوج مسماۃ رضیہ خاتون الف ننگا تھی ۔ دوسرے یہ کہ میں اپنا منہ کس حالت میں دکھا سکتا تھا اور تیسرے یہ کہ دونوں مجرم کلہاڑیوں اور لٹھوں سے لیس تھے اور میرے پاس ایک چھڑی بھی نہ تھی"

حضور بعد میں میں نے ایک ٹیلہ پر بیٹھ کر ایک درخت کی اوٹ میں دیکھا کہ دونوں وحشی مسماۃ رضیہ کو دو طرفہ عصمت دری کرتے رہے اور کوئی ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد اُسے بے ہوشی کے عالم میں چھوڑ کر چلے گئے ۔ جن کے بارہ میں رضیہ خاتون سے پتہ چلا کہ وہ دونوں اُسکے کرایہ دار تھے" ۔ دریں اثنا جگر تھام کر قریب جاکر اپنی چادر مسماۃ رضیہ خاتون پر ڈالدی اور اُس کے منہ میں بوتل سے تھوڑا پانی ڈال دیا ۔ کوئی ایک گھنٹہ بعد اُسے ہوش آیا اور وہ شرم کی ماری میرے سامنے سر پٹک پٹک کر رونے لگی ۔"

اسلئے جناب والا! اُس مسماۃ رضیہ کی درخواست پر غور فرماکر پولیس کو مناسب کاروائی کرنے کی ہدایت فرمائیں "

جناب عبدالکریم تاتاری سشن جج نے پولیس کو ہدایت کی کہ "دونوں کرایہ دار ملزموں کو ۱۰ رجولائی ۱۹۶۸ء کو بوقت دس بجے صبح ہماری عدالت میں پیش کرو ، چنانچہ ملزمان عبدالرشید حقانی اور افتخار احمد کو پولیس نے عدالت سشن میں ۱۰ رجولائی کو پیش کیا ۔ درمیان کے دو دن مسماۃ رضیہ خاتون اپنے ہی گھر میں رہی جہاں اُس نے کرایہ داروں کو کچھ نہ بتایا ، نہ کہا نہ سُنا ، البتہ موقعہ پاکر عبدالرشید حقانی کے ساتھ تین بار اپنی مرضی سے ہم بستری کی ۔

جج موصوف نے دونوں ملزمان سے رضیہ خاتون کے الزام کی صحت کے بارہ میں دریافت کیا ۔ سرکاری وکیل سامنے ہی کھڑے تھے (عنایت اللہ بیرسٹر ایٹ لاء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اُنہوں نے ملزمان سے کہا کہ "حضور جو کچھ پوچھ رہے ہیں اُس کا جواب دیجئے تاکہ مقدمہ کی کاروائی آگے چلائی جاسکے"۔

ملزمان نے کہا۔ حضور والا جس نے الزام لگایا اُسکو بھی عدالت کے کٹہرے میں بُلالیں۔ ہم اُسی کے سامنے اپنا جواب عرض کریں گے۔

"کیا تم مسمات رضیہ خاتون کو جانتے ہو" جج صاحب نے پوچھا

"حضور ہم کیا بتائیں کہ شکایت کس نوعیت کی ہے" ملزمان نے کہا۔

"یہی کہ تم دونوں نے اُسکو کھیتوں میں پکڑا۔ کپڑے پھاڑ ڈالے۔ زیور چھین لیئے دو ماہ کا کرایہ ادا نہ کیا" جج صاحب نے کہا۔

حضور یہ سب غلط ہے۔ ہم اسکو ہر ماہ کرایہ ادا کرتے ہیں اور توبہ توبہ کپڑے اپنی بہن کے کون پھاڑتا ہے" افتخار احمد نے کہا۔ اسی اثنا میں رضیہ خاتون حاضرِ عدالت ہوئی اور عدالت سے رجوع کرتے ہوئی بولی :۔

صاحب" عبدالرشید اور افتخار احمد میرے کرایہ دار ہیں۔ انہوں نے دو ماہ کا کرایہ مبلغ چھتیس ۳۶ روپیہ بقایا رکھا۔ میں نے تقاضہ کیا اور انہوں نے مجھے ایکدن کہ جب میں اسکول کی ڈیوٹی سے فارغ ہوکر اپنے ڈیرہ کی طرف آرہی تھی، راستہ میں پکڑ کر مجھ سے بد فعلی بھی کی اور میری عصمت دری بھی کی اور کئی بار کی۔ میرا منہہ کپڑا ٹھونس کر بند کیا گیا۔ میں ان کی کوئی بہن نہیں اور یہ میرے بھائی جیسے بھی نہیں"

ملزمان نے سر جھکا کر کہا" عورت ذات کا اسقدر جھوٹ بولنا"

"اب حضور جو آپ پسند فرمائیں ہمارے ساتھ سلوک فرمائیں"

سشن جج نے دونوں ملزمان کو پانچ پانچ سال کی قیدِ سخت اور ایک ایک سو روپیہ جرمانہ کی سزا سُنادی۔

لیکن مسمات رضیہ نے سشن جج عبدالکریم تاتاری، اپنے ہمدرد عبدالکبیر اور بھری عدالت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے زور سے چلایا کہ "حقانی نے جو کچھ میرے ساتھ کیا وہ اسکی چاہ تھی جو اُس نے میری عصمت دری سے پوری کی اور اُس دوران اُس کا رویہ انسانی رہا اور مجھے زیادہ تکلیف اور پریشانی نہ ہوئی اور اسلیئے میں اسے اپنا شوہر بنا دوں گی جبکہ اس کے صدقے معاف کرتے ہوئے افتخار کو اپنا دینی بھائی بنا دوں گی۔ حالانکہ اس نے میرے ساتھ کئی بار خلاف وضع فطری کا گناہ کرلیا ہے"!

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

چونکہ دونوں ملزمان عدالت میں ہتھکڑیوں کے بغیر تھے - انتصار نے پاجامہ اُٹھا کر موزہ سے ایک چھرا نکال کر حقانی کے پیٹ میں ٹھونپ کر اُسے عدالت میں ہی ابدی نیند سُلا دیا۔ اور اِس المیہ کے بعد سیشن جج نے مسمات رضیہ خاتون کو اُسکی دروغ بیانی اور روگردانی کی پاداش میں ایک سال قیدِ محض کی سزا سنائی اور انتصار احمد کو چودہ سال قیدِ با مشقّت اور پانچ ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا سُنادی اور حُکم دیا کہ انتصار کا سامان قرق کرکے اسکو فروخت کیا جائے اور حاصل شدہ رقم مسماۃ رضیہ کے لڑکے "ارشد" کو دیدی جائے - اور تا وقتیکہ اُسکی ماں قید سے رہائی پا جائے ارشد کی نگہداشت بیرسٹر عنایت اللہ کریں گے اور اس خرچہ کو سرکار ماہانہ ایکصد روپیہ دیکر اُٹھائے گی۔"

دریں اثنا جج صاحب نے کہا کہ " پاکستانی پولیس پر کوئی اعتبار نہیں کیا جا سکتا، اسلئے مسماۃ رضیہ خاتون کو میں از خود جیل کپتان کے سپرد کروں گا۔ اور عدالت برخاست کی گئی اور عبدالکبیر بے ہوش ہو کر گر پڑا

سوچا تھا کیا کیا ہو گیا۔

عبدالکبیر کو پولیس نے ہسپتال میں داخل کروایا جہاں وہ دوسرے دن موت کے آغوش میں چلا گیا کیونکہ اُسکو دل کا سخت ترین دورہ پڑا ہوا تھا۔

بتتمہ۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مقدمۂ پاکستان کا چوتھا الوکھا اور محدود درجہ

دلچسپ سین

7/6/52

لاہور کی سیشن عدالت میں جناب شورش کاشمیری کی جب طلبی ہوئی تو وہ سمن دیکھکر محوِ حیرت رہے۔ بہرحال انہوں نے تین اور دوستوں کو ساتھ لیکر عدالت میں اپنے آپ کو پیش کرتے ہوئے سیشن جج جناب منظور احمد سعیدی سے مخاطب ہوکر کہا:۔

"جناب والا میں یہ دریافت کرنے کی رعایت حاصل کرنا چاہوں گا کہ مجھے آپکی عدالت نے کس مقصد سے طلب فرمایا ہے، کیونکہ سمن جو مجھ سے تعمیل کروائی گئی ہے میں مقدمہ کی نوعیت درج نہ کی گئی تھی، صرف حکم کا حکم صادر تھا"

"آپ جو کہتے ہیں کیا وہ درست ہے"۔ عدالت نے پوچھا

"حضور آپ میرے تعمیل کردہ سمن کو اپنی میز پر طلب فرماکر دیکھ سکتے ہیں" شورش کاشمیری نے جواباً عرض کیا۔

اسی دوران جج صاحب کے حکم کے مطابق سمن طلب کرلی گئی اور دیکھا کہ اسمیں کوئی عنوان درج نہ تھا۔ اور ایسی غفلت شعاری کے لئے عدالت نے سمن کلرک کو پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا سناتے ہوئے حکم دیا کہ متعلقہ کلرک فیاض احمد کی سالانہ ترقی تین سال کے لئے روک دی جائے۔

جنابِ والا" میری آپ سے گذارش ہے کہ اتنی چھوٹی غفلت کے لئے اتنی بڑی سزا قابلِ نظرثانی ہے۔ وہ بھی ایک غریب ملازم ہے۔ مقدمات کی بھرمار کی وجہ سے عنوان لکھنا بھول گیا ہوگا" شورش کاشمیری نے عدالت سے رجوع کرتے ہوئے کہا۔

اسپر سیشن جج منظور احمد سعیدی کو ہنسی آئی اور غفلت شعار کلرک کی سالانہ ترقیاں بحال کردیں اور جرمانہ کی رقم کم کرکے دس روپیہ مقرر کردی۔ ایک لمحہ بعد شورش کاشمیری نے اپنی جیب سے دس روپیہ نکال کر فیاض احمد کلرک کی جانب سے بطور جرمانہ پیش کردئے۔

اور ہاں! شورش صاحب آپ بتائیے" آپ نے کبھی نثار دہلوی کا گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین کے نام کھلا خط اپنے اخبار کس مقصد کے پیش نظر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شائع کردیا"

"مقصد تو صاف ہے حضور۔ یہ خط پہلے گورنر جنرل کو بذریعہ ڈاک ارسال کیا گیا تھا اور میں نے پندرہ یوم گزر جانے کے بعد اس خط کو "چٹان" میں شائع کیا، کیونکہ میں نے اُسے معقول اور مناسب پایا تھا۔ خط ادبی نوعیت کا تھا۔ انسانیت کے حقوق کی حفاظت کے لئے تھا۔ جنگِ آزادی کے بزرگ سپاہیوں کی قدر و منزلت پہچاننے کے لئے تھا اور اخبار میں چھاپے جانے کے لئے ایک بہترین مواد تھا۔ لہٰذا میری نظر میں یہ کوئی گناہ نہ ہوا اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ اخبار نویسی کے خلاف اور پاکستان میں گارنٹی کئے گئے حقوق کے مطابق نہ تھا، تو آپ کو ویسا سوچنا مبارک ہو۔ ورنہ پریس کی آزادی کے عین مطابق تھا اور مروجہ ضابطوں کی حدود میں بھی تھا۔"

جناب عالی۔ "یہ خط خواجہ غلام عباس نے بھی میرے دفتر میں پڑھا ہے اور جناب نشاط دہلوی کی بہت بہت تعریف کی ہے۔ چٹان کی کاپیاں میں نے جناب بلال احمد زبیری اور خواجہ حسن نظامی صاحب کو بھی ارسال کی ہیں۔ اُنہوں نے بھی رسالہ "پیشوا" میں اس خط کو بہت بہت سراہا ہے" جناب والا۔ "یہ وہی بلال احمد زبیری ہیں جو بھارت میں دہلی میونسپلٹی کے نائب صدر ہیں اور پاکستان بننے سے پہلے قائدِ اعظم آنجہانی محمد علی جناح کے اسپیشل سیکرٹری تھے۔"

"اچھا آپ ہندوستان کے لوگوں کے ساتھ خط و کتابت کے علاوہ اپنا اخبار بھی فروخت کرتے ہیں۔ کیا پاکستان میں چٹان پڑھنے والے ہیں؟"

"پاکستان میں لوگ اب بھی غلامانہ ذہنیت رکھتے ہیں۔ ادبی رسائل اور جرائد اور اخبار کے بدلے اُنہیں فلمی اور فحش چیزیں دیکھنے اور پڑھنے کو ملنی چاہئیں۔ چونکہ اخباروں وغیرہ کے نقل و حمل پر کسی طرف سے کوئی پابندی نہیں۔ اسلئے بھی چٹان ہندوستان میں بہت بہت پسند کیا جاتا ہے۔"

"تو آپ کی نظر میں لاہوریئے (پاکستانی) جاہل ہیں۔ آپ کو معلوم بھی ہے کہ آپ کیا کچھ بیان کر چکے ہیں" جج نے غصّہ کے عالم میں کہا۔

"میرے کان صحیح سلامت ہیں، آنکھیں بھی دیکھ لیتی ہیں اور دل و دماغ ابھی میرے قائم ہیں۔ میں نے جو کچھ بھی کہا۔ صدق دلی سے کہا"

"اس بات کو ہم بعد میں اُٹھائیں گے۔ اچھا یہ تو بتائیے کہ یہ خط آپ کو کیسے مل گیا"

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

۔۔۔ یہ ایک صحافتی راز ہے کہ جس کو انکشاف میں نہیں لایا جا سکتا"۔

جج صاحب نے کہا کہ " ہم تسلیم دیتے ہیں کہ آپ ہمیں اس خط کے ملنے کا ذریعہ بتا دیں اور عدالت یہ کیسے مان لیگی کہ دہلی میں بیٹھے ہوئے نثار دہلوی نے یہی خط لکھا تھا یا کہ آپ نے خود ہی اُن کے نام سے منسوب کرکے اسے شائع کردیا ہے۔"

"اس سلسلہ میں میں یہی کچھ کہہ سکوں گا کہ " گورنر جنرل کو یہ خط مل چکا ہے اور اس پر کارروائی کرنا آجتک باقی ہے" شورش کاشمیری نے مزید کہا " آج اس خط کو دہلی سے بھیجے ہوئے کو کوئی انتیس ۲۹ دن ہو چکے ہیں اور صاف ظاہر ہے کہ خواجہ صاحب گورنر جنرل نے خط کو پڑھا ہوگا۔ اسکے علاوہ اور کیا کچھ کہا جا سکتا ہے"

" ہمارا مقصد یہ نہ تھا۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ بتائیں کہ خط کی نقل آپ کو مل گئی تھی چٹان میں شائع کرنے کے لیئے یا نہیں"۔

جناب عالی " خط من وعن چھاپا گیا ہے۔ نثار دہلوی کا لکھا ہوا ہے۔ دہلی سے گورنر جنرل کو لکھا گیا ہے۔ اور گورنر جنرل نے اس خط کی غالباً ایک سے زیادہ بار تعلیم کی ہوگی، پڑھا ہوگا، کیونکہ خط کی نوعیت ہی کچھ ایسی ہے اور وہی تو سبب ہے میرے خلاف عبث مقدمہ چلائے جانے کا۔ ورنہ یہ بات نہ ہوتی۔ جو اسوقت ہو رہی ہے۔"

" شورش صاحب آپ گریز کر رہے ہاں اصل بات بتلانے سے۔ اب تو خدا کے لئے اصلیت کھول ہی دیجیئے تاکہ کارروائی جاری رکھی جا سکے"۔

آپ چونکہ اصرار در اصرار کر رہے ہیں تو میں بتانا چاہوں گا کہ:۔

" گورنر جنرل گذشتہ ڈیڑھ ماہ سے لاہور میں ہیں۔ چٹان میں جو خط شائع کیا گیا ہے وہ اصلی خط کی نقل ہے۔ اصلی خط گورنر جنرل کے پاس ہے۔ اُن کے اسکورٹ عملہ کے ایک رکن افتخار حسین نے وہ خط مجھے شائع کرنے کے لیئے یہاں پر پہنچایا تھا۔ میں نے خط کی نقل اُتار دی اور آدھ گھنٹہ کے بعد اُسے خط واپس کردیا۔ اب چونکہ نو دن پہلے افتخار حسین کی موت

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حرکتِ قلب بند ہو جانے کے سبب ہوئی ہے۔ لہٰذا اُس مرحوم کا نام لینے میں پس و پیش کیا گیا۔ ویسے افتخار حسین مرحوم سرحدی گاندھی کے زبردست مداح اور دلدادہ تھے۔"

"آپ بیان حلفی داخل کریں" سیشن جج نے کہا۔

"کوئی عذر نہیں" شورش کاشمیری نے جواباً عرض کیا۔

"غلط تو نہیں ہے کہ جب جناب نثار دہلوی خط کی ابتدا میں لکھتے ہیں:-

"سیاست کے زور و بازو میں جب کوئی شخصیت رسوائی کے مذبح کی بھینٹ ہو جاتی ہے، تو پھر اُسکے گوشت کی چاٹ ہر کہہ و مہ کو لگ جاتی ہے اور وہ لوگ جو لحم انسانی کے احترام میں کچھ کہنا چاہتے ہیں، وہ بھی وقت کے تیوریوں کی برہمی سے منقارِ زیرِ پر ہو جاتے ہیں، کیونکہ سنگین تھپیڑوں سے اُلجھنا بسا اوقات انسان کی طاقت سے باہر ہو جاتا ہے"

"نثار دہلوی نے خان عبدالغفار خان کی فوری رہائی کے بارہ میں گورنر جنرل کو خط لکھا ہے۔ کوئی گناہ نہ کیا ہے۔ خان صاحب لائلپور جیل میں اذیت کوش حالت میں نظر بند ہیں۔

اخباری خبروں نے جناب نثار دہلوی کو دہلی میں متحرک کر دیا، تو خط لکھ ڈالا یہ کوئی غلط بات نہ ہوئی"

"اچھا تو بتایئے آپ نے پاکستانیوں خاصکر لاہوریوں کو جاہل کہا۔ یہ ایک جرم ہے۔ آپ خود اسکے لیے سزا تجویز کیجئے"

"سزا آپ نے حضور کیا دینا ہے۔ آپ تو میری باتوں کا مزہ لے رہے ہیں"

ایک لمبا قہقہہ لگا۔ عدالت برخاست ہوئی اور شورش کاشمیری اپنے ساتھیوں کے ہمراہ گھر چلے آئے+

تتمہ

(نثار دہلوی نے گورنر جنرل پاکستان خواجہ ناظم الدین کے نام جو کھلا خط لکھا ہے۔ وہ اسی مقدمہ کی کارروائی کے بعد درج کیا گیا ہے) ۲۲ جولائی ۱۹۵۱ء و ۹ جون ۵۲ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

خان عبدالغفار خان سیاسی گنہگار یا مُتہم

جناب خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان کے نام کھلا خط

۱۔ ۲۲ر جولائی ۱۹۵۱ء

۲۔ ۹ر جون ۱۹۵۲ء حضرتِ محترم! سلام مسنون! اس سے قبل میں یہ خط آپکی خدمت میں مورخہ ۵ ۲۷ر مارچ ۱۹۵۱ء اور ۲ر اپریل ۱۹۵۱ء کو بذریعہ پوسٹ ارسال کرچکا ہوں۔ ایکبار پھر اسکو ۲۲ر جولائی ۱۹۵۱ء کو ارسال کرچکا ہوں اور دوبارہ ۹ر جون ۱۹۵۲ء یعنی آج کے دن ارسال کر رہا ہوں۔

مَیں یہ خط مخلوط جذبات کے تحت لکھ رہا ہوں۔ کچھ اندیشے ہیں! اور اندیشوں کی وجہ بھی تو ظاہر ہے۔

سیاست کے زور و بازو میں جب کوئی شخصیت رسوائی کے مذبح کی بھینٹ ہوجاتی ہے تو پھر اُسکے گوشت کی چاٹ ہر کہہ و مہہ کو لگ جاتی ہے اور وہ لوگ جو لحمِ انسانی کے احترام میں کچھ کہنا چاہتے ہیں، وہ بھی وقت کے تیوریوں کا ہرچہ سے سنگسار زیر بار ہوجاتے ہیں، کیونکہ سنگین تعبیروں سے اُلجھنا بسا اوقات انسان کی طاقت سے باہر ہوجاتا ہے۔

حضرتِ خواجہ آپ کی دردناک باتوں نے میرے دل و دماغ کو ہلا دیا میں کئی دن سے سو بھی نہ سکا اور روزمرہ کی اداریہ نویسی، کتب بینی اور شعروشاعری کے باوجود میرا قلم کئی روز سے مفلوج رہا۔ ازاں بعد میں لاہور سے ایک ہم قلم دوست پروفیسر ارشد کے ہمراہ لائلپور کی جانب روانہ ہوا۔

لائلپور پہونچکر:۔

مجھے دیکھکر شدید صدمہ ہوا کہ ایک "قیمتی وجود" ـــــ گھُل گھُل کر موت کے سفر کو جارہا ہے ـ مَیں یہ لکھکر غالباً کوئی راز کا انکشاف نہیں کررہا ہوں۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

محترم حضرتِ خواجہ — آپکی ڈاکٹرانہ فطرت کے مُنتظرِ عام پر آنے سے حضرتِ خان اب چراغِ سحری بن گئے ہیں - اُن کا اثاثۂ عُمر اب ختم ہونے کے قریب آپہونچا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے تقریباً "مایوسی فرمائی ہے۔

بھائی ارشد نے میرا حضرتِ خان سے مکمل اور پُورا تعارف کروایا - ویسے غائبانہ تعارف تو تھا ہی - اب شکل شناسی بھی ہوگئی۔

چند لمحات بعد

خان صاحب فخرِ افغان نے اُکھڑتے لہجہ میں فرمایا :۔

میرا بڑھاپا ایک گرتی ہوئی دیوار ہے - اسکے بعد جو اُنہوں نے مجھ سے کہا - وہ مجھ سے نہیں بلکہ آپ محترم پروفیسر ارشد سے پُوچھیئے - اُن کا قلم جوان ہے - وہ اپنے خط میں اسکی تصدیق کرسکتے ہیں ۔

"کہ فخرِ افغان کے لب و لہجہ کی رُوح میں مُلک و قوم کی محبت کا کرب ہے۔ وہ موت کے بستر پر بھی خدا اور رسول کو گواہ بنا کر پاکستان سے اتنی ہی محبت رکھتے ہیں، جتنی محبت کہ ایک باضمیر پاکستانی کو اپنے مُلک کے ذرّے ذرّے سے ہے۔

جب اُنہوں نے پیش آمدہ مصائب کی تصویر کھینچی تو باور کیجئے امیرا دِل موم کی طرح پگھلنے لگ گیا - میں اُن فقرہ ہائے خونیں کو الفاظ میں نہیں سمو سکتا - لیکن خان صاحب کے فقرے میرے دماغ میں ایک شیس کی طرح بیٹھ گئے ہیں، جو اُن کی صاحبزادی نے ہماری ملاقات سے کچھ لمحہ پیشتر اُن کے سرہانے کھڑے ہوکر کہے ہیں۔

کیا خدا ہے ؟ ہمارے دل کا معاملہ بھی جانتا ہے ۔ ہم نے آجتک مُلک و قوم کی خدمت ہی کی ہے - کوئی ضمیر سے ضمیر قومی یا ذاتی گناہ بھی نہیں کیا - پھر آخر ہمیں کس پاداش میں یہ سزا مل رہی ہے۔

فخرِ افغان نے اپنی صاحبزادی سے کہا :۔

" مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں - خدا ہے اور ضرور ہے - اُسکے ہاں دیر ہے اور اندھیر نہیں — اور ہاں — اگر میں سیاسی یا قومی مُجرم ہوں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تو میرا نالے محبت میں اور اگر عیاں ہوں تو دنیا مکافات کا گھر ہے۔

فخرِ افغان بسیار مسکراہٹ اور با وقار لہجے میں گفتگو کرتے رہتے۔

آخر میں کوئی یوں گھنٹے بھر کی ملاقات کے بعد اُن کے علیل چہرے سے چند داستانیں سمیٹ کر اُٹھ آیا۔ اُن کی خوبصورت نوجوان بیٹی ان کے سرہانے اسطرح کھڑی تھی گویا دختری آرزوئیں پدری شفقت کی جدائی کے متوقع لمحوں سے سراسیمہ ہے!

قبلۂ خواجہ صاحب۔ مجھے معلوم ہے کہ —— آپ کو قدرت نے خوفِ خدا سے بے نیاز نہیں رکھا۔ آپ کے پہلو میں مسلمان کا دل ہے —— آپ کے دماغ کی رایوں سے بعض لوگوں کو اختلاف ہو سکتا ہے لیکن دل کی دردمندی سے نہیں —— آپ کی خاندانی شرافت اور بے ریا سیرت کا ہر پاکستانی مداح ہے —— آپ نے دنیا دیکھ لی ہے اور حضورِ سرورِ کائنات ﷺ کے روضۂ اطہر کی زیارت بھی کی ہے۔ تو یہ ممکن ہے کہ آپ نے خلیل اللہ کے بنائے ہوئے گھر کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہوگا۔

آپ کے محاسن اور محامد ہی نے مجھے جسارت دلائی ہے کہ میں آپ کو خطاب کرنے کی عزت حاصل کروں۔ آپ کو اتنا تو معلوم ہوگا "کہ اسلام کسی حالت میں کسی نقیر اور حقیر کے لئے بھی ثقہ شہادتوں اور ثبوتِ جرم کے بغیر فردِ واحد کی خودسری پر زنجیریں مہیا نہیں کرتا"

"رسول اللہ صلعم نے مسلمان کے خون کی قیمت کعبہ کی دیواروں سے زیادہ بتائی ہے۔

ہم اپنے نامۂ اعمال اور ایک ایک گوشے اور ایک ایک حرف کی جوابدہی کے لئے پیدا کیے گئے ہیں۔ ہمارے دنیاوی فیصلوں اور عالمی کارناموں کی جانچ کے لئے قیامت کا دن مقرر ہے خدا عالیشان پیغمبر اور ایک بے نشان بدو کو عدالت کے کٹہرے میں یکساں پکارتا ہے۔

عالی جاہ! ان محسوسات ہی کی اساس پر مجھے کہنے دیجیے کہ:

فخرِ افغان کی بوڑھی ہڈیوں کیلئے صبحِ آزادی کا اجالا کیوں نہیں! جس شخص نے موت کے خوفناک سینے میں خنجر بھونکے ہوں — جس نے بدیشی استعمار کے آہنی حلقوں کو ڈھیلا کیا ہو — جس کی جوانی جیلوں میں گھلتی رہی ہو — جسکے ہمراہیوں نے پروانہ وار جانیں قربان کی ہوں۔

اسکو زنداں میں رکھا گیا ہے — تو کیوں؟ اسکے جذبات کو ٹھیس پہنچائی گئی ہے تو کیوں؟ اُس سے بے رخی برتی جاتی ہے — تو کیوں؟ اُسکی خدمات کو نظرانداز کیا گیا ہے — تو کیوں؟ خدا نے بالآخر اُن کو ہمت بخشنا ہی ہے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

گرامیٔ منزلت

میں اپنے روح کی عمیق گہرائیوں سے اِس بات پر یقین رکھتا ہوں کہ "جو شخص بھی پاکستان سے غدّاری کا مُرتکب ہو یا اُس مملکت کی وفاداری میں اُس کے دل و دماغ ڈانواں ڈول ہوں، تو نہ وہ خود چوراہے میں گولی سے اُڑا دینے کا مستحق ہے بلکہ اُسکی بوٹیاں کتّوں سے نچوا دی جائیں، تو بھی سنگین ہونے کے باوجود درست ہوگا +

خیر اندیش ۔ نثار دہلوی

نوٹ: دراصل یہ خط پہلی بار ۲۷ مارچ ۱۹۵۱ء اور دوسری بار ۲ اپریل ۱۹۵۱ء کو بذریعہ ڈاک ارسال کئے گئے تھے۔ جب لگ بھگ چار ماہ تک کوئی جواب کسی جانب سے موصول نہ ہوا۔ تو اس خط کو ۲۲ جولائی ۱۹۵۱ء کے دن بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ ارسال کیا گیا اور لگ بھگ ایک سال گزر جانے تک گورنر جنرل پاکستان نے چُپ سادھ لی جیسے اُنہیں سانپ نے ڈس لیا ہو اور پھر اسی خط کو دوبارہ رجسٹری کے ذریعہ ۹ جون ۱۹۵۲ء کو بھیج کر ہم نے بس کر لی۔ اور اسی خط کو ذریعہ بنا کر جناب شورش کاشمیری چیف ایڈیٹر چٹان لاہور کو عدالت میں سمن کیا گیا تھا۔

نثار دہلوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مقدمہ پاکستان کا پانچواں سین

22.10.62

مولانا مودودی اپنی جہالت کے کارن دل برداشتہ

۲۲ اکتوبر ۱۹۶۲ء

مولانا مودودی کے دل برداشتہ ہونے پر کراچی کے چند کٹھ ملاؤں نے کراچی کی عدالت عالیہ میں ریڈیو پاکستان کے خلاف نالش کی کہ "اسلامی مملکت پاکستان میں اوپر سے نیچے تک غیر اسلامی باتوں کی تبلیغ کی جاتی ہے، جو اسلام کے مداحوں کو "کلیتاً" ناپسند ہیں۔"

عدالت عالیہ سے درخواست کی گئی تھی "کہ ریڈیو پاکستان کے تمام ریڈیو اسٹیشنوں کو بند کروانے کے احکامات صادر فرمائے جائیں۔" چنانچہ طرفین کو سمن جاری کیے گئے تھے۔ اور سنوائی کے لیے 30 ستمبر ۱۹۶۲ء مقرر کی گئی تھی۔

30 ستمبر کو مولانا مودودی کے دو کٹھ ملاؤں مولوی احمد سعید اور مولانا رفیق رفیقی کی جانب سے مسٹر حکیم جاوید بار ایٹ لاء پیش ہوئے، جبکہ حکومت پاکستان کی طرف سے سر انوار حسین عابدی پیش ہوئے۔

عدالت عالیہ کراچی کے جج حضور خلیق الزماں نے حکیم جاوید سے کہا "بتائیے آپ کا مسئلہ کیا ہے اور منشا کیا ہے۔"؟

مائی لارڈ۔ ۲۲ ستمبر کو ریڈیو پاکستان کراچی نے اپنے سننے والوں کو جو ریکارڈ سنایا۔ اس نے تو واقعی اچھے اچھوں کو انگشت بدنداں کر کے رکھ دیا۔ یہاں تک کہ مولانا مودودی صاحب گذشتہ سات روز سے بھوک ہڑتال پر ہیں" مائی لارڈ "یہ گانا ہے یا بدمعاشی کا مظاہرہ"

"ذرا عدالت کو گانے کے وہ بول سنائیں"

"کہیں دل پہ نہ جادو کر جائے، تیری مہربانی ارے توبہ!
تیری کالی کالی زلفوں کی یہ چھیڑ خانی ارے توبہ!
لہرائے یہ تم کیوں چلتی ہو، یہ چال ہے کس لیے کہو
یہ کس کو مٹانے پر ہے تلی، تیری شوخ جوانی ارے توبہ!
کیوں آنکھ ملا کے جلدی سے نظروں کو جھکا لیتی ہو تم
کیوں بار بار آنچل کو دانتوں سے دبا لیتی ہو تم

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

انداز غضب کے ہیں سارے گو صورت بھولی بھالی ہے
یہ ہونٹ ہیں یا پیمانے ہیں، یہ آنکھ بڑی متوالی ہے
ہم دِل کی بات سمجھتے ہیں آنکھوں کی زبانی ارے توبہ! "

اس موقعہ پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ " ہے کوئی ایسا بے غیرت پاکستانی جو اس گانے کو پاکستان کے تمدن اور تہذیب سے وابستہ کر سکے؟" یا " ہے کوئی بے شرم اور بے غیرت کان جو کسی مرد کو ایک عورت کے سامنے یا عورت کو مخاطب کر کے ایسا فحش گانا گاتے سُن سکے۔؟ مگر اس کے باوجود یہ گانا ہوا کے دوش پر آیا اور لاکھوں کروڑوں آدمیوں کو سُننا پڑا۔ کہ ایک بے شرم مرد عورت کو بہ آوازِ بلند مخاطب کرتا ہے۔ اسکی زُلفوں کو شریر بتاتا ہے۔ اسکی نسوانی چال کو مردوں کو پھانسنے کا ذریعہ بتاتا ہے، اسکی جوانی کو شوخ قرار دیتا ہے، اسکے انداز غضب کے بتاتا ہے اور سُننے والے سب کچھ سنتے ہیں اور کچھ نہیں جانتے کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟"

اسپر سرکاری وکیل سر انوار حسین عابدی نے عرض کیا
" بہر حال اعتراض کرنے والوں کے لئے جواب یہ ہے کہ گانا فحش نہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ اسے ریڈیو پاکستان نے نشر کیا، جو خود بھی ایک ذمّہ دار اسلامی ادارہ ہے.....

جی ہاں... اسلامی ملک کا ریڈیو اسلامی ادارہ ہی ہوتا ہے اور اس کا ہر ایک پروگرام اسلام کی ہدایت کے عین مطابق ہوتا ہے۔ ابھی دیکھئے نا۔ ۲۹ ستمبر کو ایک خوبصورت ریکارڈ کراچی ریڈیو نے سُنایا۔ یہ کوئی بُرا نہیں تھا"
ہرے نرم نرم دِل میں گرم گرم درد اُٹھے، آئے ہائے ہائے رے۔ ہوئے رے سوتن ہوئی ہے بیرن جوانی، ہائے ہائے مجھے دِل کی لگی کہتے ہوئے لاج لگے" اسکے بعد مرد کا گایا ہوا یہ ریکارڈ سنئے:۔
"چاند سی جوانی توری پھول سا بدن۔ جیت لیا چھوری تو نے میرا من"
ہمارے ملک میں قدامت پسندوں اور قدامت پرستوں کی کمی نہیں۔ اسی طرح مولانا مودودی جیسے کج فہم بھی اس ملک میں بہت ہیں جن کا ایمان یہ ہے کہ دُنیا میں کسی ملک کا قومی ریڈیو اپنی قومی روایات، اپنی تہذیب اور تمدن کے خلاف کوئی گانا، کوئی تقریر، کوئی ڈرامہ یا کوئی بھی مضمون نشر نہیں کیا کرتا۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

وکیل استغاثہ حکیم جاوید نے ذرا اونچی آواز میں کہا:۔

"مائی لارڈ۔ عدالت کو اب بھی تسلی نہ ہوئی کہ یہ تمام گانے غیر اسلامی حرکات کے مترادف ہیں پاکستان کا آئین۔ پاکستان کے قوانین۔ پاکستان کے عوام ہرگز ہرگز یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ اُن کے مقدس وطن میں غیر اسلامی یا غیر مہذب نظریات کو اُبھرنے کا موقع دیا جائے۔ ان کی تہذیب ایسے بے شرم ماحول کو کبھی گوارا نہیں کر سکتی، کہ یوں سر بازار کوئی مرد کسی عورت کے حُسن و جوانی پر تنقید کر سکے۔ یا کوئی عورت کسی مرد کو دل کی لگی سنانے یا بجھانے کے لئے آواز دے۔ ایسی بے ہودہ زندگی اور ایسے آبرو باختہ ماحول کے لئے گندے بازار ہی کیا کم تھے کہ اب یہ گندگی پاکستان کی آزاد فضاؤں میں بھی پھیلائی جا رہی ہے"

سرکاری وکیل سر انوار حسین عابد نے عدالت سے رجوع کرتے ہوئے کہا:۔

"اس قسم کے فرسودہ خیالات رکھنے والے قدامت پسندوں اور دوسرے کم عقلوں کی خدمت میں عرض ہے کہ اس قسم کے گانوں کو محض آپ لوگوں کے کہہ دینے سے تو فحش نہیں قرار دیا جا سکتا۔ چونکہ بحث طویل ہو چکی ہے۔ میری گذارش ہے۔" اس مقدمہ کا فیصلہ کرنے کے لئے قرآن و حدیث (میرا مطلب ہے اسلامی روح) زیادہ موزوں اور حرفِ آخر ہے۔ اگر عدالت عالیہ کا کوئی دوسرا منشا نہیں اور اگر دونوں فریق قرآن کو اپنا جج بنائیں تو فیصلہ دو منٹ میں ہو جائے

یہ بات سرکاری وکیل نے درخواستاً کہی

جج خلیق الزماں نے مقدمہ کو ایک مذاق بتاتے ہوئے کہا "کہ مولانا مودودی ہر بات کی غلط طریقہ سے تہہ میں نہ جایا کریں۔ کیونکہ انہیں چاہیئے کہ وہ ریڈیو پروگرام نہ سنا کریں اور ہاں یہ جو ریکارڈ عدالت میں پیش کئے گئے، اب عدالت کی ملکیت متصور کئے جانے چاہئیں۔ اور پھر عدالت برخاست کی گئی۔

تتمہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ایک ایسا مقدمہ جو پاکستان کی بجائے بھارت میں اُتر پردیش کے امروہہ شہر میں حل ہُوا

26 فروری 1993ء - ایڈیٹر کشپ والی شری بی این نثار دہلوی کو امروہہ میں جناب مولانا اسحاق اندرابی اندوروی سے شرفِ ملاقات حاصل ہوا۔ ویسے واقفیت پُرانی تھی - اسلئے بے تکلفی میں ردّ و قدح ہُوا۔

مولانا صاحب۔ "بھارت میں جگہ جگہ پر فرقہ دارانہ تناؤ کا پیدا ہونا کوئی بڑی تباہی کا پیش خیمہ تو نہیں"

نثار صاحب "پہلے تو ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ بھارت میں فرقہ دارانہ تناؤ پیدا کرنے کے پیچھے کونسی طاقت کارفرما ہے۔ ویسے بھی میری نظر میں یہ پاکستان کی کارستانی لگتی ہے ورنہ یہ تناؤ ہمارا خود پیدا کردہ ہے۔ اور اِس مسئلہ کا خاتمہ بھی آناً فاناً ہی ہوکر رہے گا۔ بھارت میں ایسی روایات نہیں پنپ سکیں - کٹر واد، فرقہ پرستی تنگ نظری اور بُنیاد پرستی پاکستان کے اصلی زیور ہیں جنہیں وہ اُتار کر طاق میں رکھنے کے بدلے ہندوستان کی نذر کرچکا ہے اور یہ وقتی نزلے ہیں اور یہ حقیقت ہیں اسلامی چلن نہیں - اِن میں جان بھی نہیں ہُوا کرتی، گو یہ تباہیاں لاتی ہیں جانی نُقصان بھی کرتی ہیں، لیکن مجموعی طور پر ان کی لمبی زندگی نہیں ہُوا کرتی۔"

مولانا صاحب؛ "بابری مسجد کے ڈھانچہ کو گرانا کچھ اچھی بات تو نہ تھی۔ آپ اِس بارہ میں ردِّ عمل ظاہر فرمائیں"

نثار صاحب؛ "نماز پڑھنے کے لئے ساری دُنیا کے دروازے وا کرکے رکھے گئے ہیں اور جس مسجد میں کافی عرصہ سے نماز نہ پڑھی گئی ہو اُس کا مسجد ہونا نہ ہونا یکساں بات ہے۔ اب چونکہ کسی کارن وہ مسجد گرائی گئی ہے، تو ماتم کے دن بھی لمبے نہیں ہونے چاہئیں - دُنیا میں چلنے کے لئے خوشی اور غمی کے لئے وقت مقرر ہوتے ہیں۔ مستقل غم کبھی خوشی کا ذریعہ نہیں بن سکتا - صرف ہنسنے ہنسانے کی ضرورت ہے۔"

مولانا صاحب: "کیا سڑکوں پر نماز کا ادا کیا جانا اسلامی روایت ہے؟ اگر ہے تو کس صاحب نے قائم کی ہے؟"

نثار صاحب؛ کہ "بعید از مسجد نمازیں ادا کرنا پروردگار کو پسند نہیں - گھر میں ہی پڑھی گئی نماز اچھی بات ہے۔ اگر نماز گھر کے باہر پڑھنا مقصود ہو تو کسی پارک

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یا باغ میں جاکر نماز پڑھنے میں ہرج کچھ نہیں، لیکن یہ بھی روایت نہیں بننی چاہئے۔ شارع عام پر نماز کا ادا کیا جانا کوئی اسلامی روایت نہیں۔ ہاں عید کے موقعہ پر لگنے والا ازدحام تنگنا کے لئے اگر کبھی باجماعت نماز پڑھنے کے لئے سڑک پر دو زانو ہونا ہی پڑا اُسکی مناہی نہیں، لیکن اکثر و بیشتر سڑکوں کو بند کرکے عوام کو تکلیف دینا اپنے حق میں نماز کا ثواب حاصل کرنا نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ وہ کسی بھی قیمت پر جائز "عمل" نہیں۔

مولانا صاحب: "نمازوں کے لئے سڑکیں روکنا یا بند کرنا کن کی دین ہے"

نثار صاحب: "یہ پاکستانی بے شعور مُلاؤں اور بنیاد پرستوں کا زہر ہے جو ایشیا میں پھیل گیا ہے۔ ویسے ۲۰ سال پہلے یہ سلسلہ کہیں پر بھی نہ ہوا کرتا تھا۔"

مولانا صاحب: "کشمیر کی تباہی کے بارہ میں آپ اپنے قیمتی وچاروں سے نوازیں"

نثار صاحب: مجھے کشمیر کی تباہی کا کارن غیر اسلامی طریقہ کار ہے۔ وہاں کی اکثریت کی سوچ چھوٹی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ پاکستان جھوٹ کا ایک پٹارا ہے اور ہر لحاظ سے تمام انسانی قتلوں اور دیگر تباہیوں کا ذمہ دار ہے۔ کہ جو کشمیر میں ہوئے یا کئے گئے یا کئے جا رہے ہیں، کیونکہ پاکستان کی ہی شہ پر کشمیری مسلم نوجوان دہشت گرد بن گئے۔ ان کی غارتگری ان ہی کے لئے تباہی کا باعث بن کر رہے گی، جیسا کہ ہمیں بھی معلوم ہوا ہے کہ معصوم کشمیری مسلمان کافی تعداد میں غارتگروں کے ہاتھوں مارے جا چکے ہیں۔ اس سے بھی بُرا کہ عورت ذات کی ہزاروں کی تعداد میں بے حرمتی کی گئی ہے۔ اور یہ غیر اسلامی حرکت اور بد عملی بدستور جاری ہے۔ لوٹ کا مال ثواب کی کمائی کے مترادف نہیں۔ افراتفری پھیلانا۔ بدامنی کو ہوا دینا۔ بدنظمی پیدا کرنا، دوسرے کے اشاروں پر غیر اسلامی حرکتیں کرنا بالآخر کسی کے لئے بھی فائدہ مند نہیں ہو سکتا۔ کشمیری دہشت گردوں کو بالآخر پچھتانا پڑے گا، کیونکہ وہ نہیں جانتے کہ بھارت میں کروڑوں بھارتی مسلمان بھی رہتے ہیں اور ٹھیک ٹھاک چل رہے ہیں۔ اسکے بعد خدا بہتر جانتا ہے"

چلو دونوں دعا مانگتے ہیں کہ کشمیر سے دہشت گردی ہمیشہ کے لئے ختم ہو۔ آمین

(دعا کے بعد نثار دہلوی اور مولانا اسحاق صاحب نے چائے کی پیالی فنا کردی)

(یہ ایک ایسا مقدمہ تھا جو کشمیری مسلم دہشت گردوں نے کھڑا کیا تھا اور پاکستانی عدالت میں اسکا فیصلہ چاہتے تھے لیکن) ....

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سرکار کی حکمتِ عملی مردہ باد۔ "یہ نظریہ کیسا اسکولر ہے؟"

"کشمیر ایک اسکولر نظریہ۔" 5 مئی 1993ء کی رات کو متذکرہ صدر "۔۔" عنوان کے تحت یہ پروگرام دوردرشن پر درشایا گیا۔ پروگرام یہ دلالت کرتا تھا کہ "اس سے پہلے جتنے بھی اس نوعیت کے پروگرام دوردرشن سے ٹیلی کاسٹ کئے گئے تھے۔ وہ سبھی کے سبھی غیر اسکولر تھے۔"

بہر حال اس ذہنیت کی نظارگی رشید طالب جو اس تخیل کے پس پردہ کارفرما تھے کے پروگرام کی نوعیت کو بھانپ کر یہ اخذ ہوا کہ بقولِ اُن کے کشمیر کی نسبت اسکولر نظریہ اپنانے کا سہرا فقط مسلمانوں کے سر ہی جاتا ہے"

پروگرام ہٰذا میں شامل ہونے والے مشورہ بازوں میں 80 فیصد ارکان اسی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ ایک قسم کی طفل تسلی تھی جو دیکھنے میں آئی۔ انہوں نے اس پروگرام نما انٹرویو میں پروفیسر سوم ناتھ در اور شریمتی پشپا کول (جو اب بیرون ملک آباد ہوئی ہیں) کو شامل کیا، جنہوں نے وادی سے ہجرت کرنے والے زائد از تین لاکھ کشمیری ہندوؤں، کہ جو اب انتہائی ابتری اور کسمپرسی کے عالم میں جموں میں اور خاصکر دہلی میں بھی رہ رہے ہیں کے بارہ میں تذکرہ چھیڑا۔ وادیٔ کشمیر پر یہ اجتماع اور ہم مرکزیت اور مشورہ بازوں کی بولی میں کسی خاص علاقہ کے بارہ میں ذکر چھیڑنا یہ ظاہر کرتا تھا کہ "کشمیر وادی کا مقام وہ ہے جو ریاست جموں و کشمیر کا سرنامہ ہے۔"

ہر ایک ردّ و قدح اور بحث مباحثہ میں جو دوردرشن پر اس نوعیت کے مضمون کی زینت بنے پر کبھی بھی ریاست کے جموں اور لداخ خطّوں کا ذکر نہ چھیڑا گیا۔ غالباً اس سے یہ مراد لی گئی ہے کہ "اگر کبھی سہواً ہی سہی ریاستی عوام کی رائے جاننا مطلوب ہو تو وہ صرف کشمیر میں رہنے والے لوگوں سے ہی لی جائیگی (خاصکر اہلِ اسلام سے)"

بہر حال کشمیر کے بارہ میں اسکولرواد کے متعلق خیالات جانتے ہوئے چند ایک شرکاء مشورہ بازوں نے کہا کہ "کشمیریوں کے ساتھ نابرابری کا سلوک ہو رہا ہے"۔ اس طنز آمیز خیال کا جواب 6 مئی ویروار کی رات کو "پرتیش نندی" نے اُس وقت دیا کہ جب اُنہوں نے وزیر ہوا بازی اور ٹورازم غلام نبی آزاد سے انٹرویو کیا۔ وہ جیسے کہ ظاہر ہوا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مہاراشٹر سے چناؤ جیت کر آئے اور کشمیر سے کبھی بھی نہیں (ٹھیک اُسی طرح کہ جس طرح مفتی محمد سعید کے ساتھ ہوا) جبکہ اُنہیں ایک بھارتی ہونے کے ناطے ایسا حق حاصل تھا۔ لیکن کیا ایسا ہی ممکن ہے کہ مہاراشٹر کا کوئی شخص جموں و کشمیر کے کسی بھی چناؤ حلقہ سے کھڑا ہو۔ جواب صاف ظاہر ہے۔

حالانکہ انٹرویو میں شامل اصحاب نے جن خیالات کا اظہار کیا، جو اُنہوں نے کیا بھی، وہ خوش گپی کا مناسب شغل رہا۔ دفعہ 370 کے تحت خصوصی درجہ جو ریاست اور اسکے عوام کو حاصل ہے اور جسکے تحت کوئی بھی غیر ریاستی شخص اندرون ریاست نہ جائداد ہی خرید کر سکتا ہے، نہ اسمبلی یا پارلیمنٹ الیکشن میں کھڑا ہو سکتا ہے اور نہ ریاستی سرکاری ملازمت حاصل کر سکتا ہے، کے ایسے خیالات کے اظہار سے رشید طالب نے ریکارڈ کو سیدھا کرنا چاہا (جو وہ نہ کر پائے)۔

اس ضمن میں یہ عیاں ہے بلکہ ایک محفوظ حقیقت ہے کہ ۱۹۴۷ء میں زائد از ۲۰ ہزار ہندو لوگ جو مغربی پنجاب کے سیالکوٹ ایریا سے ہجرت کر کے جموں خطہ میں آبسے اور آج تک جو کئی گنا اور بڑھ گئے اور اُن کی اولاد در اولاد میں سے تک کوئی بھی اسمبلی کے لئے ووٹ نہ دے سکتے ہیں، نہ جائداد کھڑی کر سکتے ہیں اور نہ ریاستی سرکاری ملازمت سے سرفراز ہو سکتے ہیں۔ البتہ وہ پارلیمنٹ یعنی لوک سبھا کے چناؤ میں ووٹ دے سکتے ہیں اور وہ تبھی ہوگا کہ جب وہ مکمل طور پر ہندوستانی شہری گردانے جائیں گے۔ اور اگر یہ مبینہ نابرابری (امتیاز کی) یعنی امتیاز کی بات کو مان بھی لیں تو لداخ اور جموں کے عوام کی الزام تراشیوں کا کیا بنے گا کہ جنہیں اپنے بارہ میں ایسے امتیازوں اور نابرابریوں کی طویل شکائتیں اور حکایتیں کہنے کو ہیں۔

پارسائی کے اس بناوٹی عنوان سے یہ قطعاً نہ مانا جا سکے گا کہ "پروگرام غیر متعصب تھا اور غیر طرفدارانہ تھا"

ترجمہ۔ نثار دہلوی

یاد رہے یہ مضمون "ریڈیو اور ٹی وی" جناب نیل بترہ نے متذکرہ صدر عنوان کے تحت لکھکر چھپوایا ہے۔ اور میں نے اسے اُردو کے سانچے میں ڈھالنے کا گناہ کیا ہے۔ لیکن مجبور تھا۔

مسلسل۔ (دوسرے صفحہ پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قارئین کرام - آپ نے متذکرہ صدر آرٹیکل کی اُردو شکل دیکھ لی۔ اور پڑھ بھی - چند سوال پیدا ہوتے ہیں - جن کا جواب ڈائریکٹر جنرل دوُردرشن اور ڈائریکٹر جنرل آکاش وانی دینے کے اہل ہیں! کہ

رشید طالب کی شخصیت کتنی غیر متعصب تھی! کہ انہیں الیکٹرانک میڈیا یعنی دوُر درشن اور آکاش وانی پر اپنی شکل دکھلانے کے لئے پیش کیا گیا اور منہ سرکاری بھی پلید کرنے کے لئے اُنہیں بھاری بھرکم رقم دیکر خوش کرکے گھر کی طرف رُخ کرنے کو کہا!

کیا انٹرویو کرنے سے قبل یہ ضروری نہ تھا کہ شرکاء سے اسکرپٹ لے لیا جاتا اور اگر مناسب تھا اور آئینی جوازیت کے آدھار پر تھا تو اُنہیں اُسی اسکرپٹ کے محور پر گھومنے کے لئے ہدایت کی جاتی - لیکن ایسا نہ کیا گیا؟ کیوں نہ کیا گیا اس کا جواب انفارمیشن و براڈکاسٹنگ منسٹر کے علاوہ ہر دو ڈائریکٹر جنرل صاحبان کو دینا ہوگا -

کیا ملکی نوعیت کے انٹرویو میں دوُردرشن پر درشائے جانے کے لئے اُنہی احباب کا انتخاب لازمی تھا کہ جو بظاہر کچھ اور بہ باطن کچھ ہوں؟ اور جو محبِّ وطن ہوں، بڑھیا کریکٹر رکھتے ہوں اُن کو فراموش کردیا جائے -؟

کیا رشید طالب کی اپنی عیب جوئی پر پردہ ڈالنے کے لئے پروفیسر سوم ناتھ در اور شریمتی پیرزیا کول کو پروگرام میں شامل کرنے کی چال نہ تھی؟ کہ جنہوں نے کھل کر یہ کہا کہ ”کشمیر سے 3 لاکھ کشمیری ہندوؤں پر تابڑ توڑ حملے ہوئے - بے شمار مظالم توڑے گئے اور بالآخر ہجرت کرنے پر مجبور ہوکر جموں اور دہلی میں پڑے ہوئے ہیں اور اربوں کھربوں کی جائدادیں چھوڑ کر زندگی کے بھیانک دن بھک منگوں جیسی حیران کُن وازر پر کاٹنے پر مجبور ہوئے ہیں - “ اسکے ردّ عمل میں رشید طالب کو غالباً لقوہ مار گیا تھا کہ ہاں میں ہاں نہ ملا سکے -
جبکہ بات مبنی بر حقیقت تھی = (یہ ظاہر کئے گئے ہیں میرے جذبات)

دوُر درشن پر بُنیاد پرست اور کٹّر وادی ذہنیت احباب کا چاہے وہ دہلی یونیورسٹی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی یا جواہر لال نہرو یونیورسٹی سے تعلق

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

رکھتے ہوں کو اپنی مکروہ شکلیں اور محچقل لطریں ہ کا کروڑ عوام کو دکھلانے کے لیئے مدعو کرنا کیا احمق پن نہیں ؟ اِن اصحاب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو مُلک سے پیار کرتے ہیں، بھلے ہی وہ چھابڑی فروش ہوں کنجڑے ہوں، گلفروش ہوں، دَوا فروش یا دودُھ فروش ہُوں اور کبھی مُلتے نہ ہُوں۔ کم از کم وہ داغِ دِل دکھِلاکر عوام کو اپنی حُبّ الوطنی کا باور تو کرا سکتے ہیں۔

یاد رہے کہ ہند سرکار کو اپنی طرفدارانہ پالیسی اور دُشمنوں کو القاب و عنایات سے نوازنے میں پہلو تہی کرنے کا خطرناک ڈھنگ کا خمیازہ کسی بھی وقت بُھگتنا پڑے گا۔

نثار دہلوی۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

میں نے زبردست بھول کی کہ پاکستان دریافت کیا

محمدؐ علی جناحؒ

اگر کشمیر بھارت کا اٹوٹ حصّہ ہیں، تو کیا گوہر ایوب کے والد آمر ایوب خان مرحوم کی مِلکیت ہے۔ پاکستان کی کٹھ پُتلی نیشنل اسمبلی کے کج فہم اور نابلد اسپیکر کی اس بڑ سے خود پاکستان کا دانشور طبقہ حیران ہو رہا ہے کہ "جس کے والد نے بھارت کے خلاف کشمیر ہتھیانے کے لئے جنگیں لڑیں اور ناکامیوں کی سنگین تھپیڑیں کھائیں آج وہی شخص کہہ رہا ہے کہ کشمیر بھارت کا حِصّہ ہیں۔"

غفلت کے اِس غار میں گرے ہوئے نام نہاد پاکستانی اسمبلی کے نافہم اسپیکر گوہر ایوب یہ نہ جانتے ہیں کہ بھارت کا اصلی نقشہ کیا تھا کہ جس کو خراب کرنے کے لئے بقولِ "افسانۂ ایشیا" مؤلفہ اعجاز احمد بجنوری برانڈرتھ روڈ اندرون موچی دروازہ لاہور مرتبہ جولائی ۱۹۶۳؁ء صفحہ ۱۲ پیرا 3، محمدؐ علی جناحؒ تھے اور جنہوں نے ایشیا کے اس بڑے مُلک میں مذہبی بنیادوں پر جہاں آپسی اتحاد اور ہندو مسلم بھائی چارہ کو زک پہونچا کر پتھر پر یہ کہتے ہوئے سر مارا تھا "کہ میں نے زبردست بھول
کی کہ پاکستان دریافت کیا
جو آئندہ نسلوں کے لئے عذاب ہی واقع ہوگا"

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

نرگس کے لئے چشمِ نرگس کی ٹپکن

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

موسم بہار کی آمد کے لئے سونتھ کی سواگتی تقریب کا اہتمام پھاگن ماہ چھٹی تتھی یا کبھی چیت کرشنہ پکھ کو یعنی مارچ کے آس پاس ہوتا ہے۔ قبل کی شب ایک بڑے تھال کو زندگی کی ضروریات یعنی چاول کھانڈ، نمک دہی اخروٹ کی گری اخروٹ کتاب قلم دوات شیشہ (آئینہ) سکہ جات اور نرگسی پھولوں سے سجایا جاتا ہے

دوسرے صبح افراد کنبہ اسی تھال پر کسی اور چیز کو دیکھنے سے پہلے اپنی نظریں مرکوز کرتے ہیں اور یہ اہتمام اس غرض سے کی جاتی ہے کہ سبھی ضروریات کو جو تھال میں سجائی گئی ہیں ہمیں آئندہ بھی میسر ہوتی رہیں۔

چاول چینی نمک اور اخروٹ خوراک کی علامت ہو کر اس زمرہ میں آتے ہیں جبکہ کتاب اور قلم دوات کشمیری پنڈتوں کی اہم ضروریات سے تعبیر ہوتی ہیں۔ اور نرگسی پھول چونکہ بہار کی آمد کے ساتھ ساتھ سب سے پہلے عودار ہوتے ہیں ظاہر کرتے ہیں زندگی کے وجود اور اسکے تسلسل کو اور سکہ جات اقبالیات کی دلالت کرتے ہیں اور آئینہ اپنی اندرون بینی میں ہمارے لئے ممد و معاون کا کام کرتا ہے۔

کشمیر سے بندوق کی نوک پر ہجرت کرنے کے بعد ہمارا پہلا پڑاؤ جموں تھا جب سونتھ نے مجھے جس دی، میری اہلیہ محترمہ نے مجھے جموں ایسے گرم علاقہ میں اس شبھ پرب کے لئے نرگسی پھول لانے کو کہا۔ بہر حال تحفظ بھری ایک نرسری سے جہاں یہ متبادل طریقہ سے اگائے جاتے تھے لانے میں کما حقہ کامیاب ہوا۔ ازاں بعد جب ہم کشمیر واپس چلے جانے کی سبھی امیدیں کھو بیٹھے، میں نے اپنا تبادلہ چاہا۔ چنانچہ مجھے میرے مالکوں نے جھانسی میں متعین کر دیا۔

مسافت کی بدحالیاں سختیاں اور کڑا پن اس وقت کم ہو گئے کہ جب ہم جھانسی میں اترے اور مون سون کی سہوا دی جانے والی دستک نے تمام قرب و جوار کے ماحول کو قدرے برداشت کن بنایا تھا۔ میں نے اپنی اہلیہ محترمہ اور دو بچیوں کو جھانسی میں رہنے کی تفصیل کے ساتھ سبز باغ دکھائے۔ اور کچھ کچھ تسلی اور تشفی دیتا رہا۔ لیکن سبھی بے سود رہا کہ جب مئی کے دوران پارہ 48 درجہ حرارتی نقطہ سے جا ملا۔ ہمارے لئے فرار ناممکن تھا بلکہ اس کا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مقابلہ کرتا تھا جبکہ سلسلہ تکلیف دہ اور دل شکن تھا۔

جب سونتھ دوبارہ آیا، میری اہلیہ محترمہ نے اس سالانہ پرب کے لئے نرگسی پھول لانے کی فرمائش کی، حالانکہ میں جانتا تھا کہ ان پھولوں کا بہم ہونا جھانسی ہی ناممکنات میں ہے، لیکن پھر بھی میں نے سعی ناکام کی۔ میری اہلیہ محترمہ شکستہ دل ہوئی تھیں۔ میں نے انہیں خوش رکھنے کی لاکھ کوشش یہ کہتے ہوئے کی کہ نرگسی پھول ہماری زندگی کی پہچان بتاتے ہیں بلکہ زندگی کی علامت ہیں اور اسی طرح دوسرے پھولوں کا مرکزی کردار بھی ایسا ہی ہے۔ لہٰذا دوسرے پھول جو بہتات سے میسر ہیں، انہی سے کام لیا جائے۔

انہوں نے بے بسی کے عالم میں قبولا۔ اس شام میں لے انہیں قریب کے جنگل میں سیر کے لئے ساتھ لیا۔ وہاں لاتعداد شگوفوں والے سکھمنی پھولوں والے درخت دیکھے گئے۔ وہ یقیناً خوبصورت لگتے تھے۔ واپسی پر میں نے پھولوں سے لدی چند ٹہنیاں اپنے ساتھ لائیں۔ اسطرح سونتھ کے لئے تھال کی پہلی بار انہی پھولوں سے زیبائش کی گئی۔

دوسری صبح جب مجھے میری اہلیہ محترمہ نے جگایا، تو میری نظروں کے سامنے سونتھ کا شگونی تھال تھا۔ سبھی اشیاء کو دیکھنے کے بعد میں نے پیار تمنا کے چند بول بولے۔ مجھے اخروٹ کی گری، چینی اور تھوڑا سا دہی بطور پرشاد دیا گیا اور میں نے اپنی اہلیہ محترمہ کے مستقبل کی درخشندگی کے لئے تمنا کی۔ وہ میرے بغل میں بیٹھ گئیں اور انہوں نے بھی میرے لئے ویسی ہی تمنا کی، لیکن ان کی آنکھوں کی ٹپکن کو نہ روک سکا۔

حالات سے دل برداشتہ ہونے کے کارن پوچھنے پر کہ آپ کیوں رو رہی ہیں چلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا۔ ہاں! یہ سکھمنی پھول بھی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں، لیکن یہ اتنی خوشگوار زندگی نہیں لگتی کہ جتنی نرگسی پھولوں کی حقیقت کے کارن لگا کرتی تھی مگر پھر بھی نسبتاً زندگی ہی ہے۔

ان کے آنسو سسکیوں میں بدل گئے حالانکہ میں بھی اپنی آنکھوں سے موتیوں کے گرنے کو نہ روک سکا۔ ایسا ظاہر ہوتا تھا کہ آبائی نرگسی پھول ہمارے لئے کالعدم ہو چکے ہیں اور ہمیں متبادل پھولوں پر ہی جتنا کچھ ہو سکے اکتفا کرنا ہوگا، لیکن پھر بھی تلاش میں کوشاں رہوں گا کہ کہیں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سو ممکن ہے کہ تمام کے تمام مجھے میری بیوی وہی حقیقی چیز یعنی پھول
دستیاب ہوں۔

کون جانے کہ یہ میری اہلیہ محترمہ کے چہرے پر دوبارہ نکھار
لاتے لاتے اُنھیں ہنسی سے ہم کنار کرے ۔

نوٹ:۔ متذکرہ صدر آرٹیکل شری بمل مہتری نے لکھا ہے اور یہ ۱۸ مارچ ۱۹۹۳ء کے ہندوستان ٹائمز میں چھپ چکا ہے۔ اور مجھے اس آرٹیکل کو کشپ وانی جموں میں چھاپنے کے لئے پروفیسر سوم ناتھ ڈر پمپوش انکلیو نئی دہلی ۶۷ نے ارسال کیا تھا۔ چنانچہ اس آرٹیکل کو میں نے اپنی جانب سے اپنی طرز پر اردو کا قالب دے کر یقیناً قارئین کرام کے تفننِ طبع کا پورا حق ادا کیا ہے۔

بیتاب دہلوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اوتاروں پیغمبروں کی آمد

جتنے بھی اوتار اور پیغمبر دنیا میں آئے، وہ سبھی برّاعظم ایشیا میں ہی آئے بھگوان رام، بھگوان کرشن، بھگوان بدھ، بھگوان مہاویر حضرت عیسےٰ ع حضرت موسےٰ ع اور حضرت محمد صاحب ص، آپ سبھی ایشیا میں ہی ہوئے اور اپنے ساتھ لائے مشن کو چلانے میں ہر لحاظ سے کامیاب رہے۔

مغربی ممالک کو اگر کچھ ملا تو وہ ایشیا سے ہی ملا جس میں برّصغیر ہندوستان سرِ فہرست ہے۔ حضرت عیسیٰ ع کبھی بھی مغربی ملک میں تشریف نہ لائے اور عیسائیت جو مغربی ممالک میں چل رہی ہے وہ ایشیا کی ہی دین ہے۔

عیسائیت کو انگریزوں اور دیگر فرنگیوں کے ساتھ وابستہ کرنا یا ایسا بتانا کہ مغربی ممالک نے عیسائیت کو فروغ دیا بالکل غلط ہے۔ اور یہی انگریز جو لندن میں ہوا تھا نے اپنی بدمعاشی اور چالاکی سے ساری دنیا پر اپنا غلبہ بنایا ہوا تھا، حالانکہ خود اس کا ملک ہندوستان کے اُتر پردیش کے برابر نہ تھا۔ اس نے دھوکہ دہی سے ہندوستان میں اپنے قدم رکھے اور پھر سالم ہندوستان کو اپنے شکنجے میں لے لیا، اسے غلام بناکر رکھدیا۔ لیکن ایک خوبی جو اس انگریز کی رہی وہ یہ کہ اس نے مذہب کے نام پر کبھی کوئی جھگڑا شروع نہ کیا (ہاں مذہب کے نام پر اس نے جنگِ آزادی میں اہم رول ادا کرکے ہندوؤں اور مسلمانوں میں بعید بعاد کے بیج بو دئے اور کہ انہی لاشوں پر بٹوارہ بھی کردیا) اس نے اکثر دوسروں کو فرقہ بندی میں ڈال دیا۔ ذات پات کی تمیز میں اُلجھا دیا لیکن خود نہ اُلجھا۔

دوسرے اس نے اپنے دبدبہ میں ہندوستان میں کبھی کوئی مندر یا مسجد گرا کر اُن پر گرجا گھر تعمیر نہ کئے۔ اس نے مذہب میں ٹکراؤ کو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کو اہمیت نہ دی کہ جس طرح دیگر مذاہب کے لوگ خدا کو [illegible] یاد کیا کرتے ہیں

ہندوستان میں مسلمان مغل حملہ آور آئے۔ اُنہوں نے اسلام کے سوا تمام دوسرے مذاہب اور مذہبی عقائد کی نفی کر دی۔ مغلوں سے پہلے کئی غیر مغل اور نیم مغل ہندوستان پر اپنا تسلّط جمانے میں کامیاب ہوئے انہوں نے کئی مندروں کو مسمار کر کے اُن کی جگہ مسجدیں تعمیر کیں۔ یہی اجودھیا میں ہُوا، متھرا گوکل بنارس کے علاوہ کشمیر کے تمام قدیم ترین مندروں اور ہندو استھانوں کو مٹا کر مساجد یا اسلامی قبرستان تعمیر کئے جو سلسلہ کل تک برابر جاری رہا۔ لاکھوں کشمیری پنڈتوں کو ذبح کر دیا۔ حضرت محمّد صاحب صلی اللہ علیہ وسلّم کے مبارک منشا کے خلاف ہندوؤں کو مجبور کر کے مسلمان بنا دیا۔ اُنکے جنیو جلا ڈالے اور منوں کے وزن سے جلا ڈالے، چوٹیاں کاٹ ڈالیں۔ اُن کو زندہ ہی دریا برد کر دیا۔

انگریز ہندوستان میں ایک تاجر بن کر آیا جبکہ ان جابر مسلمان حکمرانوں کے بارہ میں ہندوستان کے کئی بیوقوف تاریخ دان اصحاب نے اُنہیں ہندوستان کے بادشاہ کہا، ان کو القابوں سے سجایا اور ہر ہر قدم پر اُن کی قصیدہ گوئی کی، حالانکہ ان سبھی غیر ملکی مسلم حملہ آوروں نے ہندوستان کو تحس نحس کر کے رکھ دیا تھا۔ مندروں کو توڑتے رہے کو لوٹتے رہے انگریز کہ جس کی حکومت لگ بھگ سارے عالم پر تھی اور ہندوستان پر بھی اُس کا راج تھا، وہ اپنے حق میں بہت کچھ ہندوستان کا مٹا کر کر سکتا تھا لیکن نہ کیا۔ پس رہا اُس نے ہندوستانیوں پر کتنے مظالم توڑے وہ ہزاروں لاکھوں صفحوں پر بکھیرنے والی دردبھری کہانیاں ہیں۔

اور آج ہند سرکار کٹر وادی مسلمانوں کی نسبت نرم گوشہ رکھ رہی ہے نہ جانتے ہوئے بھی کہ اِن کے جدّ و امجد نے بھارت کے تمام مندروں کو منہدم کر کے لوٹا اور بلا مقصد کی مسجدیں کھڑی کر دیں اور اب اگر کسی غلط ہوئی بات کو سدھارنے کی کوشش کی جا رہی ہے، اُس پر غیر ہندو (مسلمان) اور ہند سرکار سیخ پا کیوں ہو رہی ہے۔ بھلا ہندوستان میں ایک ہندو اپنے کو ہندو کہنے پر سزا وار کیوں ہو رہا ہے؟ کیا سرکار کی ایسی حرکت

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مسلم کٹر واد کی کھلی حمایت ہیں ! وہی مسلم کٹر واد کہ جس نے برطانیہ جرمنی یوگوسلاویہ، چیکوسلوکیہ اور امریکہ کے علاوہ سارے سوویت دیش کو جلتے انگاروں پر ڈال دیا اور اسی کٹر واد نے دہشت گرد بن کر کشمیر کو تباہ کر کے چھوڑ دیا اور پھر پاکستانی کٹر واد نے سکھ کٹر واد کو دہشت گرد بننے میں امداد دیکر پنجاب کو گذشتہ ۱۴ سال سے جلنے دیا اور خوب جلنے دیا۔ اور اسی کٹر واد اور بنیاد پرستی نے ۱۲ مارچ جمعہ ۱۹۹۳ء کے منحوس دن پر 13 جگہوں میں لگ بھگ ایک ہی وقت دھماکے کروا کر بمبئی میں سینکڑوں بے گناہوں کو مار ڈالا، زندہ جلا ڈالا اور ہزاروں کو بُری طرح مجروح کر کے چھوڑ دیا۔

بھلا ایسے حالات میں ہندوستان کی ترقی
کہاں ہوگی! کیسے ہوگی؟ اور عوام کو امن
کا ماحول کیسے میسر ہوگا۔

جبتک ہند سرکار اپنی دوغلی ذہنیت کو ترک نہ کرے گی تب تک ہندوستان کے غیر مسلم عذاب میں مبتلا ہو کر رہیں گے اور غیر مسلم لوگوں کا مستقل عذاب کسی ایسی بات کو جنم دے گا کہ جس کو بعد میں سرکارِ ہند کے لئے قابو میں کرنا نہایت ہی کٹھن اور سخت ترین مسئلہ ہوگا

لہٰذا سرکار کو سخت رویّہ اپنا کر بھارت سے دہشت گردی کا مستقل کے لئے فنا کے گھاٹ اُتارنا ہوگا۔

تتمہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مسلمانانِ ہند کے بدترین بدخواہ و بدنیت کشمیری مسلم دہشت گرد !

دینِ اسلام کی عظیم ہستیوں کے مقدس ناموں سے منسوب کر کے کشمیر کے مسلم دہشت گردوں نے کئی خلافِ قانون اور خلافِ انسانیت جماعتوں کی تشکیل کر کے جہاں ابتدا سے ہی اسلام کی بیحرمتی کا ارتکاب کیا ہوا ہے۔ وہاں اُنہوں نے اُن صحابہ کرام کے مقدس اسمائے گرامی کو قاتل، وحشی، زانی، خونی، آتش زن اور لٹیرے پن ایسے گھنَونے سے جوڑ کر ایک سو ایک کروڑ درجہ حرارت کے گناہ سرزد کر کے اپنے لئے ہمیشہ کے لئے اسلام سے اخراج اور اپنے لئے دوزخ کے ساتویں طبقہ یعنی سقر کے دروازے بغیر استدعا کھلوا کر رکھ دئے ہیں اور حالات بتاتے ہیں کہ اسکی عمل آوری میں اب کسی قسم کی مزید دیر نہ ہوگی۔

چنڈی گڑھ کے ایک انگریزی اخبار کے حوالہ سے کہ اُنھیں اپنے نمائندہ نے وادی سے کئی دل دہلا دینے والی باتیں لکھی ہیں۔ اِس ضمن میں ہمارے نامہ نگار امتیاز نے ڈل گیٹ میں بیٹھ کر بہت کچھ بہت پہلے لکھا تھا۔ خاص کر مسلم دہشتگردوں کا مسلم مستورات اور معصوم لڑکیوں کے ساتھ ناروا سلوک، اغوا، عصمت دری اور کانٹ چھانٹ کہ جن کی تعداد بے حساب ہے، سکورٹی عملہ نے کئیوں کو برآمد کر کے اُن کے والدین اور لواحقین کے سپرد کر دیا، لیکن زیادہ تر ابھی دہشتگردوں کے نرغے میں ہی ہیں۔ اپنے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے لئے دہشت گردوں نے ڈاکٹر اے ریشی کو حمل گرانے کا کام سرانجام دینے کے لئے مجبور کر دیا۔ جب ڈاکٹر ریشی نے سینکڑوں ایسے کیس کر لئے تو اُن کو خوفِ خدا سامنے آیا "کہ یہ سب کام قتل سے کم ہیں اور غیر اسلامی بھی ہیں"۔ اُنہوں نے مزید حمل گرانے سے صاف صاف انکار کر دیا۔ چنانچہ شام تک ڈاکٹر ریشی کا قتل ہوا اور اُن کی اہلیہ محترمہ اب روتے روتے دن گزار رہی ہے۔

کون سے مرحلے پر مرحوم ہردے ناتھ وانچو نے اپنے دھرم سے ہٹ کر کشمیری مسلم دہشتگردوں کا ساتھ نہ دیا۔ سینکڑوں تو رِٹ درخواستیں عدالتوں میں ہند سرکار کے خلاف دائر کروائیں۔ ہندوستانی سرکار، بھارتی عوام اور کشمیری بے دخل ہندوؤں کے خلاف ہتک آمیز اور زہریلے بیانات دینے کے بعد بھی اُس کے ساتھ انتہائی بُری طرح سے انہی احسان فراموش غدارگروں اور نمک حراموں نے سلوک کیا کہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پلو چھپے ہی مت کچھ۔ اُن کا داہ سنسکار کرن نگر سرینگر کی شمشان بھومی میں نہ ہونے دیکر مجبوراً" ڈی اے وی اسکول جواہر نگر کے احاطہ میں کروایا گیا، گویا مسٹر وانچو کو اُسی طرح مرکر بھی چین نصیب نہ ہوا کہ جسطرح کیشمر کے اہلِ اسلام دہشت گرد اپنے " بب " آنجہانی شیخ محمد عبداللہ کو قبر میں میسر نہ کر رہے ہیں، نہ ہونے دے رہے ہیں چنانچہ شیخ صاحب کی قبر بھی مجموعی طور پر اب اُکھڑی اُکھڑی سی نظر آرہی ہے۔ اسلام کے نام پر کیشمر وادی میں نام کی اسلامی مملکت پاکستان کے محبت بھرے اشاروں پر ناچنے والے اور اپنے آپ کو شرعی مسلمان کہلانے والے کشمیری مسلمان غارتگر کتنی بیدردی سے حیوانی کارنامے کیئے جارہے ہیں کہ بعید از بیان ہیں۔

سلمان رشدی نے قرآنِ کریم کے بارہ میں مجموعی طور پر ہتک آمیز باتیں لکھی بلکہ گستاخ بنکر SATANIC VERSES نام سے انگریزی میں ایک کتاب ترتیب دی جسکو ترجمہ کے حوالہ سے شیطانی آیات یا نظمیں کہا گیا۔ منہ چلے اُس ایسے شخص کا کہ جس نے بیتیا" لفیحیک کا پہلو قرآنِ مجید کے کئے وضع کیا اور اُس منحوس کتاب کی کوئی 23,000 ہزار جلدیں ڈکیٹر مرحوم ضیاالحق نے پاکستان میں فروخت ہونے دیں لیکن جس مُلک یعنی بھارت میں گفتار اور پریس کی مکمل آزادی ہے نے احساس کرکے اس کتاب پر سرکاری طور پر پابندی لگا دی۔ یہ ایک بڑا احسان ہے، کوئی جبر نہ تھا اور اسکے باوجود بھی ہند سرکار کے ایسے مزاحدلانہ رویہ کو منفی بتا کر جماعتِ اسلامی کے ضیاالحق کے خلاف وہاں کے کٹھ ملاؤں اور بے غیرت مسلمانوں نے کوئی کاروائی نہ کی نہ کبھی مرحلے پر واویلا ہی کیا۔

سلمان رشدی بحیثیت مجموعی ایک انسان ہے ٹھیک اُسی طرح کہ جسطرح آیت اللہ روح اللہ خمینی مرحوم ایران میں لاکھوں دانشوروں کو قتل کروانے کے بعد تخت نشین ہوئے تھے۔ خمینی مرحوم میں بشریت تھی پیغمبریت اور خدائیت نہ تھی۔ پھر اُنہوں نے بحیثیت ایک انسان یعنی بشر کے نہ کہ دینِ اسلام کے مالک کی حیثیت سے سلمان رشدی کے لیئے غلطی کرکے گردن زدنی کی سزا سُنائی۔ اگر اُن کو ایسی سزا سُنانے کا کوئی حق نہ تھا تو اُنہوں نے کس حیثیت سے ایسا قدم اُٹھایا، چونکہ بشر تھے، اسلیے بشر سے غلطی کا ہونا یقینی تھا۔ لیکن مرحوم ڈکیٹر ضیا الحق کہ جس نے "شیطانی آیات کتاب" کی پاکستان میں کھول سیل بکری کروادی کے لیئے زبان تک نہ کھولی نہ ہی وہاں کے کسی اور خمینی صاحب سے فعل کر اور مسلسل اسلام کی بیحرمتی کرنے والے کشمیری مسلمان دہشت گردوں کے لیئے کوئی حکم یا فتویٰ ہی جاری ہو رہا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یہ کون سے لوگ ہیں جو ہر پہر اپنا دل اور ایمان اور سوچ بدلتے رہتے ہیں جن کی سوچ مختلف اوقات پر مختلف نوعیت کی ہوا کرتی ہے اور جو بنیاد پرستی کے دلدادہ ہیں اور دہشت گردوں کے آبا جان ہیں۔ ایسے لوگوں کے خلاف سارے عالم میں علمِ بغاوت بلند کرنے کی فوری ضرورت ہے، ورنہ دنیا کٹر واد اور بنیاد پرستی کے نرغے میں آ کر ہی رہے گی جو آخر کار جان لیوا ثابت ہوگی

کشمیر کی بیٹی کماری شاہینہ نے اعلانیہ کہا کہ "میں اپنی متواتر عصمت دری اور متواتر اغوا کاری جو کشمیری مسلم دہشت گردوں نے میرے ساتھ روا رکھی سے بدلہ لینے کے لیے سی آر پی میں بطور لیڈی کانسٹیبل بھرتی ہونے کی زبردست متمنی ہوں"۔ چنانچہ مبینہ طور پر گورنر سکسینہ نے اسکی خواہش کا خیال کرنے کی حامی بھر لی ہے کماری شاہینہ اسوقت بی ایس ایف کی بدولت آزاد ہو کر لیڈی سی آر پی کے ہوسٹل میں گھل مل کر رہ رہی ہے۔ خون کے آنسو بہا رہی ہے۔ واپس گھر جانے کے قطعاً خلاف ہے۔ اسکی چشم تر سے کسی شخص کا خواہ وہ کسی بھی دین دھرم سے تعلق رکھتا ہو دل پسیج نہ جائے۔ یہی ہمارا حال ہے یہ دل شکن روئیداد تحریر کرنے پر۔ مسلم غارتگروں نے کماری شاہینہ سے درجنوں بار ہم بستری کی سگریٹوں سے اسکے جسم کو داغدار کیا۔ اسکی چھاتیوں پر زخم لگا دیے۔ ۵۰ کوڑوں کی سزا بھی دی۔ الزام تھا کہ وہ مخبرہ ہے۔ چار بار اسکو اغوا کیا گیا۔ ہر بار اسکے ساتھ برا ہی سلوک کیا گیا۔ وہ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول کی نویں جماعت کی طالبہ ہے۔ اسکے بھائی کو دسمبر ۱۹۸۹ء میں اغوا کر لیا گیا تھا اور بی ایس ایف نے اسکو آزاد کرا لیا تھا۔ ازاں بعد کماری شاہینہ کی دہشت گردوں نے ایک ۶۵ سالہ شخص سے جبریہ شادی کر لی جس نے اسکی عزت بے شمار بار لوٹی۔ شاہینہ اس کے چنگل سے آزاد ہونے میں کامیاب ہوئی۔ کیونکہ دہشت گرد اسکو کسی عقیل احمد کے پاس کوٹھے کی زینت بنانے کے لیے چالیس ہزار میں فروخت کرنے کا منصوبہ بنا رہے تھے کہ جس کا اسے علم ہوا۔ کماری شاہینہ ۲۲ دسمبر کو دہشت گردوں سے آزاد ہونے کے بعد عالم پریشانی میں ہے۔ کہتی ہے کہ "مجھ میں ہمت تھی کہ دہشت گردوں سے آزاد ہو گئی لیکن میری جیسی سینکڑوں لڑکیاں ان ملٹنٹوں کے چنگل میں بے زبان ہو کر اپنی عزت سے متواتر اور مسلسل کھلواڑ کروانے کے لیے مجبور ہیں۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حضرتِ عمرؓ فاروق رضؓ نے انصاف کا تقاضہ بلند رکھنے اور شریعت کی بالادستی قائم رکھنے کے لئے اپنے لختِ جگر ابوشحمہ کو کسی غیر لڑکی سے ہم بستری کرنے کی پاداش میں ایک سَو دُرّوں کی سزا دی۔ لاش پر بھی باقی ماندہ بیس دُرّے لگوا دیئے لیکن کشمیر کے مسلم ملی ٹنٹ "العمر" نام کی زناکار دہشت گرد، قاتل اور باغی جماعت بنا کر حضرتِ عمر فاروقؓ کے نام کو بے حرمت کر رہے ہیں۔

کیا یہ اسلام کی خدمت ہوئی یا اسلام کی بیخ کنی! جو کشمیری مسلم غارتگروں سے پاکستانی مسلم حیوان صفت کروا رہے ہیں۔ ان کشمیریوں کو بدنام اور رسوا کروا کر خود کنارے بیٹھ کر نظارہ کشی کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے عزیز کشمیریوں کو کب سمجھ میں آئے گا:۔

کہ "انسانیت کی اہمیت اور قدر و منزلت دین و دھرم سے زیادہ قیمتی اور اہم ہے۔ جس کو وہ تباہ کر کے اپنے دین اور اپنی دنیا کو خاک میں ملا رہے ہیں اور اپنی عاقبت کو بھی ڈبو کر رکھ رہے ہیں۔"

خدا کشمیری مسلمان دہشت گردوں
کو نیکی کی راہ عطا کرے۔ آمین - نثار دہلوی 1992

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

روزنامہ الصفا سرینگر کا تخت التحریر صفحہ قرطاس پر ایک بار پھر بے نقاب

روزنامہ الصفا سرینگر کے حالیہ ایک اداریہ (ایڈیٹوریل) "کشمیر کے مندر اور کشمیری پنڈت" میں جو بے بنیاد، انسانیت سوز اور انسانی قدروں کی نسبت سے مبرا، تاریخی حقیقتوں سے مکمل طور پر ناآشنا ایک مدیر نے بنیادی قدیم اور حقیقی تاریخ کو مسخ کرنے اور اپنے غلط رنگ میں رنگنے کی جو مکروہ کوشش کی ہے، وہ ایک صحافی کے وارفتہ ضمیر میں پنہاں دروغ بیانی اور فرقہ پرستی کی ایک کھلی داستان کو طشت از بام کر رہی ہے۔ مدیر سابقہ مقتول محمد شعبان کی دورخی، ابن الوقتی فطرت اور الغرضانہ پالیسی کی وجہ سے وہ خود کشمیری مسلم غارتگروں کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ حالانکہ ہر ایک ذی شعور اور اہل سمجھ مدیروں کے قتل و غارت کو ایک وحشیانہ فعل تصور کرتا ہے اور اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے اتنی ہی کم ہوگی۔ اب اس مقتول مدیر کے کسی نافہم رشتہ دار نے روزنامہ الصفا کو غلط مقاصد کو لیکر جاری رکھا ہوا ہے۔ اور حسب سابقہ عوام دشمنی پالیسیوں اور اقلیتوں کے انخلا پر بغلیں بجانا اس کا مشغول بن گیا ہے۔ سیاسی دیوالیہ پن اور مدیرانہ ذمہ داریوں کا سر بازار نیلام کرنا اس کا روز مرہ کا شیوہ بن چکا ہے۔ بلکہ یہ اس کا پیشہ بن چکا ہے اور وہ اپنے سیاہ حاشیوں سے مزین اخبار کو ایک نجی دوکان سمجھ کر غلط بیانیوں اور دروغ بیانیوں کے صلہ میں کھلے عام روپیہ بٹور رہا ہے۔ وہ اپنے اداریہ مؤرخہ ۲۵/۹/۸۶ میں اس تلخ حقیقت کو بھی بھول گیا ہے کہ "کشمیری پنڈت جن کی دور اندیشی، ذہنی صلاحیت، سیاسی بلوغیت اور تسلیم شدہ دماغی قابلیت جیسے اوصافِ حمیدہ کو کسی بھونڈے پن میں پیش کرنے لگا ہے۔"

مدیر موصوف کو یاد رکھنا چاہئے کہ "کشمیری پنڈت تانگہ بان، مرکبان یا مچھلی فروش نہیں۔ کشمیری پنڈت جن کی قابلیت اور مجسم روحانی اقدار کا لوہا دنیا نے بار مان لیا ہے، روشنی کا وہ مینار ہے جس سے دنیا کا ہر فرد بہرہ مند ہوا ہے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اگر کچھ سرپھرے اس حقیقت سے انکار کر رہے ہیں تو وہ اپنی کلہاڑی اپنے ہی پاؤں پر مارنے کی کوشش میں لگے ہیں جس کا نتیجہ ظاہر ہے۔

آج کشمیری پنڈت من حیثیت القوم اپنے آبائی وطن سے طرح طرح کی اذیتیں جھیل کر وہاں سے نکال دیا گیا ہے۔ جموں اور ہندوستان کے دیگر علاقوں میں بے یار و مددگار زندگی کے ایام مصیبتوں کے بحرِ بے پایاں میں غوطہ زن ہو کر بھی بہادری سے گزار رہا ہے۔ مگر وطنِ عزیز کشمیر میں واپس لوٹنے کے لئے ہر وقت تیار دکھائی دے رہا ہے۔ اسے یہ سو فیصد بھروسہ ہے کہ یہ نو مسلم انتہا پسند اور غارتگر ان کو اپنے آبائی وطن سے زیادہ دیر دور نہیں رکھ سکتے ہیں۔

باقی الصفا کا کہنا کہ "کشمیری پنڈت اپنے مندر چھوڑ کر باہر کیوں چلے گئے جب وہ ان کے عقیدت مند تھے۔" ایک بھونڈی مثال ہے۔ بلکہ یہ ایک مضحکہ خیز سوال ہے۔ تاریخ سے ناواقف ایک غیر ذمہ دار آدمی ہی ایسی لاعلمی کا مظاہرہ کر سکتا ہے۔ اس کی لاعلمی کو دور کرنے کے لئے چند تاریخی واقعات کا اعادہ کرنا یعنی دہرانا ضروری معلوم پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر

۱) افغانستان کے لاکھوں لوگ کیا سکھ، کیا شیعہ مسلم کیا سُنی مسلم کیا ہندو مذہبی عقیدت کی جگہیں چھوڑ کر پاکستان ایران اور ہندوستان میں کیوں جلاوطنی قبول کرنے پر مجبور ہو گئے۔!

۲) کورڈ عوام عراق سے لاکھوں کی تعداد میں مختلف ممالک میں بھاگنے پر کیوں مجبور ہو گئے۔؟

۳) بٹوارہ ہونے کے وقت لاکھوں ہندوستانی مسلمان کیا اپنے پاکستان میں چلے گئے، جہاں آج تک وہ دربدر پھر رہے ہیں اور شہری حقوق تک حاصل نہیں؟

۴) بنگلہ دیش سے لاکھوں مسلمان اور ہزاروں ہندو کن حالات میں بھاگ کر ہندوستان اور پاکستان میں آگئے۔

۵) فلسطینیوں پر یہودیوں کے تابڑ توڑ حملوں نے ان کی حالت کیا سے کیا بنا کر رکھ دی؟

۶) سوویت یونین میں مسلمان ادھر ادھر کیوں بھاگ نکلے؟

۷) چین میں دو کروڑ مسلمانوں کو قتل کئے جانے کے بعد ان کی مساجد

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور دوسری عبادت گاہوں کو ہوٹلوں، قہوہ خانوں اور کلبوں میں بدلا کر رکھ دیا گیا تو بچے کچھے مسلمان کہاں کہاں نہ بھاگ نکلے؟

۸۔ چین کے مظالم کے کارن تبت کے عوام (بودھ) بھاگ کر ہندوستان میں کہاں کہاں نہ چلے گئے؟

۹۔ پاکستان کی شکل میں وبا پیدا کرنے والے بھارتی شہری مقتول مسٹر محمد علی جناح مہاجر بن کر ہندوستان چھوڑنے پر کیا مجبور نہ ہو گئے تھے مگر جن کی کوتاہ اندیشی سے لاکھوں ہندوستانی مسلمانوں کو خانہ ویران بن کر پاکستان میں آوارہ گرد ہونے پر مجبور کیا؟

۱۰۔ میرپور، کوٹلی، راجوری، بھمبر، باغ، پلندری، مظفرآباد اور پونچھ وغیرہ سے لوگ کن حالات میں اجڑ کر جموں شہر میں وارد ہوئے اور کچھ پنجاب اور دہلی کی طرف بھاگ نکلے؟

۱۱۔ شاہ ہمدان صاحب ۱۳۸۳ء میں جب کشمیر چھوڑ کر افغانستان میں سکونت اختیار کرنے کے لئے چلے گئے تھے تو وہاں پر ان کے سبھی سعید زادوں کے قتل عام سے گھبرا کر باقی ماندہ سات سو سعیدوں کو لیکر واپس کشمیر میں کیوں چلے آئے؟

اور خود ۱۲۔ پیغمبرِ اسلام آنحضرت جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں سمیت ایسی مشہورِ عالم عبادت گاہ خانہ کعبہ سے کیوں ہجرت کرنے پر مجبور ہو کر مدینہ منورہ میں سکونت پذیر ہو گئے۔ اگرچہ ان کے زمانہ کے مطابق خدائے پاک بھی ان کے قریبی دوست تھے۔

یہ سب غارتگری کا نتیجہ ہوتا ہے۔

آنحضرت صلعم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کفار تھے۔ سفاک تھے۔ جلاد تھے۔ فرعون مزاج تھے لٹیرے تھے۔ ڈاکو تھے۔ دُزد تھے۔ زانی تھے۔ مرتد تھے۔ مردود تھے بے دین تھے اور نہ جانے کون کون سے غلط اوصاف رکھنے والے انسانی شکل میں حیوان تھے۔ اسی لئے انہیں بھی خانہ کعبہ ترک کر کے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مہاجر بن کر مدینہ منورہ میں جانا پڑا - ایک طرف مسلح غارتگر
اور دوسری طرف نہتے عوام ، یہ واقعات اور دوسرے واقعات
بھی ہیں جو اس قسم کی غارتگری کو دیکھکر اپنے وطن سے وقتی
طور ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے ہیں - العفا کے مدیر (ایڈیٹر)
اور اس قسم کی سوچ رکھنے والے افراد کو یہ ذہن میں رکھنا
چاہئیے کہ اُن کے دن اب محدود چند رہ گئے ہیں اور وہ
آسمانی عتاب کا کسی بھی وقت سامنا کرنے پر مجبور ہو جائینگے
اور اُن کے سب ناپاک ارادے پاش پاش ہوکر رہ جائینگے
کیونکہ ؎

ہر کمالِ را زوالِ
ہر زوالِ را کمال

در پیٹ

نثار دہلوی
ایڈیٹر کشپ وانی جموں

نوٹ

اس سے قبل کشپ وانی کے ۱۷ اکتوبر ۱۹۹۱ء کے شمارہ میں ہم نے صفحہ ۱۸ پر
"کشمیری صحافت میں العفا کا رول" کے عنوان کے تحت العفا کی قلمزنی
کی کھلی کر دھجیاں اڑا دی ہیں - اور اسے بتایا ہے کہ :-
شیطان کے عزم محکم و پیہم کے سامنے ، گردن جھکا ہی دیتا ہے یزدان کبھی کبھی
اور آج اسکی دیگر خرافات پر ہم دوبارہ قلم اٹھانے پر مجبور ہو
رہے ہیں - اس بارہ میں ہم نے مدیر العفا کو پہلے ہی وارننگ دے
رکھی ہے - (ایڈیٹر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ڈی ٹی وی پر آپ کی عدالت میں بولتے ہوئے علی شاہ گیلانی نے گمراہ کن باتوں کا دفتر کھولا

بنیاد پرست رہنما جس کا کل اور آج متضاد ہے۔

اگست ۱۹۹۶ کے پہلے ہفتے میں سوال و جواب میں جو بنیاد پرست علی شاہ گیلانی نے کہیں اگر وہ اُن کو دوبارہ پڑھ کی عبارت کر سکتے ہیں تو ہم سے کھلے میں مناظرہ کریں کیونکہ ہم قرآن شریف کو مقدس مانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کلام مانتے ہیں اور محسوس کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم بھگوت گیتا انجیل، رامائن، زبور، تورات، اور گورو گرنتھ صاحب کو بھی اسی دل و دماغ سے مقدس مانتے ہیں اور محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے رہنماؤں نے انسان کے لئے اچھی اچھی متبرک کتب لکھیں ہیں۔

گیلانی صاحب اللہ تعالیٰ کے بارے کیا کلام قرآن شریف کا ورد کر کے مجید ان قرآن اور سنت شریعت اور حدیث کا سہارا لیکر خود کو کشمیری کہ رہے ہیں یا غیری مسلمانوں کو؟ یہ ایک اہم سوال ہے جو قدرے پیچیدہ بھی ہے۔

ڈی ٹی وی پر آپ کی عدالت جو کہ گیلانی نے کہا یقیناً اس کے لئے آپ کو اُن کا ضمیر اُنکو بہر ملامت کرتا ہوگا کیونکہ جو کچھ بھی انہوں نے جواب بولا یا ٹالا، وہ نہ صحیح جواب کی عکاسی کرتا تھا نہ وہ سچ پر ہی مبنی تھا۔

آپ نے کہا" ۱۹۲۶ میں کشمیر میں پہلی بغاوت شروع ہوئی جبکہ ۱۹۳۱ میں دوسری بغاوت شروع ہوئی۔ اس کا نتیجہ کیا نکلا وہ نہ بتلایا۔ جبکہ آپ نے کہا پھر ۱۹۶۷ میں تیسری بار بغاوت شروع ہوئی۔ جماعت اسلامی کے یہ بنیاد پرست لیڈر علی شاہ گیلانی ہماری واقفیت کے لئے بتلا سکیں کہ بالترتیب ۱۹۲۶، ۱۹۳۱ اور ۱۹۶۷ میں آپ کی عمر کا درجہ کیا تھا اور عمر کی ہمت کیا تھی؟

لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور پنڈت جواہر لال نہرو کے مابین بقول گیلانی صاحب جو گفتگو ہوئی کیا آپ اس وقت تیسرے فریق کی حیثیت میں شامل تھے؟ آپ نے پہلے کشمیر حاصل کرنے اور جدید میں ادھر یا اُدھر کی عوامی شمولیت کا سوال پیدا ہوتا ہے لیکن جواب ٹال دیا۔ کیا کشمیر کو کچھ ایسے جو آپ کو حاصل ہونی چاہیئے؟

غیر ممکن۔ نام نہاد اور خود ساختہ رائے شماری کرنے کے لئے آپ نے ۱۹۴۷ کی پوزیشن کو آدھار بنایا۔ تین جنگ کی صورت میں پاکستان کی طرف دے گئے مقبوضہ علاقوں کی واپسی یا آزادی کا آپ نے عمل کر جواب نہ دیا۔ آپ نے دہشت گردوں میں ملوث کشمیری مسلمان نوجوانوں کو اپنا یار غار بتایا تو یہ افغانی، سوڈانی، لبنانی، شامی، عربی اور پاکستانی آپ کے کون تھے؟ تو دوسرے معنوں میں زائد از بیس ہزار مسلم مستورات کی ان دہشت گردوں کی جانب سے اجتماعی عصمت دری میں آپ بھی بہ انداز دیگر شامل رہے جیسے آپ ہر قرآن کریم کے منشا کے خلاف چلنے والوں کو اپنا انگ سنگ سمجھ رہے ہیں۔

پاکستان میں چلائے جا رہے ٹریننگ کیمپوں کے سوال کے جواب کو ٹالتے ہوئے آپ نے کہا کہ۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

"میں پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں پہنچ گیا۔ اگر آپ کو پورا کشمیر درکار ہے تو پاکستانی مقبوضہ کشمیر کے عوام کے خیالات اور حالات سے آپ کو باخبر رہنا چاہئے تھا۔ اس لحاظ سے آپ نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم"۔

کیا واقعی آپ ای اور آپ کے پاکستان نواز دہشت گردوں کی کشمیری مسلم مالی معاونت کرتے ہیں۔ جیسا کہ آپ نے ایک سوال کے جواب میں کہا۔ کشمیری مسلمان کوئی بیوقوف نہیں کہ انسانیت کے دشمنوں کی مالی امداد کریں، وہ آپ کے غارتگروں کو کیا اسی لیے کروڑوں تک مالی امداد دیتے ہیں کیونکہ اُن کی بہو بیٹیوں کے ساتھ ہزاروں کی تعداد میں اجتماعی بلاتکار کیا گیا جو آج بھی جاری ہے۔ وہ معصوم بچوں، بے گناہ ماؤں بہنوں اور بزرگوں کے قتلوں کے لئے اسلحہ وغیرہ خرید کرنے کے لئے روپیہ پیسہ نہیں دے سکتے، ویسے بھی وہ گذشتہ ۱۳ سال سے تنگ دست بنے ہیں

چلو فرضیہ مان بھی لیں کہ یہی کشمیری آپ کی مالی امداد کرتے ہیں تو آپ بتائیں کہ اسلحہ گولی بندوق گن راکٹ اور بارود وغیرہ کی منڈیاں کہاں پر قائم کی گئی ہیں کہ جہاں سے آپ دہشت گردوں کے لئے سامان خرید کر لیتے ہیں۔ ہماری دانش میں بھارت بھر میں ایسی کوئی منڈی یا مینا بازار قائم نہیں۔

کشمیر کے اخبار والوں کو دہشت گردوں سے دی جا رہی دھمکیوں کو آپنے "فیوٹ اور بکواس" کہا" تو اخبار جو بند ہوتے رہے اُسکی وجوہ کیا تھیں؟

آپنے اسکورٹی فورسز کو ننانوے (۹۹) فیصد تک اغوا کاریوں کے لئے ذمہ دار ٹھہرایا کیا وہ آپنے صحیح بات کہی؟

بڑھاپا چھا بھی گیا اور عقلِ سلیم اللہ کی طرف سے آپ کو عطا نہ کی گئی تھی، گو ہم نے آپ کے حق میں دعا بھی کی تھی۔

کشمیر میں بارہ سو (۱۲۰۰) سے زائد ہندو مارے گئے اور ساڑھے تین لاکھ کشمیری پنڈت بندوق کی نوک پر بے دخل بھی کر دیے گئے، کیا وہ سبھی کے سبھی مخبر تھے اور جو مسلمان ہزاروں میں آپ کی بدولت مارے گئے کیا وہ بھی مخبر تھے۔ آپ بتلائیں، آپ کے خاندان یا رشتہ کے کتنے افراد قتل کئے گئے جس کا آپ کو غم ہے کہ نہیں؟

آپ کب سے کشمیر کے باوا بن گئے کہ کہتے ہو کہ ہم براہمن پریواروں کو دوبارہ کشمیر میں بسانا چاہتے ہیں"
کیا اس بات سے یہ بات منکشف نہیں ہوتی کہ کشمیری پنڈتوں کو آپ کے ہی اشاروں پر جابرانہ نکالا گیا؟

کیا ایچ ایل کھیرا (HMT) سبھاش مہرا آبادی، ارجن بیروپال کوشک، منہ بشو بھاری بھنوری، روشن لال اتیالوی، ہیلو شیرک ڈرائیور گورداسپوری، روہت کھنہ (ایم بی بی ایس اسٹوڈنٹ) گلشن کمار جالندھری، وی ایس تیواری، راجیو رینا ٹپالو، پی ایل شیکھر (تینوں لائف انشورنس افسران) سمن پرکاش پٹینہ، سبھاش بوس مدراسی، چمن لال سود پٹیالہ، کنہیا لال سود پٹیالہ مسٹر چترنجن، مسٹر سٹیفن بال اوسٹریلی (AIR) امریکی، کے بطر اجن (ڈالن رابنک) بیتا برناتھ شاستری نیپالی، ستیش کمار دتا جر جالندھری، دھاجی سانگری مہاراشٹر، سبکے سب مخبر تھے اور کیا پروفیسر مشیر الحق، مولوی فاروق، مولانا محمد سعید مسعودی، ڈاکٹر قاضی نثار بھی مخبر تھے؟

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جو آپ نے ان کو اپنے پیران پرورده کے ہاتھوں بیدردی سے قتل کروایا۔ ایسا جواب نہ دے سکیں گے۔
کیونکہ آپ نابلد ہیں اور کم سن بھی۔

منیدِ ابلیس کشتۂ یزداں حیف صد حیف حضرتِ انساں

(شیطان ہلا اور خدا مرا) (نشپ وانی ستمبر 1995 صفحہ ۱۱) نثار دہلوی

اور یہی شخص اپنا ایمان غالباً بہت پہلے بیچ چکا ہے۔ ضمیر بھی اس کا شاید مُردہ ہو چکا ہے۔ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے میں طاق بھی تو ہے۔ جھوٹ اور لغو بیانی اس کا پیشہ بن چکا ہے۔ بولا گیا، بولتا گیا ہے اور بولتا گیا ہوگا، کوئی فرق نہیں جانتا ہے۔ اقرار سے انکار جیسے کوئی بدکردار ہو۔ اس کا ہی پیشہ تو اسلام اور قرآن شریف کو بھی بیچ ڈالے کسی بات سے جھجک ہو انکار کرنا اسکی ایک مہارت ہے۔ حرام کو پھونک مار کر حلال بنا سکتا ہے۔ اپنے تجربہ گان کو ہندو کافروں کے زیر سایہ اعلیٰ تعلیم دلوا لیں میں طاق نظر آتا ہے۔ ان کو دہشت گردی سے دور ہی رکھا۔ اپنے آقاؤں کو گالیاں بھی دیتا ہے۔ اور پس پردہ اپنے ذاتی مفاد کے لیے دعائیں بھی اُن کے حق میں کرتا ہے سنگ در حقیقت کسی کا نہیں کبھی صلواتیں سناتا ہے، کبھی آہیں بھرتا ہے اور کبھی بلاوجہ تھرّاتا بھی ہے۔ اکثر عوام خاص کر اہل اسلام کو بیوقوف بنانے میں ثانی نہیں رکھتا۔ اُن کو مرنے کی تلقین کرتا ہے اور اپنے تحفظ کو یقینی بنا دیتا ہے۔ اپنے حریفوں مولانا محمد سعید مسعودی، میر واعظ مولوی فاروق، ڈاکٹر نثار قاضی، ڈاکٹر گورو اور پروفیسر مشیر الحق کو یہ ابدی نیند سلوا سکتا ہے۔ تبھی ان کو سرزمینِ ہند پر جینے پنپنے اور گرجنے کے لیے چھوڑا ہے کیونکہ وہ اپنی اولاد کے بارہ میں اُلٹا نہیں سوچ سکتا۔

"تقریر تحریریں کرتے ہیں اور عنوان بتاتے ہیں **تحریکِ حریتِ ہند اور علماءِ ہند** ایک متضاد عنوان جسکے محور پر یہ شخص گھومتے گھومتے گر پڑا، جان نہیں نکلی باقی سب خیریت رہی۔

جنگِ آزادی اور مسلمانانِ ہند کا حصّہ چھیڑ کر ۱۸۵۷ء سے لے کر 26 جنوری ۱۹۵۰ء تک **جمعیتہ العلماء کا نظریہ** بتلاتے بتلاتے **ہندو مسلم کشیدگی** اور انگریز کو بیچ میں گھسیٹ کر **دو قومی نظریہ کی مخالفت** کی وضاحت کرکے بالآخر دم جیسا توڑ بیٹھا لیکن سنبھلنے کے بعد اپنے دہنِ مبارک سے عوام کو یہ کہکر دعوت دی کہ "آپ بتلائیں کل اور آج میں اگر کوئی فرق نظر آرہا ہوگا تو اپنی مثبت رائے قائم کرکے اسکو جزدان میں لپیٹ کر ہم افغانستان کے خصوصی طور پر طاقچہ پر رکھ کر نائے آزادی ہماری آزادی، نعرۂ پاکستان ہمارا پاکستان کا ورد کرتے رہیں۔ تسبیح پھیرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

خود اسی جماعت اسلامی کے ناظم امور ہوکر عوام کشی کا مظاہرہ کر رہا ہے جس جماعت نے ذوالفقار علی بھٹو کو پاکستان میں پھانسی دلوانے میں کوئی پس و پیش نہ کیا اور اس پر طرہ یہ کہ مرحوم بھٹو کی صاحبزادی بے نظیر بھٹو اپنی اپنے والد کے قاتلوں کے ہاتھ مضبوط ہوں، داڑھی دراز ہوں۔ بیگناہ ٹوپی داڑھی والے ہوں کو اپنی پناہ میں لیتی ہیں۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

گود میں بٹھا لیتی ہیں اور اسطرح اپنے باپ کے قاتلوں سے انوکھا انتقام لیکر اسکی قبر پر گلپوشی تو
درکنار بلکہ اسکی قبر کہیں اکھاڑنے کی سنہری گھڑیاں میسر کرتی ہونگی۔ یہ ہے اسلام کی خدمت یہ
ہے اسلام کی خدمت جو پاکستان میں ضیاء الحق آمر نے رائج کیا ہے اور دینِ محمدی ﷺ سے ترکِ
موالات کرنے ایک طرف ہوکر سخت ترین سزا پا چکا ہے۔

اپنی خامہ فرسائی میں 1857ء سے ۱۸۶۷ء تک مسلمانوں خاص کر اپنے جیسے کالے کارناموں
کے مالکوں کے کارنامے بتلاتے جب تھک گیا تو واپس مڑ کر 1858ء میں کانگریس کی بنیاد
کا ذکر چھیڑ کر ۱۸۸۶ء اور ۱۸۸۶ء میں مسلمانوں کو تحریک آزادی میں شرکت کرواتے
کرواتے خلافت کو بروئے کار لا کر ۱۹۲۶ء میں سائمن کمیشن کو پکڑ کر ۱۹۳۲ء
سے ہوتے ہوئے ۱۹۳۵ء میں دستور حکومت ہند میں زیر و زبر کے ساتھ تمام واقعات درج
کروائے اور پھر ۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم میں باتوں باتوں میں شامل ہوکر
۱۹۴۷ء میں جو ہمیں تھکے ماندے مسافر کی طرح تھوڑی دیر درخت کی چھاؤں میں آرام کی
خاطر بیٹھ گیا۔

اپنی علامہ دماغی کے کارن زان بعد ۱۹۵۶ء میں مسلم لیگ اور ہندو مہا سبھا کو جنم
(اس شخص نے) دلوایا اور ۱۹۲۶ء میں جمہوریہ ہند کے بانی مہاتما گاندھی کے ذکر خیر
سے اپنے گناہوں کو دھو ڈالنے کی کوشش میں لگ گیا کیونکہ یہ جماعت اسلامی کا چیف تھا
اور کانگریس کے شانہ بشانہ گراؤنڈ میں کھیلنے کیلئے اتر گیا تھا۔ اور لف بھیجا رہا مسلم
لیگ اور ہندو مہا سبھا کو۔

لمبے وقفے کے بعد کمبخت کرن کی جب نیند کھلی تو پایا کہ ۱۹۶۵ء آچکا ہے اور یہ تھا جب
فوراً سہارنپور کو روانہ ہو گیا جہاں اس نے کسی خصوصی اجلاس میں اپنے "قائد شیر کشمیر
شیخ محمد عبداللہ کو شامل دیکھ کر اپنی خم دار مونچھوں کو تاؤ دینا شروع کیا تھا اور آخر میں
یہ کہتے کہتے کہ جمعیتہ علماء کے پانچ سال پہلے کی پیشین گوئی حرف بہ حرف پوری ہو چکی ہے۔
اور ہندوستان کی آزادی کا سہرا انڈین نیشنل کانگریس کے رہنماؤں کے سر ہے۔
اور اس جماعت کے ساتھ جن لوگوں نے معاونت اور مددگاری کا فرض انجام دیا ہے، اُن جمعیت
علمائے ہند وغیرہ جماعتیں پیش پیش ہیں۔ ان کو کسی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ آج
کے دن وہ جماعتیں بھی تحسین و آفرین اور مبارکباد کی مستحق ہیں اور آزادی کا سہرا لازمی
طور ان کے سر پر رہے گا" جبکہ ابتداء یوں لکھی ہے:
"آج کے دن کی عظمت اور رفعت تاریخ عالم ہمیشہ دہراتی رہے گی۔ آج ہندوستان
جمہوریت کا اعلان کرے گا اور آج کے مبارک اور باسعادت تاریخ سے ہندوستان
غیر مذہبی جمہوری ریاست متصور ہوگی۔ اس مبارک دن پر ہم کشمیر کے لوگ دل کی گہرائیوں
سے ہندوستان کے آزاد جمہوریہ بن جانے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں" (نوٹ: چونکہ آپ نو
اگر دیکھ لے تو کل اور آج کا موازنہ کرنے کے اپنی ہشیاری تمام کر لیں تو آپ ایسا ہی کر بیٹھیں (بشارت)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستانی اسلام کے علمبرداروں نے کشمیری اسلام کے پرستاروں کی آبروریزی صبح تا شام کی

نظامِ مصطفےٰ صلعم قائم کرنے کیلئے ہزاروں مرد و زن کے قتل کو بنیاد کا درجہ دیا۔

علی شاہ گیلانی محض مسلم ریاست کے حامی ہیں۔ آپ جماعت اسلامی کے لیڈر ہیں۔ جبکہ آپ نے اپنی عزت اور آبرو کبھی نام نہاد حریت کانفرنس کے پاس رہن رکھدی ہے اور پھر آپ کے دام میں آئی ہوئی ممنوعہ تنظیم حزب المجاہدین آپ سے دو قدم آگے نکلی ہے۔ آپ خود قتل نہیں کرتے، معصوموں کو موت کے گھاٹ نہیں اتارتے ہیں۔ نہتے مرد و زن اور دختران کو اذیت نہیں دیتے ہیں بلکہ یہ سارے حیوانی کارنامے لوٹ مار اور آتش زنی سمیت اپنی تنظیم ممنوعہ حزب المجاہدین سے کروایا کرتے ہیں۔ خود بڑے گوشت کے کباب تناول کرتے ہیں اور دوسروں کو دوسرے قسم کا مردار کھانے کی ہدایت کرتے ہیں، ترغیب دیتے ہیں، مشورہ دیتے ہیں۔ اسکے برعکس یعنی آپ کے اس منشور کو کہ کشمیر میں نظامِ مصطفےٰ صلعم قائم ہو ٹھیک اسی طرح کہ جسطرح پاکستان میں مہاجروں، احمدیوں، شیعوں، عیسائیوں اور ہندوؤں کے قتل و غارت اور اذیتوں سے قائم کیا جارہا ہے۔ گو 48 سال گزر جانے کے بعد بھی وہاں پاکستان کا اصلی نقشہ ترتیب نہ پایا، کیسے پاتا؟

خود محمد علی جناح مقتول نے پاکستان بناکر اپنی بھاری غلطیوں کا احساس کرکے کفِ افسوس ملنا شروع کیا تھا۔ اور جسے "سندھ" تحریک کے جنم داتا آنجہانی سید صاحب نے بھی اپنا ہاتھی نما غلطی کا احساس کیا تھا۔ "کہ پاکستان کا بنایا جانا تمام عالم کے لئے وبالِ جان ثابت ہوگا۔ ان کی پیش گوئیاں اب حقیقت کی شکل میں نظر آرہی ہیں۔ کیونکہ اسی پاکستان نے تمام دنیا میں آتنکی ماحول کو پھیلا کر رکھدیا اور اسکے حکمرانوں نے اپنے گھر کو بارود کے ڈھیر پر پہنچانے میں کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہ کیا۔

جماعت اسلامی نے اعتراف کرلیا کہ لداخ اور جموں کے عوام نے بھارت میں حقیقی طور پر شمولیت کرلی ہے۔ گجر اور بکروال کسی صورت ملوث نہ ہوسکے نہ ہیں اور نہ اس ضمن میں کوئی حیثیت رکھتے ہیں۔ یاسین ملک اور جی ایم لون نے گیلانی کے اس موقف کی نفی کردی اور زور دیا کہ کشمیر کا سکولر کریکٹر ہر صورت میں موجود رہنا چاہئیے۔

گذشتہ 15/ اپریل 1995ء کے دن ایک بیان کے ذریعہ اخوان المسلمین نے کہا کہ ہندوستان اور جماعت اسلامی دو دشمن ہیں ہندوستان سامنے سے حملہ کرتا ہے جبکہ جماعت

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

افغانستان میں 67 مندر اور 4 گوردوارے مسمار کر دیے گئے جبکہ پاکستان میں 17 گرجا گھروں اور نو گوردواروں کو نذرِ آتش کر دیا گیا۔ تینوں مسلم ملکوں میں انجیل مقدس، زبور، بائبل مقدس، گورو گرنتھ صاحب، رامائن اور مہابھارت اور رامائن کو لوٹا گیا بلکہ تمام دھارمک گرنتھوں کو جلا دیا گیا۔ کشمیر میں پہلے ہی مسلم کٹر پنتھی دہشت گردوں نے لائبریریاں جلاتے جلاتے قرآن حکیم کی کئی مقدس جلدیں بھی نذرِ آتش کر کے رکھ دی تھیں۔

دیکھنا اب یہ ہے کہ حملہ آور بابر کی حیوانی حرکت سے پیدا کی گئی نہ راسکہ نام بابری مسجد کا گرایا جانا فائدہ مند رہا کہ نقصان دہ۔ کیا اس سانحہ سے دنیا میں بھارت کے سیکولر واد کی نام خواہ چرچا ہوتی رہیگی یا کہ اُسمیں کمی واقع ہوگی۔ کیا بی جے پی اپنے لیے اقبال لائی یا تذلیل؟ اس کا بھی احاطہ کرنا ہوگا۔ کیا بی جے پی اپنی حماقتوں اور بے جوڑ بولے و اُن بیانات سے غیر سیکولر واضح نہیں ہوتی؟

بھارت سرکار کی نااہلیت اور کلیان سنگھ کی یوپی سرکار کی کم مائیگی اور دوسری فرقہ پرست ہندو مسلم پارٹیوں کے اخلاق سوز طرزِ عمل اور دھوکہ دہی اور توہینِ عدالیہ کے مسلسل ارتکاب سے 6 دسمبر 1992ء کا دن بھارتی کلینڈر پر ایک منحوس دن کی صورت میں درج رہیگا جبکا چوکٹا (فریم) سیاہ ماتم ہار کے ساتھ رہے گا کیونکہ یہ دن سدا کے لیے قتلِ انسانیت فروغِ حیوانیت اور عروجِ فسطائیت کے طور پر گردانا جائے گا۔ اسی روز تو برصغیر کے تمام مندروں اور دوسری غیر مسلم عبادت گاہوں کے لیے قتلِ عام کا دن مانا جائے گا اور اسطرح 6 تا 8 دسمبر 1992ء ہزاروں گھروں میں ہر سال ماتم رہے گا۔ (انتارد ہلوی، کٹیپ وانی فروری 93ء)

---

① In Bangla Desh 1236 Temples have been looted & burnt or demolished. Dhakeshwari Temple demolished & churches also. And 13,000 Hindu women raped.

② Afganistan 67 Temples looted, burnt or demolished. Besides 4 Gurudwaras -do- -do-

③ In Pakistan 17 churches, 9 Gurudwaras & 247 temples looted / desecrated / burnt or demolished; besides 137 shops.

④ Arab Emirat - All Hindu Business establishments looted and burnt by Pak Nationals.

⑤ In India 1300 temples involved (In Kashmir & Jammu 69 & 24 Temples have been looted, burnt or demolished.

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

دینِ اسلام کیا ہے؟

دینِ اسلام وہ دین ہے جو کشمیر میں اکثریتی فرقہ میں سے خارج الدماغ دہشت گردوں نے وقت وقت پر نمونے کی صورت میں پیش کیا ہے۔ اور ایک بار نہیں بلکہ ہزار بار اپنی رکیک حرکتوں سے اُسکی شکلیں بھی دکھلا دیں۔ کئی عورتوں اور بہو بیٹیوں کی عصمت دری کی طرز میں، کئی انسانی قتلوں کی شکل میں، کئی اغواؤں کی صورت میں، کئی عصمت دری کے بعد آرے پر اعضائے بدن کاٹ کر پیش کرنے میں، کئی مجموعی اسکالروں، دینی اور علمی اسکالروں، کئی ہندو مسلم اُستادوں، کئی ڈاکٹروں و انجینیروں، کئی مولویوں و اماموں، کئی ادیبوں و شاعروں، کئی مذہبی رہنماؤں، کئی سیاسی لیڈروں، کئی اسمبلی ممبروں، کئی غیر ریاستی باشندوں اور کئی افسروں کے قتل کرنے کو ہی دین اسلام کی شرح بتلا دیا۔ کئی دکانوں کو توڑنے اور جائیدادوں کو آگ لگانے کے ذریعے ان دہشت گردوں نے اسلام کی حکمت عملی بتلا دی۔ کئی لائبریریوں کو آگ لگاتے لگاتے قرآن شریف کو ان میں جلا کر ان مسلمان دہشت گردوں نے اس مقدس ترین کتاب کی اہمیت کو نعوذ باللہ صفر بتلانے کی صورت میں شرح اسلام بتا دی۔

انہی مختلف اسلام کے دعویداروں نے یہ کہہ کر اصلی اسلام کی دُنیا رہنے تک مٹی پلید کر کے رکھ دی کہ انہیں اس اسلام نے اس قسم کا حکم دیا ہے کہ کشمیر میں تب تک اسلام صحیح معنوں میں پھیل کر پاکستانی اسلام کے ہم پلہ نہیں ہو سکے گا کہ جب تک یہاں سے یعنی کشمیر سے مشرکوں، کافروں اور غیر مسلموں کو نکال باہر نہ کر دیا جائے گا۔ چنانچہ اسی نام نہاد اسلام کے نام نہاد حکم کی تعمیل میں ان مسلم دہشت گردوں نے اس قسم کا ماحول کھڑا کیا کہ کشمیر سے تمام غیر مسلموں (ہندوؤں) کو ہجرت کی صورت میں باہر آمد ہونا پڑا۔ اس کام کے لئے ان دہشت گردوں نے پہلے تمام مندروں کی بے حرمتی کی اور مسجدوں سے لاؤڈ اسپیکروں کی مدد سے اہلِ ہنود کو کشمیر چھوڑنے کی وارننگ دی۔ چنانچہ یکے بعد دیگرے اڑھائی لاکھ سے زیادہ ہندو کشمیر سے باہر آئے اور اپنی بہو بیٹیوں، ماں بہنوں، بوڑھوں اور بزرگوں کو لے کر نکل گئے۔ اور ان کے پیچھے ان کی جائیدادیں جلانا شروع ہو گئیں چنانچہ آج تک ہزاروں مکان نذرِ آتش کئے گئے۔ تب تو یہ ہوئی اسلام کے ان مکروہ علمبرداروں نے چودہ ہزار سے زیادہ مسلمان عورتوں لڑکیوں بہو بیٹیوں کی اجتماعی عصمت دری کی تھی۔ کیوں کہ غیر اسلامی مباشرت کے بعد قتل بھی کر دیا گیا۔ شریف مسلمان گھروں میں بندوق کی نوک پر دہشت گردوں نے کھانا کھایا۔ گوشت مرغے ہضم کر دینے کے بعد جوان لڑکیوں اور عورتوں کے ساتھ کمروں میں پہرے بٹھا کر رنگ رلیاں کرتے رہے۔ بعض اوقات ۹۰ سالہ عورتوں کو بھی نہ بخشا گیا اور ہضم کر لینے سے پہلے مالک خانہ سے نقدی بٹور کر نو دو گیارہ ہوتے رہے۔ اس قسم کے کوئی تیس ہزار واقعات ہوئے ہیں۔

ان دہشت گردوں نے اسی بناوٹی اسلام کے ذریعے بنکوں کو لوٹا، کشمیری پنڈتوں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کے گھروں کو لوٹا - غریب ملازموں سے رقمیں چھین میں سینکڑوں کو پھانسی دیدی اور اسطرح اسلام نوازی کی تشریح پیش کردی -

انہی مسلم دہشت گردوں نے درجنوں مندروں کو جلا ڈالا - کتنوں کی بے حرمتی کی - کئی مندروں سے مورتیاں چرالی گئیں - کئی دھرم شالاؤں کو آگ لگا دی - پوچھے جانے پر کہ "یہ کیا کر رہے ہو" تو جواباً کہا "ہمارے مرتب کئے ہوئے اسلام کا حکم ہے کہ تمام غیر مسلموں اور ان کے تمام نشانات کو ختم کردو اسلئے ایسا کرنا پڑ رہا ہے - ان حالات میں اسلام کی تعلیمات کیا ہیں اور ان تعلیمات میں تغیر و تبدیلی برپا کرنے کی جرأت کن خبیثوں نے کی - جن کی وجہ سے سوپور کی دو مسجدیں اسلحہ کے علاوہ شراب کی بوتلیں اور مستورات کے خون آلود کپڑے رکھ کر ناپاک کردی گئیں - جہاں سے بعد میں آرمی والوں نے ان تمام ناپاک چیزوں کو برآمد کرکے اپنے قبضے میں لے لیا اور جب مجنونوں کو مرتدوں سے پوچھنے پر جواب "سننا پڑتا ہے کہ کشمیر کے اسلام دشمن مسلم نژادوں، بنیاد پرستوں، دہشت گردوں اور پاکستانی غلاموں نے ایسا کیا ہے اور ان کا کہنا ہے کہ اسلام وہی کچھ ہدایت کرتا ہے کہ جس پر ہم گذشتہ زائد از تین سال سے عمل پیرا ہیں - اسکے آگے ہمارے پاس اسلام کی کوئی اہمیت نہیں

یہ ہے پاکستان کے اشاروں پر ناچنے والے مسلمانوں کا اسلام - (کشیر ادانی فروری ۱۹۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فتویٰ بیکار ہو گا!

برصغیر ہندوستان میں ایک ہی عظیم ترین مسلم شخص تھے۔ جو ہر صورت با اختیار تھے جو فتوے صادر کیا کرتے تھے اور کسی کی مجال نہ ہوتی تھی کہ اُسے ٹھکرا دے۔ اُن کے فتوے فلسطین تک جایا کرتے تھے اور عمل آور ہوا کرتے تھے۔ اُن حضرت کا اسم مبارک تھا:۔

مولانا محمد کفایت اللہ صاحب مفتی اعظم ہندوستان

آپ نے قرآن حکیم کی تفسیر تحریر فرمائی ہے دُنیا بھر میں نام کمایا تھا اور اُس تفسیر پر دُنیا بھر میں تمام مسلم مملکتوں سے بیش قیمت انعامات بھی حاصل کئے تھے۔ آپ نے تاج کمپنی لاہور (پبلشرز و پرنٹرز لاہور) کی سرپرستی بھی فرمائی اور وہاں قرآن حکیم کی چھپائی کے موقعہ خود ہی پروف پڑھا کرتے تھے۔ آپ نے کئی رنگوں میں قرآن مجید چھپوا کر دُنیا بھر میں اعلیٰ مقام حاصل کر لیا تھا۔ ایک صدی پہلے کا چھپا ہوا (اُن کے زیر اہتمام) قرآن شریف مجھے ہر روز اپنے گھر میں دیکھنے پڑھنے کو ملتا ہے۔ کتنا خوش قسمت ہوں اُن کے دیدار میں نے 1948-50ء کے درمیانی عرصہ میں ایک سو ایک بار کئے ہوں گے۔ اُن کے فرزند جناب واصف دہلوی ہمارے دوستوں میں سے رہے ہیں اور ہم ایک ساتھ مشاعرے پڑھا کرتے تھے۔ جامع مسجد، اُردو بازار، پشاوری ہوٹل، مٹیا محل، چتلی قبر ترکمان گیٹ، اجمیری گیٹ، پہاڑی املی، حویلی اعظم خان، کیرہ بنگش، اترا(؟) بیرام خان کوچہ پنڈت، لال کنواں اور بارہ دری خواجہ میر دردؔ یہ ہمارے اُٹھنے بیٹھنے کے مقام تھے۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ فتویٰ کوئی مفتی ہی صادر کر سکتے ہیں اور جو بھی مطلب کیخاطر مفتی بن جائے اُسکے فتوے کی اہمیت ہی کیا اور کہ جب وہ مجموعی طور پر ملکی مفاد میں بھی نہ ہو۔ برصغیر ہند و پاک میں ایسی کوئی غیر سرکاری طاقت نہ گزری ہے کہ جس نے اپنے عتاب سے عوام کا ناطقہ تنگ کیا ہو یا کوئی عتاب نازل کیا ہو یا ظلم ڈھایا ہو۔ حکومتوں سے تو عوام پر جبر بھی ہوتا رہا ہے اور وقت وقت پر نزلہ بھی گرتا رہا ہے۔ لیکن حکومت سے باہر کوئی انفرادی یا مجموعی طاقت ایسا نہ کر سکی ہے نہ کر سکے گی۔

ہم نے حال ہی میں سُن لیا کہ بھارت کے چند دھرم ادھیکاری یا کوئی دھارمک کونسل یا کوئی خبوئی جھنڈالی دوسرے جاہ گو اور امن پسند دھارمک شخصیتوں پر ترک موالات کا پرستاؤ پاس کرنے والی ہے جسکی رُو سے اپنی سکھ فرقہ کے اکالی تحریکیوں کے مشابہ تنخواہیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قرار دیا جائے گا اور انہیں سرکاری ایجنٹ بھی قرار دیا جائے گا۔ کیونکہ وہ اصحاب اُس خود ساختہ تنظیم کے خود ساختہ دھرم ادھیکاریوں کی ہاں میں ہاں ملانے کے حق میں نہیں، اسلئے کہ وہ بذاتِ خود امن پسند ہیں، احترام کرتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ سبھی سمپردائے کا سنمان ہو۔ سبھی دھارمک استھانوں کی عزت ہو اور کسی کا بھی دل نہ دکھایا جائے اور یکجہتی اور شانتی بھارت کی ترقی اور ہریالی کے حق میں ہیں۔ یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ یہ دھرم کے مالک فتویٰ جاری کرکے اُس پر سارے عوام کو عمل پیرا ہونے کی تلقین کرنے والے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں؛

کہ سرکار بابری مسجد کو بنوانے کی کوشش نہ کرے۔ نہ اُسے سابقہ جگہ پر تعمیر کرنے کا کوئی سلسلہ بنائے۔ اور سرکار اسکولر چلن کو ترک کرکے ہندو فرقہ پرستی اور کٹر واد کا جامہ زیب تن کرے (جو گویا "ناممکنات" میں ہے)

ہم نہیں جانتے کہ یہ چند لوگ اتنی عظمت رکھتے ہیں کہ کوئی یکطرفہ اور من مانا فیصلہ کرکے اُس پر عمل آوری کروا سکتے ہیں۔ کیونکہ بھارت انہی چند لوگوں کی امانت یا آماجگاہ نہیں ہے۔ نہ یہ صرف انہی دھرم رکھوالوں کا وطن ہے۔ بھارت میں اگرچہ ہندو لوگ کثرت میں ہیں۔ اس سے یہ مراد ہرگز نہیں لی جا سکتی ہے کہ یہ سبھی دھرم گوروؤں یا ایسے ہی دوسرے نام کے اشخاص کے دستِ نگر ہیں۔ مرشد ہیں تا مرید، پیر ہیں یا تابع موزوں مطبوع ہیں۔ کیونکہ ہندو جہاں :- راشٹریہ سویم سیوک سنگھی ہے وہاں وہ جنتا دل کا بھی رکن ہے۔ وہ اگر بجرنگ دل کا کارکن ہے تو اُس کا تعلق بھارتیہ جنتا پارٹی سے بھی تو ہے۔ وہ اگر جنتا دل (اے) کا سمرتھک ہے تو وہ وشو ہندو پریشد کا بھی کچھ لگتا ہے۔ وہ اگر کمیونسٹوں کی فہرست میں شامل ہے تو اُس کا اندراج کانگریس آئی کے رجسٹروں میں بھی ہے۔ ہندو اگر اے ڈی ایم کے کا کارکن ہے تو وہ تیلگو دیسم کا بھی سمبندھی ہے۔

لہٰذا ہندو کو محض دھرم گرنتھوں کا سمرتھک کہنا یا آباری ہونا صحیح نہیں اور اسطرح وہ مجوزہ فتویٰ کسی اہمیت کا حامل نہ ہوگا کیونکہ اُس سے فرقہ پرستانہ ویوہار کی بو آئیگی اور وہ ڈگری خود بخود زائل ہو کر رہے گی اور پھر یہ لوگ اپنے وقار کا نکلا ہوا جنازہ ہی دیکھ سکیں گے۔

ہوگا وہی جو جائز ہوگا۔ جو سبھی کے لئے سدبھاؤنا کا آئینہ ہوگا جس سے ہر دل کو راحت ملے گی، کوئی جبر و ظلم اور سلوکِ ناروا کسی کے ساتھ نہ ہوگا دستار

(کشپ وانی جموں فروری سنہ ۱۹۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صحیح سوچ کی ضرورت ہے

اب جو اللہ ہر طرح کی بے شمار قربانیاں بابری مسجد کے منہدم ہوئے ڈھانچے نے لی ہیں اور تازہ دم نئے سرے سے بمبئی اور احمد آباد وغیرہ وغیرہ میں اور جانی و مالی نقصان ہو چکا۔ اسلئے مرکزی سرکار کو چاہیئے کہ مندر مناسب جگہ پر تعمیر ہونے دے۔ اور نئی مسجد جو نئے تعمیر کرنا ہی ہے کو کچھ احاطہ چھوڑ کر تعمیر کرنے کا اہتمام کرے۔ تازہ دم اموات 500 سے زیادہ بتائی جاتی ہیں۔

اہل اسلام کو ضد نہ پکڑنا چاہیئے۔ اُن کی فراخدلی سے ہی آپسی راہ و رسم اور بھائی چارہ مضبوط ہو کر رہیں گے۔ اور کدورتیں دور ہوں گی۔ ویسے بھی کتنے بڑے دُکھ کی بات ہے کہ افغانستان پاکستان بنگلہ دیش اور خود ہندوستان میں مسلم کٹر وادیوں نے کس قدر تشدد بھڑکایا اور زبردست ہرام مچا کر سینکڑوں مندر ایک غیر مستعمل مسجد کے بدلے نیست و نابود کردیئے۔ بخشیکہ اللہ تعالیٰ کی بے انداز دیگر زبردست بے حرمتی کی جس کے لیئے ہر گناہ گار کو غیبی طور پر سزا ضرور ملے گی۔

آئیے احسان فراموش بنگلہ دیش میں 1236 مندر خاکستر کردیئے گئے۔ ڈھاکہ شہر کا اہم اور قدیم ترین مندر بھی ڈھاکہ میں مسمار کردیا گیا ایک جگہ پاکستانی حد میں مندر گراتے گراتے 20 غیر ہندو ملبے کے نیچے ڈھیر ہو کر رہ گئے ہم نہیں سمجھتے کہ ایسا کرنے سے اسلام کی کوئی خدمت ہوئی یا عزت ہوئی۔

مسلم کٹر واد نے دُنیا میں بے چینی پھیلائے رکھی۔ بدامنی اور افراتفری کس مسلم دیش میں نہیں۔ چند ایک برس ہوئے کہ یہ کٹر واد اور بنیاد پرستی کا کینسر مسلم سماج میں بالعموم ظہور پذیر ہوا اور تب سے یہ زوروں پر دُنیا بھر میں اپنے گُل بھی کھلا رہا ہے۔ اور موت سے بھی سنگین بھی ہو رہا ہے۔ مسلم کٹر وادیوں میں ماں بہن اور بہو بیٹی میں تمیز کرنے کی اہلیت ختم ہو گئی ہے۔ اور اُسکے نتیجہ میں انہوں نے کشمیر میں کوئی زائد از (16,000) سولہ ہزار مسلم مستورات کے ساتھ بلا تکار کیا اور وہ بھی اجتماعی بلاتکار کے روپ میں۔

اسی طرح "سومالی" میں دیکھئے بھوک کے کارن لاکھوں لوگ موت کا نوالہ بن گئے۔ کٹر وادی گٹھوں میں آپسی تصادم کے کارن جھگڑوں نے کئی لوگوں کو جن میں زیادہ تر عورتیں اور بچے تھے موت کے منہ میں ڈالدیا۔ ایک مسلم کٹر وادی گروپ نے دوسرے مسلم کٹر وادی گروپ کے کوئی 60 ہزار لوگ یرغمال بنا کر قید میں ڈال دیئے اور یہ قیدی مہینوں تک حبس بیجا میں رکھے گئے حالانکہ کوئی گناہ گار نہ تھے۔ اسی طرح دوسرے فرقہ نے بھی کوئی 40 ہزار مرد و زن یرغمال بنا کر قید میں ڈالدیئے۔ کچھ ہفتے بعد جب اُن تمام قیدیوں کی رہائی ممکن ہی تو کوئی 30 ہزار عورتیں اور لڑکیاں حاملہ پائی گئیں۔ سبھی کے پیٹ میں حرام ٹھہرا کیونکہ ملاپ جو ہوا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

وہ شرعی نہ تھا۔ اسی لئے حرام ہوا۔ ان حاملہ عورتوں کا بیان ہے کہ ایک ایک مسلم بندوقچی چار چار بار ایک ایک عورت اور ایک ایک لڑکی سے مباشرت کرتا رہا، زنا کرتا رہا۔

روسی ممالک میں جو تباہی آئی، اس کے لئے مسلم کٹرواد ذمہ دار رہا۔ اب روس یا مسلم ممالک کی ملکی طاقت میں کوئی وزن نہ رہا۔ مسلم کٹرواد غلط کو صحیح منوانے کے چکر میں تباہی لانے سے بھی گریز نہیں کرتا۔ یہ سبھی لوگ باطل پرست ہیں۔ حق کی انہیں پروا نہیں۔ اسی لئے ساری دُنیا میں انہی کے کارن اشانتی کا واتاورن دیکھنے کو ملتا ہے اور انہی لوگوں کو بلکہ انہی باطل پرستوں کو ہم حضرت علیؓ کے فرزندان حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ اور آنحضرت جناب محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسوں کو قتل کرنے والے (یہی) کٹروادی مسلم کہہ سکتے ہیں اور جنہا کو ہم بہ آسانی یزید اور یزید کی اولاد کہہ سکتے ہیں۔

خیر چھوڑیئے اِن درمیانی باتوں کو۔

اسوقت سبھی طرفین کی صحیح سوچ کی ضرورت ہے۔ غیر مسلموں کو بھی ایک ٹانگ والی مرغی والی لت کو نہ پکڑے بیٹھے رہنا چاہئے۔ لے اور دے والی بات ٹھیک ہوا کرتی ہے۔ ہندو کٹرپنتھیوں کو بھی از راہِ خدا عقلِ سلیم سے کام لینا چاہئے تاکہ یہ دیرینہ تذبذبی ماحول درست ہو۔ فراخدلانہ جذبہ اپنانے سے کوئی ان بن باقی نہیں رہتی۔ سبھی لوگ راہِ مستقیم کو ہی اپنایا کرتے ہیں صرف نیک نیتی کی ضرورت ہے۔

(کشپ والی جموں فروری ۱۹۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صدرِ محترم معزز مہمانانِ گرامی و سامعین حضرات

غمگسار۔ مجھے معلوم نہیں کہ میں سویا ہوں کہ جاگتا ہوں۔ کیونکہ اُمیدوں کی دیواریں پھاند کر آج میں اپنی جاتی کے مُعتبر، معزز اور مقتدر ارکان کا سیلابِ عظیم دیکھ کر بے حد مسرت حاصل کر رہا ہوں۔ یہ اُس جاتی کا اجتماع ہے کہ جس کا ایک ایک فرد عروسِ ہند کے لئے زیب و زینت کا باعث بنا رہا۔ اِس کے اخلاص و اخلاق کو مخلص رکھا۔ اِس کی عظمت کے لئے دل و جان داؤ پر لگاتا رہا۔ آج کے مبارک دن میں آپ کو مبارکباد کہوں یا اپنے آپ کو خوش نصیب سمجھوں۔ میں اپنے آپ کو اِس لئے خوش نصیب سمجھتا ہوں کہ ہزار کوشش اور ہزار محنت سے بھی آپ جیسے معزز اور مقتدر برادرگان و ہمشیرگان جاتی کے اِس صورت سے درشن نہ ہو سکتے تھے جیسے کہ آج میری آنکھوں کو میسر ہیں۔ اسلئے آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ عرصہ کوئی چھ آٹھ سال سے ہوا انقلاب سے بکھرے ہوئے فرزندِ کشمیر کے گلہائے تر ایک مدت سے بچھڑے اور بکھرے ہوئے بھائی بہن آج کے اِس اجتماع میں ایک ہی فرش پر ایک دوسرے کے ساتھ ہم جلیس ہیں۔

بھگوان کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج مدتوں کی تمنائیں بر آنے والی نظر آرہی ہیں کشمیری پنڈت برادری کا آج کا یہ بحرِ بیکراں دیکھ کر لگتا ہے کہ برادری کی تقدیریں سنور سکتی ہیں۔ میں اپنے آپ کو نہایت ہی خوش بخت سمجھتا ہوں کہ مجھے اپنی جاتی کی بارسوخ ہستیوں کے درمیان ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ طول و عرض سے آئے ہوئے ناظرین میں آپ کو اپنی اور منتظمینِ اجتماع کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

گرامی کرام۔ نہایت ہی فخر کا مقام ہے کہ عظیم ہندوستان کے معماروں کا ایک عظیم اجتماع موجودہ دورِ ناقص میں اپنی ابتری کو مُبدّل بہ خوشی کرنے کے لئے جموں ایسے شہر میں بلائے جانے کے لئے آل انڈیا کشمیری سماج مانٹرنگ ایکشن کمیٹی نے آل انڈیا کشمیری سماج کے بھروسہ پر اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لائی ہیں اور ملک کے گوشے گوشے سے کشمیری پنڈت جیسے اہلِ دماغ طبقہ کے افراد اِس میں شامل ہوئے ہیں۔ مجھے یقینِ کامل ہے کہ آج کا یہ اجتماع ایک اعلےٰ اور ارفع اجتماع ہوگا۔ گو اِس سے قبل کئی چھوٹی بڑی کانفرنسیں دیگراں کی ہوئی ہیں لیکن مشاہدہ میں کچھ نہ آنے کے کارن یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ آج کا یہ عظیم اجتماع قیمتی اور سب سے فائق ہی ہوگا۔

صاحبان۔ آج نیشنل ازم اور کمیونل ازم۔ اسکولرازم اور بنیاد پرستی۔ کٹروادا اور فرقہ پرستی کے پیچیدہ سوالوں پر بڑے بڑے اہل الرائے کی عقل دنگ ہے۔ تو میں اِسکو کیا سلجھا سکتا ہوں۔ مگر میں اتنا عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ کارکنانِ کشمیری پنڈت اجتماع کا مزاج و مقصد ملک اور اقوام کے ساتھ محبت اور آشتی رکھتے ہوئے با امن طریقوں سے برادری۔ ہند اور کشمیر کی علمی، مالی اور تمام سوشل حالات کی بہتری اور ترقی ہی ہوگا جبکہ آج کے ہمارا اِس عظیم اجتماع کا اصل مقصد ہوگا کشمیری مہاجروں کی فوری بحالی۔ اِن کی جائداد و سکے نقصانات کا احتساب، مکان جلائے جانے والے نقصانات کی پورتی۔ کشمیر میں اِن کی آماجگاہوں میں باعزت طور اور باوقار طریقہ پر واپسی۔ اِن کی اولاد کے درخشندہ مستقبل کی ضمانت، روزگار اور تعلیم کا یقین۔ تباہ حال کاروباری اور تجارت پیشہ لوگوں کی بحالی سرکاری ملازمین کے غیر معمولی مسائل کے حل وغیرہ وغیرہ۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

محترمین - آپ کے سامنے زمانہ حال کے آئین کے مطابق آج جموں میں پہلی دفعہ اِس قسم کے عظیم اجتماع کا منظر ہے۔ اِ... بھگوان کا فضل اور آپ کی امداد شاملِ حال رہے تو عجب نہیں کہ ایسے اجتماع ... ہمارا جاتی کے مرکز ہیں وہاں وہاں ... کئے جائیں اور ایسی مفید اور کار آمد تجاویز سوچ کر سال بسال اُن پر عمل درآمد کی ترغیب و تلقین ہو تاکہ ہمارے بہت سے ذاتی، مجموعی اور قومی سوال جنہوں نے فرداً فرداً سب کو پریشان کر رکھا ہے، حل ہو جائیں۔

ناظرینِ کرام - تواریخ کے اوراق پلٹ پلٹ کر دیکھئے تو پتہ چلے گا کہ ماضی بعید میں وادئ کشمیر میں پنڈت جاتی پر ... وقت کے مقامی اور بیرونی غیر ہندو حکمرانوں نے مظالم ڈھائے ہیں اور انہی وجوہ کی بنا پر کئی صاحبِ فہم اور زیرک لوگ ترکِ ... کر کے ہندوستان سے باہر تک چلے گئے اور اپنی رہی سہی طاقت، فہم و فراست اور عقل و دانش سے اپنا وجود بچانے میں کافی حد تک ... ہو گئے۔ پنڈت گوکل نرائن کول مردان پشاور والے اپنی ایک تالیف کردہ کتاب "آباد کارِ پنڈت" میں لکھتے ہیں کہ "یہ کشمیری ... ہی تھے جو شرما کہلایا کرتے تھے۔ بیرون ملک جا کر شرما سے شرمن سے جرمن کو معرضِ وجود میں لائے"۔ اسکی ایک تفصیل ... اگلی کسی ملاقات میں آپ کے گوش گزار کریں گے۔ کہنے کا مقصد یہ بھی ہے کہ کشمیری پنڈت جاتی ازلی ایک "محبِ وطن" اور عقل... تھی اور ہے۔ اِس جاتی نے وقت کے سنگین تھپیڑوں کا ڈٹ کر جواب بھی دیا اور سوجھ بوجھ سے مقابلہ بھی کیا اور زور زبردستی کے ... سرنگوں نہ ہوئی۔ ہاں اب کے اپنے ناموس، عزت اور آبرو کو بچانے کے لئے اِس نے منقولہ و غیر منقولہ جائداد سے تک بھی ترک ...

صاحبان - جسطرح کوئی زمانہ بھگوان کے اوتاروں یا اُسکے نائبین، ریشیوں اور منیوں سے خالی نہ رہا بالکل ... شداد، نمرود، فرعون اور شیطان اور راکھشس بھی ہر زمانے میں نمودار ہوتے رہے اور کبھی مذہبی اور کبھی سیاسی لبادہ ... کر بھگوان کے بندوں کو ظلم و جبر کا نشانہ بناتے رہے۔ اور ہم اور آپ ایسے غیر بھگوانوں کو گذشتہ کوئی 7 - 8 سال سے ... میں کشمیر میں دیکھتے چلے آرہے ہیں۔ ورنہ وہ گذشتہ کئی صدیوں سے مختلف شکلوں میں کشمیر میں کسی نہ کسی گروہ کے نمودار ہوتے رہے ... اور ہندوؤں پر ظلم و تشدد کرتے ہی رہے ہیں۔

سامعین حضرات - حضرت جناب امیر خسرو نے کشمیری براہمنوں کے بارہ میں لکھا ہے "اُن کی حیثیت ایک محبِ وطن ... اُنہیں ہندوستان سے زیادہ محبت ہے۔ وہ ہمدرد اور اچھے صلاحکار ہیں۔ وہ عالم ہیں، ذہانت کے علمبردار ہیں اور ... بنانا چاہتے ہیں"۔ آنجہانی ہلال احمد زبیری جو کسی وقت محمد علی جناح کے سیکریٹری بھی تھے اپنی کتاب "ذہانت کے علمبردار" میں ... ہے: "کہ دنیا میں یہودیوں، پارسیوں، سکھوں اور کشمیری پنڈتوں میں کئی اطوار اور کئی صورتوں میں کشمیری براہمن یعنی پنڈت ... دانش کے لحاظ سے سرِ فہرست گردانے گئے ہیں۔ دوسرا اقوام میں بھی اچھے لوگ ہیں لیکن کشمیری پنڈتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ یہ خدا ... خدا شناس، دوستدار اور انصاف پسند محبِ وطن لوگ ہیں"۔

محترم سامعینو۔ 325 قبل مسیح میں مصر میں بت پرستی کا رواج تھا۔ لوگ آتش پرست، سورج پرست اور گاؤ ... ہوا کرتے تھے۔ اور جو لوگ آباد تھے وہ غیر مسلم ہی تھے۔ آنجہانی خواجہ حسن نظامی نے مصر کے حالات معلوم کرنے کے لئے اُس ... کا سفر کیا تھا۔ اور پھر واپسی پر اپنی کتاب "تاریخ مصر" میں تمام دیوی دیوتاؤں کی تفصیل بیان کی ہے۔ جن کی مصر میں پوجا ... کی جاتی تھی (صفحہ 58 تا 93 ناشر امیر خسرو بُک ڈپو اردو کمپنی دہلی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حضرت یوسفؑ تک مصر میں ہزاروں برس دیوی دیوتاؤں کو پوجا جاتا تھا پرستش کی جاتی تھی۔ ایک جگہ انہوں نے واضح الفاظ میں بیان کیا کہ مصر کی وہ سبھی خلقت جو بت پرست تھی، رنگ ونسل، زبان و شکل سے مصری نہ لگتے تھے نہ کوئی افریقہ ہی لگتے تھے۔ وہ عبرانی اور عربی بھی بولا کرتے تھے لیکن آج کی عربی اور عبرانی نہیں بلکہ وہ کما حقہ عبرانی زبان کی جیسی ہی تھی۔ وہ تو فارسی اور سنسکرت کے دانشور ہوا کرتے تھے۔ بلکہ اُنہیں سنسکرت پر زبردست عبور حاصل تھا۔ وہاں کے ایک معتبر اور مشہور شخص "شبھما" جو کہ کوئی 139 برس کے تھے سے مصر کے بت پرستوں کے حالات دریافت کیے اور اُنہیں بتایا گیا کہ وہ سبھی لوگ سفید فام اور قد آور ہوا کرتے تھے۔ اُنہوں نے ایک کتاب "طلسمہ" کے حوالہ سے جو عبرانی زبان میں نہایت خوشخطی ہاتھ سے تحریر کی گئی تھی بتایا کہ وہ آریہ نسلی تھا۔ ان کے گلے میں کئی دھاگے پڑے ہوئے رہتے تھے۔ اور وہ سر پر چوٹیاں بھی رکھا کرتے تھے۔ سنسکرت جو سبھی زبانوں اور بولیوں سے بالکل مختلف تھی بولا کرتے تھے۔ وہ فارسی۔ عربی اور عبرانی بھی بولا کرتے تھے۔ لیکن مکمل دسترس سنسکرت پر حاصل تھی۔

مصری لوگ مختلف دیوی دیوتاؤں کی پرستش کرتے تھے۔ جیسے "ادزیرس" پرلیہ کال کا بھگوان "میہ اورت" آکاش کا بھگوان "کینمو" جسم بنانے والا "ایزر" آتما بخشنے والی دیوی "طوطا" عمر کی حد مقرر کرنے والا "ہوراس" درد وغم دور کرنے والا "حاثور" (گائے) رزق بخشنے والی دیوی اور ان سب سے بلند تر "آمن را" یعنی سورج دیوتا۔ اِس بات کی تصدیق ترجمان القرآن جلد دوئم صفحہ 412 کے مطالعہ سے بھی ہوتی ہے۔ قصص القرآن حصہ اول صفحہ 360 حاشیہ مؤلفہ حضرت مولانا حفیظ الرحمان جب کے صدر جمعیت الہند کے حوالہ سے بتایا گیا ہے کہ "مصر میں مندروں کی بے شمار تعداد تھی اور مندروں کے پجاری مہنت کہلاتے تھے۔ وہ فرعون کی حکومت کے مخالف تھے۔ دارالسلطنت "رعمسیس" کا مندر سب سے بڑا اور مرکزی مندر تھا جہاں مہنت یا پروہت بادشاہ کے مزاج میں بڑا دخل رکھتا تھا۔ مندروں کے مہنتوں اور پجاریوں کو بڑے بڑے عطیات دئے جاتے تھے اور بادشاہ لوگ ان مہنتوں۔ پنڈتوں۔ پروہتوں اور پجاریوں سے بڑا خوف کھاتے تھے۔ چنانچہ ان کی خاطر خزانہ لٹایا کرتے تھے۔

متذکرہ صدر مضمون سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ کشمیری براہمن (پنڈت) کا دخل ایشیا میں تقریباً ہر جگہ رہا ہے۔ اور ترکستان اور طبرستان میں بھی رہا ہے۔ حقیقت سے آشنا ہونے کے لئے میں ہرگز ہرگز نہیں جھجکتا۔ کشمیری پنڈتوں کا کشمیر پر حق ملکیت جتانا صحیح ہونے کی بات آنجہانی شیخ محمد عبداللہ نے بھی اپنے ہندو پوروجوں پر نظر دوڑا کر کہیں کہیں تسلیم کر لی ہے۔ (1938 میں خود شیخ محمد عبداللہ نے حضوری باغ میں قید سے رہا ہونے کے بعد تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ کشمیری مسلمان ایک ستون ہے اور اس کے سر پر روشنی کرنے والا کشمیری پنڈت ہے) کئی تواریخ دانوں نے دانستہ تصدیق کی ہے۔ راج ترنگنی بھی ایسا ہی ظاہر کرتی ہے۔ زینہ ترنگنی میں بھی ایسے ہی اقوال درج ہیں۔ ڈاکٹر ایشوری پرساد تواریخ دان نے بھی کشمیری پنڈت جاتی کا کشمیر پر صحیح حق جتانا تسلیم کر لیا ہے۔ حشمت اللہ خان لکھنوی نے بھی مان لیا ہے "کہ کشمیر کو آباد کرنے والے اصل میں وہاں کے براہمن ہی تھے۔ ہزاروں سال پرانی پستکوں۔ کتابوں پتھروں۔ دھارمک گرنتھوں اور لوک کتھاؤں نے کشمیری براہمنوں کو کشمیر آباد کرنے کے لئے اہم معمارِ کشمیر کہا ہے۔ ایسا ذکر نیلمت پرانی تمہید میں بھی دکھایا گیا ہے۔ آنجہانی سلر سنگر کے فرزند سہزانند "سنذہ رینی" (یعنی مسلمان ہوئے) شیخ نور الدین ولیؒ نے بھی اس بات کی تائید کی ہے۔ یہ 796 ہجری کی بات ہے۔ خود شاہ ہمدان

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صاحب نے کشمیری برہمن بہترین سمجھاؤ - اچھے اخلاق - دماغ - میں
اور تحریر و تقریر کے مالک ہیں اور یہ لوگ زبردست عقل کے دھنی ہیں اور ہر کسی کو دوست گردانتے تھا - یہ لوگ شریف ملنسار اور بھائی چارہ
مشہور فارسی شاعر عرفی سے روایت ہے کہ "میں نے کافی کچھ سننے کے بعد بچشم خود بھی دیکھ لیا ہے کہ کشمیر میں اہل ہنود
بہت اچھے شعور کے لوگ ہیں - ان کی تین تین آنکھیں ہیں - دو جو قدرت نے جنم سے عطا کی ہیں - تیسری وہ خود اپنی پیشانی پر
قشقہ یعنی تلک کھینچ کر بناتے ہیں جو ان کے لئے اقبالیات کا جوہر زندہ کر دیتا ہے اور اپنی پیشانی کو کبھی بھی گرم نہیں رکھا کر
(البشارت اہلبیت صفحہ 304 پیرا 6 سال ۱۸۹۱ء -)

محترم ہندو بہن ساحبین - و ناظرین - ہندوستان کی آزادی کے بعد بھی کشمیری پنڈت جاتی کا شیرازہ دوبارہ
لگا - اور اس جاتی کے لوگ ہندوستان کے ملول وحشی اور نشیب و فراز میں چلے گئے لیکن جتنے کچھ باقی رہے وہ بدستور ہراساں ہو
غیر ہندوؤں نے کیا کچھ سلوک نہ کیا وہ تو آپ سبھی لوگ جانتے ہیں - لیکن ہم لوگ آپس میں کیا کچھ کرتے ہیں وہ غیر ہندوؤں سے
ہے - بہر حال چھوڑئے اس بات کو - ہم جیسے امن پسند فرقہ کی جانب غیر ہندوؤں کا رویہ بعید از بیان ہے۔

ع وہ وقت بھی تھا جبروت سے پر لئے لیکن یہ وقت بھی ہے ہم میں کوئی جلال نہیں -

محترم ساتھیو - آج کے اس عظیم اجتماع میں ہمیں اپنی جاتی کی رسیوں کو مضبوط کر کے اپنی اسپاتی شکل دینا ہے۔ اپ
کمزوریاں اور خامیاں دور کرنے کے لئے مشترکہ دماغ سے سوچنا ہے - ایک دوسرے سے راہ و رسم پیدا کرنے میں تقدیم کرنا ہے
فرداً نہیں سوچنا ہے - برے رسوم و روایات، سماجی برائیوں، اقتصادی بدحالی اور معاشی کمزوری جیسے اہم مسائل پر قابو پا
یک رائے سے اقدامات سوچنے ہیں - اپنے باعزت پھر بساؤ کو یقینی بنانا بھی سوچنا ہے - ورنہ ہم گئے ہی گیے ہونگے - کیونکہ کشمیری پنڈت بھی
ہر قوم کی حیثیت رکھتی ہے جموں و کشمیر میں روبہ تنزل ہے اور اس کو ہر صورت میں بچانا از بس ضروری ہے -

ہمدرد محترم - مہمانان گرامی - بھائیو اور بہنو! آج ہم اپنے ہی گھروں سے بے گھر بن کر ہجرت کا روپ کا اعزاز پاکر وادی سے دور اور د
ہندوستانی علاقوں میں بکھرے ہوئے پڑے ہیں، افسردہ حال ہیں، بے گھر و بار ہیں، عالم ابتری میں سرگرداں ہیں - ہمیں اپنے بارے میں ایسی مفید اور کا
تجاویز سوچ کر سرکار سے ان کی عملدرآمد کروانا ہے - تاکہ ہمارے مسائل بحسن طریقہ پر حل ہوں - یہ تبھی ہوگا کہ جب ہماری آواز زلف آلود
جب ہماری بات باوزن مثبت اور معنی خیز ہوگی - حالانکہ ہم لوگوں میں فی الحال اُن تمام حقائق کا فقدان ہے کیونکہ اللہ اللہ ذکر
بجانے کا اجدادی کینسر ہمارے میں برابر موجود ہے - جو بدلتے وقت کے حالات کے ساتھ ساتھ ہمارے ذہن و دل کے لئے بھی انقلاب کا
بن کر ختم ہونا چاہئے تھا - لیکن تا ایں دم ایسا نہ ہو سکا - اب چونکہ سبھی ہندو اجاڑے گئے ہیں، ہجرت کا ربنے بیٹھے ہیں یہ رنگ برنگی
بجانا کسی بھی صورت میں سود مند ثابت نہیں ہو سکتا - اسکے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے ذہن و دل کو فضول کے بوجھ تلے دبنے نہ دیں
وا تا ورن پیدا کریں کہ سبھی ایک دوسرے سے بغلگیر ہوں - ایک ہی فرش پر یکجا ہو کر بیٹھیں - دردوں اور دکھوں کو آپس میں بانٹیں، خو
کو مشترکہ رکھیں، ساجھا مانیں - اور جو بھی موجودہ غیر مطمئن ماحول میں ہماری ضرورتیں ہیں اُن کو پانے کے لئے ایک متحد ہو کر بات کریں
کریں اور منصوبہ بالذھیں کیونکہ وقت بھاگ رہا ہے اور یہ سماں غنیمت ہے کہ اپنی بقا کو قائم رکھنے کے لئے خشک دماغی کی حدود سے
تر دماغی میں آ کر وہی کچھ کریں کہ جو ہمارے لئے فائدہ مند ہو تا جس سے ہماری اور ہمارے بچوں کی مشکلیں دور ہوں - ہمارا آبرو مندانہ بساؤ فوری طور پر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صاحبانِ کرام۔ میری رائے میں جس جاتی کا جسم بیمار اور میلا ہو جاتی دنیا میں اپنے وانفرتی کی ... فرائض کی ادائیگی میں رخنہ انداز ہوتی ہے۔ اسلئے پہلے ان امراض کو جاتی میں سے نکال لیں جن کی وجہ سے ہم کمزور ہو جاتے ہیں۔ جیسے اُجڑنے اور بکھرنے کا بے حد غم ہے۔ میں اپنے بکھرنے اور اُجڑنے کے لئے غیر ہندوستانی پاک ایجنٹ دہشت گردوں اور بدعت پسند غارتگروں اور ملک دشمن بنیاد پرستوں کی حیوانی کھیلوں سے مجبور ہوا۔ میرا آج تک جموں و کشمیر میں ۱۱سو کے قریب ہم دھرم عزیز و اقارب قتل کردئے گئے اور پانچسو کے قریب گھائل کرکے چھوڑ دئے گئے۔ میرا اور میرے عزیز داروں اور دوسرے جاتی افراد کے جموں و کشمیر میں کوئی دس ہزار مکان کو کٹھار اور دوکان جلا دئے گئے، تباہ کردئے گئے اور اسکے علاوہ کوئی ۹۵۰۷ سے زیادہ مکانوں وغیرہ کی تباہی کردی گئی، لوٹ لئے گئے۔ ۶۹ مندر اور دھارمک استھل نیست و نابود کردئے گئے۔ حالانکہ میں یعنی میرا جداّمجد کشمیر کو آباد کرنے والا کشمیر میں کئی ہزار سال پہلے سے بسنے والا اور انتہائی مالکانہ حقوق رکھنے والا کشمیری پنڈت ہوں۔ جیسے سرکار کی متواتر بے اعتنائیوں نے بھی تباہ و برباد کرکے رکھ دیا۔ بھگوان کی مرضی کے مطابق زندگی اور عزت و ناموس کو بچانے کے لئے میں وادی سے نکل پڑا اور میرے پیچھے مسلم دہشت گردوں اور بنیاد پرست مسلمانوں نے اپنے ہم فرقہ ہم مذہب اور ہم دین لوگوں کے ساتھ جو سلوک کیا وہ بھی کوئی ڈھکی چھپی ہوئی بات نہیں۔ زائد از ۱۲ ہزار مسلم مستورات و دختران کے ساتھ مسلم دہشت گردوں نے بلا امتیاز اجتماعی بلاتکار کیا جسکی تصدیق ملک کے کوئی 114 نرسنگ ہوم، ہیلتھ سنٹر اور ہسپتال کریں گے۔ جہاں مظلوموں کو ان کے لواحقین نے داخل کروایا تھا اور ہے۔ یہ سانحہ انسانیت کے نام پر ایک کلنک ہے۔ اس سے بھی زیادہ برا سلوک ہمارے ساتھ ہونا تھا، اگر ہم وادی میں ہی رکے پڑے رہتے۔

گرامیانِ منزلت! آج کے اس اجتماع کے بارہ میں "اشارتاً" اور "کنایتاً" بہت پہلے ہی آپ صاحبان سے گزارش کرلی گئی تھی اور اس عظیم اجتماع کی جانب پیش رفت کرنے کے لئے ضمنی کانفرنس آل انڈیا کشمیری سماج مائگرنٹ ایکشن کمیٹی جموں کے زیر اہتمام 3 جنوری 1993 کو یہاں ڈوگرہ ہال میں بلائی گئی تھی۔ جو ضلع جموں کی سطح پر بلائی گئی تھی۔ اس سے قبل اور اس کے بعد کوئی 16 چھوٹے بڑے جلسے، اجلاس، اجتماع منعقد کئے گئے۔ ضلع اودھم پور نے بھی ضلع سطح پر ایک وشال سبھا منعقد کی تھی۔ درجنوں چھوٹی بڑی بیٹھکیں اور یونٹ کانفرنسیں ہوئیں اور ہمیں یقین ہے کہ مختلف مراحل سے گزر کر بالآخر آج کا یہ عظیم اجتماع کامیابی کی منزل تک پہنچ پائے گا۔

تمام اسماجہ برادری مقیم درونِ ہندوستان سے "فرداً فرداً" بڑے زور سے التماس ہے کہ وہ ایسے قومی اجتماعوں میں جوق در جوق شامل ہوتے رہیں اور ایسی بات ہر کشمیری ہندو کے کانوں تک پہنچاتے رہیں تاکہ ہماری منتشر جاتی کی فلاح و بہبود کی تجاویز پر غور کرکے لائحہ عمل و الطریقہ کار تجویز ہوسکے جس سے ساری جاتی کو اس پر عمل پیرا ہوکر اپنی موجودہ غیر یقینی اور ابتر ترین حالت کو بہتر بنا سکنے کی اہلیت پیدا ہو۔ میرے محسنو! یاد رہے کہ آج کا یہ عظیم اجتماع اپنی قسم کا پہلا اجتماع ہے اور ہر ایک کشمیری ہندو (مرد و زن) کی اس میں شمولیت ایک پوتر اور مقدس فرض نبھانے والی بات ہے۔

اسکے ساتھ ہی میں سبھی حاضرین کا خادم شکریہ ادا کرتا ہوں۔

بی۔ این۔ بھان۔ نشاد دہلوی

محرومہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

افتخار زبیری

کشمیری پنڈتوں کا عظیم تدبر اور پیار

جس طرح کوئی زمانہ بھگوان کے اوتاروں یا اُس کے نائبین ریشیوں منیوں سے خالی نہیں رہا بالکل اسی طرح شداد، نمرود، فرعون
شیطان، ابلیس اور راکھشس بھی ہر زمانے میں نمودار ہوتے رہے اور کبھی مذہبی اور کبھی سیاسی لبادے اوڑھ کر بھگوان کے بندوں
کو ظلم و جبر کا نشانہ بناتے رہے۔ اور ہم اور آپ ایسے غیر بھگوانوں کو گذشتہ کوئی سات سال سے کھلے روپ میں کشمیر میں دیکھتے
چلے آرہے ہیں ورنہ وہ گذشتہ کئی صدیوں سے مختلف شکلوں میں کشمیر میں کسی نہ کسی کروٹ نمودار ہوتے ہی رہے ہیں اور
ہندوؤں پر ظلم و تشدد کرتے رہے ہیں۔ سے تابندہ عقیدہ دیا، تہذیب عطا کی۔ تاریخ نہ بھولے گی یہ احسان رام کا

حضرت جناب امیر خسروؒ نے کشمیری براہمنوں کے بارہ میں لکھا ہے۔
اُن کی ایک حیثیت محبِ وطن کی ہے۔ انہیں ہندوستان سے عشق کم اور محبت زیادہ ہے۔
وہ ہندوستان کے علوم و فنون، زبان و ادب، آب و ہوا، فطری مناظر۔ یہاں کے باشندوں
کی صلاحیت و قابلیت، امن و جفاکشی، اس سرزمین کی سرسبزی و شادابی، معدنی دولت
ہر چیز کو دُنیا جہاں کے تمام ملکوں سے بدرجہا بڑھ چڑھ کر مانتے ہیں۔ مختصر یہ کہ ان کے خیال میں

بقول شاعر ؏ خاکِ وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے۔

آنجہانی مسٹر محمد علی جناح کے سیکریٹری نے اپنی کتاب
آنجہانی ہلال احمد زبیری جب کے نائب صدر دہلی میونسپلٹی اور بعد کے شیعوں اور کشمیری پنڈتوں میں کئی اطوار اور کئی
" ذہانت کے علمبردار" میں تحریر کیا ہے کہ " دنیا میں یہودیوں پارسیوں
صورتوں میں کشمیری براہمن یعنی پنڈت عقل و دانش کے لحاظ سے سرِ فہرست گردانے گئے ہیں۔ دوسرے اقوام میں بھی اچھے
اچھے لوگ ہیں لیکن کشمیری پنڈتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ یہ خدا شناسی و خدا پرستی، حق دوستی و انصاف پسندی، جہاں گذران
کی سعادت مندی و کامرانی اور عالم ہست و بود کی فلاح و بہبودی اس قوم کے ساتھ وابستہ ہے۔ یہ قوم عقل و دانش کا مرکز
ہے۔ کافی سارے فارسی عربی اور سنسکرت کے عالم و فاضل اس قوم نے پیدا کئے۔ کشمیری براہمن قرآنی تعلیمات بھی دیا کرتے
تھے اور اسکی عزت بھی دل و جان سے برابر کرتے رہے ہیں۔ کشمیری براہمن معمارِ جہاں ہے، تمدن آفریں اور اخلاق آئین جہانداری
ہے۔ تعمیرِ انسانیت اس کا فرضِ منصبی اور ہندوستان بلکہ ایشیا کی قیادت و رہبری اسکا مقصد اولین رہا ہے۔ چمن زار
انسانیت کی روح افزا بہار اس کے نفسِ نرم و گرم کی رہینِ منت ہے۔ اور انسانی دنیا کی سرسبزی و شادابی اور خوشحالی
و فارغ البالی، اطمینانِ قلب اور سکونِ خاطر بھی اسی قوم کی دانشورانہ سرگرمیوں اور آہِ سحرگاہی و نالۂ نیم شبی کا فیضان ہے

325 قبل مسیح میں مصر میں بت پرستی کا رواج تھا۔ لوگ آتش پرست۔ سورج پرست اور گئو پرست ہوا کرتے تھے اور جو
لوگ آباد تھے وہ غیر مسلم ہی تھے۔ آنجہانی خواجہ حسن نظامی (جن سے میری قرابت اوائلِ عمر میں رہی ہے) نے مصر کے حالات معلوم کرنے کا
اُس ملک کا سفر کیا تھا۔ اور پھر واپسی پر اپنی کتاب "تاریخِ مصر" میں تمام دیوی دیوتاؤں کی تفصیل بیان کی ہے جن کی مصر میں
پرستش کی جاتی تھی۔ (صفحہ 58 تا 93 ناشر امیر خسرو بردیو اردو کمپنی دہلی)

حضرت یوسفؑ تک مصر میں برابر برابر دیوی دیوتاؤں کو پوجا جاتا تھا۔ پرستش کی جاتی تھی۔ ایک جگہ انہوں نے واضح
الفاظ میں بیان کیا کہ مصری وہ سبھی خلقت جو بت پرست تھی، رنگ و زبان اور شکل و نسل سے مصری نہ لگتے تھے نہ کوئی
انگ ہی لگتے تھے۔ وہ عربی بھی بولا کرتے تھے لیکن آج کی عربی نہیں۔ بلکہ وہ عبرانی زبان کیسی ہی تھی کما حقہٗ۔ وہ تو فارسی اور سنسکرت
کے دانشور ہوا کرتے تھے اور اُن کے بارہ میں وہاں کے ایک معتبر اور مشہور شخص "شہجا" جو کوئی 139 برس کے تھے سے بُت
کے بُت پرستوں کے حالات دریافت کئے اور انہیں بتایا گیا کہ وہ سبھی لوگ سفید فام قد آور اور حسن مجسم ہوا کرتے تھے۔ انہوں
نے ایک کتاب کے حوالہ سے جو عبرانی زبان میں نہایت خوشخطی ہاتھ سے تحریر کی گئی تھی بتایا کہ وہ آریہ نسلی تھے۔ انکے گلے میں دھاگے
پڑے ہوئے رہتے تھے اور وہ چوٹیاں بھی رکھا کرتے تھے۔ سنسکرت جو سبھی زبانوں اور بولیوں سے بالکل مختلف تھی بولا کرتے تھے۔
مصری لوگ مختلف دیوی دیوتاؤں کی پرستش کرتے تھے جن میں سے بعض تو خاص خاص قبیلوں اور علاقوں کے تھے جیسے "نیفات" فتاح
اور "مات"۔ بعض عالمگیر قوتوں کے الگ مظاہر تھے جیسے "ادزیرس" پرلیہ کال کا بھگوان، "میہ اور رت" آکاش کا بھگوان،
"کنیفو" جسم بنانے والا، "ایزر" آتما بخشنے والی دیوی "طوطا" عمر کی حد مقرر کرنے والا "ہوراس" درد و غم دور کرنے والا
"حاتور" دانہ و رزق بخشنے والی دیوی اور ان سب سے بلند تر "آمن راع" تھا یعنی سورج دیوتا۔ اسی بات کی تصدیق ترجمان
القرآن جلد دوم صفحہ 462 کے مطالعہ سے بھی ہوتی ہے۔ قصص القرآن حصہ اول صفحہ 380 حاشیہ مولفہ حضرت مولانا حفیظ الرحمٰن
حوالہ سے بتایا گیا ہے کہ مصر میں مندروں کی بے شمار تعداد تھی اور مندروں کے پجاری مہنت کہلاتے تھے۔ وہ فرعون کی حکومت کے مخالف رہے
دارالسلطنت "رعمیسس" کا مندر سب سے بڑا اور مرکزی مندر تھا جہاں مہنت یا پروہت بادشاہ کے مزاج میں بڑا دخل
تھا۔ مندروں کے مہنتوں اور پجاریوں کو بڑے بڑے عطیات دئے جاتے تھے اور بادشاہ لوگ ان مہنتوں پنڈتوں اور پجاریوں سے بڑا خوف
کھاتے تھے چنانچہ ان کی خاطر خزانہ لٹایا کرتے تھے۔ متذکرہ صدر مضمون سے یہ صاف ہو گیا ہے کہ کشمیری پنڈت کا دخل ایشیا میں ہر جگہ رہا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہوم لینڈ ایک تحفہ

گذشتہ کوئی ڈیڑھ سال سے ایک ایسی مانگ کی جانے لگی ہے کہ جسکی اہمیت
آدمیت x نفی + عقلمندی - عقل ÷ انسان - انسانیت منظر بندی
= خاتمۂ انسانیت و خاتمۂ آدمیت یعنی خاتمۂ بنیادی حقوق - اس مانگ کے لئے
زبردست چرچے ہوئے - بزرگانِ دین بھی اِس مانگ کے لیے اُٹھ پڑے - چنانچہ ایک
غیر پنڈتوں کا سہارا لیکر (سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر) اِس انوکھی اور عجوبی مانگ
کی ایک اجلاس میں دستار بندی کی اور جہاں ضرورت محسوس ہوئی ازار بندی کی
بھی - اِس مانگ کو اطراف سے طلب کئے ہوئے چند لوگوں میں جہاں زریں جامہ پہنانے
کی کوشش کی گئی وہیں پر دوسری جانب پاس بیٹھے ہوئے مہمانانِ خصوصی نے اِس مانگ
کی کُلہ عظمت کو ڈنکے کی چوٹ اتنی عزت نہ دی کہ جس کی اِس مانگ کے سر تھک
اُمید کیا کرتے تھے - بس ؎ ملا زِ درِ کعبہ بے نیل و مرام آیا -

سمجھا جاتا ہے کہ ہوم لینڈ درونِ کشمیر کی مانگ جنرل برادری کے لئے ہمدرد
کا جاری کردہ کوئی فارمولہ ہے اور دور رس نتائج کی حامل بھی نہیں سمجھی جاتی ہے۔
یکم فروری ۱۹۹۲ء کو نیاز مند نے اِس ضمن میں آل انڈیا کشمیری سماج (رجسٹرڈ)
کی مجلس عاملہ کی میٹنگ جو نئی دہلی میں کشمیری سمتی کے کاریالیہ میں منعقد کی گئی
تھی میں "اِس خیال" سے متفق نہ ہوتے ہوئے اپنا مؤقف یوں گذارش کیا تھا:۔

"بہت کچھ کہا جاچکا ہے - بہت کچھ اور بولا جائے گا - میں چونکہ کوئی مقرر نہیں
اور جو کچھ بولتا ہوں وہ تحریر کی زبان سے بولتا ہوں":

"میں کشمیر میں ہمیشہ ہی تباہ حال رہا - میرا اصل معنوں میں کوئی پرسانِ حال نہ
رہا - جو بھی ملا الغرضی ہی ملا - کیا حکومت کا نشہ رکھنے والا اور کیا عام انسان -
اُمیدیں باندھتا رہا - نہ جانے کیا کیا سوچتا رہا لیکن میری تمام تر تمناؤں کو
پامال کرکے رکھ دیا گیا - مجھے ڈر ہے کہ میں اِس عالمِ ناپائیدار میں قبل از وقت
کالعدم نہ ہو جاؤں اور میرے ازلی مخالفین اور حریفوں کو مستقل اور دائمی خوشی
میسر ہو - ؎ کچھ ایسی کٹی رات بیمارِ غم کی - کہ غیروں میں گھر گھر سحر سے خوشی ہے۔

میرے تباہ کئے جانے کے سادھن آزادی سے پہلے بھی اور گذشتہ ۴۵ سالوں
سے ہر قدم، ہر نفس اور ہر گام پر تراشے گئے لیکن مجھے مکمل طور پر وجود سے دور
کرنے کے لئے وہ تمام تر غیر پسندیدہ، مہمل اور غیر مہذب عناصر کامیاب نہ ہوسکے
چنانچہ میری ہڈیوں میں ہندوستانیت کا اُجالا رچا تھا کہ مجھے مغلوب نہ
کیا جاسکا - نتیجتہً میرے خلاف سرکار اور دوسرے کٹر وادی اور بنیاد پرست
عناصر کو مجھے صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لئے وہ وہ کچھ کرنا پڑا جو بعید از تصور تھا۔
اور جس کا مطلقاً کوئی امکان نہ تھا - احساس ہوتا تو کیا اور ایسے حال میں
اُن تمام عناصر کو حکومت کے نرم گوشے، نرم رویے اور مشفقانہ سلوک کے ساتھ
ساتھ ملکی مفاد کے خلاف اقدام کرنے کے لئے غیر ملکی امداد حاصل کرنے کے لئے سبز جھنڈی
دکھلائی گئی اور یہ تمام پروگرام تا تکمیل صیغۂ راز میں رکھنے میں جہاں ملک دشمن
عناصر بہت حد تک کامیاب رہے وہاں سرکار کے غیر ہندو بیورو کریٹ بھی ہر نفس پر
اُن عناصر کی پس پردہ حوصلہ افزائی کرتے رہے اور جو اُس کا نتیجہ نکلا وہ آپ
لوگوں نے کشمیری پنڈتوں کو کشمیر چھوڑنے کے چلن میں دیکھ لیا، جسکی ابتدا اکتوبر
1989 میں ہوئی اور یہ انخلا دسمبر 1989 میں زور پکڑ گیا اور پھر جنوری 1990
میں سیلاب کی صورت اختیار کرکے گھروں سے باہر نکل آنے کی شکل میں نمودار ہوا۔

گذشتہ زائد از دو برسوں میں کیا کچھ میرے ساتھ ہوا - کیا میری درگتی بنائی
گئی - کس طرح کا غیر انسانی سلوک میرے ساتھ روا رکھا گیا اور میری زبوں حالی
پر کسی نے بھی سرکار کی جانب سے اپنی توجہ مرکوز نہ کی اور میں خیمہ زن ہونے
پر مجبور رہا - رات دن اشکباری کرتا رہا - صبح تا شام مرتا رہا۔
لیکن بدقسمتی کہئے یا خوش قسمتی کہ مکمل طور پر مرا نہیں - کیونکہ مجھے جو ہر لحاظ
بربادی دیکھنا تھی - گھرانے کی بدحالی اور گھر بدر ہونے کا غم میرے حصے میں
آگئے - میں نے چلایا مدد کے لئے لیکن اِستغاثہ بھوتی کا دل حرکت میں
نہ آگیا، یہاں تک کہ میری حالت اور پتلی ہونے تک گئی اور مجھے جہاں
چیتھڑے نصیب ہوئے وہاں گھر کا گھر بھی اُجڑ کر رہ گیا۔

میرے لئے میرے ہی ہم خیال، میرے محسن، میرے بھائی، میرے ہمدرد، میرے ہمدم
اور میرا بھلا چاہنے والے میری امداد کو آگئے، لیکن سرکار کا رویہ بدستور میرے
ساتھ سلوکِ ناروا گیا - درمیان میں جو بھی کچھ ہوا اور ہو رہا ہے وہ آل
انڈیا کشمیری سماج کے ذہن میں نقش ہوچکا ہے - لیکن کچھ باتیں ہوئیں - اِدھر
اُدھر ہوئیں جو "میرے لئے کشمیر میں" "وطنِ صغیر تر" کی صورت میں مانگ بن
کر اُبھریں - اُن باتوں پر تبصرے ہوئے - قرار دادیں لائی گئیں - پاس کی گئیں - ساتھ
ہی اُن باتوں اور قرار دادوں کی جانب مخالف ہوائیں بھی چلنے لگ گئیں - زیرِ
زنخداں چلنے لگیں اور پھر اُن منقلب ہواؤں نے اُن قرار دادوں کو کوئی قیمت
نہ بخشی "ہاں" "کم" اور "نہ" "زیادہ" ہوا!

میری گذارش ہوئی کہ:- "مجھے کسی خاص مقام کا پابند نہ کیجئے - میرے دماغی حدود جنرل
کو ساکن رہنے دیجئے - میری زندگی گزارنے کا حدودِ اربعہ 20 مربع میل تک محدود
نہ کیجئے - مجھے دوبارہ پھیلنے دیجئے - مجھے لگاربند ہونے کے لئے مجبور نہ کیجئے - میری
بقیہ زندگی کو ناکامیوں کے غار میں نہ دھکیل دیجئے - میری حسب سابق زندگی پر
پابندیاں نہ لگائیے - میری باقی ماندہ آزادی سلب نہ کیجئے - میرے مستقبل
کو مخدوش تر نہ بنائیے - میری اولاد کو پابندِ زنداں نہ کیجئے - میرے کاروبار، میرے روزگار، میرے مویشی، میری زمین، زراعت، میرے پوجا پاٹھ کے
استھلوں، میرے سماجک اور دھارمک کاریہ کرموں اور میری رفتار اور
گفتار کے بارہ میں سوچئے - میرے لئے سبھوں سے ہم آہنگ ہونے کا بدعانت
طے کیجئے - میرے دلِ غریب کو اور زک نہ پہنچنے دیجئے - میری دماغی جلوتوں کو خلوتوں میں
ضم نہ ہونے دیجئے - کیجئے وہی کچھ جس کے لئے برادری کا ہر لحاظ سے بغیر کسی میں ہم خیال کا پورا
اجتماع ہو سکے، نہ کہ توڑ دیجئے - بلکہ برادری کے مینڈیٹ کی طرف توجہ کرکے اُسکے احترام کا
پاس کیجئے - زندہ رہنے کا عمل ڈھونڈئیے - عزت اور آبرو کی پروا کیجئے - باقی شُبھ
و نمسکار" (۱.۴.۹۲)

(پی این رمان بیمار)

؎ ہم ہی سے حُسنِ ادا رنگِ محفل ۰ ہم ہی سے ہے شانِ حیا رنگِ محفل
ہم ہی سے محشر نما رنگِ محفل ۰ ہم ہی جب نہ ہوں گے تو کیا رنگِ محفل
کسے دیکھ کر آپ شرمائیے گا۔

اب نیک معاش فہمیدہ لوگوں کو خود ہی دیکھنا ہوگا کہ
جو مانگ کی گئی ہے اور دہرائی گئی ہے وہ کس قدر
بھیانک، خطرناک، ڈراؤنی، تکلیف دِہ اور
مضحکہ خیز ہے - متعلقہ عوام خاص برادری کے
خود ہی وکیل ہیں مؤکل ہیں اور منصف بھی ہیں اور
ہم ہیں کہ ہمیشہ بہتری کے منتظر رہیں گے اور طلبگار بھی

بیمار دہلوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

8

چاہیئے مجھ کو وطن

بی این بھان نثار دہلوی

دائرہ محدود ہو، وہ چاہیئے مجھ کو وطن
موت کا سایہ جہاں آٹھوں پہر گردش میں ہو
وہ وطن جس میں کسی بھی غیر کی آمد نہ ہو
چاہیئے مجھ کو وہی، جس پر ہو نگرانی ہری
دور افتادہ جگہ ہو اور دریا سے بعید
وہ وطن ماحولیاتی نظر میں اچھا نہ ہو
جو حبیبِ جان و دل ہو، وہ وطن میرا ہی ہو
وہ وطن جس میں نہ ہو کالج تو کیا اسکول بھی
وہ وطن جسمیں نہ ہو کوئی شفاخانہ حضور
وہ وطن بے شک نہ ہو کچھ کام کا میرے لیئے
وہ وطن میرا ہو جسمیں بھوک اور افلاس بھی
وہ وطن جس میں ہو میرے چشم و آنسو مگر
اُس وطن میں بھول نے پھلنے کا ہو فقدان بھی
جاہلوں کا دور دورہ ہو مرے اُس وطن میں
وہ وطن جو میری عالی شان کا غماز ہو
جس وطن میں بہتر و درزی نہ ہو کنجڑا نہ ہو
جان و دل جاتے رہیں، لیکن وطن مجھکو ملے
ایک یہ حسرت رہے گی مجھ کو مرجانے کے بعد
وہ وطن جنت نہ ہو لیکن ہو جنت کے قریب
جلوہ دیکھا میرا مریلی خدا نے خواب میں
کچھ سیاسی دوستوں کا مشورہ ایسا ہی ہے
اس طلب میں غیر ملکی دخل ہے میرے حضور
جس وطن کو چاہتا ہو آئے نثارِ بے وفا

تنگ ہو تاریک ہو جس کا نہ ہو کوئی لگن
درد ہو آزار ہو اور ہو رنج و محن
ساری دنیا سے انوکھا جسمیں ہو میرا رہن
وہ وطن موجود جسمیں ہو نہ کوئی بھی چلن
اصلاح کے لوگ ہوں، گویا نہ ہو کوئی سخن
جو کھلی سانسیں نہ بخشے اور سڑ جائے بدن
دے رہا ہو اس وطن میں ہر ستم چرخِ کہن
اُس وطن میں پھر کسی کا بھی نہ ہو کوئی پڑھن
اور پھر آسان ہو انسان کا اُسمیں مرن
اور آزادی ہے جس میں ہو نہ کوئی بھی سہن
جس میں ہو روٹی نہ کپڑا اور جلانے کو اگن
اُن پہ ہو حد سے سوا بارِ نزاکت کا گہن
اور ہو اُس میں کسی کو بھی نہ تخمیر و لگن
آنہ جائے کوئی اُس میں بھول سے اہلِ سخن
اور جس میں ایک دوجے کے نہ پڑ جائیں چرن
اُس وطن میں ایسے کاموں کے لیئے رہ لوں مگن
وہ وطن جس میں تعفن اور ہو آہ و فغن
میرے پیچھے اُس وطن میں کون آئیگا بسن
کھیت کھلیان باغ کیا اُس میں نہ ہو کوئی چمن
اُس نئے سے وطن کی تعمیر کرلوں گا سہن
جس نے پیچھے کرلیا اپنے وطن کا یہ جتن
آپ کو ہوتی ہے کیوں میری طلب پر یوں جلن
دور سے کرتا رہوں گا اُس وطن کو میں نمن

ہوم لینڈ کا غلط تصور

یہ کوئی ضروری نہیں کہ ہر کوئی صحیح سوچ رکھتا ہو۔ میں بھی غالباً صحیح سوچ نہیں رکھتا۔ اسی لئے مجھے کچھ افراد کا "ہوم لینڈ" سمجھ میں نہیں آیا۔ "ہوم لینڈ" میری نظر میں ایک مربع نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک وسیع احاطہ ہوتا ہے۔ اسلئے ہوم لینڈ کا تصور میری نظر میں ایک بند قلعہ کے مترادف ہے۔ جس کے پھاٹک بند ہوں اور جس میں آمد و رفت کا واضح اور وسیع سلسلہ نہ ہو۔ شرق و غرب، شمال و جنوب اور طول و عرض میں پھیلا ہوا علاقہ ہی ہوم لینڈ کہلاتا ہے۔ نہ کہ چار دیواری یا کانٹے دار تار سے گھیرا ہوا خطہ ہوم لینڈ ہو سکتا ہے۔
وہ لوگ جو ہوم لینڈ کا ذکر چھیڑتے ہیں، وہ لوگ جو ہوم لینڈ کا ایک انوکھا تصور پیش کرتے ہیں، وہ لوگ جو

سکوارٹی زون کے معنوں میں ہوم لینڈ کے طلب گار بنے ہوئے ہیں، اُن سے میں چند سوالات پوچھنے کی جسارت کروں گا کہ:-
(۱) کیا بڑی یار بالا و گنپت یار، نئی سڑک تا فتح کدل کشمیری پنڈتوں کا گڑھ نہ تھا؟
(۲) کیا کراله کھڈ تا سمر بالا و بعض سنورا آباد کشمیری پنڈتوں کی بستی نہ تھی؟
(۳) کیا سارا کرن نگر، رگھوناتھ پورہ، ہنستہ مڑہ بال کاردان کشمیری پنڈتوں کا اکثریتی علاقہ نہ تھا؟
(۴) کیا چھتہ بل تا کاک سرائے کشمیری پنڈتوں سے آباد علاقہ نہ تھے؟
(۵) کیا زینہ کدل محلہ امیر سے روکنا تھ مندر تک دو طرفہ اور کنہ کدل سے قرنائی محلہ تک دو طرفہ میں کشمیری پنڈتوں کی بیشتر آبادی سکونت پذیر نہ تھی؟
(۶) کیا جواہر نگر میں احراج پورہ تک ۷۵ فیصد کشمیری پنڈت اپنے

مکان نہ رکھتے تھے؟
(۷) کیا ہری سنگھ ہائی اسٹریٹ مگرمل باغ، مہاراج بازار میں ہندوؤں کی خاصی تعداد نہ تھی؟
(۸) کیا اندرون مہاراج گنج، ملچمر، بڈھ گیر، بلبل لنکر اور پھر نواکدل تک کشمیری ہندو رہائش پذیر نہ تھے؟
اور وہ تمام جگہیں جو تھیں، کیا وہ کشمیری ہندوؤں کا اپنا ہوم لینڈ نہ تھے؟ کیا کسی شرپسند غیر ہندو نے کبھی ان کا آشیانہ تہ و بالا کیا، کبھی کوئی گھر اُن کے سمت سر اٹھایا تھی۔ تو اُن تمام علاقوں کو ترک کرکے کیا آپ نے ۱۰ اندرا باغ، آزاد بستی، چھانہ پورہ، برزلہ، لال باغ، بمنہ، نئی بستی نگر، باغ مہتاب، خنو پورہ، اکنی پورہ، مہجور نگر، رام باغ، نٹی پورہ، اور حیدر پورہ بلبل پورہ، نوگام وغیرہ وغیرہ میں منتقل ہونے کے لئے شہرہ گھر اور کر قرضہ جات لیکر اور اپنا استری دھن لیکر بازار میں فروخت کرکے مکان تعمیر کرکے خود کو غیر محفوظ نہ کردیا؟ آپ لوگوں نے اول سے ہی ملک کا خمیازہ بھگت لیا اور اب نہ جانے کس محفوظ علاقہ کی تلاش میں ہو اور سرگرداں گھاٹ گھاٹ پھر رہے ہو۔ تباہی کے غار میں خود کو دھکیلنے سے میری یہی گذارش ہوگی کہ وہ ہوم لینڈ معرفت سکوارٹی زون تصور ترک کردیں اور سالم کشمیر میں اپنے حقوق کی تلاش کے لئے عمل ہو جائیں۔ کسی کے بہکانے یا غلط اور زبانی سمجھانے اور آگ میں ڈوبنے کی کوشش نہ کریں، کیونکہ ایک لاکھ نے جہنم مول لیکر ڈیڑھ لاکھ کو تباہ کرکے رکھدیا اور اب الگ سے اڑھائی لاکھ ہم دو افتادہ اڑھائی لاکھ کے لئے کونسا علاقہ مختص کیا جاسکتا ہے بلکہ جسمیں کشمیری پنڈتوں و دیگر کشمیری ہندوؤں کی لگ بھگ ۲۵ لاکھ آبادی کو آباد کیا جاسکتا ہے، جو ممکنات میں ہے۔ کشمیر بنیادی طور پنڈتوں کی ملکیت ہے اسی کے لئے سنگھرش کیجئے۔ :: نثار دہلوی

مل جائے وطن کشمیر میں

نثار دہلوی

جن کی چاہت ہے کہ مل جائے وطن کشمیر میں
ہوں گے وہ سارے گرفتارِ بلا کشمیر میں
وہ خیالوں کے پجاری جو نہ سمجھیں گے کبھی
ملک کی تقسیم کا غم ہے دلِ دلگیر میں
اس انہونی بات کے پیچھے تو پڑنا ہے عبث
جو زبانی بول کر آتی نہیں تحریر میں
اپنے رہنے کے لیئے کشمیر کی تقسیم ہو
اس انوکھے خواب کی ہوگی نفی تعبیر میں
وطن میں رہنا نہیں ہوتا ہے ہونا بے وطن
فلسفہ ایسا پنپتا ہے دلِ گھمبیر میں
ہوس بنیادوں پہ اپنی مانگ منوائی سہی
کاٹھ کی ہنڈیا ہے یہ خامی نہیں کفگیر میں
ہے ہرا کشیر اب بھی جو ہرا پہلے بھی تھا
اسطرح کا سوچنا ہوگا کہاں بے پیر میں
مل گئی ہے غیر ملکی رقم اس آواز پر
کل ہی دیکھوگے کہ جکڑے جائیں گے زنجیر میں
غیر ہندو غیر مسلم ایک جیسے تھے سبھی
اے نثارِ باوفا اُلٹا ہے کچھ تقدیر میں

مجھے مرنے کا غم ہی کیا، اگر غم ہے تو یہ غم ہے
کہ میرے بعد مرنے کے ترا گھر غم کدہ ہوگا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کیا پنن کشمیر کے رضاکار ٹھگ بن گئے؟

فروری ۱۹۹۶ء کے ابتدائی ہفتہ میں پنن کشمیر کے سجعترین کے گرد و نواح میں کچھ ایسے بھی نوجوان دیکھے گئے ہیں جو کچھ نہ کرنے میں طاق سمجھے جاتے ہیں۔ اُن کے بیمار دماغوں کی پیداوار مختلف رنگوں میں مارکیٹ میں آئی ہوئی بتائی جاتی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ نوجوان کشمیری اور غیر کشمیری ہنگامہ بازی سے پنن کشمیر کے نام پر مختلف طرح طرح کے حربے کارلاکر عوام سے چندہ اکٹھا کر رہے ہیں۔ اور یہ لوگ ڈرامہ جیسا رچا کر فرضی رسید بکوں کا بھی سہارا لے رہے بتائے جاتے ہیں۔

اس طرح کی ایک مثال جو ہمارے نوٹس میں لائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ چند نوجوانوں نے سادھوؤں، سنتوں کے ناموں کا استعمال کر کے (سنتوں) کمیٹی رچانے کی آڑ میں چندہ بٹورنا شروع کیا ہے اور لکشمی نگر (سروال) جموں کے شیو جی مندر میں عارضی طور پر سکونت پذیر برہمچاری شری موتی لال جی کے نام پر کمیٹی رچانے کا شوشہ اڑا کر فرضی رسید بک پر چندہ جمع کرنا شروع کر دیا ہے۔

اس بات کی صحت کے بارہ میں برہمچاری شری موتی لال جی نے ہمارے نمائندہ کو کھلے الفاظ میں اپنی لاعلمی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے کسی پرچار کا چندہ جمع کرنے کے لئے کسی پنن کشمیر کے نوجوانوں کو نہ کوئی اجازت دی ہے اور نہ کوئی ترغیب دی۔ وہ جو کچھ کر رہے ہیں اپنے سوارتھ کے لئے کر رہے ہوں گے۔

(کشیپ وانی فروری ۱۹۹۶ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پنن کشمیر طشت از بام

ماہ اگست ۱۹۹۳ء میں ہم نے کئی ایک پوسٹر باریک ٹائپ میں متواتر ایک انگریزی روزنامہ میں چھپتے ہوئے دیکھے۔ اِن کے ملاحظہ سے یہ بات یقینی طور پر سامنے آگئی کہ پنن کشمیر تحریک (تنظیم) اُسی طرح بدعنوانیوں میں مبتلا ہے کہ جس طرح جموں و کشمیر ساہتیا سمتی گذشتہ چار سال سے دیکھی جا رہی ہے۔ کسی تنظیم، تحریک، انجمن، بزم، سنستھا، پارٹی، کانفرنس، نشست کا ایک ضابطہ چالو ہوتا ہے اور اُسی کے مطابق عہدیداروں کے لئے کام کا وقفہ / عرصہ مقرر کیا گیا ہوتا ہے اور اُسی کے مطابق ہر قدم اُٹھایا جاتا ہوتا ہے، لیکن ہمیں لگ رہا ہے کہ پنن کشمیر کے پاس کوئی مروجہ ضابطہ نہیں۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ ایک طویل مدت سے ایک ہی کنوینر اور ایک ہی معاون کنوینر متعین ہیں۔ نظام کو ہر دو سال کے بعد بدلنے کی ضرورت ہوتی ہے، جو کہ نہ ہوا۔

چنانچہ قومی مجلس عاملہ نے کئی الزام تراشیوں کے بعد یہ فتویٰ صادر کر لیا کہ مجموعی رائے سے اگنی شیکھر اور اجے چرنگو کو اُن کی بدعنوانیوں کی پاداش میں پنن کشمیر کی بنیادی ممبرشپ سے خارج کر دیا گیا۔

الزام کس نوعیت، اصلیت اور صداقت کے ہیں، ہمیں اُن میں دلچسپی نہیں، البتہ ایک چیز یہ کہ "کسی بیان کو مجلس عاملہ کی منظوری کے بغیر جاری کرنا زبردست ہتک آمیز حرکت ہے۔ اور کسی ایسے بیان کو مجلس عاملہ قبول نہیں کر سکتی۔ دوسرا یہ کہ مبینہ طور پر اِنہی دو لوگوں نے لاکھوں روپوں کا ہیر پھیر کیا ہے۔ اسمیں کہاں تک صداقت ہے یہ ہم نہ کہہ سکیں گے۔ البتہ "دروغ بر گردنِ راوی" اور کہ آمدن اور خرچ کا گوشوارہ مدت سے شائع نہ کیا گیا۔ بے ترتیب اور بلا وجہ کا صرف اور ذاتی لیڈری چمکانا دونوں باتیں تحت ضابطہ فوجداری نوعیت کے الزام ہیں۔"

یہ الزام بھی ہے کہ دونوں اصحاب کے بیانات اور کارکردگی پنن کشمیر سے مطلقاً واسطہ نہیں رکھتے۔ بیانات اُن کی نجی حیثیت رکھتے ہیں، جو عام طور پر یکطرفہ، خود غرضانہ، مہمل اور پُر از نقص ہیں اور پنن کشمیر اُن کے لئے "ہاں" نہیں کر سکتا۔

بیرونِ ملک سے لاکھوں میں آیا ہوا سرمایہ کس کام کے پیچھے صرف کیا گیا ہے۔ اندرونِ ملک کا چندہ کچھ نہ پوچھئے۔ یہ سرمایہ کہاں کہاں کس کس مقصد کی حصولی کے لئے دکھایا گیا ہے، وہ پنن کشمیر کے علاوہ دوسرے جاتی افراد بھی بخوبی جانتے ہیں جسکی تفصیل آئندہ کبھی دی جائے گی۔

پنن کشمیر کے فوت ہونے کے پیچھے شخصی پرستی کی وبا ہے، جسکو بدلنے کی فوری ضرورت ہے۔ جو موقف پنن کشمیر نے "ہوم لینڈ" کا اختیار کیا ہے، وہ ہر لحاظ سے ناقابلِ عمل ہے۔ جبکہ سارا کشمیر ہندوؤں کی ملکیت ہے + **ناروا مانگ، ہوم لینڈ۔**

مل گئی ہے غیر ملکی رقم اسی آواز پر۔ کل ہی دیکھو گے کہ جکڑے جائیں گے زنجیر میں

(نشاط کشور ۱۹۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

"تین مکھی پنون کشمیر" کیا بات ہے۔

تین سال میں گرگٹ کی طرح تین یا بے شمار رنگ بدلنا کوئی عجوبہ نہیں، لیکن تین سال میں تین اکائیوں یا بے شمار دھڑوں میں منقسم ہونا کافی حد تک تعجب خیز ہے۔ یہی حشر اُن سر مندامعہ ہجرت کار نوجوان کشمیریوں کا ہے کہ جو ایک سے تین ہوگئے۔ جب وہ ایک تھے تب بھی ہم نے اُن کے بھارت کے تئیں بے مروت ہونے کا اعلان کردیا تھا۔ ہم نے اُن کے ناقابل عمل موقف کو دلائل کے آدھار پر ایک مضحکہ قرار دیکر اُن کے عارضی عاشقوں کو بُری طرح تائب کرنے پر مجبور کیا تھا۔ اور اُنہیں اپنی دلائل کا مائل بنانے کے بعد اُن کی زبان غلط بیانی کے لئے بند کردی تھی۔

جوں جوں سرمایہ دردست آیا، جوں جوں چلمن کی اوٹ سے اور پردے کے آگے سے اُن کے خزانے میں بغیر محنت اور تردد کئے بھاری رقوم جمع ہونا شروع ہوگئیں تو اُن کی باچھیں کھلنے لگ گئیں۔ اُن کی عقل اگر کچھ تھی جلاوطنی کے عالم میں چلی گئی۔ نہ سوچا، نہ دیکھا اور نہ بھالا کہ "حق اور ناحق کیا ہے، قائل اور مقبول کیا ہے، محل اور مقدر کیا ہے، نیک اور بد کیا ہے، عمل اور عقل کیا ہے، صحیح اور غلط کیا ہے، ممکن اور ناممکن کیا ہے، درست اور خراب کیا ہے، جائز اور غیر جائز کیا ہے"۔۔۔ وہی کچھ کرنے لگ گئے کہ جو انسانی تقاضوں کے مطابق سراسر ناعاقبت اندیشی کا مظہر تھا۔

ایک وہ وقت بھی آیا کہ تفرقہ پیدا ہوگیا۔ الزام تراشیاں ہونے لگیں۔ پوسٹر بازیاں ہونے لگیں، غبن، گھوٹالہ بین، خرمستانگی، فضول خرچی، غلط بیانی، غلط رہنمائی، آوارہ فہمی، ابن الوقتی، بے بہرگی، ایسے کچھ الزامات تحریر و تقریر میں آئے کہ یقین کرنا پڑا کہ پیسہ ہی عقل کا بڑا دشمن ہے اور وہ پیسہ جو غیر واضح اور خفیہ ذرائع سے حاصل کیا گیا ہو، عوام کو گمراہ کرکے حاصل کیا گیا ہو، معصوم لوگوں کو سبز باغ دکھلا کر جمع کیا گیا ہو۔ چھل کپٹ اور دھوکہ دہی کی آسودگیوں کو گرگرانے سے پیدا کیا گیا ہو۔ جو کچھ نہیما اور گمراہی سے ہاتھ آیا ہو، انسان کو آدمی بنا کر ذبح کرکے رکھ دیتا ہے۔ آدمی سبھی ہیں لیکن انسان کوئی کوئی ہی ہے۔ ورنہ یہ بات منظر عام پر نہ آتی، جو گذشتہ چھ ماہ سے سامنے آرہی ہے۔

کشمیر کے بزرگ ہندو طبقہ اور صالح پنڈت دانشوروں کے کارہائے نمایاں بیان کرنے سے کشمیری الگ مقام دئے جانے کا مطالبہ اتنا ہی بے وزن ہے کہ جتنا بے وزن ہے بذات خود یا بجائے خود ناقابل عمل مطالبہ۔ ہمیں بزرگانِ دھرم کی نسبت عزت اور احترام رکھنا ہے۔ اُن کے احسانات کا ورنن کرنا ہے۔ ہر قدم پر ذکر کرنا ہے۔ عین گمان کرنا ہے۔ اُن کے جنم منانا ہے۔ بار بار اُن کا فخر کرنا ہے۔ لاکھوں بار فخر کرنا ہے، لیکن اُن مرحومین کو ایکسپلائٹ کرکے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیر میں الگ مقام کی ڈھولکی مانگ کو دھرانا غیر جائز اور غیر شائستگی ہے۔

بیرون ریاست اور اندرون بھارت دو تعلیم یافتہ "ناسمجھ" کم سن نوجوانوں کے سبز باغوں پر مفتون ہو کر جہاں کم فہم اکائی بازوں نے "ہاں" کہدی وہاں ان نوجوانوں نے دنیا کی سیر کی اور باقی رہی صرف "ہفت فلک کی سیر" - جہاز میں آکاش اور پاتال کی جہاں تلاشیں ملائی گئیں وہاں ریل اور کار میں ٹرینیں اور سمندر کی گہرائیوں کو بھی ناپنے کی سعی لاحاصل کی جاتی رہی۔ غرضیکہ بے شمار رقوم کو بے شمار غیر واجب ذرائع سے اور انتہائی بے دردی سے ضائع کیا گیا اور حاصل خدا گواہ ۱۰۰=۱۰۰ منفی ۱۰۰ ہی رہا۔ لکھو یا گیا اور پایا گیا۔ یہ سب صاحب الرائے جانتے ہیں۔ اسپر کوئی بحث نہ ہوگی۔ البتہ ان رقومات سے جاتی کی لاانتہا خدمت کی جاسکتی تھی، جو نہ کی گئی۔

افسوس اس بات کا ہے کہ کشمیری پنڈتوں کی چند ایک اکائیوں جو جموں و کشمیر کے باہر سائن بورڈوں کی بنیادوں پر معرض وجود میں آگئی ہیں نے بھی ان مستانوں کی مانگ کا بلا سوچے سمجھے سمرتھن کر دیا یا کر رہی ہیں اور بے دھڑک کر رہی ہیں اور مطالبہ کا "بھاؤ" کیا ہے ان اکائیوں کے اہلکار صدر اور منتری نہیں جانتے ہیں۔ وہ اپنی لیڈری کو چمکانے کے لیے اس غلط مانگ کا سمرتھن اسلیے کر رہے ہیں تاکہ انہیں بھی "صحت میں تیسے ایک کرسی میسر ہو"۔ ہم دیکھ چکے ہیں ان اکائیوں پر اور یہ کلم ہمارے لیے ہماری جاتی کے لیے جھینگر کی حیثیت رکھتا ہے۔

تعمیری پروگراموں، جاتی کی بھلائیوں، ضروریات اور اپنی حقیقت ایسی مانگوں کو دہرانے کی بجائے غلط روی اختیار کر کے جاتی کو دھوکہ کے غار پستی میں دھکیلنا ہی ہے۔

عزیزی شری اجے کول (منتری والا مائنگرنٹ کیمپ) نے جن باتوں پر سے پردہ اٹھایا ہے ہم اس سے ۹۹ فیصد متفق ہیں۔ ایک فیصد یوں نہیں ہیں کیونکہ انہوں نے ایک جگہ اپنے بیان میں نرم روی اور لغزش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے جن دلائل کو پیش کر لیا ہے وہ مبنی بر حقیقت ہیں۔ انہوں نے حق اطرافیوں اور اعترافیوں کا بر ملا ذکر چھیڑا ہے۔ تہمتیں دھری ہیں۔ ان کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔

23 سال قبل ہم نے نئی دہلی میں کشمیری پنڈت جاتی کے ایک مشترکہ مجمع میں حقائق کی روشنی میں تحریر و تقریر سے، مناظرہ اور مباشرہ سے تین ملکیوں کے گرو جنوں کے افکار پریشان اور افعال غیر مردانہ کو بیک جنبش نظر اور بیک جنبش قلم ہمیشہ کے لیے رد کر دیا ہے۔ اور جو موقف ان کی نسبت ہم نے سوچ سمجھ کر اختیار کر لیا ہے، وہ ہم سے جدا ہر گز ہی ٹھکرایا جا سکیگا۔

شری اجے کول نے جموں کے ایک انگریزی روزنامہ "ایکسلسیئر" کے 12 اکتوبر 93 کے شمارہ میں "ہیٹ کشمیر" عنوان سے ایک بیان اس ڈھنگ سے صداقت کی روشنی میں جاری کر دیا ہے کہ ہم مجبور ہو گئے ہیں کہ ان کو دلی مبارکباد دیں۔ انہوں نے 16 اکتوبر کے شمارہ کے حوالے سے پر زور دماغ ایک ایسا عکس نیورا دیا ہے کہ جسکے بارہ میں ہم یہی کہہ سکتے ہیں کہ مردانگی کا جوہر دکھایا ہے۔ اور تمام متعلقین کو اسپر غور کرنا ہوگا اگر جاتی کی خیر خواہی ہو، ورنہ جاتی کے سامنے لاکھوں لاکھوں لاخیر نظر میں ہیں جو برابر ظلم ڈھا رہے ہیں اور ہم پر تابڑ توڑ حملے کرتے رہتے ہیں (دبی اپنی بھان نثار - کشپ وادی 93/10)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کسی پنن کشیر کے متوالوں نے کتابچہ شائع کر دیا

حال ہی میں کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر مبنی اچھا خاصہ خوشنما سرورق اور بہترین انگریزی چھپائی کے ساتھ ایک کتابچہ شائع کیا گیا جس میں تمام تر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں (کشمیری ہندوؤں پر مظالم) پر سیر حاصل جائزہ پیش کیا گیا۔ کتابچہ کئی باتوں پر سے پردہ اٹھاتا ہے۔ کوشش قابل ستائش ہے۔ اس کتابچہ میں ایک سے زیادہ بار "تین زبانوں والے کاشر سماچار" کو پڑھنے کی ترغیب دیدی گئی ہے۔ کتابچہ پر خرچہ بہر صورت کشمیری سمتی نئی دہلی نے کیا ہے۔ اس میں کئی باتیں سامنے آتی ہیں کہ "حقائق کو اپنا ایک الگ رنگ دیدیا گیا ہے، دوسرے یہ کہ ڈاکٹر ٹیکو کشمیری سمتی پر اپنے ایک الگ موقف کے ساتھ سمتی پر ہی حاوی دکھائے گئے ہیں۔ جو کسی پنن کشیر تنظیم کے روح رواں تھے، تیسرے یہ کہ شری چمن لال گڈو بھی کشمیری سمتی ذاتی طور پر کئی اطراف سے زیر بار ہو رہے ہیں۔

کتابچہ کے صفحہ 16 پر جو اعداد و شمار دئے گئے ہیں وہ حقائق سے دور ہیں اور نہ سول آبادی کی وضاحت نہ کی گئی ہے۔ اور نہ سرکار کے گئے وقتوں میں دئے گئے ایسے اعداد و شمار کو **کشپ وانی** نے ہر بار جھٹلایا ہے۔ اور نہ اب جو سرکار نے گزشتہ ہفتہ غلط اعداد و شمار جاری کر لئے ہیں ان سے ہی کتابچہ والے اعداد و شمار نہیں ملتے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام لکیر کو خطِ مستقیم کی صورت اور حالت دیدی جائے، تاکہ نہ کچھ الجھ جائے، نہ بار مطالعہ یا بار ملاحظہ ہی ہو اور پھر بار سماعت بھی نہ گزرے۔ (نثار دہلوی - کشپ وانی جموں دسمبر ۱۹۹۳ء)

ایک جائزہ

"تو ننگہ پوش بھی ہے، مدہوش بھی ہے، بے جوش بھی ہے، منہ نوش بھی ہے، اذیت کوش بھی ہے، خاموش بھی ہے، اسنتو غش بھی ہے، پاپوش بھی ہے، چشم پوش بھی ہے، احسان فراموش بھی ہے، روپوش بھی ہے اور سرگوش بھی ہے۔

لیکن بنتی ہیں، پارسی بھی ہیں، زرتی بھی ہیں، جعفری بھی ہیں، کیسری بھی ہیں۔ کہنے کو زعفران ہے، دیکھنے کو ارمغان ہے، سونگھنے کو شیطان ہے، برتنے کو بے جان ہے۔ پھر رویہ بلا ہے کیا؟ جو ہیرانت ہے، حیران ہے، ناشکرا ہے، بے فکرا ہے اور سب ملا کر ذرد دلاور ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پنن کشمیر کہاں سے اور کیسے نمودار ہوا

ہمارے نام نہاد پنن کشمیر جماعت کے بارہ میں یہ کہنا کوئی غلط بات نہ ہوگی اگر اسے غلام نبی آزاد جو خود ساختہ طور پر آزاد ہیں کی شہہ پر کھڑا کی گئی۔ امریکن لابی نے اسے اپنی رہنمی کے طفیل اسکی آبیاری کی اور مرکزی ہوم منسٹر نے اس کے رکھ رکھاؤ، خورد و نوش، سیر و تفریح اور کشمیری پنڈت جاتی میں تفرقہ پیدا کرنے کے لیے کئی مراعات سے نوازا۔ ایسے خود ساختہ لیڈر جن پر بے ایمانی اور فراڈ رچانے کا الزام پہلے ہی سے کوس ہنیا ورن پر لگا ہوا ہے وی وی آئی پی (77/IP) کی حیثیت رکھتے ہیں، مفت اے سی ریل سفر اور مفت ہوائی سفر اور سرکار کے مہمان بننے کی مراعات اور جیب خرچ کے لیے بے شمار رقمیں نیز لوکل سفر کے لیے سفید رنگ کی کار میسر ہیں۔

ان ناچوں سے آواز دلوادی اچھ بل کی طرف سرکتا نروں کی۔ پھر اسپر طرہ یہ کہ نروں بنا کانٹے دار تاروں سے محفوظ کرنا تھا۔ لیکن بات نہ بنی۔ پھر کوئی دوسری بانگ دلوادی جو بھی راستہ میں ہی فنا ہوگئی اور پھر تیسری اور آخری آواز دلوادی "ہوم لینڈ" کی جو امریکن ہندو لابی کے دل کی بات تھی اور جو ہنا ہمکلنات میں تھی اور ہے۔

ان لوگوں نے اپنے ہمدردوں کی پگڑیاں اچھالنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ انہوں نے کانگریس کی مخلص سرکار کے غیر انسانی سلوک کے خلاف کسی بھی پلیٹ فارم پر سنجیدگی سے ایک بھی حرف نہ بولا۔ ایک معقولیت پایہ تکمیل کو پہنچنے والی تھی کہ تین کیمپوں میں 3 لاکھ کشمیری پنڈتوں کو بسایا جائے گا۔ ایک سبز بالیاں (ادھم پور) اور باقی دو جموں شہر سے باہر ہماچل تک قائم کر دئے جائیں گے۔ غلام نبی آزاد گھبرا گئے کہ قومی شاہراہ پر یہ پنڈت قابض ہوں گے۔ چنانچہ آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس (سناتن دھرم یووک سبھا) سے وابستہ چند جوانوں کو ورغلا کر پنن کشمیر تنظیم کی داغ بیل ڈالدی گئی اور اسطرح کشمیری پنڈت لوگوں کی صفوں میں تفرقہ پیدا کروایا، جو اب بھی قائم ہے۔

اس نام نہاد جماعت کا ایک لیڈر اپنی پہلی بیوی کو دو بچوں کے ساتھ ترک کر چکا بتایا جاتا ہے۔ دوسرا ایک لکھا پڑھا طفلگی کے دائرہ میں ہے۔ انہوں نے بیرونی ملکوں کی درجن بار مسافت کی ہے اور مبینہ طور پر انہوں نے لوگوں سے علاوہ کانفرنسوں یا جلسوں کے نام پر لاکھوں روپیہ اکٹھا کیا، لیکن آمدن اور خرچ کا گوشوارہ آجتک شائع نہ کیا، بلکہ مبینہ طور پر انہوں نے اپنی ذاتی جائدادیں کھڑا کر دیں۔

اس ضمن میں جس شخص کو پہلے ورغلایا گیا اور یووک سبھا سے علاحدہ کیا گیا اسکو پنڈت جاتی ڈائریکٹ کے نام سے جانتی ہے۔ اس ڈغلی کو دہلی کی سرکار اور غیر سرکاری اژدھے سرپرستی کرتے ہیں جو ایک زہر ہلاہل سے کچھ کم نہیں ہے۔ (نثار دہلوی۔ کشیپ وانی اگست [illegible])

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تال میل مطلقاً نہیں

نمکدان

اجودھیا میں بی جے پی کی سرکار جو کلیان سنگھ کی سربراہی میں قائم تھی نے جو سانحہ پیش کیا وہ اپنی مثال آپ ہے اور اُس سانحہ کے بارہ میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے تمام تر سینئر لیڈروں کے بیانات ہم آہنگ نہ رہے۔ ہم خیالی تو درکنار۔ تمام لیڈروں کے بیانوں میں تال میل کا فقدان تھا۔

۶ دسمبر اور ۷ دسمبر ۱۹۹۲ء کو اٹل بہاری باجپائی نے کلیتاً افسوس ظاہر کیا اور معافی تک مانگ لی۔ پارٹی سے الگ ہونے کی خواہش ظاہر کی۔ تسلیم کر لیا کہ کلیان سنگھ سرکار اور بی جے پی اپنی ذمہ داری نہ نبھا سکے۔ کہا کہ پارٹی میں کچھ لوگ بزرگوں کو کھڈے لائن لگانے کے درپے ہیں۔ کلیان سنگھ کو ذلیل ہو کر برطرف ہونا پڑا۔

ایڈوانی صاحب نے واقعہ پر اپنی تشویش کا اظہار کیا جبکہ بھنڈاری صاحب بوکھلا اٹھے اور اظہارِ تعجب کیا کہ مسجد کیسے گرائی گئی جبکہ ترتیب ایسا نہ تھا۔ کھورانہ صاحب نے دہلی میں کہا کہ بی جے پی کے کبھی رضاکار نے مسجد نہ گرائی اور مرلی منوہر جوشی نے پیچھے دروں پیچھے بیروں کا وطیرہ اپنایا بلکہ دوغلا پن دکھایا۔ اور آخر میں بی جے پی بہادر مہربان محترمہ وجے راج سندھیا نائب صدر نے بابری مسجد گرانے والے احمقوں کو ہنومان کے اوتار بتایا۔ اب انہی سندھیا صاحبہ سے کون پوچھے کہ:۔

ہنومان جی نے بیک وقت ہزاروں کی تعداد میں اوتار لئے۔ ہنومان جی سے ڈھنگ کے اور صحیح کام ہوئے۔ بے گناہ قتل نہ کئے گئے۔ بلکہ راکھشس ختم کئے گئے سیکڑوں مندر نہ جلائے گئے۔ گرجا گھروں اور آج کے گوردواروں کے ساتھ انہیں کوئی بیر نہ تھا۔ پھر آپ کن کو ہنومان جی کا اوتار بتاتی ہیں۔ لوگ کہتے ہیں جو بی جے پی سے کوئی تعلق نہیں رکھتے کہ "ستی ماں" اپنی پارٹی کے غنڈوں سے اپنے بیٹے کو اُس کے اہل و عیال سمیت ختم کروانے میں ناکام رہیں کہ جب آگرہ اسٹیشن پر اُن پر حملہ کیا گیا جس کے خلاف رپورٹ درج کی گئی تھی۔ اور بعد میں انکوائری کا حکم دیدیا گیا ہے اسکے آگے اور کیا کہنا۔ (کشپ وانی فروری ۱۹۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آئینِ ہند کی قسمیں کھانے والا اپنی وفاداری کا ایمان ہار بیٹھا۔

زہرا غشانی

65 سالہ علی شاہ گیلانی دنیاوی مدّوجزر سے ناواقف بھارت کی سرزمین پر قیام پذیر ہونے کے باوجود اسکی تاریخی اہمیت، جغرافیائی افادیت اور حدودی عظمت سے سراسر غافل نیز سیاسی محاذ پر ہر دور میں شکست خوردہ اور اپنے ہی بیان شدہ بیانوں سے منحرف ہونے کے ماہر اب ایک فرسودہ اور ناقابلِ عمل بات کی رَٹ لگا رہے ہیں کہ ا۔

بقولِ اُن کے حقِ خود ارادیت کے سوا کشمیری لوگ کسی بات کو تسلیم نہ کریں گے، وہ حق جو ۱۹۴۷ء کی فرسودہ اور زائد المیعاد قرارداد والے نے کشمیری عوام کو دے دیا تھا۔

علی شاہ گیلانی ایک مخمصہ شخص ہیں۔ نسیان کا شکار ہونا اُن کے لئے کوئی عجب بات نہیں، گو ساری عمر اُنہوں نے روغنی غذائیں تناول کی ہیں۔ اندر اور باہر اُنہوں نے اگر کچھ کیا تو وہ بس اپنی جان بچانے کی صورت۔ آپ یہ نہیں بتا سکتے کہ کشمیری کون ہیں۔ کیا وہ اہل اللہ ہیں آسمان سے اُترے ہیں یا زمین میں سے پھوٹ کر نکل آئے ہیں۔ اور کشمیری کیا فقط مسلمان ہیں وہ مسلمان کہ جنہوں نے ہندوستانی سرمایہ کی آبرو ریزی کر کے گزشتہ ۴۵ برسوں میں اپنی ۲۰-۲۵ پیڑیوں تک کو بھی مالا مال کر کے رکھ دیا ہے۔ جن کی اولاد در اولاد یہ کشمیری مسلمان ہیں کیا وہ کشمیری نہیں ہیں۔ کیا کشمیری مسلمان ازلی کشمیری ہیں یا یہ کبھی ملاوٹ یا تناسخ یا کسی ردوبدل کا نتیجہ ہیں؟ کیا کشمیریوں میں شامل ہزار ہا سالوں سے رہنے والے اور کشمیر کو آباد کرنے والے پنڈت ہاں کشمیر کشمیری نہیں یا پھر وہ سکھ جو کشمیر میں ایک لمبے عرصہ سے رہ رہے ہیں، کشمیری ہونے کا شرف نہیں رکھتے؟ پھر یہ کن لوگوں کا کشمیر ہے کہ جن کو بقولِ علی شاہ گیلانی حقِ خود ارادیت نصیب کیا جانا مطلوب ہے۔

علی شاہ گیلانی اگر صحیح سوجھ بوجھ رکھتے تو وہ ہرزہ نہ ہانکتے۔ اگر ان میں تعلیمی قابلیت، ذہنی فراغت، تواریخی حیثیت کی واقفیت اور اصل اور نقل میں فرق کرنے کی صلاحیت ہوتی تو وہ انہونی بات کا واویلا نہ کرتے۔ آزادیٔ گفتار کا یہ مطلب نہیں کہ وہ جو بھی انٹ شنٹ بولنا چاہیں کہے۔ اُسے لبیک کیا جائے گا یا وہی حرفِ آخر ہوگا یا اُسی پر عملدرآمد ہوگا یا وہی ہر ایک کو قابلِ قبول ہوگا یا وہی فیصلہ کن عمل کی بات ہوگی۔

ہندوستان میں تحریر و تقریر کی آزادی کے کارن ہی علی شاہ گیلانی اپنی جان دہشت گردوں کے ہاتھوں کھنچوانے سے بچنے کے لیے اول فول بول سکتے ہیں اور ایسی آزادی اُس پار اُنہیں چنداں بھی نہیں میسر ہو سکتی۔ 45 سال سے بدستور ہندوستان کا نمک کھا کر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اسے حرام کرکے کیا علی شاہ گیلانی ہیرو بننے کے خواب تو نہیں دیکھ رہے ہیں۔ آئین کے واد کے خلاف گذشتہ ماہ سخت لہجہ اختیار کرنے کے بعد یہ نیا پینترا کس مقصد سے بدلا جا رہا ہے۔ یہ گیلانی صاحب کو بتلانا ہوگا

علی شاہ گیلانی کو اگر ٹھیک ٹھاک معلوم ہے تو حقِ خود ارادیت ماضی قریب میں تمام ریاست کے لئے بتایا گیا تھا جو شملہ معاہدہ کے بعد فوت ہوکر رہا اور جس کی تائید حالیہ سیکریٹری جنرل سلامتی کونسل جناب بطرس بطرس گالی نے یہ کہہ کر کی کہ "کونسل ہند پاک کے اس مسئلہ میں دخل انداز نہیں ہو سکتی۔ یہ باہمی گفت و شنید کا حامل مسئلہ ہے۔" اسکے بعد بھی علی شاہ گیلانی اپنی جان بخشی کے لئے حقِ خود ارادیت کی رٹ لگا کر کن کن لوگوں کو گمراہ کرکے اپنے دن دن نکالنے میں مصروفِ کار ہیں۔ یہ ذرا واضح ہو۔ نثار دہلوی (کشیپ وانی جولائی [illegible])

تاریخ عہدِ عباسیہ کا ایک صفحہ

جناب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ اُن سوالات سے صحابہ کو روکا جو اُن کی عملی زندگی اور اُن کے نصب العین سے اُن کو ہٹانے والے تھے۔ اسلام نے عمل و سعادت کی ایک ہی سیدھی راہ کھول دی تھی۔ اور وہ چاہتے تھے مسلمان صرف اسی کی راہ میں مشغول رہیں، انتشار اور منافرت سے پرہیز کریں۔ فسادات برپا نہ ہونے دیں۔ دلوں کے ساتھ کدورت نہ رکھیں۔ غیر مسلموں کو مسلموں کی طرح افضل سمجھیں۔ ان سے اسی طرح کا برتاؤ کریں جو مخلوقِ خدا کے لئے واجب بنتا ہے۔ آپ کے بعد بھی تمام عہدِ صحابہ اسی حال میں بسر ہوا۔

قرآن اللہ کا کلام ہے جسکو خدا کے رسول صلعم نے ہم تک پہونچایا۔ ہماری معلومات اسکی نسبت صرف اسی قدر ہیں۔ اور اس سے ہدایت حاصل کرنے کے لئے اتنا علم کافی ہے۔ وہ مخلوق ہے یا قدیم ہے؟ یہ سوال نہ تو خود قرآن نے ہمارے سامنے کیا، نہ اللہ کے رسول صلعم نے۔ نہ تربیت یافتگانِ عہدِ نبوت نے۔ پس جو کچھ ضروری تھا وہ وہی تھا جو بتلا دیا گیا۔ اور جو نہیں بتلایا گیا وہ ضروری بھی نہیں ہے اور اسکی فکر و کاوش میں ہمارے لئے کوئی سعادت نہیں۔ اللہ اور اسکی تمام صفات کاملہ قدیم ہیں اسکی ایک صفت کلام ہے۔ قرآن اللہ کا کلام ہے لیکن حروف، اصوات والفاظ کی جس مرتبہ و منظم شکل میں وہ موجود ہے۔ اسکی حقیقت الٰہی و تشریعی کو بھی قدیم ہونا چاہئے [illegible] اُردو [illegible] غالب۔ [illegible] (۱۹۹۵ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

دہشت گردوں کے آبا: یہ جنونی خود ساختہ مسلم لیڈر

نجو جوکو

سابق ایم ایل اے سید علی شاہ گیلانی نے ایک سے زیادہ طریقوں سے اپنی ملک دشمن تنظیم جماعت اسلامی کے اپریل 1989ء میں جموں میں پریس والوں کے سامنے منعقد اور اشتہار کرنے کی بیکار کوشش کی اور کہا کہ "وادی میں جس قدر بھی بم دھماکے ہوئے ہیں یا ہو رہے ہیں وہ محض مسلم نوجوانوں کی بیکاری کے کارن ہی ہو رہے ہیں اور اس طرح اس قسم کی دہشت گردی کے خلاف وہ کچھ نہ بول سکتے"
علی شاہ گیلانی کے اندازے کے مطابق نوجوانوں کو اپنے لیے روزگار حاصل کرنے کے لیے یہی ایک انسانی قانونی اور بنیادی طریقہ ٹھیک لگ رہا ہے جس کی تائید ہی کی جانی چاہیے۔ یہ تھے انوکھے بول گیلانی کے۔

ہمارا علی شاہ گیلانی سے ایک سوال جو ہے وہ یہ ہے:

"کیا مسلم نوجوان کیتری لوگوں یعنی مسلم دہشت گردوں کو غیر مسلموں کے مکانات کو بغیر ناغہ جلانے سے ہی نوکری میسر ہو سکتی ہے اور کہ ایک ہزار سے زیادہ غیر مسلموں کو بے دردی سے قتل کرنے، چار ہزار بے گناہ غیر ہندوؤں کو موت کے گھاٹ اتارنے اور بالترتیب ۱۹ (ہندو) 64 (سکھ) اور 61 (مسلم) ہندو ہستیوں ماؤف بہنوں کا اجتماعی عصمت دری جو مسلم عادتوں نے وادی میں کی سے مسلم دہشت گرد نوجوانوں کو روزگار دستیاب ہوا ہے۔ اور کیا یہ بھی کو آپ نے ٹھیک سوچ سے جڑا ہو رہا ہے کہ نوکریاں حاصل کی جائیں تو؟

ہندو گھرانوں کو اجاڑ کے رکھ دو۔ مکانوں کو ملیا میٹ کر دو، آگ لگا دو، لوٹ لو اور بیش قیمتوں کی عصمت دری کرو، سرکاری جائدادوں کو نقصان پہنچا دو۔ مندروں، اسکولوں، کالجوں، اسپتالوں اور دھارمک لائبریریوں کو جلا ڈالو، مذہبی مقامات کو آگ لگا دو۔ ان کی بے حرمتی کرو، دکانوں اور عمارتوں کا ملبہ کر دو، اور جہاں جو بھی ہو، اسلامی ہدایات کو ذہن سے خارج رکھ کر کرو" اس لحاظ سے علی شاہ گیلانی کس سمت کے ہیں؟

ہمارا علی شاہ گیلانی سے دوسرا سوال یہ ہے کہ "کیا دہشت گردی پھیلا کر انسانی جانوں کی تلفی جماعت اسلامی کے منشور کے مطابق ہے یا کہ یہ اسلامی تعلیمات میں درج ایک مد ہے۔"

ہم سمجھتے ہیں کہ علی شاہ گیلانی اپنا دم گھٹنے کو برداشت کریں گے لیکن ہمارے مندرجہ صدر دو سوالوں کا جواب نہ دے سکیں گے۔

ہمارا تازہ دم تیسرا سوال یہ ہے کہ:

"غیر مسلم 13 ہزار سرکاری ملازم ہے دخلیں کے بدلے میں غیر ہندوؤں کو ان کی جگہوں پر ملازمت سے سرفراز کیا گیا۔ ہزاروں غیر ہندو نوجوانوں کو مرکزی سرکار کے دفاتر کے علاوہ پولیس فورسز، بی ایس ایف اور سی آر پی وغیرہ میں نوکریوں پر لگایا گیا۔ مزید دس ہزار اسامیاں انہیں سے پُر کی جانے والی ہیں۔ سر دست مرکزی سرکار کا نیا اعلان اتنا کچھ ہوا تو اس لحاظ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سے وہ بہت گردی کا دائرہ تنگ ہو جانا چاہیے تھا لیکن نہ ہوا۔
لیکن اس سے یہ اخذ نہیں کیا جا سکتا کہ کشمیری جماعت اسلامی نور شریف کی جماعت اسلامی
دو الگ الگ چیزیں ہیں جن کے الگ الگ خیمے ہیں۔ ایک ہو بار زادہ نور شریف اور دوسرا
خواہ مخواہ کا سید زادہ علی شاہ گیلانی

ہم دعا کریں گے کوئی بار [illegible] اعزا کی اور [illegible] سے ہندو سکھ مرہب جائیں گے لیکن
یہ سلسلے بڑی تعداد میں مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو بھی ابدی نیند سلا کر رکھ سکتے ہیں۔
تب سمجھا جائے گا کہ

ضمنی پلاننگ کا سلسلہ مسلمانوں کے قتل کے مترادف ہے اور کہ اس سے ان
کی آبادی گھٹانے کا عمل شروع ہوگا۔ ضمنی پلاننگ کی لغفی تو کی لیکن قتل عام کی پلاننگ
کو کیا کہیے جو بیک وقت کسی بڑی سازش پر درجنوں کو بھی ابدی نیند کا رخ موت کی
نیند سلا دیگے۔ تب علی شاہ گیلانی اور مولوی عمر فاروق (بچہ) کس کا اور کہاں کہاں
پر غائبانہ یا حاضرانہ نماز جنازہ پڑھتے پھریں گے۔

لہٰذا علی شاہ گیلانی کو چاہیے کہ وہ اپنے دہشت گرد پیروکاروں کو بندوق کا عمل ترک
کرنے کی صلاح دیں وہی بہتر رہے گا۔ (ہمارا دعویٰ۔ کشپ وانی نومبر 1993ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

علی شاہ گیلانی نے سکورٹی افراد کے ہاتھوں آستانِ نُندہ ریشی کو خواب میں جلتے ہوئے دیکھا؟

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور ہاں! علی شاہ گیلانی نے کہا کہ "چرار شریف کو مبیّنہ طور پر) سکورٹی والوں نے ہی جلا ڈالا - وہاں پر آستان کے اندر کوئی مست گُل نہ تھا"

سوال پیدا ہوتا ہے کہ "کیا علی شاہ گیلانی نے آستان کے اندرونی حصّہ کے ساتھ دیواروں سے وائرلیس پر رابطہ قائم کرکے اپنا سر ٹکرا کر رکھا تھا، جو انہوں نے کہا کہ وہاں پر کوئی مست گُل نہ تھا۔

تو پریس کانفرنس کس نے بُلائی تھی،

تو مست گُل ۱۰ مئی ۱۹۹۵ء کو آستان کے اندر کونسی عبادت کر رہا تھا۔

تو ۱۱ مئی کو آگ کس نے لگادی،

تو 12 مئی کو اپنی گرفتاری کے بعد مست گُل کے ساتھی ابوجندال الیاس جُنید افغانی نے 15 مئی کو بادامی باغ چھاونی میں ٹی وی اور سرکار کے لئے دیئے گئے بیان میں اس بات کی تصدیق کیسے کی کہ "مست گُل نے کشمیری دہشتگردوں کی مرضی کے خلاف چرارِ شریف کے آستانِ عالیہ کو آگ لگادی اور وہ بھاگ نِکلا جبکہ میں زخمی ہُوا"

علی شاہ گیلانی مردہ ڈھانچہ کو گرائے جانے کا رونا رو رہے ہیں۔ اجودھیا میں ایک دن ویسا ہونا ہی تھا کیونکہ ہر کسی کو بھارتی آئین کے تحت اپنی اپنی مذہبی سوچ کے مطابق کام کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ مسجدی ڈھانچہ گرانا ایک جذباتی کھیل تھا۔ بلکہ حماقت بھی۔ لیکن اس سے یہ مراد نہیں لی جا سکتی کہ "مست گُل نے ہیں ڈھونگ رچایا گیلانی کے مشورہ سے ہی غارتگری کا چکر چلاتا رہا) بلکہ سکورٹی فورسز نے آستان کو جلا ڈالا" آپ جس زبان سے قرآن پڑھا کرتے ہیں اُسی زبان سے مکروہ، مضحکہ خیز اور مہمل کے علاوہ جھوٹی باتیں کہنے کو اسلام کی خدمت سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ حماقت آپ ہی کا حصّہ ہے۔

اور آپ کو چاہئے کہ اپنی زبان قابو میں رکھیں اور یہ نہ کہیں کہ "کشمیر کا نام نہاد مسئلہ نیوکلائی جنگ کا موجب بن سکتا ہے"! ہماری نظر میں ایسی سوچ حرام کے چٹکاروں کا نتیجہ ہوتا ہے۔

سر دست آپ قرآنِ حکیم کا مطالعہ کرتے رہیں۔ اسے وِرد کرنے کی طرف دھیان دیں۔ اور اپنی محدود زندگی کے لئے تسلّی پانے کی کوشش کریں۔

خدا علی شاہ گیلانی کو عقلِ سلیم عطا کرے - آمین۔ (نگارِ دہلوی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قتلِ اِنسان کشمیری مسلم دہشت گردوں کا ذاتی تفنّن بنا رہا ؟

چور چوری سے باز آسکتا لیکن ہیرا پھیری سے نہیں۔ کشمیر میں مسلم دہشت گرد نہ باز آتے ہیں نہ ہیرا پھیری سے پیٹ بھر سکتے ہیں، اُنہیں تو انسانی خون کی چاٹ لگ گئی ہے، ویسے بیل گائے بھینس کھاکر وہ بڑے تو ہو گئے ہیں لیکن مسلسل بڑے گوشت کے تناول سے اُن کا من اُچاٹ گیا لگتا ہے، تبھی اُنہیں انسانی خون کے چسکارے ضرورت پڑے ہیں، کیونکہ جانوروں کے بعد انسانوں کی ہی باری آجائی کرتی ہے، کرتے ہی گیا۔ نماز پڑھکر مسجد سے باہر نکلنے والوں کو صحن ہی یا گیٹ پر ہی قتل کر دیا جاتا ہے اور خونِ آدم سے مسجد کو ہی لہو لہان کیا جاتا ہے اسکو ناپاک کیا جاتا ہے۔

ایک اجنبی کی نظروں میں مسجد اب قتل گاہ یعنی مستقل ہو کر رہ گئی ہے۔ مسجد کی بے حرمتی اسمیں انسانی خون کی ارزانی، دونوں قرآن کریم سے بغاوت اور حکم عدولی ہیں۔ اسلام کی بے حرمتی اور بیخ کنی یہی انسانی قتل کہلاتے ہیں۔ قرآنِ حکیم کی نفی کرنا کم از کم ایک مسلمان کو زیب نہیں دیتا اور اس نفرت کا نتیجہ خباثت، ذلالت اور رکالت کے سوا کچھ بھی نہیں۔ جہاں اور جس مسلمان کو یہ تینوں علتیں یا صفتیں لگ گئی ہوں تو وہ قرآن و سنّت کی رُو سے جہنم کا حقدار اور سقر کا ٹھیکیدار کہلا سکتا ہے کیونکہ اسلام کی یہی تعلیم ہے جو ہم سیکھ چکے ہیں۔

بلا امتیاز قتلِ انسانیت قتلِ خداوندی کے برابر ہو سکتا ہے، عورت ذات کی بے حرمتی اور زنا بالجبر پیغمبر صلعم کے حکم کے مطابق گناہ ہے۔ جُرم ہے۔ ظلم ہے، جبر ہے اور حیوانیت ہے۔ اور جو مسلمان حیوانیت کے دائرہ میں آگیا وہ ہمیشہ کے لئے اسلامیت سے گزر گیا، انسانیت سے گزر گیا اور جو مسلمانیت اور انسانیت سے بعید ہو گیا وہ سیدھے طور پر واصل بہ جہنم ہوگا، لیکن کہاں؟ کشمیری مسلم دہشت گرد اور اُس کے قابلِ نفرت آقاؤں کو ان تمام باتوں کا علم ہی کیا اُنہیں تو انسانی خون چاہیئے۔ اُنہیں تو خونِ ناحق کرنا ہی اسلام کی سر بلندی لگتا ہے۔ وہ مادر ذات سے بدسلوکی کو اپنا شیوہ بنا بیٹھے ہیں۔ اور خوفِ خدا سے کوسوں دُور چلے گئے ہیں۔ اسی لئے خوفِ خدا سے بے پرواہ ہو کر ان کو ساڑھے تین لاکھ کشمیری ہندوؤں کو بے دخل اور بے گھر کرنے کے بعد بچے کھچے ہندوؤں کا قتل کرنا لعیب ہو چکا ہے۔ تب کہیں انہوں نے ۶۲ سالہ پیارے لال رینہ ونپوہ نواسی کو اغوا کر کے اذیت دیکر گولیوں سے بھون ڈالا اور اُسکی لاش کو بیدردی سے کتوں کا نوالہ بنانے کے لئے دور کہیں گاؤں میں پھینک دیا، جسکے نتیجہ میں مقتول کے سبھی چار گھرانے بچے بچیوں اور بزرگوں سمیت ونپوہ کشمیر چھوڑ کر انتہائی کس مپرسی میں جموں چلے آئے اور گیتا بھون میں وارد ہو کر اپنے ماتمی چہروں کو لیکر رنج و غم میں مبتلا بیٹھ گئے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ایسے حالات جب سامنے آگئے ہیں تو سرکار کو یہ تسلی [illegible] باقی ہے ٹھیک ہے سرکار اپنے بھونڈے رویہ سے نرسمہا راؤ کی سرکاری عمر درازی کے لیے وادی میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے ذریعے خطرناک اور نیم خطرناک دہشت گردوں کو آئے دن ضلع وار جیلوں سے درجنوں کی تعداد میں آزاد کر دیتی ہے۔ اور غیراہم قسم کے دہشت گرد ہتھیار بیچنے کی غرض سے سرکار کے سامنے ہتھیار بھی ڈال رہے ہیں۔ لیکن

یہ محبِ وطن ہندوؤں کا قتل کیوں کیا جا رہا ہے، کون کر رہا ہے، کون کروا رہا ہے۔ اسکے بارہ میں سرکار کا وضاحتی بیان جاری ہو جانا چاہیئے، وہی اچھا رہے گا ورنہ کشمیر بدستور غارتگروں، بنیاد پرستوں اور اُن کے آقاؤں کے ناپاک وجود سے ناپاک ہی ہو کر رہے گا اور سرکار صفر ہو کر رہیگی۔

نثار

کشپ وانی نومبر ۱۹۹۵ء

فرسودہ ذہنیت کی علمبرداری

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

نیشنل کانفرنس آئے دن مرتی ہے۔ اور آئے دن جلا پاتی ہے۔ لیکن کوئی عظیم ترین پاک ہستی اسکے مردے پن میں "قم باذن اللہ" نہیں کہتی، تاکہ یہ جی اُٹھے۔ یہ دوبارہ اور دوبارہ مسئلہ تناسخ یعنی آواگون کے چکر میں کیوں اُلجھ رہا ہے۔ یہ ہمیشہ کے لئے مکتی حاصل کرنے کے لئے ٹھوس اقدام کیوں نہیں کرتی۔! اسکے غیر معروف کارکن اور غیر سنجیدہ لیڈر جو ایک مدت سے دہلی تا جموں اور جموں تا دہلی حیران و پریشان چکر کاٹتے رہتے ہیں اور سرکاری امداد سے مرغن، مقوی اور مُتنجن قسم کی غذائیں کھا کر بسر اوقات کرتے ہیں، کیا یہ نہیں جانتے کہ عوام کے دو تہائی حصے نے نیشنل کانفرنس کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ترک کر دیا ہے، کیونکہ یہ لوگ مرحوم شیخ محمد عبداللہ کی طرز پر رائے شماری محاذ جیسا کوئی نیا ادارہ کھڑا کرکے اپنی خرافاتی مانگ منوانے کے لئے "زندہ رہے" اسے طرب کا پتا بنانا چاہتے ہیں۔

ان کی مانگ کہ ۱۹۵۲-53 کے قبل والے حالات جموں و کشمیر میں بحال کئے جانے کے بعد ہی مجوزہ چناؤں میں شرکت کریں گے۔۔۔۔ ورنہ کیا وہ جہلم، چناب اور توی کے دونوں کناروں پر بیٹھ کر اپنی ڈوبتی نیا کی مغفرت کے لئے دعا گو ہونگے یا پھر سراسیمگی کی حالت میں روتے، سر پیٹتے اور بلکتے رہیں گے۔!

اب ان حالات میں ہندوستان ۲۷ سال پیچھے کیسے جا سکتا ہے کہ جب یہ ہر لحاظ سے ملک میں پیداواری صلاحیت اور دوسری ضروریات کی فراوانی کو چار چاند لگا کر تمام دنیا میں ایک عظیم قوت کے طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے اور اسے مشتبہ گردانا جا رہا ہے۔ اور پھر اُن چند لوگوں کو، کہ جو اپنی ساکھ مکمل طور پر کھو چکے ہیں، ملک کے سکولرازم کی قیمت پر خوش کیسے کر سکتا ہے۔ یہ ایک انہونی بات ہے۔ علاقائی پارٹی ہونے کے ناطے اسے یا تو اپنی منہدم دوکان بند کر دینی چاہیئے یا اگر یہ زندہ رہنا ہی چاہتی ہے تو کسی قومی پارٹی میں ضم ہو جانا چاہیئے، پھر اسکے لیڈروں کے دوبارہ وارے نیارے ہو سکتے ہیں +

کشمیر کی موجودہ حالت، غارتگری، کشت و خون، افراتفری، آتش زنی، بلاتکاری کے لئے نیشنل کانفرنس پہلے نمبر پر ذمہ دار ہے۔ اسکے ہی عہد حکومت میں 1975 سے 1989 تک کشمیر بارودی وادی بن گئی اور جو کچھ کسر باقی رہ گئی تھی اُسے مخلوط سرکار کے عہد میں پورا کیا گیا۔ اس لحاظ سے قومی پارٹی کانگریس آئی دوسرے نمبر پر کشمیر کی تباہی کے لئے ذمہ دار ہے۔

کانگریس آئی اس لئے بچ سکتا ہے کہ اسکی مانگ صرف جمہوری حکومت قائم کرنے کی ہے، جبکہ نیشنل کانفرنس مٹ سکتی ہے کہ اسکی مانگ فی الحال صرف ہندوستان ڈوب جائے، نیشنل کانفرنس بنی رہے، والی بات ہے۔

دیگر قومی پارٹیوں میں کچھ محب وطن بھی ہیں اور وہ جمہوری نظام حکومت

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کی تلاش میں ہیں۔ ... (بی جے پی) ... ایک
نامراد پارٹی ہے، کہ جس کو عوام ٹھکرانا چاہیں گے کیونکہ اُس کی وجہ سے
مُلک میں کوئی 950 نوجوان، طلبا و طالبات اپنی زندگیاں منڈل
کمیشن کی وجہ سے بنڈل ہوگئیں۔ اور اُن کا ماتم ابھی ہو رہا ہے۔ باقی
اللہ اللہ خیر صلّہ۔ البتہ بی جے پی کچھ کام کر دکھا سکتی ہے۔ بشرطیکہ اُس
میں سے لنڈ منڈ باہر نکال دئے جائیں۔

نیشنل کانفرنس میں بھرتی پاکستان نواز اور کٹر پنتھی لیڈر کہتے ہیں کہ
"ہندوستان کی سکورٹی فورسز نے کشمیری مسلمانوں کو یرغمال بنا کر رکھ دیا ہے"۔
ایسی مضحکہ خیز بات کہتے ہوئے اُن کی زبانوں پر چھالے کیوں نہ پڑے۔

اِن نیشنل کانفرنسی بے ضمیروں کو توفیق نہ ہوئی کہ:۔

"پُورے 3 لاکھ کشمیری پنڈتوں کی تباہی، بے دخلی اور اضطراب پر واویلا کرتے، کانفرنسیں کرتے، رونا روتے اور ان کے مسائل کے حل تلاشنے کی کوششیں کرتے" "یہ لوگ اگر ہیں کچھ تو ہیں بنیاد پرستی اور بے نظیری کے دلدادے"!!

ایسا بھی کہا جاتا ہے کہ "نیشنل کانفرنسی صدر بخاری کے ایما پر
اپنی انوکھی اور انہونی مانگ کر رہے ہیں۔ یہ پاکستان اور بنگلہ دیش
ایسے کٹر وادی اور بنیاد پرست جماعتِ اسلامی والے "غیر اسلامی"
ممالک ہیں کہ جنھوں نے گھڑی کی سوئیاں پیچھے اور
آگے کر دی ہیں اور دنیا کو بتا دیا ہے کہ یہ دونوں
برِّصغیر ہندوستان کے نہ تب کچھ لگتے تھے، نہ اب
کچھ لگ رہے ہیں۔ یہ مسلم مُلک ہیں اور
مسلمانوں کا خون پینے کے لئے ہی
آزاد اور خود مختار ہیں۔
جبکہ ان کی ترقی کی صلاحیت یہ رہی ہے کہ بیرونی ممالک
سے دودھ تا اسلحہ درآمد کیا کرتے ہیں اور دُنیا کو اُسکے بدلے میں
مختلف ناموں کے زہر برآمد کرتے ہیں، اور دونوں مملکت اسلام کی
ہر طرح سے بے حرمتی کیا کرتے ہیں۔ (کشیر وانی ایڈیٹوریل)
نومبر ۹۲ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہمیں تو مسلم ووٹ بینک درکار ہے محب وطن غیر مسلم ہمارے ہاں ہی - کانگریس آئی

بیدخل کئے گئے 3 لاکھ کشمیری ہندوؤں کی آبادی اور گزشتہ 6 سالہ مسائل کوئی اتنے سنگین اور سرکار کے لئے پریشان کن نہ تھے کہ جتنا مرکز میں بیٹھے اژدھوں کی سرکار نے انہیں الجھا کر رکھ دیا۔ حتیٰ کہ سرکار انسانیت کے ناطے بھی ان تباہ حالوں کی حالت سے ذرہ بھر متاثر نہ ہوئی۔ اگر صحیح معنوں میں ہو چکی ہوتی تو دو باتیں آتنک واد کے دوسرے ہی برس میں حل ہو چکی ہوتیں، ایک یہ کہ دہشت گردی کا جنگی سطح پر مکمل صفایا ہو چکا ہوتا، دوسرے یہ کہ بندوق کی نوک پر نکالے گئے کشمیری پنڈت و دیگر ہندو لوگ واپس اپنے گھروں میں جا بسے ہوتے۔ لیکن سرکار کا یہ منشا نہ رہا اسلئے کہ اس حساب سے مسلم ووٹ جو کشمیر سے باہر ہندوستان کی دوسری ریاستوں میں اسے ملنے کی توقع ہے، ناراض ہو کر رہ جاتے کیونکہ کانگریسی سرکار محب وطنوں، دیش بھگتوں، ہندوستانیوں اور ہندوستان نوازوں کو پہلے سے ہی کچھ گردانتی نہ رہی ہے، اگر ہو گی بھی تو انہیں وہ اپنی جیب میں پڑے ہوئے ہی دیکھ پاتی ہو گی۔ اسی لئے اس کی توجہ مسلم ووٹوں اور ووٹ دینے والوں کی طرف ہی جاتی رہی ہے۔

کشمیر میں مسلم دہشت گردوں اور جماعت اسلامی کے درندہ صفت اہلکاروں اور غارتگری کے سرغنوں کے سامنے سرکار نے گزشتہ 6 سالوں میں کما حقہ گھٹنے ہی ٹیکے ہیں اور ان کو خوش کرنے کے لئے اس نے طرح طرح کے تعبیر یافتہ خواب دکھلائے بلکہ ان کے ذہنوں کو نقدی کا سبز باغ دیکر، دل و دماغ کو مال دیکر اور ان کے جسم و جان کو پھلنے پھولنے کے سادھن میسّر کر کے سرکار نے محض خزانہ عامرہ کا دروازہ انہی کے لئے کھول کر رکھ دیا۔ جہاں ایک روپیہ کے عوض ایک ہزار دیا جائے، وہاں لینے والے کا ایمان بک گیا کہ نہیں؟ اور جہاں مسلمان اپنا ایمان بیچ ڈالے، وہاں اسکو بے ایمان کہنا ہی پڑے گا اور جو بے ایمان ہو اسکو ایماندار کیسے برداشت کر سکتے ہیں۔ لیکن چونکہ اوّل سے آخر تک اس قسم کے سبھی لوگ اپنا ایمان روپیوں کے لالچ میں فروخت کر چکے ہیں، خواہ وہ ہندوستانی روپیہ تھا یا پاکستانی تھا یا پھر کسی شاطر عرب ملک

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کا تھا ۔ مقصد تو ایمان بیچ کر دولت بٹورنے کا تھا ۔

کشمیر میں بنیاد پرستی اور بغاوت گری کو ہوا دینے کا ارتکاب جرم مرکزی سرکار 1975ء سے آجتک برابر کرتی چلی آرہی ہے ۔ اور کشمیر کو ہندوستان کی اکائی بنائے رکھنے والے کشمیری پنڈت کانگریسی سرکار کے سامنے کسی شمار میں ہی نہیں آتے رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ کشمیری پنڈتوں کو تباہ ہونے دیا گیا، کشمیر سے اُجڑنے دیا گیا بلکہ کشمیر میں ہر مکان اُجڑنے دیا گیا، بھارت میں بکھرنے دیا گیا، موسمی تغیر و تبدل سے ٹوٹنے دیا گیا اور پھر ملول و غم میں مرنے دیا گیا ۔

چنانچہ اب سرکار کے چھالہ زدہ ہونٹوں پر بے دخل کئے گئے کشمیری پنڈت کا نام تک نہیں آرہا ۔ اگر سرکار کو کچھ ضرورت ہے تو وہ ہے :-

"اپنے سیاسی ڈاکوؤں، پیشہ ور قاتلوں
تندوری لیڈروں، اشتہاری مجرموں،
شعبدہ باز بردہ فروشوں اور منجھے ہوئے
اسمگلروں کو نام نہاد کے ووٹ کے آدھار پر

انتقال سے پہلے ہی اُنہیں ترنگے میں لپیٹ کر شاطروں اور دغا بازوں ڈاکوؤں اور وطن دشمنوں کی چار دیواری کے اندر لے آنا چاہیے اُن میں ہزاروں سکولر افراد، ہزاروں ہندوؤں اور ہزاروں دیش بھگت مسلمانوں کے قاتل بھی کیوں نہ شامل ہوں اور وہ بھی ترنگے اوڑھ کر ۔

سوال صرف مسلمان دہشت گردوں کی خوشنودی حاصل کرکے کانگریسی سرکار کے قیام کو عملی جامہ پہنانے کا ہے ۔ اسمیں یہ بدچلن سرکار کہاں تک کامیاب ہوگی، وہ محب وطن بھارتیوں کو دیکھنا ہوگا ۔ ویسے ہم دیکھ ہی چکے ہیں (نشاط دیوان)

کتب وانی جموں نومبر ۹۲ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کانگریس آئی کے خُدا و منسٹروں کے ابنِ خُدا

ایک ہی شخص کے دو مختلف رُخ ہیں، خُدا اور ابنِ خُدا۔ ایک پاسہ پلٹ لیا تو ووٹ بنک کے نمایاں طور پر بلکہ ذہنی طور پر غلام در غلام واقع ہوئے اور دوسرا پاسہ پلٹ لیا تو آؤ دیکھا نہ تاؤ اور شاہِ عالم بن کر اُسی ووٹ بنک کے مفاد میں مفروضہ بیان دینے کے لئے اندر اور باہر ظہور پذیر ہوئے اور فرمایا کہ:-

"ٹاڈا" کو ہٹا کر دوسرا کوئی ایسا قانون لایا جائے گا جو ووٹ بنک کے نمائندوں کو بے حد بھائے اور کہ وہ خوش رہیں، چاہے ووٹ بنک مخالف سمت میں چلتا ہی کیوں نہ ہو۔ اِدھر سوال رہا صرف غیر ہندوؤں کے ووٹ کھسکانے کا، باقی اللہ اللہ اور کچھ نہیں۔

ٹاڈا کے تحت وہی لوگ نظر بند ہوا کرتے ہیں، جو غیر محبِ وطن ہوں، مُلک دشمن ہوں، جو بُنیاد پرستی، کٹر واد اور دہشت گردی کو کھُل کر یا پسِ پردہ سمرتھن دیتے ہوں یا پھر دیش میں بدامنی، افراتفری اور فرقہ پرستی کو ہوا دیتے ہوں۔

ٹاڈا کو ختم کرنے کی مصلحت کیا ہے، یہ خود بیان باز اچھی طرح نہیں جانتا۔ وہ صرف اتنا جانتا ہے کہ وہ اور اُسکے دوسرے چالیس چور مرکزی حکومت پر دوبارہ مسلّط ہوں اور پھر وارے نیارے خوب ہو جائے اور وہ بھی مُلک دشمنوں کے سمرتھن سے پورے پانچ سال کے لئے۔

خدا اور ابنِ خدا ایک ہی سکّہ کے دو پہلو ہیں، جو دونوں ہی کھوٹے ہیں۔ بچّہ سقّہ اپنا سکّہ چلانے کو ہی اپنی خیر مانتا ہے اور نہیں سمجھتا کہ صرف اڑھائی دنوں تک ہی چمڑے کا سکّہ چل سکے گا کیوں کہ دھات کے سکّے دوسرے سبھی سکوں کو مات دیا کرتے ہیں۔

ہندوستان میں فی الحال حکمران پارٹی کمزور ترین پارٹی گردانی جا رہی ہے۔ یہ پارٹی سرکار سے ملکر خوب من مانی کرنے پر تُلی ہوئی تھی۔ لیکن مسٹر ٹی این سیشن نے اسے اور اسکے عہدیداروں کو ہمیشہ ہی سیشن سُپرد کر دیا۔ اور اس پارٹی کی ساکھ کو راکھ میں بدل کر رکھ دیا، جس کا غم اس پارٹی کے خداُ اور اُسکی حکومت کے ابنِ خداُ کو جھونک کی طرح چمٹا رہے گا اور نتیجہ کیا ہو سکے گا، اُسکی پیشین گوئی فی الحال نہیں کی جا سکتی۔

ٹاڈا کو ختم کرنے کے خلاف ایک قومی سیاسی پارٹی کی اسوقت اچھی خاصی ریاستوں پر حکمرانی ہے، یعنی بھارت کی لگ بھگ نصف آبادی ٹاڈا کے خاتمہ یا بدلنے کے حق میں نہیں، تو پھر یہ لوگ جو ٹاڈا کو ہٹانے کے حق میں ہوئے بتائے جاتے ہیں، کیا کچھ سوچ کر ایسا کرنے والے ہیں۔ کیا اُنہیں ملک کی ایکتا اور امن و قانون عزیز نہیں۔ یہ ایک اہم سوال ہے کہ جس کا جواب خدا یا ابنِ خدا کے ترجمانوں کو بہ جلدی دینا ہو گا۔

نثار

مئی 1995

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

خراجِ عقیدت — پنڈت شام لال دَر اب نہ رہے۔

سو ہائے کس کو موت نے گھیرا بہ اندازِ دِگر — کون تھا وہ جو اجل کے زیرِ داماں ہو گیا

24.1.1993 — کشمیری پنڈت جاتی کا ایک ہزار داستاں رحلت کر گیا

جموں و کشمیر کی ایک محبوب نامور شخصیت، ایک سوشل و سماجک کارکن اور ایک سیاسی رہنما کشمیری پنڈت سبھا جموں کے ایک وقت کے جنرل سیکریٹری اور جموں و کشمیر سیوا سمتی کے سابق صدر اور مختلف قسم کی درجنوں سبھا سنستھاؤں سے وابستہ اور جموں سے دل و جان سے پیار کرنے والے پنڈت شام لال در اُستاد محترم ابھی ۲۰ جنوری کو جموں کے ریلوے سٹیشن پر اپنے پریوار اور تمام تر بہی خواہوں دوستوں، عزیزوں، شناساؤں اور واقف کاروں کو سدا کے لئے داغِ مفارقت دے گئے۔ موت سے کسی کا فرار ناممکن ہے اور یہی پنڈت شام لال در کے ساتھ بھی ہوا۔

آپ بجائے خود ایک شخصیت اور آہنی ادارہ تھے۔ وہ ادارہ جو یگانگت، یکانگت، انسانیت کا انسانیت، ہمدردی کا ہمدردی، دوستی اور انکساری، شرافت اور صلاحکاری، محبت اور رواداری، اخلاق اور سمجھ داری، مروت اور جاں نثاری، اطاعت اور وفاداری، ملت اور ملنساری، غنچے اور غم گساری، رفاقت اور تعلیم کا ریا، تعاون اور سرداری، انصاف اور حق گزاری، عقلِ سلیم اور کفایت شعاری، سچائی اور وضعداری، حب الوطنی اور فرمانبرداری، دلہا اور دوستداری، نیک مشورہ اور کارگزاری، خدمت اور رہنماری کے کئی پہلوؤں سے مزین تھا۔

اب چونکہ پنڈت شام لال در ہم سے دور بہت دور جا چکے ہیں اور اُن کو واپس نہیں بلایا جاسکتا ہے، کیونکہ آج تک ایسا کبھی نہ ہو سکا۔ اور نہ آئندہ ایسا کبھی ہو سکے گا۔ اس لئے ہم کو بھی پنڈت شام لال در کے لئے بھاؤ بھینی شردھانجلی یہی ہوگی کہ ہم اُن کا جیسا سلوک اور اخلاق وغیرہ اپنا لیں اور کسی بھید بھاؤ کے بغیر ہر کسی سے دوستی کا ہاتھ بڑھاتے رہیں۔ اور ایک دوسرے کے غم اور خوشی میں شریک کار رہیں اور در صاحب کی طرح محب الوطنی کا ایک مکمل نمونہ بنا کر رہا کریں۔

پنڈت شام لال در سے محبت کا یہ عالم تھا کہ جموں کشمیر کا بھی ہر کوئی ان سے بخوبی واقف تھا۔ اعلیٰ افسروں اور اہلکاروں کی تو بات ہی نہیں۔ جموں کے منتری اُن کی دیرینہ دوست ہی تھے۔ آپ ہندوؤں کے ہمدرد تھے، اُن سے زیادہ آپ مسلمانوں کے بھی بہی خواہ تھے بلکہ آپ کو ہر فرقہ پرست عناصر اور ایسے لوگوں سے برابر پرہیز کیا کرتے تھے۔ آپ دھارمک کاریہ کرموں [illegible] آپ [illegible] کے لئے ہمیشہ پیش پیش رہا کرتے تھے۔ آپ نے زندگی بھر فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لئے کام کیا۔ اور جموں میں نیشنل کانفرنس اور عوامی نیشنل کانفرنس کو مضبوط بنانے میں بہت ہی اہم کردار ادا کیا۔ لیکن غلط باتوں کی خاطر آپ نے دونوں کو ترک بھی کر دیا۔ کیونکہ آپ باطل کو حق کہنے یا ماننے کے لئے کبھی بھی تیار نہ ہوئے۔ آپ اپنی قابلیت اور صلاحیت کے آدھار پر ہی اہم مشورہ دیا کرتے تھے۔ جو بھی آپ کے سمپرک میں آتا تھا۔ آپ کی بے مثل جدائی میں سارا جموں اور خاص کر کشمیری پنڈت جاتی افراد ہمیشہ کے لئے سوگوار رہیں گے۔ آپ کی آتما کی شانتی اور سوگواروں کی سہن شکتی کے لئے ہی دعا گو ہیں۔ [illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پھر عقلِ سلیم کا ایک اور چراغ گُل ہُوا!

جموں و کشمیر کے ایک مفکرِ اعلیٰ، ایک روحانی پیشوا۔ اسلامیات کے ایک مسلمہ محقق، قرآن و سُنّت کے پیرو کارِ اوّل، ایک مجسم اِنسانی شخصیت، ایک مُدبّر ایک روشن دماغ اِنسان، ایک خدا دوست، ایک جانباز۔ ایکتا کا علمبردار ہندو مسلم ایکتا کا ایک آہنی ستون، ہمدانی ٹرسٹ کے سربراہ، ایک مذہبی وسیاسی رہنما میرواعظ مولوی محمّد یاسین ہمدانیؒ کا سرینگر میں ۱۲ دسمبر ۹۳ء کو ۸۰ سال کی عمر میں اِنتقالِ پُرملال ہُوا۔ آپ کے حُسنِ تدبّر اور اخلاقِ حمیدہ سے سارے لوگ، کیا ہندو اور کیا مسلمان زبردست مانوس تھے۔ آپ کشمیر میں چل رہی پاکستان نواز غارتگری سے یکسر نفرت کرتے تھے اور اندر ہی اندر اشکبار ہُوا کرتے تھے۔

مجھے یاد ہے کہ ۱۹۷۶ء اکتوبر میں میری جب اُن سے سرینگر میں مُلاقات ہوئی اور میں نے اُنہیں قرآن شریف کی خوبصورت جلد اور مولانا ابوالکلام آزاد کی تصنیف کردہ ایک کتابچہ "دعوتِ حق" پیش کئے تھے جس میں دربارِ مامون رشید سے متعلق اِس بات پر مناظرہ درج تھا کہ :-
"قرآن خلق ہے یا مخلوق" ، تو وہ بہت خوش ہوئے اور میرا ماتھا چُوما۔ اور جیب سے تبرکاً چند کھجوریں اور شیرینی کے چند دانے نِکال کر میری ہتھیلی پر رکھدئے۔ میں نے جب اُن سے کلام کرنے کی سعادت حاصل کی، اُنہوں نے بھی ہدیہ اور معاوضہ میں میرے گہرے مطالعہ اور اندازِ بیاں کو خوب سراہا۔

میں ذاتی طور اُن کی بے مثل رحلت سے از حد غم زدہ ہُوں۔ آپ ماہنامہ کشپ وانی جموں کے زبردست عاشقوں میں سے تھے۔

میں مرحوم میرواعظ مولوی محمّد یاسین ہمدانیؒ صاحب کو اپنا خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے تمنّا کرتا ہُوں کہ خدائے بزرگ و برتر اُنھیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین اور سوگواروں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ (نِثار دہلوی)

(کشپ وانی جنوری ۹۴ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

طالع یعنی مقسوم

طالع ایک ایسا لفظ ہے کہ جس کے چلنے چلتے کئی معنی اور مطلب نکلتے ہیں ۔ یہ لفظ عربی سے چلکر اردو میں شامل ہو گیا ہے ۔ اور مذکر ہے ۔ ستارے کی نکلنے کی جگہ کو طالع کہتے ہیں ۔ نکلنے والی جگہ کو بھی طالع کہتے ہیں ۔ اقبال ، قسمت ، تقدیر ، حصّہ ، اندازہ ، مقدار الغیب ، بخت ، ٹکڑا ، بانٹ بخرہ ، درجہ ، جزوِ کتاب ، مقسوم ، خلاصہ ، آمدنی ، فائدہ ، حاصل ، مقدّر ، پیداوار یہ تمام الفاظ طالع کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں بلکہ طالع کے ہی جز ہیں ، مطلب ہیں اور معنی ہیں ۔ کئی لفظ مذکر ہیں اور کئی مؤنث ۔

طالع کی نسبت کشمیر کی ایک معروف و مشہور شخصیت ، ایک مسلّمہ استاد ، محقق ، ملفی شاعر اور تعلیم دان آنجہانی ماسٹر پنڈت زندہ کول مد ظلّہ نے ایک استادانہ شعر یوں کہا ہے ۔ ۔ طالعن ییس لوگ زالس ، گاٹہ جارس کیا کرے ۔

تقدیر میں جو کچھ بھی تحریر کیا ہوا ہوتا ہے ، الغیب میں جو کچھ منقش کیا ہوا ہوتا ہے اور لوح ازل میں جس قدر بھی عبارت درج کی گئی ہوتی ہے ۔ وہ کچھ جداگانہ نوعیت کی بات ہوتی ہے اور یہی الغیب قسمت کے مطابق جس کسی شخص کو جنجال میں ڈال دے ، وہ اپنی دانشمندی اور عقلمندی کو لے کر کیا کر سکتا ہے ۔ تدبیر کند بندہ ، تقدیر کند خندہ

تدبیر سے تقدیر کسی صورت بدل نہیں سکتی ۔ لوح ازل تو جنم پانے کے وقت سے ہی لکھی گئی ہوتی ہے اور اسی کے آدھار پر انسان نے اپنی زندگی میں مختلف مراحل طے کر کے ہی چلنا ہے ۔ کرنے کے بعد چلنا ہے ، رکنا ہے ، جھومنا ہے یا پھر بکھرنا ہے ۔ ہاں ایک بات ضرور ہے کہ تدبیر محنت اور بیر لیشرم سے تقدیر کی سخت قسمت اگر کہیں ہو آسان بھی ہو سکتی ہے ۔ بشرطیکہ انسان مسلسل جد و جہد کرے ۔

۔ اگر سنبھلے کوئی تو قدرت اسکا ساتھ دیتی ہے ۔ مگر یہ شرط ہے اُس کا ارادہ ہو سنبھلنے کا

اپنی دانشمندی کہ وہ شخص کس طرح بروئے کار لائے کہ جسکو طالع نے شکنجے اور جنجال میں ڈال کر رکھا ہو اور جب کہ اُس کا الغیب ہی ؛ ۔

تذبذب ، پریشان حالی ، فکرمندی ، جھوکم یا جوکھم ، اڑچن ، ماتم داری ، پثر مردگی ، معصیت ، الجھاؤ ، انتشار ، گوٹالہ ، بدمزگی ، ٹکراؤ ، خونریزی ، شر پسندی ، تنفر ، غرض مندی ۔ جھنجھٹ ، جھگڑا ، ،

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فساد، تکرار، بکھیڑا، بلا، مصیبت، تکلیف، آفت کا آئینہ ہو سکتا ہو
اُن تمام حالتوں میں کسی کی دانشمندی، چالاکی، ہوشیاری اور عقل مندی صفر
بن کر رہ جاتی ہیں، حالانکہ وہ پھر بھی تگ و دو کرتا ہے۔ دوسروں کے ساتھ
ردوقدح میں معروف ہو جانے کی کوشش کرتا ہے ہی، لیکن نتیجہ جو ہوتا ہے وہ
نفی کے برابر ہوتا ہے۔

بھارت کے سابق ااماہی وزیراعظم وی پی سنگھ کو کیا کہیئے۔
وہ ہیں جانتے تھے کہ اُن کو مقسوم میں جوت بیزار کے سوا کچھ نہ تھا۔ وہ
یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ اُن کے کتنے سارے بحرِ حوادث کو پار کرنا ہے یا
پار کرنا ہوگا۔ وہ جبریہ طور پر اپنا طالع ہنانے کے پیشِ نظر حکومت
کرنے کے لئے بھک منگوں کی طرح کشکول گدائی لیکر پھرے اور ایک
فاصلہ سے دان کے روپ میں اُن کے کشکول (کجکول) میں مشروط
طور پر کچھ ڈال دیا جائے گا اور اسطرح وہ حکمرانی حاصل کریں گے۔
چنانچہ اُن کی حالت غیر پر ترس کھایا گیا۔ اُن کے کشکول میں کچھ نہ کچھ ڈال
دیا گیا جو حکومت کی شکل میں وجود میں آگیا تھا۔

ڈوگری میں اُس حکومت کے لئے ایک موزوں لفظ ہے۔ "کبس"
یہ گیس روٹی چاول کی شکل میں (یعنی پکائی گئی صورتوں میں) مختلف گھروں
سے حاصل کی جاتی ہے اور گزارے کرتے جاتے ہیں۔ ایسا کھانے سے یہی
کچھ سنا گیا ہے عقل کام نہیں کرتی۔ انسان بھرشٹھ ہو جاتا ہے۔
اسکو دوسرے لفظوں میں حرام کے چٹکارے کہنا غیر واجب نہ ہوگا۔
(یہی حال وی پی سنگھ کا رہا)

بھیک مانگی دَیر میں دِن میں حرم میں رات کو
یوں اگر ہوں گے گزارے تو گزارے کیا ہوئے

اپنی مضبوطی اپنی ساکھ، اقبال اور زورِ بازو کے بھروسہ پر ہی حکومت کرنا کچھ اور بات ہے اور
ذکاۃ حاصل کرنے کے بعد حکومت چلانا کچھ اور ہی نوعیت کا مسئلہ ہے۔ لہذا جہاں یہ تضاد
موجود ہو وہاں کل کس رنگ کے کھلینگے یہ آپ لوگوں نے وی پی سنگھ کے زوال کے موقعہ پر دیکھا ہوگا
اسی کا نام ہے طالع شکستی۔ (ڈرنم و ناجرتا اکتوبر ۹۳ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری پنڈت جاتی کا وجود کیا خطرہ میں ہے

دِل کی بات اگر میں کہہ دوں
ہاتھ میں ہوں گے آپ کے پتھر

قدیم زمانہ میں پنڈتوں اور پارسیوں میں یگانگت تھی جسطرح کشمیری پنڈت مذہبی عقائد کے مظلوم ہیں ایسے ہی پارسی بھی ہیں۔ جیسے پارسیوں کے مذہبی عقائد ہیں ویسے ہی تقریباً کشمیری پنڈتوں کے ہیں۔ خوش لباس، خوش تقریر، خوش مزاج، رنگ و روغن، مستورات کی پاکدامنی اور تعلیم نسواں وغیرہ وغیرہ۔ ایسی درجنوں باتوں میں پارسیوں اور پنڈتوں میں مشابہت ہے۔ بڑا بھاری فرق یہ ہے کہ پارسی سرکاری نوکری کرنا عار اور پنڈت اسمیں فخر محسوس کرتا ہے۔ پارسی علم و ہنر کی تحصیل اور تجارت کے میدان کے لئے کل دُنیا کو کھلا پاتے ہیں اور اگر ہمارے ہاں کوئی ولایت کا سفر کرے تو ہم اب بھی اُس سے پرہیز کرتے ہیں بلکہ گئے وقتوں میں ترک کر دیتے تھے۔

دُنیا کا کاروبار اُس وقت بند ہو جائے گا کہ جب انسانوں کے دماغ سوچنے سے معطل ہو جائیں گے تو ہر انسان اپنی بہبودی کی فکر میں مصروف رہتا ہے۔ دُنیا کی کوئی قوم اپنے مستقبل کو روشن دیکھنے سے خالی نہیں۔ آج کل کے کچھ کشمیری پنڈتوں میں دو مختلف خیالوں کے لوگ شامل ہیں اور ان کے خیالات میں زبردست تضاد موجود ہے۔ ایک وہ طبقہ ہے جو یہ سمجھتا ہے کہ کشمیری پنڈت جاتی اب چراغ سحری بن کر رہی ہے اور آئندہ چند ایک برسوں میں صفحہ ہستی سے ختم ہو کر رہے گی۔ اور دھرم کا نام لیوا کوئی باقی نہ رہے گا۔ دوسرا طبقہ یہ سمجھتا ہے۔ یہ جاتی بڑی ہوشیار ہے اور فہم و فراست سے پُر ہے، زمانہ کے ساتھ ساتھ چلے گی اور اسکو تا حشر زوال نہ آسکے گا۔ بُرا سوچنے والے کہتے ہیں "کہ اب یہاں نہ ہمارا دھرم رہے گا نہ کرم" اِن کے لئے یہ کہنا کافی ہوگا کہ صاحب لوگو آپ نے خود دھرم سے کنارہ کشی کر کے ادھرم کی راہ کو اپنا کر بہت ہی موقعوں پر جھوٹ کا ساتھ دیا۔ جھوٹا کھانا تناول کیا وہ کچھ کھایا جسکی ہندو دھرم میں ممانعت تھی۔ آپ نے اپنے آچار وچار کو پہلے ہی نیلام کر کے رکھ دیا اور اب حرکت قلب بڑھ گئی دیکھ کر کہتے ہو "یہاں ہمارا نہ دھرم رہے گا اور نہ کرم" آپ نے اپنے اعتماد کو ان اُستدھ کر دئے۔ اب بھگت لو جو بھگتنے کے لئے سامنے آتا ہے۔ اسکے لئے دوسرا اور کوئی ذمہ دار نہیں۔

کشمیری پنڈت جاتی بھید بھاؤ کی لعنت سے کوسوں دور ہے یہ وہ جاتی ہے کہ جس نے ملک کی عظمت کو ہمیشہ ہی اپنے دھرم سے اوپر مانا ہے۔ اِس جاتی میں دانشمندوں کی کمی نہ ہونے کے کارن تفرقہ کی بات سے اجتناب ہی ہوتا رہا۔ کشمیری پنڈت جاتی نے ازل سے ہی آپسی بھائی چارہ کا پرچار کیا۔ اسی درخت کی آبیاری کی، اسکا پرورش کی ہے۔ ہندو مسلم سکھ ایکتا کے مجسم درخت کی شاخ تراشی نہ کی نہ کرنے کی کسی کو ترغیب دی ہے۔ اس جاتی نے ایکتا کے درخت کو خون سے سینچا ہے نہ کہ اسکی جڑوں پر تیزاب پاشی کی ہے۔ یہی کارن ہے کہ یہ جاتی ابتک اور آج تک زندہ ہے اور کن حالات میں زندہ ہے وہ اسوقت تذکرہ دوسرا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حتیٰ کہ اس جاتی پر زور زبردستی کب نہ ہوئی۔ متعدد بیرونی حملہ آوروں چنگیز خان اور اورنگ زیب وغیرہ جیسے لعینوں، مرتدوں، بے دینوں، گنہگاروں، سفاکوں، یزیدوں اور جلادوں کی کرتوتیں کیا رہیں، یہ ہم جانتے ہیں اور آپ ذی ہوش صاحبان بھی جانتے ہونگے۔ اُسکا ذکر چھیڑنا یہاں بے محل ہے۔ لیکن پنڈت جاتی میں دیا دھرم، کرپا کرم اور چھما شرم بدرجہ اُتم موجود ہونے کے کارن یہ ہٹانے سے پھر بھی نہ مٹی، نہ کبھی آگے ہی مٹ سکتی ہے۔

بادشاہ کو دوسری زندگی بخشنے کے لئے شری بھٹ ذمہ دار تھے۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ ہزاروں کارنامے ایسے ہیں جو اس بات کا بیّن ثبوت پیش کرتے ہیں کہ اس جاتی نے آپسی بھائی چارہ کو نبھانا ادھرم نہ سمجھا، پاپ نہ سمجھا، گناہ نہ سمجھا۔ حالانکہ اس جاتی نے اپنے وطن میں غاصبوں کو تحمل مزاجی سے برداشت کیا، کیوں کیا؟ اسلئے کہ ایک پاک شخصیت شاہ ہمدان صاحب رح تشریف لائے تھے اور اُنہوں نے کشمیر میں صرف چند ہفتے رہائش رکھنے کا بدل بنایا تھا، لیکن اُنہی ایام میں کیا کیا تبدیلیاں نمودار ہوئیں، وہ بھی یہاں زیر بحث نہیں لائی جا سکتی، البتہ اگلے مضمون میں کہیں پر ذکر ضرور چھیڑا جائیگا۔ آج اس جاتی کی قدر و منزلت گھٹانے کی ذمہ داری کس پر ڈالی جا سکتی ہے۔ یہ آپ صاحبان نے طے کرنا ہوگا۔ میرے مطابق "قدر و منزلت گھٹانا" وجود کو ختم کرنا ہے۔

کشمیری پنڈت گھبرایا کیوں ہے؟ شاید اس کا دل ڈانواں ڈول ہے۔ شاید اس نے دھرم کے اُلٹا کام لیا ہے اور اُس کا صلہ پایا ہے۔ اگر یہ اپنے وجود کے خاتمہ کا آج اپنے ڈھنگ سے اندازہ کرتا ہے یا یہ گمان کر چکا ہے کہ کشمیری پنڈت جلد از جلد خاتمہ کی طرف جا رہا ہے یا اسے ختم کرنے کا لائحہ عمل طے کیا جا رہا ہے تو یہ اپنی غفلت اور انانیت سے نافرمانی ترک کر کے چاک و چوبند ہو کر ان تشویشوں، ان اندازوں، ان خدشوں، ان غفلتوں، ان زیادتیوں، ان بے بسیوں، اور نافرمانیوں کا محاسبہ کیوں نہیں کرتا؟ ہم جانتے ہیں اسے کچھ کرنا نہیں۔ یہ صرف دوسروں کے کاندھے پر بندوق رکھ کر وار کا چکر چلا رہا ہے۔ اپنے اپنی ہی غلط سوچ سے اپاہج ہو کر رہا ہے۔ وقتی طور پر یہ جا بجا رہے اور یہ اپنے ہی دست مبارک سے اپنے قضا کو قریب لائے گا، لیکن خاتمہ ہونا ایسے نہیں صرف ایک ایک کا، تب تک دوسری جانب معرض وجود میں دو دو آچکے ہونگے۔ جیسے ہی اُن کو مستقبل دیدیں بھیک مانگنا ہوگی لیکن پھر بھی پنڈت مرے گا نہیں کہ اگر اسکو مارا نہ گیا، بلکہ یہ بھیک ہی پا مانگ سکتا۔

کشمیر میں پنڈتوں کا حشر آئے دن برا ہوتا رہا، اس بات سے کوئی انکار نہیں، ایسا ہی لگتا ہے کہ کشمیری پنڈت نہ رہینگے، نہ جوتی رہیگی، نہ جنیو، نہ پوجا پاٹھ، نہ دیا دھرم وغیرہ، سبھی کچھ ختم ہو کر رہ جائیگا۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سبھی کی عقل ماری جائے گی اور پھر سبھی کے سبھی مفلس ہو کر رہینگے۔ یہ بھی ایک منطق تھی خوش کلامی
تھی جو سنہ 1947ء تک زیرِ بحث رہی۔ دوسرا طبقہ یہ کہتا رہتا تھا کہ پنڈتوں نے مسلمانوں
کی بادشاہت دیکھ کر بھی اپنے قدموں میں ہرگز ہرگز لغزش نہ آنے دی۔ چوٹی، جنیو، دھرم
کرم وغیرہ ہر انفرادی پر موجود اور قائم رکھے۔ یہ وہ جاتی ہے جس کی ذہانت مسلّمہ ہے۔
معاملہ فہم اور زمانہ کی نبض پہچاننے والی ہے۔ بھگوان نے چاہا تو یہ جاتی دوسری
جاتیوں کے لئے مشعلِ راہ بن کر رہے گی۔ اور اپنی ساکھ فولاد کی طرح مضبوط بنا کر رکھیگی
یہ بھی سنہ 1947ء تک کہا جاتا رہا۔ لیکن اب ہمیں اس بات کا ثبوت دینا ہوگا کہ کشمیری پنڈت
جاگرت ہیں اور اپنے ہوش و حواس قائم رکھے ہوئے ہیں۔ یگانگت اور بھائی چارے کے مفہوم
کو عملی شکل دینے کے ہر صورت میں اہل ہیں۔ دھرم اور وطن کے نام پر بڑی بڑی قربانی دینے
سے عار نہ کریں گے۔ اور اس کا ثبوت ہم نے دے ہی دیا کہ جب حالیہ آتنک وادی
ماحول نے ہم کو ہماری عزت، آبرو، ناموس اور دھرم کرم بچانے کے لئے انگیخت کیا اور ہم
محفوظ رہنے کے لئے اپنی پیدائشی جگہ سے دور نکل کر دور دراز علاقوں میں جان کی حفاظت
میں چلے گئے۔ اس سے بڑھکر اور کیا قربانی دی جا سکتی ہے۔ جس جاتی نے مسلم دہشت گردی
کے کارن کشمیر میں 5/ کھرب روپیہ کی منقولہ وغیر منقولہ جائدادیں چھوڑ کر بھگوان کی بخشی
ہوئی قیمتی زندگی کو محفوظ رکھنے کے لئے آبائی گھروں سے قدم باہر نکالے۔ کیا وہ جاتی ختم
ہو کر رہ سکتی ہے؟ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ گو اس جاتی کے ابتک کوئی زائد از ایک ہزار افراد
قتل بھی کئے (یعنی ہندو جاتی۔ کشمیری پنڈت، غیر کشمیری پنڈت و نان سٹیٹ سبجکٹ ہندو) اور
[illegible] افراد مہاجروں کی حالت میں رحلت بھی کر گئے (صرف کشمیری پنڈت) پھر بھی کچھ نہ ہوا جاتی
مٹتی نہیں، کمزور پڑ سکتی ہے۔ ہمارے اپنے کارناموں سے، لیکن مر نہیں سکتی، ختم نہیں ہو سکتی۔
پنڈت جاتی ختم نہیں ہو سکتی۔ ہمیں اپنے اوصاف کو ٹھیک کرنا ہوگا، موجودہ وطیرہ کو بدلنا ہوگا۔
ایک دوسرے سے بغلگیر ہو کر رہنا، اپنی صفوں میں ایکتا لانا، ایک جان و دو قالب
ہونا ہمارے لئے از بس ضروری ہے۔ ہم بصورتِ دیگر ایک کمزور ایک لاغر اور نحیف جاتی کی طرح ہی
بحرِ سیاست اور بحرِ حوادث میں غوطہ زن رہینگے۔

کشمیری پنڈتوں کی حیات کو کس جگہ خطرہ لاحق ہوا۔ کشمیری پنڈت کی بقا کو خطرہ کب لاحق
ہوا۔ کشمیری پنڈت کی بقا کو کسی قسم کی کوئی پریشانی چھیڑ کر اس کے وجود کو کالعدم نہیں کر سکتی۔
جب جب مصیبتیں نازل ہوئیں تو اس جاتی نے بہ شوقِ تمام یا بہ حالِ پریشانی تمام تر
صعوبتیں، تکالیفیں اور مظالم جھیل کر اپنی ساکھ بھی بنائے رکھی اور اپنے وجود کو پائمال
یا نہ ہونے دیا۔ یہ ٹھیک ہے کشمیری پنڈت کی زندگی کئی انقلابوں کی آئینہ دار و عکاس ہے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ضمانت ہے بلکہ تاریخ ہے۔ اس پر ہر طرح سے ہر قدم پر ہر نفس پر بلکہ ہر گام پر عہد کہنہ اور قدیمی وقتوں سے وار ہوتا چلا آیا ہے لیکن اس کی ہڈیاں کہ سب کچھ ہنستے ہنستے یا روتے روتے برداشت کر لیا، اور اپنے کو صفحۂ ہستی سے مٹنے نہ دیا۔ وقت کے غلط اقداموں نے اسکے ساتھ زبردست کھلواڑ کیا اور چونکہ یہ اسکے دھرم کی پختگی تھی کہ ہر کچھ بلکہ سب کچھ سہتا گیا اور جہاں ضرورت محسوس کی درگزر کرتا گیا۔ بنیادی طور پر اس کا دل دلِ انسان ہے۔ دوسرے لوگوں کی طرح یہ سمت جان، شیطان صفت اور بزدیہ جبلّی نہیں۔ اس کا دل دلِ پُر رحم ہے۔ اس کا دل انسانی دل ہے اور اسکے مقابل میں غیر ہندوؤں میں ترحم اگر ہے تو کم تر ہی دیکھا گیا ہے۔ رحم دلی کا آئینہ و عکاسی نمونہ یا مجسمہ اگر دیکھنا ہو تو کسی کشمیری پنڈت کو تصور میں لائیے۔ جو کچھ اسکے ساتھ گزشتہ ۶۰۰ برسوں میں آ بنا یہ اسی کا حیقہ ہے کہ سب کچھ پسِ پشت ڈالتا گیا۔ آگے کی طرف گامزن ہوتا رہا ہے۔ کم ہو کر زیادہ بن کر رہا۔ اس نے ہمیشہ ہی ایک ضابطہ اخلاق، ضابطہ جان، آئینِ انسانیت کی پابندی کی۔ یہ حاسد نہ رہا۔ یہ انتقامی مزاج نہیں رکھتا اور انہی کارناموں سے یہ آج تک وجود کی صلیب پر لٹکتا رہا لیکن صلیب نہ پا گیا۔ جو اصحاب خدشہ ظاہر کرتے ہیں کشمیری پنڈتوں کی وجودیت کے داؤ پر لگنے کی، میں اُن کے احساس و جذبہ کا ہر صورت احترام کرتا ہوں لیکن میرے جو خیالات ہیں اور جو کچھ میں جان چکا ہوں وہ اُن اصحاب کے لئے کسی ٹکراؤ کا سلسلہ نہیں۔ خیال اپنا اپنا دماغ اپنا اپنا۔ میں اُن کے خیالات کا احترام کرتا ہوں اور کروں گا بھی لیکن میں اپنے موقف پر بہر صورت قائم رہوں گا۔

میں نے کشمیری پنڈتوں کے بارہ میں ۱۰۰ تا ۲۸۵ سالہ پرانا شخصیتی ریکارڈ وقتاً وقتاً پر کشیپ والی کے ذریعے برادری کے سامنے رکھا ہے۔ اور اس سے بھی پرانا ریکارڈ پیش کیا جا سکتا تھا۔ لیکن وادی کے بحران نے قلم کی سمت بدل کر رکھ دی۔ میں نے کشیپ والی میں ۴۰۰، ۵۵۰، ۷۷۵ اور ۱۹۶۰ سال پرانا کشمیری پنڈتوں کا ادبی تذکرہ پیش کیا ہے اور وہی کشمیری پنڈت آج کیا ہیں۔ چنانچہ لکھنے کا مقصد ہے کہ یہ لوگ کشمیر سے نکل کر ہندوستان کے مختلف علاقوں، ریاستوں اور سرحدوں میں کام کرتے رہے۔ اعلیٰ ترین عہدوں پر رہے بلکہ کہیں کہیں سربراہ بننے کی حد تک بھی پہونچے۔ تعلیم، قانون، انتظامیہ و مالی، رسل و رسائی و ریلوے، ڈاک و تار، وزیر تا دیوان، صلاحکار تا وزیر اعظم یہی کشمیری پنڈت بن کر رہا۔ لیکن نہ اسنے اُس وقت ہار مان کر واویلا کیا، نہ اسنے اپنے وجود کو خطرہ میں دیکھا۔ کشمیری پنڈت جاتی پر جابر اور ظالم مسلم حکمرانوں نے مقامی کرتا دھرتا وادیوں سے مل کر تابڑ توڑ حملے کئے، ظلم ڈھائے، دُرگتی بنانی چاہی لیکن وہ سب کچھ برداشت کرتے رہا اور اپنے وجود کو ختم ہونے یا خطرہ میں پڑنے نہ دیا۔ انہی کشمیری پنڈتوں کی اولاد در اولاد

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اپنا پرمپرائیں، مریادوں، دھارمک ریتی رواجوں کے ساتھ بھارت کی تقریباً ہر ریاست
ہر شہر اور ہر قصبے میں نمایاں ہیں۔ ہاں ان میں کہیں کہیں زبان کی لغزش ہے لیکن بیشتر کشمیری
بولنے سے چنداں بھی نہیں گھبرائے اور نہ کتراتے ہیں۔

۱۳۸۴ء اور ۱۳۸۶ء میں کشمیر میں دو بار شاہ ہمدان صاحب کوئی ۷۰۰ لوگوں کو لیکر آئے
اور وہ ۷۰۰ سید زادے اور زادیاں آج کے ۵ یا ۶ لاکھ ہو گئے۔ یہ لوگ ان سے تین گنا
تعداد کابل میں شیعہ فرقہ کے ہاتھوں قتل کروانے کے بعد اور زبردست مار کھا کر کشمیر میں
دوسری بار آئے تھے (گویا دو ہزار سے زیادہ سید زادے اور زادیاں قتل کئے گئے تھے) اور
اپنے منتقمانہ جذبہ کو لیکر وادی میں کشمیری پنڈتوں پر ٹوٹ پڑے کیونکہ تب کشمیر میں دوسری
کوئی آبادی نہ تھی۔ چونکہ جابر اور مرتد مسلمان حکمرانوں نے اپنے کمال فن سے دھرم پریورتن
کروا کر پنڈتوں کو مسلمان بنایا تھا۔ ان کے رشتے کروائے گئے اور لگ بھگ تمام سید
زادیاں پنڈت مسلمانوں کی زوجیت میں آگئیں اور انہوں نے اپنے پوتر ہوتے ہوئے اپوتر
خون کی ارزانی سے مسلمان مستورات سے پھول اگانے شروع کئے جو سید اور پنڈت ہونے کی
وجہ سے بنیاد پرست، کٹر وادی اور فرقہ پرست نکلے اور انہی کی اولاد آج کشمیر میں پھیلی ہوئی
ہے چھائی ہوئی ہے۔

(مرحوم ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دینے پر کشمیر میں جماعت اسلامی کو محسن کش
کرنے پر ڈکٹیٹر ضیاء الحق نے کہا کہ کشمیر میں براہمن زادے مسلمانوں نے
جماعت اسلامی کے کارکنوں کو مار ڈالنے کا سلسلہ شروع کیا۔)

اس بات کے ذکر سے میرا منشا صرف یہ ہے کہ سبھی لوگ دھرم پریورتن کے حق میں نہ ہوئے
اور انہوں نے پنڈت ہو کر ہی زندہ رہنے کی کوشش کی اور کامیاب رہے کیونکہ دھرم
اور ایمان میں پختگی تھی۔ جو جبر میں مسلمان ہوئے وہ مجبور تھے، معتوب تھے اور
محبوس تھے اور آج میں ان کے حق میں اسی فورم میں دعائے مغفرت پیش کرتا ہوں
کہ جنہوں نے ترکِ دھرم کیا اور اولادِ نا خلف پیدا کر کے خود ابدی نیند سو گئے +

کشمیر پر پاکستانی درندوں کا ۱۹۶۷ء کا حملہ کسی کو یاد نہیں۔ اُس وقت ریاست کا حکمران
کشمیر چھوڑ کر چلا گیا تو کسی کشمیری پنڈت کا کشمیر سے باہر کسی اور جگہ پر منتقل ہونا کوئی اچنبے کی
بات نہیں۔ جن جن اصحاب کو حالات نے مجبور کر دیا، واقعات نے ترغیب دی، حالات نے
اشارہ دیا اور سوچ نے تجویز بخشی وہ وہ اصحاب کشمیر میں اپنے حقوق کو تلانجلی دے کر بنا وقتی
طور پر تارک بن کر یعنی مائیگرنٹ بن کر اور باہر عارضی طور پر جہاں جہاں ممکن ہوا اور نصیب
لے گیا، آباد ہو گئے اور آج تک بوجہ کاروبار، ملازمت اور دوسری مصروفیات آباد ہیں۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

راجہ مہاراجہ میں ہندو سرکار کے مختلف دفاتر اور شعبوں میں ان میں سے بہت سے پنڈت اعلیٰ عہدوں پر پچھلی چار دہائی سے چھائے رہے اور آج بھی کہیں کہیں ظاہر ہیں۔ اسی طرح بیرونی ریاستی حکومتوں میں بھی ان میں سے کئیوں نے اعلیٰ عہدے حاصل کر لئے۔ لیکن یہ بھی صورت مرے ہیں، گو پیدائشی جگہ سے بہ دلِ ناخواستہ یہ دور بہت دور نکل چکے تھے اصلی مائیگرنٹ یہی ۱۹۴۷ء سے قبل تک نکلنے والے ہیں۔ آج کے کشمیر چھوڑنے والے بندوق کی نوک پر لئے دخل شدہ ہیں مائیگرنٹ ہیں، ہجرت کار ہیں، سیاح ہیں مہاجر ہیں تارک ہیں۔

آپ کو معلوم ہوگا کہ ڈوگرہ شاہی میں ۱۹۳۱ء سے ۱۹۸۹ء کی تانا شاہی تک کشمیر میں پنڈت جاتی پر ہر ہوا اتیاچار ہوتا رہا۔ ڈوگرہ حکمرانی سے قبل انتہائی جبر و تشدد کا بازار کئی بار گرم کیا گیا اور کشمیری پنڈتوں کے ساتھ انتہائی درندگی دکھلائی گئی اور قید و بند میں رکھ کر لاکھوں کو مسلمان بنا کر چھوڑا گیا۔ ان کے گنے چنے جن کی اولاد ماسوائے چند کے آج کے کشمیری مسلمان ہیں، جو دو غلے ہو کے گناہ واد کے پابند ہو چکے۔

چونکہ ۱۹۸۶ء سے مسلمانانِ کشمیر نے کشمیری پنڈتوں کے ساتھ فروری میں اننت ناگ میں کھلواڑ شروع کیا۔ تب دہشت گرد اپنی شکل میں نمودار نہ تھے۔ وہ حملہ جو ضلع اننت ناگ اور ٹلواڑہ میں ہوا وہ دیہاتی مسلمانوں نے کیا اور ہر قسم کی ہیرا پھیری اور جلا ڈالیں۔ مندروں کو تہس نہس کیا اور ایسا کرنے کے لئے ریاست کی مخلوط سرکار ذمہ دار تھی۔

ویسے کشمیر میں قتلوں کا آغاز در پردہ ۱۶ جون ۱۹۸۶ء سے ہی شروع کیا گیا۔ جب گنپت یار کے سادھو شری گری (باباجی) کو قتل کیا گیا اور ان کے اعضائے بدن کاٹ کر ادھر ادھر پھینک دیئے گئے۔ پھر ۱۴ جنوری، ۱۸ جنوری، ۲۷ جولائی اور ۳ نومبر ۱۹۸۶ء کو چار پنڈت قتل کئے گئے (چمن لال بٹ کھنہ بل، سید کنٹھ پہلگام، اشوک کمار سرینگر تھانہ اور اسکے گجو بیربر شاہ) اور پھر ۹ دسمبر ۱۹۸۸ء کو کیشو ناتھ پجاری وچار ناگ مندر کا قتل ہوا اور پھر ۷ مارچ ۱۹۸۹ء کو ہری سنگھ ہائی اسٹریٹ میں شریمتی پربھاوتی بٹ سکنہ ناگام کو بڑی طرح گھائل کر کے موت سے ہم کنار کیا گیا۔ یہ سلسلہ جاری ہی رہا اور پھر تھوڑا ناتھ میر اخور بال گاڑن نرسنگھ گڑھ کرن نگر کے مکان پر بم دھماکے کے بعد سیدھے ملہ پر کلاشنکوف رائفل کو استعمال کر کے شری ٹکا لال ٹپلو ایڈووکیٹ کا قتل دن دہاڑے ۱۴ ستمبر ۱۹۸۹ء کو حبہ کدل ایریا میں کیا گیا۔ ان قتلوں کے ہوتے اور لگے میں جموں کشمیر آرمڈ پولیس کا بالکل بالکل ہاتھ رہا، کیونکہ یہ فورس ڈاکوؤں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

لٹیروں، اُٹھائی گیروں، دراندازوں، بھیک منگوں، جیب کتروں، پاک ایجنٹوں اور اسمگلروں سے قائم کی گئی تھی۔ اِس فورس میں جب کئی بٹالین قیام پا چکیں تو نام نہاد اسکولرازم کے نام پر اسمیں دیگر فرقوں سے بھی بھرتی کی جانی شروع ہوئی۔

ع اپنے پاپ کا ہم کفّارہ کب کریں گے ادا اے نشار
روزِ جزا یا روزِ اوّل، یہ بھی قیامت وہ بھی قیامت

المختصر چاہیئے تو یہ کہ کشمیری پنڈت جو کوئی اب جہاں پر بھی ہو، آج کا ہو یا کل کا ہو یا پرسوں یا ترسوں کا ہو نگاؤ کے دھاگے میں اپنے آپ کو پروئے۔ نظریاتی اُلجھنوں سے ہٹ کر اپنے دھرم کرم کے سنہری اصولوں کو از سرِ نو لبیک کہے۔ آپسی بھائی چارہ کی اہمیت کو سمجھے، ایک فطرت بن کر سوچے اور آپسی سہیوگ کو یقینی بنائے۔ دھارمک سنستھاؤں کی رکھشا کے لئے دل و جان کی بازی لگانے کی اہلیت پیدا کرے۔ بجنی، دیش، امن اور برادری دشمنوں اور اصول گھاتکوں کے ساتھ دانائی سے لڑے۔ اپنے حق کے لئے سرکار سے بھی دوبدو لڑے۔ نیک کاموں کے لئے فراخدلی سے دان دیا کرے۔ نوکری کے بدلے دوسرے ذرائع معاش پیدا کرے۔ اِنہی باتوں کے صدقے برادری کی مضبوطی یقینی بھی بن سکے گی اور فولادی بھی، بھلے ہی ہم مادرِ کشمیر سے وقتی طور پر نکل کر بکھر پڑے ہیں لیکن ہیں زندہ درونِ دنیا اور یقیناً ہمیں اپنی مادرِ کشمیر میں ہی پہنچ کر اپنے وقت پر سر پر بتیا گئے ہوئے، اُسکے لئے ماحول کی زرخیزی کو یقینی بنانا ہوگا۔

ع کل تلک میری بستی میں جو لوگ تھے، وہ مجھے آج لگتے ہیں مفرور ہیں

لیکن سے کشمیری پنڈتوں کا اخراج خدا اور اُسکے نائب بھی نہیں کر سکتے، اسلئے کہ یہ جاتی انسانیت کی قدر کرتی ہے۔ خدائیت پر فدا ہوتی ہے۔ بھگوان کا ہمیشہ خوف کھاتی ہے رحم دل ہے اور اپنے دل میں ہر کسی کے لئے عزت کی بھاؤنا رکھتی ہے، جو بھگوان کو ہر لحاظ سے عزیز ہے۔ جو کچھ گذشتہ چار برسوں میں کشمیر میں ہوا، یہ مسلمانانِ کشمیر کو مسلم دہشت گردوں اور اسلام دشمن پاکستان نواز کٹر پنتھیوں کے ہاتھوں تمام دُنیا میں ذلیل و خوار کرنے کا سادھن بنانا تھا اور شاید خدا کی بھی یہی مرضی تھی اور کمالیا ،،

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پیغمبر صلعم کا بھی یہی منشا تھا۔ کیونکہ باطل حق کو جھٹلانا چاہتا ہے جو بھگوان کی مرضی میں شامل نہیں اور جو خدا کو بالکل ناپسند ہے۔ اسلئے جھگڑے میں پڑنے کی ضرورت ہی کیا؟

؎ دن ہوئے ماتم کے پورے اے نثار
اشکباری ختم ہونے لگ گئی

بس رہا کشمیری پنڈت کا وجود۔ یہ ہر کروٹ قائم رہے گا۔ ہر صورت باقی رہیگا بلکہ یہ دائم بھی رہے گا۔ اِسکو جھینگر نہیں نگل سکتا۔ اسکو غیر ہندو تلف نہیں کر سکتے۔ اسکو سرکار فنا نہیں کر سکتی۔ صرف مضبوط دل اور پکا ارادہ ضروری ہے۔ ہر سختی کا مقابلہ کرنا ہے۔

ویسے کشمیر چھوڑنے پر بھی کشمیری پنڈت خطرہ سے باہر رہا۔ بقولِ ڈاکٹر جو خطرہ سے باہر رہا وہ بچ گیا اور صحت یاب ہو کر زندہ رہا۔ اُسکو ہرا نہیں کہتے ہیں۔

؎ جس فسانے سے مرا احساس جاگا تھا کبھی
اُس فسانے کے مقابل میں کہانی کچھ نہیں

؎ یہ مرا بھی ہے عقیدہ اے نثارِ دلِ حزیں
دورِ حاضر میں کٹھن ہے زندگی انسان کو

؎ ولولوں کے ساتھ کر گزرو جہاں تک ہو سکے
زندگی کا ایک مدت بعد چھٹتا ہے سُماب

؎ سر کو تیرے کاٹ کر چھوڑیں گے وہ تم کو نثار
روبرو اُن کے ذرا انکار کر کے دیکھنا

اب تتمہ پر آچکا ہوں اور معذرت خواہ ہوں۔ دیر کافی لگا دی میں نے

بی این بھان نثار دہلوی (کلشپ والی نومبر ۱۹۹۲ء) 18.10.92

AIKS MAC SEMINAR - BALWADI JAGRITI NIKETAN

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اِسلام دھرم کے پیرستاروں نے بھی تلسی کے پتوں کی اہمیت تسلیم کی ہے۔

بیجوں میں تیل کے علاوہ لیس دار اجزا ہوتے ہیں۔ پتوں سے زرد رنگ کا سبزی مائل فرازی تیل نکلتا ہے۔ جو تھوڑی دیر پڑا رہے تو اسکی خشک قلمیں بن جاتی ہیں جن کو "Basil Camphor" کہتے ہیں۔

تلسی اور رام تلسی کے پتوں سے جو کیمیاوی عناصر میسر آئے ہیں ان میں "Thymol Eugenol" زیادہ اہمیت رکھتے ہیں، ان میں "Mythyl chayicol Eugenol" بنیادی طور پر لونگ میں پائی جاتی ہے اور دانتوں کے درد دور کرنے میں بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ Thymol اسکے علاوہ صعتر میں بھی پائی جاتی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے گھروں میں دھونی دینے کے لئے مناسب قرار دیا ہے۔

کیمیاوی عناصر کی خوشبو کی وجہ سے تلسی کی تمام قسمیں کیڑوں مکوڑوں اور مچھروں کو بھگاتی ہیں۔ اس لئے بعض ماہرین ملیریا کے انسداد کے لئے گھروں کے آس پاس تلسی کی جملہ اقسام کی کاشت کو بڑا مفید قرار دیتے ہیں۔ کافور ایک خاص درخت کے تیل سے حاصل ہوتا رہا ہے۔ لیکن امریکہ میں ۱933ء میں مصنوعی کافور بنانے کے کامیاب تجربات کے بعد ہندوستان کے ادارہ تحقیقات جنگلات ڈیرہ دون نے کپور تلسی یا ریحان کافوری سے ایک تیل حاصل کیا۔ یہ تیل تلسی کی اس قسم میں وزن کا 5 فیصد پایا جاتا ہے۔ اس تیل سے ہندوستان میں ۷۶ سے ۸۰ فیصدی خشک کافور حاصل کیا جو کہ کیمیاوی طور پر بھی کافور ہی ہے۔ اس سے کافور کی قیمت نمایاں طور پر کم ہو گئی۔

لمبے پتوں والی تلسی کے خشک پتوں کو چائے کی طرح اُبال کر پینے سے گردہ، مثانہ اور پیشاب کی نالی کی سوزش ٹھیک ہو جاتی ہے۔ (ہم نے ذاتی تجربات میں اسکی جوشاندہ میں شہد ملاکر اچھے نتائج حاصل کئے ہیں)

تلسی کے پتوں کا رس نکال کر اس میں شہد ملا کر نہار منہ (یعنی صبح سویرے کچھ کھائے بغیر) پینے سے چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے۔ اسے طویل عرصہ تک استعمال کرنے سے اکثر داغ بھی اُتر جاتے ہیں۔ یہی رس کان درد کے لئے اکسیر ہے۔ چند قطرے ڈالنے سے درد فوراً جاتا رہتا ہے۔

کپور تلسی کے پتے پیس کر نہار منہ کھانے سے پیٹ کے بڑے کیڑے مر جاتے ہیں۔ ویدک طب میں سانپ کاٹے کے لئے اس کے پتوں کا رس بار بار دینا تریاق بتایا جاتا ہے۔

ویدوں کے مطابق مریض اگر بے ہوش ہو تو یہ رس اس کے کانوں میں ڈالا جائے، ناف میں ڈالیں اور جسم پر مالش کریں۔

یقین کیا جاتا ہے کہ تلسی کے پتوں اور شاخوں کا ہار بنا کر اگر مستقل پہنا جائے، تو جراثیم سے ہونے والی اکثر بیماریاں دور ہوں گی بلکہ ان کی خوشبو سے کئی ایک بیماریاں ٹھیک ہو جائیں گی۔ جڑ کا سفوف اگر بچھو کاٹے پر ملا جائے تو درد ختم ہو جاتا ہے۔ تلسی کے بیجوں کو گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھول کر کے قے، متلی اور اسہال میں فوری فائدہ کرتا ہے۔ (ماہ اپریل ۹۶ء کے کتب وانی کا پہلا حصہ (ماہ مئی کے شمارہ میں درج کیا گیا دوسرا حصہ یوں ہے)

ہم نے اپنی کالموں میں گذشتہ شمارہ میں لکھا تھا کہ تلسی کے پتوں اور پودوں کی اہمیت خود حضرت محمد صاحب صلعم نے بھی بیان فرمائی ہے اور چاہا ہے بلکہ تجویز فرمائی ہے کہ "تلسی کے پودے گھر کے چاروں اطراف جھنڈوں کی صورت میں اُگائیں یہ انتہائی مفید ہے وغیرہ وغیرہ"۔

اس سلسلہ کو بحال رکھتے ہوئے ہم یہ عرض کرنا چاہیں گے کہ "تلسی کا پودا مارچ سے لیکر جون تک لگایا جا سکتا ہے۔ ستمبر اور اکتوبر میں اسمیں پھول لگنے شروع ہوتے ہیں (باقی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور پھر بہار کے دنوں میں [illegible]
میں بھی کہیں کہیں تلسی کے پھول نکلتے ہیں اور مئی-جون میں اسکے
بیج ہی پکتے ہیں - یہ آب و ہوا پر منحصر ہے)

ہندو دھرم شاستروں میں تلسی کے مختلف نام بیان کئے گئے
ہیں "بہو منجری، ویشنوی، سرسا، گرامیا، سلبھا،
دیو دندوبی، شنگدھا، گندھا ہارنی، امرتا، پتر پشپا، شیاما
راسا، گوری، سر ہلری، دشنو ولبھا، سرلی، شول گھنی، بھوت گھنی
ہتردش منجری، پنشنوی، تکشی، اچلا، شری، دھرمیا،
ذلوی، سمجھنگائنی اور پارنی وغیرہ -

کمار بک ڈپو لکھنؤ کی چھاپی گئی کتاب "ڈاکٹر تلسی" صفحہ 3
پیراگراف 3 میں تلسی کے مختلف زبانوں میں لئے جانے والے نام درج
کئے گئے ہیں - فارسی میں تلسی کو "ریحان" اور "شاہ شبغرم" کہا جاتا
ہے - عربی میں "اُلسی بدرونت" - لاطینی میں "اوسی میم آلبیم"
جبکہ انگریزی میں "دم نٹ لے سِل"، "ہولی بے سِل"، "سیکرڈ بے سِل"
اور جرمنی میں "ماننکل" جبکہ فرانسیسی میں "بیسلک بیزٹ"
کہتے ہیں -

ابن القیمؒ نے تلسی کے مختلف ناموں کی ایک اور تقویم پیش
کی ہے جو حکیم چوہدری کے صفحہ نمبر 135 میں درج کی گئی ہے -
انگریزی میں "اوسی میم" (برطانیہ میں "ہیر ہا سٹاکر بے سِل")
عراق میں "حبق ریحان"، شام میں "حبق"، ایران میں "کپور تلسی"
"ریحان سلیمانی" یا "کافوری" (فارسی میں "اسفرم" اور "سپر غم")
عرب میں "حب الآس" (عربی میں "ریحان") بھارت میں "تلسی"
اور نور انیدہ پاکستان میں "تلسی ریحان"، فرانس میں "لی بیزٹ"
اور فرنچ میں "حجاکھلی"، لاطینی میں "آلبیم" اور امریکہ میں "سیکرڈ بے سِل"
ہندی میں "تلسی" اور اردو میں "ریحان تلسی"، جارڈن میں
"فرنجمشک"، عبرانی میں "سپر غم" اسکے علاوہ "حیات نو"
کتاب مؤلف درگا پرشاد عارف پارک ٹاؤن مدراس میں
چھپی اردو کتاب میں تلسی کے کچھ اور نام دئے گئے ہیں جو یوں

ہیں [illegible] کو "بانلڈ" کہتے ہیں آسٹریلیا [illegible]
"سیکرڈ فلور" اور روسی زبان میں تلسی کو "بندوق" [illegible]
البانیہ والوں نے تلسی کو "ٹاسی" کے نام سے یاد کیا [illegible]
براعظم افریقہ کے بیشتر ملکوں میں اسے "گل ہند" [illegible]
"مادر" "برنڈائی" "تولسی ریحان" اور "سیکرڈ سینڈ" [illegible]

اسکے علاوہ "ڈاکٹر صفی الدین" نے تلسی کو بھارت کی [illegible]
ہے - اور کہا ہے کہ "ہندو دھرم کے شاستروں اور ویدوں
میں تلسی ایسے مقدس پودے کا خوب ذکر کیا گیا ہے اور [illegible]
تفصیلی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ "حاذق الحکماء" [illegible]
ڈاکٹر صفی الدین نے بیان کیا ہے -:-

"حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے سات سو برس [illegible]
ہندو فلسفیوں، براہمن دانشوروں، بارعب تاجر [illegible]
اعلیٰ ہنرمندوں اور محترم اُستادوں نے اپنے مذ[illegible]
اور زور شور کے مطابق [illegible] استعمال کرنے کے لئے تلسی کے [illegible]
بیج اپنے ساتھ لئے اور دنیا میں جہاں جہاں بھی وہ گئے [illegible]
نے وہاں تلسی اُگائی - حتیٰ کہ تمام موجودہ عرب علاقوں [illegible]
دلیشوں میں بھی تلسی کے پودے اقسام در اقسام پیدا [illegible]
مٹی، آب و ہوا اور علاقائی ماحول کے مطابق تلسی کے [illegible]
اُگ آئے -"

"تلسی کے خاندان سے تعلق رکھنے والی دوسری چیزوں کے علاوہ
بتایا گیا ہے کہ "جنگلی پودینہ" جس کو کشمیری میں "وَنہ" کہتے [illegible]
اور وہاں کے براہمن لوگ پوجا پاٹھ میں استعمال کرتے ہیں، تلسی کی
قسم عام ہے بہن بھی ہے - یہ دریاؤں اور نہروں کے کناروں پر [illegible]
ہوتی ہے یا پھر گھنے جنگلوں میں بھی پائی جاتی ہے، جہاں [illegible]
پانی کی نمی کافی وقت تک قائم رہا کرتی ہے -"

"ایک اور قسم جو براہ راست تلسی سے تعلق رکھتی ہے وہ ہے
"پودینہ" - اسکو کھانے کے کام میں لایا جاتا ہے - یہ مختلف امراض [illegible]
اکسیر کا کام کرتا ہے -" فرہنگ میں اسکو حبق کا نام دیا گیا ہے -
"تلسی کی ایک اور شاخ ہے "بربری" (جسکو کشمیری بولی میں [illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

3 کہتے ہیں۔ اس بُوٹی کو برہمن لوگ زیادہ تر پوجا کے کام میں لاتے ہیں۔ خاص کر شوراتری کے مبارک پرب پر - اس کے بیج پانی یا دودھ میں بھگو کر جسم کی گرمی کو خارج کرنے کے لئے پیا جاتا ہے۔"

"پودینہ"، "جنگلی پودینہ" (ونہ) اور "بربری" (ببری) یہ سبھی گرد خوشبودار ہیں۔ تلسی سینکڑوں بیماریوں کا واحد علاج ہے اور اس کی حیثیت اعلیٰ اور ارفع ہے۔ جنگلی پودینہ (ونہ) ہندو لوگ پوجا پاٹھ میں لگاتے ہیں۔ حالانکہ تلسی مخصوص پوجا میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ پودینہ کھانے کے کام آتا ہے اور شو روگوں کا علاج بھی ہے۔ بربری۔ اس کو مالیخولیائی خرابیاں دور کرنے کے لئے اُگایا جاتا ہے۔ سانپ اس کا عاشق ہے۔ اس کے پتوں پر پانی پڑتے ہی خوشبو کی لپٹیں اُٹھا کرتی ہیں"۔

روایت ہے کہ بھگوان شری کرشن کو تلسی زیادہ عزیز تھی۔ ایک اور فارسی کتاب "رحمت نہر" میں تلسی کی بے حد تعریف کی گئی ہے۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں اور زبانوں میں تلسی کو کیا کہتے ہیں یہ بھی اس کتاب میں درج ہے۔

نجف میں "کافوری" جبکہ عراقی میں اسے "حبق ریحان" کہتے ہیں عربی میں "حب الآس" اور عرب میں "ریحان"۔ شامی میں "حبق" جبکہ عبرانی میں "سیر بحم" اور مصر میں "ریحان ہندی" فارسی میں "اسفرم" جبکہ فارس (ایران) میں "کیوڑ تلسی" کہتے ہیں۔ ایران میں کہیں کہیں "ریحان سلیمانی" بھی کہتے ہیں انگریزی میں "ادیسی مم" جبکہ برطانیہ میں "ایس بیسل" کہتے ہیں۔ جارڈن (یردن - اردن) میں "فرنجمشک" اور فرانسیسی میں "[illegible]" اور گجرات میں "شری تلسی" کہا کرتے ہیں" (مادر یتے) ترکی میں اسے "بادر انکہ" کہتے ہیں جبکہ [illegible] اور [illegible] دنیا [illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یوم آزادی کی مبارکباد
سرکار کو دینے کے لئے
ہمارے پاس
کچھ بھی نہیں ہے۔

تخم ہندی کی خاصیتیں
CHICORY SEEDS
گذشتہ سے پیوستہ
ایک مطالعہ

در حقیقت حکیم اسد اللہ ترمذی اپنی ایک لاثانی کتاب "جواہر رحمت" پبلشرز تاج کمپنی لاہور صفحات 187 تا 196 میں لکھتے ہیں کہ:-
"میں نے کشمیر کے مختلف باغات کی سیر کے بعد پہاڑوں کی طرف رخ کیا جہاں میں نے 12 ربیع الثانی 1302 ہجری سے 23 تاریخ تک قیام کیا اور مجھے عبدالصمد نامی ایک شخص (جو راہبر کا کام کرتا تھا) ویراپہا... کی طرف سیر کو لے گیا، جہاں میں نے ناروں میں عجیب نوا کی ... دیکھیں اور پھر جنگل کی طرف چلتے چلتے میں نے کچھ خوشبودار پودے دیکھے۔ طبیعت بہت خوش ہوئی۔ جنگل میں بے حساب اُگی ہوئی ہرے پتوں کی ایک جڑی بھی دیکھی۔ جنہیں اچھی مہک تھی۔ میں نے چار پانچ پتے دھو کر منہ میں سرسری طور پر رکھے۔ کچھ دیر بعد میرے تمام جسم میں حرارت سی آگئی اور میرے داہنے پیر کے جو موچ آئی ہوئی تھی کا درد بھی کم ہونے لگ گیا۔ چنانچہ میں نے اسی جڑی کی کوئی 20 بیس ایک ٹہنیاں کاٹ لیں اور اُسے موضع تیل بل میں عبدالصمد کے ہم زلف عبدالشکور بٹ صاحب کے دولت خانہ پر دھو دھا کر ابالا۔ ایک پیالہ عرق میں ایک تولہ دیسی کھانڈ ملا کر پی ڈالا۔ اور کھانا تناول کرنے کے بعد سو گیا۔ کوئی پانچ گھنٹے کی بے حسی کے آرام سے جب فارغ ہوا تو دیکھتا ہوں کہ اعضائے بدن چست ہو چکے ہیں۔ پیر کی موچ کا درد مکمل طور پر ختم ہو گیا تھا۔ دوسرے روز میں اُسی جگہ پر گیا اور عبدالصمد کی معاونت سے میں نے کوئی پانچ سیر جڑی کاٹ کر لائی۔ اسی دوران میں نے ایک چیڑ کے پیڑ پر ایک تختی لعب کی ہوئی دیکھی، جس پر لکھا تھا "جواہر رحمت" اسی علاقہ میں ہے۔ "ہند" ایک اکسیر کی مانند ہے۔ اسکو استعمال میں لایا کریں۔ یہ نئی دبّی، بدن میں چستی لائے گی۔ یرقان۔ ذیابیطس اور ... کے لئے اچھی چیز ہے۔ المصد مصطفےٰ اکبر کاکوروی"

اور یہی وجہ ہے کہ میں نے اپنی تخلیق کا نام "جواہر رحمت" رکھا۔ بعد ... "ہند" پودے کے بیج لائے اور اپنے مکان کے آنگن میں کشمیر جیسا جنگل نما ماحول پیدا کر کے اُن بیجوں کو بویا اور پودے اُگ آئے لیکن پتے چھوٹے رہے، شاید آب و ہوا اور مٹی کی تاثیر تھی۔ اس جڑی پر میں نے بہت کچھ تحقیق کی اور پایا کہ کشمیر کے چند ایک جنگلوں میں "ہند" کی قدرتی کاشت بھی ہوتی ہے اور یہ زچہ بچہ کو کھلانے سے اُستخوانوں کو ... قوت بخشتی ہے۔"

جناب سالگرام ساحر نے 1897ء میں اپنی تخلیق "فرہنگ ادویات" جو لطائف پریس چار مینار حیدرآباد نے چھاپی ہے میں صفحہ 66 میں لکھا ہے کہ "کشمیر کے پنڈت ماتا پرشاد پلا ذدان نے کچھ نیم سیاہ رنگ کے بیج پیر ناتھو میں رکھا ... اور میں نے اُن کو گملوں میں بیجا اور ایک ہفتہ گزر جانے کے بعد کچھ پودے اُگ آئے۔ پنڈت جی نے مجھے اس بیج کی خاصیتیں بتلائیں اور ہدایت کی کہ گملے پر ... کو شخول ... ورنہ پودے جل جائیں گے۔ چنانچہ میں نے ویسا ہی کیا اور اُن پودوں سے میں نے کئی دوائیاں بنائیں اور کئی مریضوں کو شفا الغیب ہوئی اور "ہند" سے بنی دوائیں مقبول خاص و عام ہوئیں۔ پنڈت ماتا پرشاد نے مجھے اس بیجوں کا نام بطور "ہند" Chicory پہلے ہی بتلایا تھا" "ہند" کے بارہ میں تحقیق سے پتہ چلا کہ یہ بیج کسی ہندو راجہ نے باہر سے منگوا کر کشمیر، کشتواڑ اور بھدرواہ کے مختلف جنگلوں میں بیجائے تھے اور وہ پودے پہلے ہندو کہلاتے تھے بگڑتے بگڑتے ہندو سے ہند ہو گئے۔"

محکمہ زراعت نے سرینگر سے امریکی سرکار کو 1957ء میں دو مہینوں تک وقفہ وقفہ کے بعد کوئی 27 سیر تخم ہند Chicory Seed بھیجا جس سے امریکی ریاستوں میں کئی ایک اور متعدد قسم کی ادویات بنائی گئیں۔ ہڈیوں کے جوڑ میں "مرکب ہند" خصوصی طور پر کارگر ثابت ہوئی ہیں۔

نثار کرہامی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صدرِ محترم، مہمانانِ گرامی و معزز بہی خواہانِ جاتی

نمسکار۔ ایک بڑے فخر کا مقام ہے کہ آل انڈیا کشمیری سماج نئی دہلی نے اپنی اہم ترین ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ جموں میں منعقد کی ہے جس میں آل انڈیا کشمیری سماج مائگرنٹ ایکشن کمیٹی جموں کی شمولیت سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ گذشتہ سال سماج کی ایسی میٹنگ جو فروری ۹۲ میں کشمیری سمتی نئی دہلی کی میزبانی میں بلائی گئی تھی جس میں کہ اس مائگرنٹ ایکشن کمیٹی نے شرکت کی تھی۔ اس طویل ترین میٹنگ اور اجلاس میں متعدد معاملوں پر بحث ہوئی اور سبھی کاروائی انتہائی خوشگوار ماحول میں کھلے اجلاس کے بعد تکمیل پذیر ہوتا۔ جن مدعوں پر سب ردوقدح ہوا اُن پر دوبارہ بحث کرنے میں کوئی قدغن نہیں، ہاں وقت اگر اجازت دے اور اتفاقِ عام بھی ہو تو کھلے دل سے ہر بات پر بات ہونی چاہئے ۔۔۔۔۔۔۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ ریاستی اور مرکزی سرکاروں کا رویہ ہماری جاتی کی نسبت کتنا غیر ذمہ دارانہ اور غیر مشفقانہ رہا۔ اسپر طرہ یہ کہ دونوں سرکاریں ہمارے بارے میں بہت کچھ غلط بیانیاں کرتی رہتی ہیں۔ غلط اعداد و شمار دیکر پارلیمنٹ کو گمراہ کیا جاتا ہے یا ممبرانِ پارلیمنٹ کو بیوقوف بنایا جارہا ہے۔ یہ سرکاریں کشمیری پنڈتوں کو کسی اہمیت کی حامل نہیں سمجھتیں جبکہ ہندوستان بنانے میں ہمارا اہم ترین اعلیٰ اور ارفع رول رہا ہے۔ اور جو ازل سے ہی سیکولر ہے اور آپسی بھائی چارہ کا حامل رہا ہے اور جیسے ان خونی ہولناک حملہ میں کشمیر بدر ہونے کے لئے مجبور کیا گیا اور سرکاریں تماشائی بنی ہیں بھی لگاتار کرتی رہیں ۔۔۔۔ کشمیری پنڈت جاتی پر کتنے کوہ گراں گرائے گئے یہ ایک داستانِ طولانی ہے اور لکھنے اگر بیٹھیں تو کوئی ۱۵۰ رِم کاغذ درکار ہوگا۔ دریں اثنا کئی احبابِ برادری نے کئی کتابیں تحریر کریں جن میں کشمیر کے تمام ترین واقعات جن کی نسبت گذشتہ کوئی چار سال کے المناک حادثات اور دلخراش واقعات سے تھی اور کچھ کتابیں اور نوشتے ایسے بھی تیار کرلیے گئے جو کشمیر کی بنیادی تاریخ کے عکاس تھے۔ ان چار سالوں میں ایک سرسری اندازہ کے مطابق انگریزی اُردو اور ہندی میں کوئی ۱۶ ہزار چھوٹے بڑے آرٹیکل لکھے گئے جو ملک کے مختلف اخباروں، رسالوں اور جریدوں میں چھاپے گئے جسمیں نیاز مند کا یوگدان کوئی ۳۰۰ کے قریب ہے۔ اسی طرح کشمیر کے آتنک واد کے متعلق کوئی ایک ہزار نظمیں غزلیں بھی لکھی گئیں جن میں نیاز مند کا حصہ ۲۶۴ ہے۔

جموں کشمیر سرکار نے یکم جنوری ۱۹۹۰ تا ۳۱ مئی ۱۹۹۲ تک کی اموات وغیرہ کے اعداد و شمار جاری کردیے۔ اسی طرح یکم جنوری ۱۹۹۰ سے ۳۱ جولائی ۱۹۹۲ تک کی اموات وغیرہ کے اعداد و شمار دوکھ انفارمیشن پیپر میں ظاہر کرکے جاری کئے۔ ہم نے دونوں موقعوں پر سرکاری اعداد و شمار کی اصلیت سے انکار کرکے سرکار کو دعوت دی کہ ہمارے جمع شدہ اعداد و شمار کو اگر جھٹلا دیا جائے گا تو ہم کشمیر کے آتنک واد کے بارہ میں سب کچھ لکھنا بند کردینگے۔ لیکن ۱۵ ماہ کا عرصہ ہوچکا اور سرکار چپ سادھے بیٹھی اور سرکار ایسا کرنے کا اب حق کھو بیٹھی ہے اسلئے کہ معاملہ زائد المیعاد ہوگیا ہے۔ پولیس چیف کا بیان سول افسروں کے بیان سے مطابقت نہیں رکھتا۔ عوام کو گمراہ کرنے کے لیے طرح طرح کے بیانات داغے جاتے ہیں اور صدق دل سے کسی بھی منزل پر کام نہیں کیا جاتا۔

۷ ستمبر ۱۹۹۲ کو ڈی جی پی نے ۲۵ جولائی تا ۶ ستمبر ۹۲ کے درمیانی عرصہ میں کشمیر میں مارے جانے والے افراد کے اعداد و شمار بتائے۔ ہم نے فی الفور اُن کے غلط اعداد و شمار کو ہی تسلیم نہ کیا اور کشیپ وانی کے اکتوبر کے شمارہ میں "پولیس چیف کا یہ دروغ بیان" عنوان کے تحت حقیقت آشکار کردی لیکن ڈی جی پی نے آج تک کوئی تردید نہ کی۔۔۔۔ مرکزی سرکار کی ہوم منسٹری میں کس مجبوری کے تحت یہ دروغ بیانی ہمارے لئے ناقابل فہم تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاستی سرکار نے اُنہیں مطلع کیا ہے کہ وادی میں کُل ۱۲۸ کشمیری ہندو مارے گئے ہیں۔۔۔۔ شری برج بہاری دواج نے ہندوستان ٹائمز کے ۲۵ اگست ۱۹۹۱ کے شمارہ میں اسی قسم کی غلط بیانی کی تھی جس کی صحت کی تصدیق نہ کرکے ہندوستان ٹائمز نے کانگریس سے بھی مفاد حاصل کرنے کے پیش نظر غلط بات کو گلے لگا کر ہمارے بارہ میں زہریلا پراپیگنڈہ کیا۔ اُن کو ہم نے بہتر جواب دیا لیکن ایڈیٹر ہندوستان ٹائمز نے خموشی اختیار کرکے اپنی انسانیت سے بعید شرافت کی نمائش کردی۔

اسی طرح ۲۵ ستمبر ۱۹۹۲ کے ہندوستان ٹائمز کے صفحہ ۱ پر شری ٹی این کول سابق سفیر نے اپنے ایک مضمون میں ذکر کیا تھا کہ زائد از دو ہزار لوگ وادی میں بیدردی سے قتل کردیے گئے۔ انہوں نے غالباً تفصیل نہ دی تھی۔ اُن کی درستی ہم نے کشیپ وانی کے اکتوبر کے شمارہ میں "شری ٹی این کول درست ہوں" عنوان کے تحت کی۔

کانگریس آئی نواز ہندوستان ٹائمز کے ایڈیٹر شری ایچ کے دُعا (H.K.Dua) ایک قرین ہو کر بھی اپنی اجنبیت کا اظہار کرکے دُکھی دلوں کو اور دُکھی کررہے ہیں۔ کشمیر میں مقیم ان کے کسی مخبر پرستار نے انہیں بتایا کہ "اقلیت بالکل محفوظ ہے" اور بعد کے غیر انسانی اور ہندو دشمنی کے واقعات جو اجودھیا ڈھانچہ کے گرنے کے بعد ظہور پذیر ہوئے پر ممکنا پردہ ڈالکر ایسا باور دلایا کہ "کشمیر باقی ملک کی طرح کچھ بھی نہیں ہوا اور کسی بھی مندر یا مکان کو نہ چھیڑا گیا" کیا دل آزار اور مضحکہ خیز اخباری صحافت ہے ذرا غور کیجئے تو۔

مرکزی سرکار یہ ذمہ داری لیتے ہیں کہ کل ملاکر ۱۲۸ کشمیری ہندو مارے گئے باقی مرکزی سرکار کی رائے سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہے۔ اگر آئینی لحاظ سے اختیار حاصل رہتا کہ باطل پرست کو گولی سے اڑا دو تو ہم یقیناً حق پرست ہوکر ایسا ہی کرتے لیکن ہمارا آئین اسکی اجازت نہیں دیتا۔ ہمارا آئین تا ایسے کھلی منافقوں میں ہمت بنانے کے لیے سالہا سال کا وقفہ دیتا ہے اور بعد ازاں آزاد کردیتا ہے۔ جیسا کہ کشمیر میں دہشت گرد طاقتوں کو جسٹسوں میں پکڑ کر اس بہانے اور اس بہانے بیک وقت سینکڑوں میں بری الذمہ قرار دیا جاتا ہے اور اسطرح بہ الفاظ دیگر اور بہ انداز دیگر اُن کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔۔۔ مرکزی سرکار کی غلط روی اور غلط بیانی پر آل انڈیا کشمیری سماج نئی دہلی نے بے شمار بار اظہار افسوس کیا۔ ہوم منسٹری کو زبانی تحریری اور ٹیلیفونی پر بھی بار بار غلط بیانیوں کے لئے احتجاج کیا۔ اسی ضمن میں ۱۱ جنوری ۱۹۹۳ کو متعلقہ ہوم منسٹر سے ملاقات کی اور بعد میں ۱۹ جنوری کو ایک چٹھی کے ذریعہ یاد دہانی کرلیتے ہوئے ہوم منسٹری کو کہا کہ کشیپ وانی جموں نے وادی میں اموات وغیرہ کے بارہ میں بار بار سرکاری اعداد و شمار کو جھٹلایا ہے اور آپ لوگ اصل [illegible] تمام صفحات ہوم منسٹری کو ارسال کیں۔ کیا مجال کہ ہوم منسٹری کے سربراہان ٹس سے مس ہوتے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ریاستی سرکار نے غلط بیانی کی ہے اور اسکو اچھالنا مناسب نہ ہوگا۔ (دیکھیے ماہانہ [illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فروری مارچ 1992 کا شمارہ جو آل انڈیا کشیری سماج (رجسٹرڈ) نئی دہلی شائع کرتا ہے)

سابق صلاحکار حمید اللہ خان کے توسط جانے والی ریلیف کمشنری نے بتایا تھا کہ مسٹر ہانڈا ڈپٹی کمشنر ریلیف جعلی مائگرنٹ راشن کارڈ منسوخ کرنے کے صلے میں گولڈ میڈل دیا جا رہا ہے۔ اور اس ضبطی پر کشیری ہندو مائگرنٹوں کو مورد الزام ٹھہرایا گیا تھا۔ چنانچہ ریلیف کمشنری پر برستے ہوئے ہم نے اصل واقعات مشتہر از بام کیے جو یوں تھے اور جن کو سرکار نے آج تک ...

جعلی راشن کارڈ برائے کشیری ہندو مائگرنٹ = 2100 (جو متعلقہ تحصیلداروں نے اپنے مفاد میں بنوائے تھے)

کشیری سکھ نان مائگرنٹ = 5030 " " " " "

کشیری نہ بولنے والے ڈوگرے = 2700 " " " " "

کشیری نہ بولنے والے جموں کے سکھ = 1960 " " " " "

کشیری مسلمان نان مائگرنٹ = 22105 " " " " "

جہاں ہمارے خلاف مخالف ہوائیں چلائی جا رہی ہوں وہاں ہمیں ہر قیمت پر اپنے حق میں موافق ہوائیں چلانے کی اشد ضرورت ... بقا ہے۔۔۔ کشیر میں درحقیقت ہندو قتلوں کا سلسلہ 16 اربون 1986 سے شروع ہوا لیکن نہ کوئی پکڑا گیا نہ کسی کو سزا دی گئی کیونکہ وہاں پر غلام نبی آزاد اور پائلٹ کی مانند یہ رایت سرگرم رہے۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جہاں سرکاریں ہمارے ساتھ رتی بھر ہمدردی نہیں رکھتیں وہاں کیا ہمارے لیے لازم نہیں بنتا کہ ہم ... کہ ہم ہم سوچ ہوں کہ ہم ایک ہوں اور ایک ہی ہوں تاکہ ہماری آواز گرجن کی صورت اختیار کر کے سرکار کے سوئے ہوئے پایوں کو دیر سے پہلے جگایا جائے اور انہیں بتایا جا سکے کہ "ہم ہی ہیں وہ کہ جنہوں نے تم کو تمہاری حکومتوں کو اور اس ہندوستان ... اس کے عوض ہمیں اپنے ہی ملک میں صدیوں بعد ایک پناہ گزین کی حالت اختیار کرنا پڑ رہی ہے جو ایک لعنت ہے، ایک ... اس دیس پر حکمرانی کرتے ہیں" ۔۔۔۔

گذشتہ ماہ کے آخیر تک جموں کشیر میں اموات کی مختصر تفصیل یوں ہے:

ہندو { کشیری پنڈت = 635
غیر کشیری پنڈت = 159
نان سٹیٹ سبجکٹ = 38 }

کل = 832

کشیری سکھ = 139

نان کشیری سکھ = 15 جو جموں میں آتنک واد کی نذر ہو گئے۔

نان کشیری پنڈتوں میں وہ ہندو بھی شامل ہیں جو جموں میں بم دھماکوں سے ہلاک ہوئے جن کی تعداد ... آتی ہے۔

مزید 276 اموات کے بارہ میں ابھی مکمل طور تصدیق نہ ہوئی۔

سکورٹی عملہ کے کل 1592 لوگ شہید ... جبکہ سرکار سبھی کی تعداد بہت ہی کم بتا رہی ... کیا راز ہے؟

تتمہ آپ کا خادم ...

9 اکتوبر 1993ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صدرِ محترم، مہمانانِ گرامی و معتقدین بھی خواہانِ جالی

نمسکار۔ ایک بہت فخر کا مقام ہے کہ آل انڈیا کشمیری سماج نئی دہلی نے اپنی اہم ترین ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ جموں میں منعقد کی ہے جس میں آل انڈیا کشمیری سماج مائگرنٹ ایکشن کمیٹی جموں کی [illegible] ہیں۔ گذشتہ سال سماج کی ایسی میٹنگ جو نومبر ۹۵ میں کشمیری سمیتی نئی دہلی کی میزبانی میں بلائی گئی تھی جموں کی اس مائگرنٹ ایکشن کمیٹی نے شرکت کی تھی۔ اس اجلاس میں متعدد معاملوں پر بحث ہوئی اور جس کا روائی انتہائی خوشگوار ماحول میں کی گئی اجلاس کے بعد [illegible] ہوا۔ [illegible] دوبارہ [illegible] ہاں وقت اگر اجازت دے اور تقاضا بھی ہو تو کھلے دل سے بات چیت ہونی چاہئے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ آپ جانتے ہیں کہ ریاستی اور مرکزی سرکاروں کا رویہ ہماری جاتی کی نسبت کتنا غیر ذمہ دارانہ اور [illegible] رہا۔ اسی طرح دونوں سرکاریں ہمارے بارے میں بہت [illegible] بیانات کرتی رہی ہیں۔ غلط اعداد و شمار دیکر پارلیمنٹ کو گمراہ کیا جاتا ہے یا ممبران پارلیمنٹ کو بیوقوف بنایا جاتا ہے۔ یہ سرکاریں کشمیری پنڈتوں کو اس اہمیت کا حامل نہیں گنتیں جبکہ ہندوستان بنانے میں ہمارا اہم ترین [illegible] رول رہا ہے۔ [illegible] اور آپسی بھائی چارے کا معاملہ ہے اور جیسے ان خونریز حملے میں کشمیر بدر ہونے کے بعد [illegible] کشمیری پنڈت وادی پر کتنے کوہ گراں گرائے گئے یہ ایک داستان طولانی ہے اور [illegible] ۱۹۸۹ء [illegible] دوران اشاعتی اصحاب [illegible] کئی کتابیں تحریر کریں جن میں کشمیر کے تمام ترین واقعات جن کا [illegible] اور دلخراش واقعات سے ملی اور کچھ کتابیں اور نوشتے ایسے ہی تیار کر لئے گئے جو کشمیری بنیادی [illegible] ان چار سالوں میں ایک سرسری اندازہ کے مطابق انگریزی اردو اور ہندی میں کوئی ۱۶ ہزار مضامین، آرٹیکل لکھے گئے جو ملک کے مختلف اخبارات، رسالوں اور جریدوں میں چھاپے گئے جبکہ نیاز مندانہ [illegible] کوئی ۵۰۰ کے قریب ہے۔ اسی طرح کشمیر کے [illegible] کے متعلق کوئی ایک ہزار [illegible] میں نیاز مندانہ حصہ [illegible] ہے۔

[illegible] یکم جون ۱۹۹۰ء تا ۳۱ مئی ۱۹۹۲ء تک کی اموات وغیرہ کے اعداد و شمار [illegible]۔ اسی طرح یکم جنوری ۱۹۹۰ء سے ۳۱ جولائی ۱۹۹۲ء تک کی اموات وغیرہ کے اعداد و شمار بذریعہ انفارمیشن پیپر میں ظاہر کئے گئے۔ ہم نے دونوں موقعوں پر سرکاری اعداد و شمار کی اصلیت سے انکار کر کے سرکار کو دعوت دی کہ [illegible] اعداد و شمار [illegible] لیکن ۱۵ ماہ کا عرصہ ہو چکا [illegible] اور پولیس چیف کا بیان سول افسروں کے بیان سے مطابقت نہیں رکھتا۔ عوام کو گمراہ کرنے کے لئے طرح طرح کے بیانات دئے جاتے ہیں اور ہمیشہ [illegible] منزل پر کام نہیں کیا جاتا۔

[illegible] ستمبر ۱۹۹۲ء کو [illegible] نے ۲۸ جولائی تا ۶ ستمبر ۹۲ء کے درمیانی عرصہ میں کشمیر میں مارے جانے والے افراد کے اعداد و شمار بتائے۔ ہم نے فوراً ان کے غلط اعداد و شمار کو تسلیم نہ کیا اور کشب والی کے اکتوبر کے شمارہ میں "پولیس چیف کا بے وزن بیان" عنوان کے تحت حقیقت آشکار کر دی لیکن [illegible] کا کہنا تھا کہ ریاستی سرکار نے [illegible] ۔ ۔ ۔ ۔ مرکزی سرکار کے ہوم منسٹر [illegible] دروغ بیانی ہمارے لئے ناقابلِ فہم تھی۔ [illegible] ۱۹۹۰ء کے شمارہ میں اسی قسم کی [illegible] وادی میں کل ۱۵۰ کشمیری ہندو مارے گئے تھے۔ ۔ ۔ ۔ [illegible] ہندوستان ٹائمز کے [illegible] غلط بیانات کو [illegible] ہمارے بارہ میں زہریلا غلط بیانی کی [illegible] ہندوستان ٹائمز کا نظریہ [illegible] حاصل کرنے کے پیش نظر غلط بات کو [illegible] کی نمائش کر دی۔

[illegible] ہندوستان ٹائمز نے [illegible] اختیار کر کے اپنی انسانیت سے بعید شرافت کی نمائش کر دی۔

اسی طرح [illegible] ہندوستان ٹائمز [illegible] ایک مضمون میں ذکر کیا تھا کہ [illegible] دو ہزار لوگ وادی میں [illegible] عنوان کے تحت کئی [illegible] بیدردی سے قتل کر دئے گئے [illegible] اکتوبر کے شمارہ میں [illegible] دلوں کو اور دکھی کر رہے ہیں۔

[illegible] ہندوستان ٹائمز [illegible] اپنی اہمیت کا [illegible] کے واقعات ہوا جو درمیانی [illegible] مندر یا مکان کو نہ جلایا گیا [illegible] ذرا غور کیجئے تو [illegible]

[illegible] اجازت نہیں دیتا۔ ہمارا [illegible] جنوں قانون کو [illegible] ۔ ۔ ۔ ۔ [illegible] ۱۹ جنوری [illegible] ۱۹۹۱ء [illegible] ہوم منسٹر سے ملاقات کی [illegible] اموات وغیرہ کے بارہ میں [illegible] اعداد و شمار کو [illegible] [illegible] ماہانہ [illegible] صفحات ۶/۲

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فروری مارچ ۱۹۹۲ کا شمارہ جو آل انڈیا کشمیری سماج (رجسٹرڈ) نئی دہلی شائع کرتا ہے)

سابقہ ممبر اسمبلی عبدالرحیم اللہ خان کے تلوے چاٹنے والی ریلیف کمشنری نے بتایا تھا کہ مسٹر اے ڈی ہانڈا ڈپٹی کمشنر ریلیف کو ۱۵ ہزار جعلی مائگرنٹ راشن کارڈ منسوخ کرنے کے صلے میں گولڈ میڈل دیا جا رہا ہے۔ اور اس شاباشی پر کشمیری ہندو مائگرنٹوں کو مورد الزام ٹھہرایا گیا تھا۔ چنانچہ ریلیف کمشنری پر برستے ہوئے ہم نے اصل واقعات بہ ثبوت ظاہر کئے جو یوں تھے اور جن کی سرکار نے آج تک کوئی تردید نہ کی:۔

جعلی راشن کارڈ برائے کشمیری ہندو مائگرنٹ = 2100 (جو متعلقہ تحصیلداروں نے اپنے مفاد میں بنوائے تھے)

کشمیری سکھ نان مائگرنٹ = 5030 " " " " "

کشمیری نوبودھ لداخی = 2700 " " " " "

کشمیری نوبودھ جموں نان سکھ = 1960 " " " " "

کشمیری مسلمان نان مائگرنٹ = 22105 " " " " "

جہاں ہمارے خلاف منافقانہ ہوا یہ پروپیگنڈا کیا جا رہا تھا وہاں ہمیں ہر قیمت پر اپنے حق میں موافق ہوا بنانے کی اشد ضرورت ہے اسی میں ہماری بقا ہے۔۔۔ کشمیر میں درحقیقت ہندو قتل عام کا سلسلہ ۱۶ ار جون ۱۹۸۶ سے شروع ہوا لیکن نہ کوئی پکڑا گیا نہ کسی قاتل کو سزا دی گئی کیونکہ وہاں پر غلام نبی آزاد اور پائلٹ کی مانند پرایت سرکار رہے۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جہاں سرکاریں ہمارے ساتھ ذرا بھر ہمدردی نہیں رکھتیں وہاں کیا ہمارے لئے لازم نہیں بنتا کہ ہم ہم آہنگ ہوں کہ ہم ہم سوچ ہوں کہ ہم ایک ہوں اور ایک ہی ہوں تاکہ ہماری آواز گرجن کی صورت اختیار کر کے سرکار کے سوئے ہوئے یا بے اعتنا خلیفوں کو دیر سے پہلے جگایا جائے اور انہیں بتایا جا سکے کہ "ہم ہی ہیں وہ کہ جنہوں نے تم کو تمہاری حکومتوں کو اور اس ہندوستان کو بنایا اور اس کے عوض ہمیں اپنے ہی ملک میں صدیوں بعد ایک پناہ گزین کی حالت اختیار کرنا پڑی ہے جو ایک لعنت ہے ایک کلنک ہے ان کے لئے کہ جو اس دیس پر حکمرانی کرتے ہیں + ...

گذشتہ ماہ کے آخیر تک جموں کشمیر میں اموات کی مختصر تفصیل یوں ہے:۔

کشمیری پنڈت = 635
غیر کشمیری پنڈت = 159
نان سٹیٹ سبجکٹ = 38
} ہندو و کُل = 832

نان کشمیری پنڈتوں میں وہ ہندو بھی شامل ہیں جو جموں میں بم دھماکوں سے ہلاک ہوئے جن کی تعداد ۱۰۲ ہے۔

مزید ۲۲ اموات کے بارہ میں ابھی مکمل طور تصدیق نہ ہوئی

کشمیری سکھ = 139
نان کشمیری سکھ = 10 جو جموں میں آتنک واد کی نذر ہو گئے۔

سرکاری عملہ کے کُل 1592 لوگ شہید ہو گئے ہیں جبکہ سرکار سبھی کی تعداد بہت ہی کم بتاتی ہے۔ ایسے کیوں؟ کیا راز ہے یہ آپ نے دیکھنا ہوگا

مشتہر آپ کا خادم پی این بھان بشار

۹ ر اکتوبر 1993

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تو پھر کشمیری پنڈتوں کی تباہ حالی کون دور کرے

کشمیری پنڈتوں کے ساتھ ازل سے ہی بے انصافی ہوتی رہی ہے۔ زندگی کی ابتدا انہوں نے غیر ہندو حیوانوں، حکمرانوں، جابروں، ظالموں، بنیاد پرستوں، فرقہ پرستوں کٹر وادیوں، انسان نما زہریلے سانپوں کے علاوہ غیر ملکی اور غیر ہندو خاقانوں کے مظالم، مذہب کے نام پر سنگین تھپیڑوں، تبدیلی مذہب کرنے والوں یہاں تک کہ گذشتہ 48 سالوں کے حکمرانوں کے وار برداشت سہے۔ ان کی زندگی ہمیشہ ہی اذیت ناک رہی لیکن ان کے جد امجدوں کے انسانی کارناموں، خدا دوستیوں، امن پسندیوں اور آپسی بھائی چاروں کی برکتوں نے ان کو اَمٹ بنا کر رکھدیا اور یہ جاتی مکمل طور پر ختم نہ ہوئی کہ جس کے لئے وقتاً فوقتاً ان پر تکالیف بہم پہنچائی گئیں۔ دھرم پریورتن کرنے کے لئے مجبور کیا جاتا رہا۔ یہ جاتی چونکہ بنیادی طور پر امن پسند اور محب وطن رہی ہے اور اسکی اعلیٰ دماغی، ذہانت اور سوجھ بوجھ نے اسے مرنے نہ دیا جس کا دکھ پاکستان اور اُسکے دُم چھلوں خاصکر کشمیری مسلم انتہا پسندوں اور دہشت گردوں کو لگا ہوا ہے۔

فروری 1986ء میں اس جاتی پر بے جا حملے کئے گئے۔ اسکی دھارمک جگہوں پوجا پاٹھ کے ستھلوں، مندروں اور دھرم شالاؤں کو مکمل طور پر جلا ڈالا، زمین بوس کیا اور جہاں جہاں ہاتھ چلا دہشت گرد لوٹ کھسوٹ کرتے رہے۔ یہ وہ وقت تھا کہ انسان خلائی سیر بھی کر چکا تھا۔ چاند پر اپنے قدم بھی جما چکا تھا۔ سائنس اور تکنیک کا خوبرو دور تھا۔ اور جب بھارت کی ترقی اور خوشحالی دنیا کے کئی ممالک کو کھٹکنے لگی ہوئی تھی۔ ترقی کے اس دور میں بنیاد پرستوں کے حوصلے بلند رہے۔ اور انہوں نے ملک اور ریاست میں ہوئی ترقی اور خوشحالی کو ملیامیٹ کرنے کی ٹھان لی تھی۔

اسکے بعد ستمبر 1989ء میں باضابطہ طور پر دہشت گردی بازاروں میں سر اٹھانے لگی۔ اسلحہ اور گولہ بارود کے پہلے سے قائم کئے گئے ذخیروں کو ہوا دینے لگے اور مزید ذخیرے قائم کرنے لگے۔ مسجدوں کو قلعوں میں تبدیل کر کے رکھا گیا اور پھر ہندوؤں پر ترکیب و ترتیب سے وار ہونے لگ گئے۔ چنانچہ ہندوؤں نے اپنی قیمتی جانیں اور ماں بہنوں بیٹیوں کی عزت اور آبرو کو بچانے کے لئے وادی کو خیر باد کہا اور

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

نقل کروہ کافی حد تک زندہ رہے مگر بکھر پڑے۔

زیادہ طویل نہ جاتے ہوئے یہ کہنے میں کوئی غلطی نہ ہوگی کہ کشمیری پنڈتوں کے ساتھ موجودہ کانگریسی سرکار نے مکمل طور پر بے اعتنائی برتی ہے جس کا آغاز آنجہانی راجیو گاندھی کے عہدِ حکومت میں ہوا اور تب سے آجتک یہ باعزت، شانت اور مُدمنخ جاتی حیران و پریشان ہے۔ سرکار نے چنداں بھی اسکے بچاؤ میں نہ سوچا بلکہ اپنی کرسی اور اپنے اغراض و مقاصد کے لیے دشمنوں سے ہاتھ ملاتی رہی اور محب الوطنوں کو تتر بتر کر دیا، بلکنے دیا، سڑنے دیا اور مرنے دیا۔

تجارت پیشہ لوگوں کے مسائل آجتک حل نہ کئے گئے۔ پرائیویٹ، نیم سرکاری اور پبلک سیکٹر میں کام کرنے والے ملازمین آج بھی بے یار و مددگار ہیں۔ پڑھے لکھے بیکار نوجوانوں کو در بدر اور گھاٹ گھاٹ گھوم گھوم کر اپنے لئے روزگار کے سادھن میسر نہیں آتے۔ تعلیم پانے والے لڑکے لڑکیوں کے تعلیمی مستقبل کو خراب کر کے رکھدیا گیا۔ کشمیر کی بدنام زمانہ یونیورسٹی کے فرقہ پرستانہ رویہ نے طلبا و طالبات کے کئی قیمتی سال ضائع کر دئے۔

امتحان کے نتائج زائد المیعاد ہو کر بھی وقت پر مشتہر نہ کئے جاتے رہے۔ بیاداخیل تو در کنار، انہیں صدق دلی سے پوچھتا کوئی نہیں۔ پنشن خواروں کے ساتھ ہر طرح سے ناروا سلوک برتا جاتا رہا ہے۔ انہیں پنشن حاصل کرنے میں بے شمار کٹھنائیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لیکن ان کی دادرسی کو کوئی نہیں آتا۔

اس پر طرّہ یہ کہ سرکار جموں و کشمیر میں چناؤ کروانے کا اعلان در اعلان کر رہی ہے۔ اور ساڑھے تین لاکھ بیدخل شدہ کشمیری پنڈتوں کے وجود کے بارہ میں رتی بھر ذکر نہیں کیا کرتی۔

ایسے حالات میں مرکزی سرکار کی یہ ان انسانی کارستانیوں کو عنقریب ہی منظرِ عام پر دیکھا جا سکے گا۔ بین الاقوامی فورموں، سطحوں اور اجلاسوں میں کشمیری پنڈتوں کی تباہ حالی کا رونا بھی رویا گیا اور بار بار ذکر بھی چھیڑا گیا لیکن اسکے علاوہ ہماری سرکار کی طبیعت میں اس جاتی کے بارہ میں ذرہ بھر بھی ملال نہیں آتا جو ایک تکلیف دہ بات ہے۔

اب ان دکھی لوگوں کے مستقل دکھوں کا مداوا کون کرے گا۔ ان کے غم و اندوہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مسائل کے حل کرنے کے ذریعے ممکن ہو سکتے ہیں جبکہ سرکار ہی بدحواس ہو چکی ہو اور کسی قسم کی اس عظیم اور حب الوطن جاتی کی بقا کے بارہ میں متحرک نہ ہوئی ہو۔ تو آپ ہی بتلائیے کہ ان سے جو سلوک کیا جاتا رہا وہ انسانی تھا یا غیرانسانی ہے۔

پھر ان کا گناہ ہی کیا ہے کہ یہ مسلسل پراگندہ حالتوں میں گذر اوقات کرنے پر مجبور کئے گئے ہیں۔ کیا ان کا ہندوستانی ہونا ان کا واحد جرم ہے۔ اگر نہیں ہے تو ان کے ساتھ غلط ترین رویہ کیوں روا رکھا جا رہا ہے؟

جہاں تک ہماری دانش کا تعلق ہے اور جو ہم اندازہ کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ مرکزی سرکار مستقبل قریب میں ہی اس جاتی کے تلوے چاٹنے پر مجبور ہو گی لیکن تب دیر ہو چکی ہو گی۔

اور تب ملک خدا اور خلق خدا
یکساں ہوئے ہوں گے

(دستخط)

کشتیواڑ مئی ۱۹۹۵ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

لیکھ وانی 8/96

موضح القرآن

قرآن مجید کی رو سے سورہ احزاب مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اسمیں 173 آئیتں اور ۹ رکوع ہیں۔ آیت 62 کے حوالہ سے "جو لوگ بدنیت تھے مدینہ میں عورتوں کو چھیڑتے ٹوکتے اور مخالفوں کے زور آور مسلمانوں کے نیچے کی جھوٹی خبریں اڑاتے" اُن کو یہ فرمایا "کہ مفسدوں کو اپنے بیچ سے باہر کرو"

اسی طرح آیات 64 اور 65 میں فرمایا گیا ہے " وہ غلط کار دوزخ کے بیچ میں ہمیشہ رہینگے اور وہ دوزخ میں کوئی دوست یا مدد دینے والا نہ پائینگے۔ بیچ آگ کے اُن کے منہ پھیرے جائینگے اور کہینگے"

"اے کاش ہم نے اللہ کی اور رسول صلعم کی فرمانبرداری کی ہوتی۔ اے رب ہم نے فقط اپنے سرداروں اور بڑوں کی فرمانبرداری کی، پس انہوں نے ہمیں راہ سے گمراہ کر دیا۔ اے رب اُنکو دوگنا سزا دے کہ جنہوں نے ہمیں غلط راہ پر ڈال دیا"

اگر آپ اِن تینوں آئیتوں کے شرحی متن کو بغور پڑھینگے تو صاف ظاہر ہوگا کہ آج بھی مسلمان کشیری دہشت گرد عورتوں کو چھیڑا کرتے ہیں اور عصمت دری کیا کرتے ہیں۔ اور پاکستان کی سربلندی کے متعلق جھوٹی افواہیں اور من گھڑت خبریں اُڑاتے رہتے ہیں۔ اسلئے اللہ تعالی نے جب حکم دیا "کہ فساد برپا کرنے والوں کو اپنے سے دور کرو" جو آج بھی برابر برابر کشیری مسلم دہشت گردوں پر لاگو ہوتا ہے۔ فرمایا "کہ ایسے غلط کاروں اور فساد برپا کرنے والوں کو ہمیشہ ہمیشہ دوزخ کے بیچ میں رہنا ہوگا جہاں اُن کا کوئی دوست یا مددگار نہ ہوگا۔ اور جب اُن کا چہرہ دوزخ کی آگ میں جھلسنا شروع ہوگا تب پکاریں گے کہ اے اللہ ہم نے اُن سرداروں اور بڑوں کی فرمانبرداری کی جنہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا اور ایک طرف آپ کی اور دوسری طرف رسول صلعم پاک کی فرمانبرداری سے دور کیا اور ہمیں غلط راہ پہ ڈالنے کے لئے اُن پر عذاب شدید نازل کر۔

بات صاف ہے۔ کہ علی شاہ گیلانی۔ پروفیسر عبدالغنی، مفتی لون، انصاری اور دیگر کئی لوگوں نے کشیری نوجوانوں کو پاکستان کی اطاعت کرنے اور ملک میں فساد کرنے اور کہرام و افراتفری برپا کرنے کے لئے بھڑکایا۔ غلط سے لالچ دیکر انہیں راہِ مستقیم سے ہٹا کر غلط راہ پر گامزن کر دیا۔ [illegible] سزا کے طور پر عذاب شدید نازل ہوگا۔ آج اگر نہیں تو کل ضرور ہوگا۔ (نہتار)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شردھانجلی

آہ! پریم ناتھ بٹ شہید

یقین جانئے دل و دماغ مفلوج ہیں اور قلم لکھنے سے قاصر ہے۔ مشیئت ہی یہی تھی، اب سرِ خم کرنے کے سوا چارہ ہی نہیں۔ پنڈت پریم ناتھ بٹ ایڈووکیٹ اننت ناگ کشمیر میں 27 دسمبر 1990ء کو کشمیری مسلم دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ یہ وہی ایک عظیم ترین انسانی چراغ تھا جو گل کیا گیا۔ یہ وہی پریم ناتھ بٹ تھے جو امتیازِ ما و تو مطلقاً نہ جانتے تھے۔ یہ وہی ایک ایسا انسانی شکل میں فرشتہ تھا کہ جس کو بھولے سے بھی نہ بھلایا جا سکے گا۔

پنڈت پریم ناتھ بٹ کے شہید ہونے سے تواریخ کا ایک سنہری باب ختم ہو گیا۔ انسانیت کا ایک دور ختم ہو گیا۔ پنڈت پریم ناتھ بٹ غریبوں، بے کسوں اور لاچاروں کے بہی خواہ تھے، ہمدرد تھے اور بعض اوقات غلام تھے۔ آپ میں ذات پات کا چھوت اپنانے کا گزر آیا ہی نہ تھا۔ خدا جانے کس مٹی کے بنے ہوئے تھے۔ وہ دوست اور دشمن دونوں کے وقت کی مناسبت سے دلدار تھے۔

پنڈت پریم ناتھ بٹ کو ہم سے دور ہوئے دو سال کا عرصہ ہو چکا اور ان کا واپس آنا ناممکنات میں ہے، کیونکہ طویل اور مہیب سفر طے کیا جا چکا ہے۔ اور اب تک وہ منزلِ مقصود تک پہنچ بھی گئے ہوں گے، جہاں سے واپسی کا رخ ہو نہیں سکتا۔

پریم ناتھ بٹ نام کی شخصیت اب دنیا میں زندہ نہیں، لیکن ان کا اسم گرامی ابد الآباد تک زندہ رہے گا اور نہایت فخر و احترام سے لیا جائے گا۔ پریم ناتھ بٹ بجائے خود انسانیت کی ایک عظیم تاریخ تھے۔ جس میں:

بھائی چارہ تھا اور یگانگت بھی، جس میں وطن دوستی تھی اور غریب پروری بھی، جس میں وفاداری تھی اور انکساری بھی، جس میں دور اندیشی تھی اور انسان دوستی بھی، جس میں خوفِ خدا تھا اور دھرم سمان بھی، جس میں بے جگری تھی اور نڈرتا بھی۔ جس میں سیکولرازم تھا اور آپسی میل جول بھی، جس میں ایکتا تھی اور اتحاد بھی، جس میں درس و تدریس تھا اور حکمت عملی بھی، جس میں عالمی دوستی تھی اور اچھی صلاحیت بھی، جس میں امن تھا اور آشتی بھی، جس میں ہمت تھی اور استقلال بھی، جس میں اسلام تھا اور مساوات بھی جس میں انسان تھا اور انسانیت بھی، جس میں شعلہ تھا اور شبنم بھی، جس میں سیاہ تھا اور سفید بھی، جس میں اخلاق تھا اور مروت بھی، جس میں روپ تھا اور شرافت بھی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جس میں کوہ تھا اور دامن بھی، جس میں انصاف تھا اور رہبر بھی، جس میں حسن نزاکت تھی اور حسن لطافت بھی، جس میں ایثار تھا اور اخوت بھی، جس میں وطن تھا اور وطنیت بھی، جس میں ہوش تھا اور احساس بھی، جس میں چراغ تھا اور روشنی بھی، جس میں خدمت تھی اور خدمت گزاری بھی، جس میں نور تھا اور جگمگاہٹ بھی، جس میں دل تھا اور دلاوری بھی، جس میں قلم تھا اور بحر خطابت کی روانیاں بھی،

غرضیکہ یہ انسانیت کی ایک مکمل تاریخ تھی جس میں حب الوطنی کے ساتھ ساتھ متذکرہ صدر ابواب شامل تھے۔

پنڈت پریم ناتھ بٹ نے شہادت کا رتبہ پا تو لیا لیکن اپنے مداحوں کو روتا تڑپتا اور بلکتا چھوڑنے میں انہیں کس بات نے مجبور کر دیا تھا۔ یہ معمّہ اب تک حل نہ ہو سکا۔ پنڈت پریم ناتھ بٹ ایسے غم خوار، انسان نواز، خدا ترس اسکولر ذہن اور صحیح بھارتی کا قتل کیا جانا ایک عظیم حیوانی کارنامہ تھا۔ ایک ایسے شخص کا قتل کیا جانا غریبوں، لاچاروں، کمزوروں اور بے کسوں کی تمناؤں کا قتل ہے۔ اور قتل کسی بھی حیثیت پر قابل معافی نہیں ہے۔ پریم ناتھ بٹ صاحب نے اپنے سینے پر گولیاں لے کر داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ ملک کی سالمیت، اکھنڈتا اور ایکتا کے لئے ہی نہیں بلکہ انسانیت کی بقا کے لئے بھی جان دے گئے۔ آپ کے داغ جدائی کے غم میں انسانیت برسوں آنسو بہائے گی۔

میں انہی الفاظ کے ساتھ پنڈت پریم ناتھ بٹ اور دوسرے سبھی مقتول اصحاب شہیدوں کو اپنی ڈھیر ساری شردھانجلی بھینٹ کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ سبھی شہیدوں کو سورگ عطا ہو اور سبھی کی مغفرت ہو۔ آمین صد آمین

(ایل این بھان نثار دہلوی 27.12.91)

دوست نہ تھا کوئی بیگانہ
کس نے عائد کیا ہرجانہ
منہ بھی نہ کھولا گولی جو کھائی
ہم میں وہی نکلا دُردانہ
محبتِ وطن ہونے کی خاطر
جسم و جان کا دیا نذرانہ
صبر و قناعت کا وہ مجسمہ
ہم کو بنا کر گیا دیوانہ

عشق کا حامل سرد مشفق
خورد و کلاں کا تھا وہ یگانہ
اسکو دیکھا آنسو بہاتے
چھوٹوں سے شفقت پدرانہ
بھید نہ تھا ہندو مسلم کا
اچھی سوچ کا تھا وہ خزانہ
اسکی یاد ابھی ہے تازہ
ایسا جگر میں سوز مستانہ

کیسا ظلم تھا کیسا ستم ہے
کیا بتلائیں کیا ہے زمانہ
ظلم و تشدد کی وہ مذمت
سب ہی گولی کا نشانہ
اپنا پرایا کوئی نہیں تھا
سب میں تھا عاقل فرزانہ
ہندو ہونے کی خاطر میں
ادا کیا کتنا جرمانہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یہ سارے علمائے دین و مفتیان شرح متین کہاں کھو گئے ہیں؟

معمولی سی معمولی رذیل ناروا اور غیر ضروری باتوں کے لئے مفتی صاحبان کو ہم نے فتویٰ جاری کرتے ہوئے دیکھا اور سُنا جس پر کہیں عمل ہوتا تھا اور کہیں تغافل برتا جاتا تھا۔ کیونکہ موجودہ سائنسی دور میں غیر ضروری باتوں کے لئے غیر ضروری فتوے جاری کرنے کو اب متروک سمجھا جانے لگا ہے۔ فتویٰ وہ جو شرح محمدیؐ کے پابند رہ کر جاری کر دیا جائے، قابلِ عمل ہوتا ہے۔ اور پابندی کے ساتھ ہوتا ہے لیکن آج کل ہر کس و ناکس مفتی بنا بیٹھا ہے۔ آج کل کا فتویٰ لوگ بڑی طرح ناپسند کرتے ہیں۔

مفتی صاحبان خاص کر کشمیر میں کسی بات کے ہونے سے پہلے ہی اپنی جلد بازی دکھا کر اپنے مفتی پن کا سکہ بٹھانے کے لئے فتوے صادر کرتے رہے ہیں، لیکن اب کے وہ سبھی مفتی کہیں کھو گئے لگتے ہیں یا کہیں محبوس بنائے گئے ہیں یا وہ اب فتویٰ جاری کرنے کی سکت کھو چکے ہیں اسی لئے کہیں سے آثارِ شریف حضرت بل کو ناپاک کرنے والے اسلام دشمن مسلم دہشت گردوں کے خلاف کوئی فتویٰ جاری نہ ہوا، نہ ہی آنحضرت ختم النبین جناب حضرت محمد صاحب مصطفیٰ صلعم کے موئے مقدس چرانے کی کوشش کرنے والے ان دہشت گردوں اور کشمیر میں کئی مساجد اور زیارت گاہوں کو آگ لگانے یا لوٹنے والے مسلم غارتگروں کے خلاف کوئی بگل ہی بجایا گیا۔

اسلئے یہ بات عیاں ہوگئی کہ مفتی صاحبان کی سوچ دہشت گردی کے خوف سے کام کرنا ترک کر گئی ہے یا وہ ظاہرا طور پر پاکستان کے خواب دیکھ کر مستقبل میں بقول ان کے اپنی معاشی حالت کو بڑے پیمانے پر سدھارنے کے زعم میں پڑے فی الحال اپنی بے بسی کا رونا رو رہے ہوں گے۔

چاہئے تو یہ تھا کہ وہ مفتی صاحبان کھل کر میدان میں اُتر آتے، واویلا کرتے، بیان جاری کرتے آخر میں فتویٰ صادر کر دیتے تاکہ تمام اسلام دشمن غارتگر کہ جنہوں نے درگاہ شریف کو ناپاک کر کے رکھا اور کئی معصوم زائرین (مرد و زن) اور (خورد و کلاں) کو یرغمال بنائے رکھا اور مبینہ طور پر مسلم مستورات کے ساتھ درگاہ میں کافی کچھ زیادتیاں بھی کیں کے خلاف رائے عامہ منظم ہوتا اور ان درندہ سیرتوں کو سرکاری امداد سے کیفرِ کردار تک پہنچایا جاتا، تاکہ دوبارہ ایسی کوئی غیر اسلامی حرکت سرزد نہ ہوتی۔

ویسے جو ہم جان پائے ہیں اُسکے مطابق جامع مسجد۔ بٹہ مالو صاحب، ریجنیل انجنیئرنگ کالج کشمیر یونیورسٹی، اگریکلچر یونیورسٹی۔ سوپور ایگریکلچر کالج۔ ایس ایم ایچ ایس ہسپتال، گرلز کالج کوٹھی باغ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

گرلز کالج نواکدل، ایس پی کالج سرینگر، سورہ میڈیکل انسٹی چیوٹ اور دوسرے مذہبی اداروں میں ان کشمیری مسلم دہشت گردوں نے اپنے اڈے قائم کرکے رکھدئے ہیں، جہاں یہ ہی سکورٹی فورسز کو مثبت اقدام کرنے ہوں گے، تب ہی بنیاد پرستی، دہشت گردی، غارتگری، الگاؤ واد، آتنک واد اور مقامی اور غیر ملکی دشمنوں کی بدچلنی ختم ہوسکے گی اور کشمیر واپس آکر اسکولر کریکٹر اپنانے کے لائق ہو کر دوبارہ جنت نظیر کہلا سکے گا۔

پاکستان میں مفتیوں نے غلط طور پر قرآن کریم کی اجازت کے بغیر فتویٰ جاری کرلیا، ایک بار نہیں بلکہ ایک سو ایک بار کہ "عورت ذات ملک کی حکمران نہیں ہوسکتی" حالانکہ قرآن شریف میں اسکی کوئی مناہی نہیں ہے۔ یہ پاکستانی مفتی مسلم لیگ اور آمر ضیا الحق مرحوم کے غلامان غلام رہے ہیں اور ہمیشہ ہی ایسے تھے۔ انہوں نے لوہار زادے نواز شریف کے پیٹ پر لات مار کر کوبہ کو لاکھوں روپے لیکر فتویٰ دیا کہ "عورت کو نام نہاد اسلامی مملکت پاکستان کی سرکار کا سربراہ نہ بننے دیا جائے کیونکہ ایسا قرآن و سنت کے خلاف ہوگا"

چونکہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے اور نتیجہ نکلا کہ تمام مولوی، مفتی، نکھٹو ملّے اور ریش دراز بنیاد پرست ایک ہی آن میں اور بیک وقت عوام کے ووٹوں سے مدتوں تک کے لئے زندہ ہی درگور کردئے گئے۔ عوام تنگ نظریہ اپنانا چاہتے ہیں، پیدا کرنا چاہتے ہیں اور یہ نخراٹ قسم کے بنیاد پرست مولوی ان کو اپنے اشاروں پر نچوانے کے لئے ہمیشہ ہی قرآن شریف کی غلط تفسیر اور مطالب بتاکر اپنا دست نگر بنانا چاہتے تھے، جو وہ ماضی میں کافی حد تک کامیاب ہوئے تھے۔

اسلام کی رو سے سود کو حرام قرار دیا گیا، لیکن پاکستان میں مرد کو عورت بناکر وہی کام برابر ہوتا رہا ہے۔ پاکستان میں اب سود کے معنی منافع بتاکر فرہنگ جدید، فرہنگ جہانگیری، فیروز اللغات، کریم اللغات، فرہنگ عامرہ، لغات اردو، فرہنگ اردو، ہندوستانی فرہنگ شبدکوش اور فرہنگ لسانی کی مٹی خراب کردی گئی ہے۔ لیکن چونکہ انہیں حرام بہ شکل منافع مل رہا ہے، اسلئے پاکستان کے لئے سود کو حرام اور دونوں کو منافع کہہ کر نئی ایجاد کی گئی ہے

منافع وہ جو واجب طور پر خود کمایا جائے ورنہ سرمایہ کاری برائے منافع کرنا، سود پر رقم دینے کے ہی مترادف بات ہے۔ ایسے کارناموں کے خلاف مفتیان پاکستان اصل فتویٰ دینے سے پہلے ہی مفلوج ہوکر رہے ہیں۔ عوام بہترین جج ہیں اور وہ یہاں وہاں ان بیکار مفتیوں کی ہنگامہ بازیوں اور ڈرامہ کاریوں کو خوب سمجھتے ہیں۔ (نثار دہلوی)

کشپ وانی دسمبر ۹۳ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستان کے ایماء پر میجر مست گل نے چرارِ شریف کی مقدس درگاہ خانقاہ مسجد کو خاکستر کر دیا ، کشمیری دہشت گرد دیکھتے ہی رہ گئے !

لاجہ بکرماجیت ← راجہ بھوج ← راجہ ہری پال
راجہ کاہن پال ← راجہ مانک پال
گندھرب سین ← مہاسین
رام سین ← نرسندر سین
چندر سین
کام سین ← برہم سین ← اودت دیو
گنگا دیو ← پرتھو دیو
گورو دیو ← سنگدیو
اندر دیو ← رگھو دیو
اوتار دیو ← رائے دیو
زنگا سنز ← درپتا سنز ← اوگردیو
ہنبر سنز ← گرزا سنز ← دیو
سلر سنز (شیخ سالار الدین)
سہزانند (نندہ ریشی شیخ نورالدین) ← بھولدر دیو
SAHZANAND

مہاراجہ بکرماجیت ← راجہ بھوج ← راجہ ہری پال
راجہ کاہن پال سین ← راجہ مانک پال
گندھرب سین ← مہاسین ← راجہ لچھمن پال
مدن سین
دیپ سین
چندر سین
نرسندر سین
مدن سین ← کام سین ← رام سین
برہم سین ← اودتھ دیو ← پرتھی دیو
سانگر دیو ← گوڑ سنگھ ← گنگا دیو
راگھو دیو ← آنند دیو ← اوتار دیو
رائے راج ← بھاگ دیو
گورو دیو ← اوگر سنز
سندر راج
ہنبر سنز ← زنگا سنز ← درپتا سنز
گرزا سنز ← سلر سنز (شیخ سالار الدین)

سہزانند
یعنی نندہ ریشی یعنی بعد کے شیخ نورالدین ولی

سرینگر "ا مئی کے منحوس ترین دن کو ہمیشہ چشم پرنم سے یاد کیا جاتا رہے گا۔ اسی دن نندہ ریشی کی زیارت گاہ، خانقاہ ، درگاہ اور مسجد خاکستر کر دئے گئے۔ اس سے چند گھنٹے قبل تک تمام چرار شریف قصبہ کو تبدیل بہ خاک کر دیا گیا۔ زائد از ایک ہزار مکان کو مسمار اور دوکان نیست و نابود کر دئے گئے۔ ان تمام گھناؤنے کارناموں کے لئے پاکستان کی پروردہ دہشت گرد تنظیم آئی ایس آئی نے نامراد میجر مست گل کو دیگر انجام پذیر لایا اور میجر مست گل نے ریڈیو پیغام کے ذریعہ اپنے پاکستانی کلای خداؤں کو تکمیل عمل کی اطلاع دیتے ہوئے کہا " ہمارا مشن پورا ہوا۔ ہم نے قرآن سنت رسول کریم صلعم کے فرمان ، اسلام اور روایات اسلام اور حکم شریعت کو بالائے طاق رکھ کر وہی کچھ کیا کہ جس کی آپ نے ہدایت کی تھی" اسکے جواب میں میجر مست گل کو مبارک باد دی گئی اور ہدایت کی گئی کہ تم لوٹ آؤ اور جلد پاکستان میں تشریف لائیں۔

تاکہ آپ کا شاندار طور پر استقبال ہو سکے جس کی تیاریوں میں سارا پاکستان جگہ جگہ لگا ہوا ہے۔"

چونکہ جناب نندہ ریشی ایک راجپوت راجوارہ گورانے سے تعلق رکھتے تھے اور آپ کا شجرہ نسب راجستھان کشتواڑ مہاراجہ بکرماجیت سے شروع ہو کر راجہ گرزا سنز تک چل کر سہزانند پر ختم ہوا۔ جبکہ آپ مسلمان ہو کر شیخ نورالدین ولی کہلائے جانے لگے۔ اور آپ کے والد سلر سنز نے بھی اسلام قبول کیا اور شیخ سالار الدین کہلائے گئے۔ نندہ ریشی (شیخ نورالدین نورانی) نے اپنے سے پہلے تشریف فرما ہوئے چودہ ریشیوں کو اپنا روحانی پیشوا تسلیم کیا تھا۔ احمد ریشی ۔ ادلیس ریشی زرکار ریشی ۔ میراں ریشی ۔ رُمہ ریشی ۔ پلاس ریشی وغیرہ اور خود بھی کوئی سارے ریشی) ۔ آپ روحانیت ، انسانیت ، اخوت ، آپسی بھائی چارہ ہندو مسلم ایکتا کے زبردست علمبردار تھے ۔ آپ نے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام کے گونج سے عوام کو آگاہ کیا ۔ آپ ہندو مت کے بھی خاطر خواہ علمبردار تھے ۔ آپسی میل ملاپ امن اور اتحاد کے آپ ایک اعلیٰ مبلغ تھے ۔ آپ نے قرآنی تعلیمات سے بگڑے ہوئے مسلمانوں کو بہرہ ور کرتے ہوئے کہا تھا ۔ کہ غیر مسلم تمہارے ہمسائے ہیں ۔ یہ یہاں کے قدیم باشندے ہیں ۔ یہ بھی خدا کی اعلیٰ مخلوق ہیں ، اسلئے قرآن کی بے حرمتی نہ کرنا ۔ ان کے ساتھ ہر قدم پر مل کر چلنا ۔ آپسی دکھ درد بانٹتے رہنا ۔ وہی میری خوشی کا اصلی مقام ہو گا ۔

36 سالہ

آپ پانپور سے تعلق رکھنے والی ہندت گھرانے کی ایک عظیم شخصیت شاعرہ لل دید سے پہلے ہوئے متاثر ہوئے تھے ٹھیک اسی طرح کہ جس طرح حضرت شاہ ہمدان صاحب بھی ہوئے تھے جبکہ للہ دید اور نندہ ریشی نے کشمیر کی ثقافت اور تمدنی ورثہ میں بتدریج انقلاب لایا ۔ کہ جب دونوں نے سکولر دادا کو اپنے کلام میں بیان کیا جب آپ نے سکون اور امن سے رہنے کی تلقین کی کسی کو چھوٹا بڑا ۔ اپنا پرایا نہ سمجھنے کی ہدایت کی ۔ امن سے گزارنے اور کسی دھرم کی توہین نہ کرنے کی تنبیہ کی تھی ۔ اور آج اپنی محترم نندہ ریشی المعروف علمدار کشمیر شیخ نورالدین ولی کی سمادھی مسجد اور خانقاہ (زیارت گاہ) کو آگ لگا کر خاکستر کر دیا گیا ۔

اسکے پہلے یہ آستانِ عالیہ دو بار چک اور مغل راجیہ کے دوران نذرِ آتش ہو چکے تھے جبکہ ۱۹۷۹ میں اس آستانہ کو بہت بھاری نقصان کی مرمت کی گئی تھی اور اسے خواجہ معین الدین چشتی کے آستانِ عالیہ کی طرح بنا دیا گیا تھا ۔ اور آج انتہائی بدقسمتی سے مسلمانانِ پاکستان نے افغانی درندوں اور کشمیری دہشت گرد لعینوں نے اسی آستانِ عالیہ کو نذرِ آتش کر کے ہندو دکن و مسلمانوں کے سیکولر ورثہ کے دھار میں دھاس وغیرہ کو پامال کر دیا ، جو قابلِ مذمت حرکت ہے ۔ کشمیری عوام کو سمجھ لینا چاہئے کہ ایسی گھناؤنی حرکت کرنے والوں کے ساتھ سرکار کی امداد سے دو دو ہاتھ ہونا چاہئے ۔ یہ کیا بات ہوئی تم نے بڑے ظلم اور دادا گیری کے ساتھ وادی کشمیر میں مندروں کو تباہ و برباد کرنا شروع کر دیا ۔ کشمیری پنڈتوں کا تمام سرمایہ اب ان کے گھر کی دکانوں کو چشمہ جلا کر رکھ دی ۔ غصہ کیوں اپنے نام کے اسلامی بھائیوں پر ۔ حکومتی پولیس پر ، آئی ایس آئی پر ، افغانی درندوں پر ، کشمیری غداروں پر ، میجر مست گل پر یاد رکھو ۔ تم دونوں طرف سے پھنسے ہو ۔ آستانِ عالیہ ۔ زیارت گاہ مسجد ختم کر وائی پاکستانی مسلم حکمرانوں نے اور نذرِ آتش کرایا ہے جو بے قصور ہندو دوں کے گھروں پر مندروں پر سرکاری عمارتوں پر ۔ یہ بھی توہینِ قرآن کے مترادف حرکت ہے ۔ اسکو سمجھو اور جانو ۔ آپسی بھائی چارہ ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی بھگوان کی بجو ہزار ہی بڑی نعمتیں ہیں ۔ ان کو مت ٹھکراؤ ۔ (ہنتکاریا

ویر دوان جموں ، جون ۱۹۹۵ء

پنڈت پریمی

لکچر

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

عقل کو فہم و فراست سے نہیں جوڑا گیا

نثار دہلوی

شیخ العالم کی سمادھی، آستانِ عالیہ
چرار کے قصبے کا قصبہ نذرِ آتش کر دیا
بے نظیری مست گل نے ختم کر کے حالیہ
عقل کے معنوں میں حرکت ہو گئی دیوالیہ

آستانوں، مسجدوں کو بھی منہدم کر دیا
اور پھر اوری و ناری مل گئے یکجا کہیں
پاک نے اسلام کے اخلاق کا دم بھر دیا
اپنی ذلت کے بچانے کو سبھی کچھ کر دیا

کر گئے ساری عبادت گاہوں کی جو بے حرمتی
مسجدوں کو بم دھماکوں سے اڑا کر رکھ دیا
پیر و مرشد کی قدر جانی نہ اُن نے بھی کبھی
معبدوں میں عابدوں کی جان پر بھی آ بنی

مسجدوں اور مندروں کو بے طرح لوٹا کئے
رہزنی، غارتگری، عصمت دری کی راہ پر
گوردواروں اور گرجوں پر بھی وہ ٹوٹا کئے
وعدۂ انسانیت جو بھی کئے جھوٹا کئے

آبرو ماں بیٹیوں کی غیر کو سونپا کئے
کافروں نے مسخ کر ڈالی شبیہ اسلام کی
اور وہ افغان وحشی کتیوں کو پھر اُڑے
چرار کے قصبے میں ہر سو ہر طرف شعلے اٹھے

شکل و صورت سے نہیں لگتے رہے درویش تھے
یہ نہیں معلوم تھا، ابلیس کے بچے تھے وہ
قد و قامت میں تھے اچھے، وہ سبھی بارش تھے
ساکنانِ پاک و افغان اور کچھ خویش تھے

اپنی داڑھی میں چھپائے کتنے ہی شیطان تھے
خاک میں کشمیریت کو بھی ملا کر رکھ دیا
آدمی کی شکل میں وہ صورتِ حیوان تھے
پاک کے زانی بھی تھے، وہ مغلم افغان تھے

مندروں کو لجد میں پھر ہر جگہ توڑا گیا
درجنوں مندر جلا کر خاک میں ملوا دئے
"عقل کو فہم و فراست سے نہیں جوڑا گیا"
غیر ہندو کا کہیں پر سر نہیں پھوڑا گیا!

گھر جلا اور دل جلا مسکن جلا سب کچھ جلا
حامیٔ ضلع رہا ہوں دوشِ اسکدروں مگر
یہ ہمہ مجھ پر ہوئی غارتگروں کی مرحبا
جو بھی کچھ ہوتا رہا، اسلام کی خاطر نہ تھا

یہاں ہندو یعنی کشمیری پنڈت ہے

وہ ہے یکتائے زمانہ، جسکو کہتے ہیں ہندو
فہم کا وہ ہے خزانہ، جسکو کہتے ہیں ہندو

زہر کا پیالہ پیا کرتا رہا صدیوں سے جو
وہ سبھی میں ہے یگانہ جسکو کہتے ہیں ہندو

یہ نثارِ دہلوی کی کوئی الواسی نہ تھی
یہ شریعت کے مطابق کوئی عکاسی نہ تھی
بن گئے تذلیل کا باعث مرے کشمیر کے
وہ سبھی دہشت گرد کہ جن میں جگیاسی نہ تھی

شیخ العالم یعنی نندہ رشی یعنی شیخ نورالدین ولیؒ = حرکت یعنی حرکت الانصار = پاک یعنی پاکستان
بے نظیری یعنی بے نظیر بھٹو = مست گل یعنی میجر مست گل افغانی = معبدوں یعنی عبادت گاہوں = عابدوں یعنی عبادت کرنے والوں
شبیہ - شکل صورت = ابلیس یعنی شیطان = زانی یعنی زناکار، عصمت دری کرنے والے - بلاتکاری - دانشمندی
مغلم = اغلام باز (خلاف وضع فطری کرنے والا) ۔ عکاسی - آئینہ داری - مثال = الواسی - کافرپنا، جگیاسی یعنی

DEATHS OF DISPLACED KASHMIRI PANDITS IN AND OUTSIDE THE STATE UPTO ENDING 5.95

IN JAMMU DIVISION	3522	SUNSTROKE DEATHS	33
OUTSIDE THE STATE	1199	SNAKEBITE CASES	62
ACCIDENTAL (BOTH)	52	HEATSTROKE CASES	94
SUICIDAL DEATHS	46	DROWNING (JAMMU)	07
SNAKE[illegible]	[illegible]	MURDER (JAMMU)	14 (1 SIKH)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شیخ نور الدین ولیؒ کے آستان کو خاکستر کرنے کے بعد پاکستان نوازوں نے وادیٔ کشمیر میں کیا کیا گل کھلائے۔

کشمیر میں پاکستان کے اشاروں پر دہشت گرد اور بنیاد پرست اہلِ اسلام کے ہاتھوں ہندوؤں اور مسلمانوں کی مشترکہ وراثتی زیارت گاہ آستانِ عالیہ شیخ نور الدین ولیؒ المعروف نندہ ریشی کو نذرِ آتش کرنے کے بعد کشمیر وادی میں دوسرے دہشت گرد اور بنیاد پرست اہلِ اسلام نے کتنا وادی پاکستانی نوازوں سے مل کر ہندوؤں کی پوجا گاہوں، دھرم استھانوں، مندروں، دھرمشالاؤں اور مکانوں کو جو نقصان پہنچایا یا اُنہیں تباہ کر دیا، اُسکی تفصیل جو ہمیں دستیاب ہوئی، وہ یوں بتائی جاتی ہے۔

ضلع سرینگر۔ کاٹھلیشور مندر، شوالہ مندر، بھیرو مندر (مائسمہ) ہنومان مندر، اکاڑہ مندر (ریزیڈنسی) سومیار مندر، پورشیار مندر، سہہ یار مندر کی حد درجے بے حرمتی کی گئی۔ پورن راز بھیرو (ڈہول) منیگام مندر، لدون مندر گاندربل، درابی یار مندر کو خاکستر کر دیا گیا۔ جواہر نگر مندر بھیرو مندر، شو مندر گنہ کدل، نوبر مندر، رامچندر مندر اور گنپت یار مندر مع دھرمشالاؤں (دکھیں کہیں) کو زبردست نقصان پہنچایا گیا۔ اس ضلع میں چرار سانحہ کے بعد 6 دنوں میں کُل 214 مکانات مکمل یا جزوی طور پر جلائے گئے۔ کہیں کہیں اسکول۔ شیڑ اور کوٹھار بھی جلا دیے گئے۔

ضلع کپواڑہ۔ کپواڑہ، ہندواڑہ، وڑی پورہ میں مندروں کی بے حرمتی کی گئی جبکہ کپواڑہ اور ہندواڑہ میں مندر وغیرہ جلا بھی دیئے گئے۔ دوسرے پوتر استھل کپواڑہ اور ہندواڑہ وغیرہ میں زبردست نقصان سے دوچار کئے گئے۔ اس ضلع میں 94 مکانات مکمل یا جزوی طور پر جلا دئے گئے۔

ضلع پلوامہ: ترال، شاہب، سوگام، ترچیل، اندر میں مندروں وغیرہ کی بے حرمتی کی گئی جبکہ مرن، ننگ ہوم، شوپیاں، بارہ گنڈ میں مندروں کو جلا دیا گیا۔ سیر و بٹہ پورہ دچھی اور اچھن میں مندروں اور دھرمشالاؤں کو کافی نقصان پہنچایا گیا۔ اس ضلع میں کُل 92 مکان کوٹھار وغیرہ مکمل یا جزوی طور پر نذرِ آتش کئے گئے۔

ضلع بڈگام۔ چھترگل، ملہامہ۔ چوڑورہ، یادی پورہ استھانوں و مندروں کی بے حرمتی کی گئی جبکہ ماگام، ناگام، امہنور، آری ہتھمن، رائنتھن میں واقع مندروں کو جلا کر راکھ کر دیا گیا۔ بڈگام، اچھگام، پالہ پورہ، ستھونان میں مندروں اور دھرم

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شالاؤں وغیرہ کو زبردست نقصان پہنچایا گیا۔ اس ضلع میں کوئی 86 مکان مکمل یا جزوی طور پر جلا دئے گئے اور کہیں کہیں اسٹور، کوٹھار، گودام بھی جلا دئے گئے۔

ضلع بارہ مولا: رینہ بیر، بیرو، مندر سوپور، سناتن دھرم سبھا بارہمولہ، شادی پورہ، ٹنہ گوہ، زنی گام، وٹہ پورہ میں واقع مندروں کی بے حرمتی کی گئی جبکہ ویلکور، پانڈی پورہ، آلوسہ واکورہ میں مندروں کو جلایا گیا۔ میلی گام، پانڈی پورہ، سفاپور، سناتن دھرم سبھا سوپور اور اوڑی میں مندروں اور دھرم شالاؤں کو نقصان پہنچایا گیا۔ اس ضلع میں کوئی 126 مکان مکمل یا جزوی طور پر جلا دئے گئے جبکہ کہیں کہیں گودام وغیرہ بھی نذرِ آتش کئے گئے۔

ضلع اننت ناگ: گوتم ناگ، بجبہاڑہ، کولہ گام، مٹھہ وارہ، بریکپورہ، ونپوہ، دھنو کنڈل، ہرگ، دیالگام اور شانگس میں مندروں وغیرہ کی بیحرمتی کی گئی جبکہ لوکہ بھون، مسو، کولہ گام، اونکار، اترسو، نالپن، ونپوہ، پانڈریٹھن، گام اور دیالگام میں واقع مندروں کو جلا دیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ ملی گام، ہراری، آلگن، ونپوہ، کولہ گام، اکن گام، چوگام، نوگام، واری پورہ اور دیالگام میں مندروں اور استھاپنوں وغیرہ کو کافی نقصان پہنچایا گیا۔ اس ضلع میں حرار کے سانحہ کے بعد 153 مکانات اہل ہنود کے جلا دئے گئے۔ ان میں جزوی طور پر تباہ ہو گئے، کوٹھار، شیڈ اور اسٹور وغیرہ بھی پہلو بہ پہلو کہیں کہیں جلا دئے گئے۔

نذرِ آتش کئے گئے مکانوں کی ضلع وار دہ وار تفصیل:-

ضلع سرینگر: شالہ یارہ = 6، حبہ کدل = 11، کرن نگر = 9، بال گارڈن = 7
چھتہ بل = 2، قرفلی محلہ = 9، رعناواری = 11، چنکرال محلہ = 13، بھانہ محلہ = 15
شیش یارہ = 7، کرالہ کھڈ = 3، شیلی ٹینگ = 5، آلی کدل حمام = 7، شہید گنج = 3
سمتھو بالا = 8، مہجور آباد = 5، نشاط = 4، حبندہ پورہ = 3، گاندربل = 7
ڈلحسن یارہ = 5، رگھناتھ مندر = 3، درابی یارہ = 4، سید علی اکبر = 3، ٹنکی پورہ = 4
ملکہ باغ = 5، زینہ دار محلہ = 6، ملچھمر = 4، ریگی پیر صاحب = 6، بلبل لنکر = 5
نوا کدل = 4، صفا کدل = 8، بمینہ کالونی = 6، چھانہ پورہ = 7، شہر شاہی = 2
چوٹہ بازار = 5، شیتل ناتھ = 2،

کل = 214

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ضلع کپواڑہ = کیرین = 2 ، کرناہ = 8 ، ٹنگڈار = 3 ، کپواڑہ = 11 ، ہندواڑہ = 9
ہلمت پورہ = 6 ، دُدرہامہ = 3 ، شمواری 15 ، زانیگل = 7 ، نوگام = 9 ، وڑپی پورہ = 6
اور بیہہ لوٹ = 15 ، کل 94

ضلع پلوامہ = پانپور = 6 ، بیٹہ پورہ = 8 ، شوپیاں = 8 ، مُگ ہوم = 9 ، اچھن = 9
سوگام = 3 ، پلوامہ خاص = 6 ، نورہ پورہ = 4 ، اندر = 22 ، نیوا = 11 ، شپدنی = 4 ، اونتی پورہ = 2
کُل = 92

ضلع بڈگام = بڈگام = 9 ، کنی پورہ = 6 ، رتنی پورہ = 4 ، سیپدن = 9 ، ناگام = 8
بادی پورہ = 5 ، چاڈورہ = 5 ، لال گام = 5 ، مہنور = 6 ، ماگام = 5 ، رانتھن = 4
آری ہیتھن = 3 ، حیتر گل = 5 ، ملماہہ = 5 ، اچھگام = 4 ، بالہ پورہ = 3 کُل = 86

ضلع بارہمولہ = پٹن = 8 ، ملموہ = 5 ، شادی پورہ = 13 ، اونیورہ = 11 ، بارہمولہ = 13
سوپور = 8 ، بانڈی پورہ = 7 ، اوڑی = 8 ، ٹنگ مرگ = 7 ، سفاپور = 11 ، ونکور = 9
ناجی ویرا = 8 ، سنبل = 5 ، وٹلب = 10 ، تاپر = 3 کُل 126

ضلع اننت ناگ = براری آنگن = 3 ، زبلی پورہ = 6 ، ونپوہ = 8 ، پہلگام = 8
قاضی گنڈ = 9 ، مٹن = 10 ، ہلی گام = 8 ، گجی محلہ = 7 ، نئی بستی = 4 ، شانگس = 11
کولہ گام = 6 ، دیالگام = 12 ، ویری ناگ = 4 ، محلہ سرک = 8 ، اکن گام = 9 ، نازک محلہ = 9
بجباڑہ = 16 ، اچھہ بل = 6 ، ہمنزو = 8
کُل 153

765 { کُل تعداد 16 اضلاع

اسکے بعد اور کیا کیا حادثات ہو چکے ہوں یا
ہونے والے ہوں ۔ ان کے لئے تو انتظار کرنا ہی پڑے گا کیونکہ سرکار کے لئے جرار کا
کی حفاظت رونا نصیب ہوا ہے ۔ اسلئے اقلیتوں کی جائدادوں اور مندروں کرنا اب اسکے بس
کا روگ نہ رہا ۔ اقلیتی فرقہ کو اس ضمن میں اگلا قدم ہند سرکار کے منفی رویہ کے
خلاف کسطرح کا اٹھانا ہوگا ، اسکے لئے دماغوں کی یکسانیت اور صفوں میں
اتحاد کی ضرورت ہوگی ۔
ضلع کپواڑہ کے بارہ میں وسیم احمد سے مندروں کی مکمل تفصیل ابھی دستیاب نہیں ہوئی ہے
1995 جولائی کشپ والی بشارد ہوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حدّ درجہ سرکار کی کم ظرفی

باوثوق ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے ساتھ یک رائے ہونے کے لئے ہی چرار شریف میں 1200 جھونپڑیوں کو آگ لگا دی گئی۔

مسلم دہشت گردوں کے لئے سرکار کا نرم گوشہ رکھنا ایک عام آدمی کی سمجھ سے باہر ہے۔

خاکستر جھونپڑیوں کے بدلے بمبئی طرز کے مکانات بنانے میں کیا تُک ہے؟

ہندوؤں کے مکانوں، مندروں کا ذرا بھی خیال نہیں۔

ایک روپیہ کے بدلے ایک ہزار کا معاوضہ کیا معنی رکھتا ہے؟

دل ایسے نہیں جیتے جاتے۔

اپنے گھروں کو خود ہی آگ لگانے والے نندہ ریشی کے آستانِ عالیہ کی اہمیت کو کیا سمجھ سکتے تھے۔

پانی کی طرح روپیہ بہانا کوئی معنی خیز نہیں۔

سرکار ہر موڑ پر دہشت گردی کو ختم کرنے میں ناکام رہی ہے۔

اسمیں دور اندیشی کا کوئی شائبہ نہیں۔

چنانچہ ہر سُو تباہی، ہر سُو ویرانی، ہر طرف کہرام، ہر جانب قتل و غارت ہر سمت اغوا اور ہر قدم پر آتش زنی، ہر نفس پر لوٹ مار اور غنڈہ گردی

رعایت دینے کے لئے بھی کوئی ایک گز مقرر نہیں

کوئی حد نہیں، کوئی طرز نہیں، کوئی جواز نہیں، کوئی ضابطہ نہیں، یہاں تک کہ کوئی اخلاق نہیں۔ سرکار کے پاس ایسی سوچ کا مکمل فقدان ہے۔ اپنے لئے دشمن پیدا کرنے کے لئے سرکار کی ناکامی اور منفی پالیسیاں ذمہ دار ہیں۔

قطعہ - خنجر سے برباد کرو دشمن کو سرے سے یارو
تم نہ لگنا کہیں پیر بھی مرے سے یارو
ملک دشمن لائقِ گردن زدنی ہوتا ہے ہر ایک امتحاں میں اترا کرتے یارو

[illegible] ۹۶

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری پنڈت سبھا جموں میں جنم اشٹمی کا مبارک پرب

کشمیری پنڈت سبھا جموں کے بھاری بھرکم اجلاس میں موجود جم غفیر اور مجمع کثیر میں سارا پروگرام میں لی این بھان نتھار دہلوی نے اپنی تقریر سے اصلاح جان ڈال دی:

صدر محترم، مہمانِ گرامی و معزز حاضرین مہہ ماتر شکتی

نمسکار۔ آپ سبھی کو آج کے شبھ اوسر پر دلی مبارک باد پیش کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں۔

بھارت میں دھرم کی بیخ کنی، دھرم کا کفندانی، انسانی بے لگامی کے خاتمہ کے لیے، ادھرم کی ہورہی سربلندی اور جھوٹی پاپ اور حیوانیت کے عروج کو زوال پذیر کرنے کے لیے، نیز اقوام عالم کو انسانیت کا درس دینے کے لیے بھگوان شری کرشن کا اوتار ہوا۔

آپ نے بنی نوع انسان کو حق و باطل میں امتیاز کرنے، انسانیت کی قدر کرنے، برائیوں پر غالب آنے۔ یگانگت کی اہمیت سمجھنے، غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح کہنے، غلط کاروں کو ٹھکانے لگانے، دشمنوں کا ناش کرنے، سچائی کا بول بالا قائم رکھنے، آتم شکتی اور سمان سے ہم کنار رہنے، دوسروں کے کام آنے اور حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے، دھرم اصول، ضابطہ اور اخلاق کی قائمی اور لافانیت کے لیے قربانی دینے، ہمہ تن نیک کاموں میں معروف رہنے، کسی کی حق تلفی نہ کرنے، لاچاروں کا ساتھ دینے، ماتر شکتی کا سمان کرنے اور اپنے دھرم اور ضابطۂ اخلاق پر قائم رہنے کی ہدایتیں دیں۔ تلقین کی۔

اس نورانی فلسفہ سے آدمیت کے ادار اور سدھار اور اسے منور کرنے کے لیے ہمیں آپکے فضل و کرم سے شریمد بھگوت گیتا نصیب ہوئی۔ یہ وہ پوتر گرنتھ ہے، جو دنیا میں ہزاروں سالوں سے مقبول خاص و عام ہے۔ اس پوتر گرنتھ کے اب تک انگریزی، جرمنی۔ فرانسیسی، عربی فارسی۔ پشتو، سندھی، عبرانی اور بھارت بھر کی کوئی ۱۲ زبانوں اور بولیوں میں ترجمے ہو چکے ہیں۔ تمام ترجمے جو بھارتی زبانوں میں کیے گئے ہیں لگ بھگ سبھی منظوم صورت میں ہیں۔

اس پوتر گرنتھ کا ترجمہ نظم کی صورت میں اشلوک در اشلوک پنڈت مولوی بشیر الدین شاہجہانپوری نے عربی میں کیا ہے۔ اتنا ہی نہیں انہوں نے قرآن کو سنسکرت زبان میں بھی لکھ دیا ہے۔ نظیر اکبر آبادی اور خواجہ دل محمد دل نے گیتا جی کا منظوم اردو ترجمہ کیا ہے۔ گورنمنٹ ہائی اسکول باغ دلاور خان سرینگر کے حب کے اردو استاد انجہانی مولوی فضل حق فدوی (ندوی) نے گیتا جی کا ایک مختلف بحر میں اردو میں ترجمہ کیا ہے جو اسلامیہ کالج سرینگر کی (دہشت گردی) آگ میں جل گیا ہوگا، لیکن

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اُس کی نقل دہلی میں جناب جگدیش پرشاد جوہر کے پاس موجود ہے جسکو میں نے بذاتِ خود دیکھا ہے، مطالعہ کیا ہے، مشاہدہ کیا ہے۔ کشمیری میں کئی پنڈت شخصیات نے گیتا جی کا ترجمہ کیا ہے، جبکہ فارسی میں اِس کا ترجمہ جناب زین العابدین فدا آتر منڈی نے کیا ہے۔

یاد رہے کہ دُنیا میں وقت وقت پر جتنے بھی اوتار تشریف فرما ہوئے وہ سبھی کے سبھی مشرق میں ہی ہوئے، یہاں تک کہ حضرتِ عیسےٰ اور حضرتِ موسےٰ بھی مشرق میں ہی ظہور پذیر ہوئے اور انسانیت کے سدھار میں لگے۔

"گیتا جی ایسے پوتر گرنتھ ہیں جن جن بیش بہا، اُمید افزا، خوش کُن، فائدہ مند اور موافق اسلوبوں اور سود مند فلسفیانہ باتوں کو آسانی سے سمجھا گیا، اُنہی کو لیکر اور اُنہی سے متاثر ہو کر آگے والوں نے، انسانیت کو نیک نیتی کے سانچے میں ڈھالنے اور خلقِ بھگوان کی خدمت، سچائی اور حق شناسی قائم رکھنے کا حکم دیا۔"

ہم ہیں کہ اپنے پوتر گرنتھوں کا مطالعہ نہیں کرتے۔ ہم اپنے ازلی آدرشوں تک کو بھول بیٹھے ہیں۔ ہم اپنے وراثتی سنسکاروں سے خطرناک حد تک منحرف ہو چکے ہیں۔ ہم اپنے اوتاروں، رشیوں، منیوں اور اپنے بزرگوں، گوروُجنوں کے احترام سے بھی دور بہت دور نکل چکے ہیں۔ ہم بھول ہی گئے ہیں کہ ہم سناتن دھرم سے وابستہ ہیں، اُس دھرم سے جسکی متانت کو بھگوان شری رام چندر جی مہاراج اور بھگوان شری کرشن چندر جی مہاراج نے اپنے اوتاری سروپ سے چار چاند لگا دیئے اور تمام عالم کو رامائن اور بھگوت گیتا کا قائل بنا دیا۔ کون سا وہ مُلک ہے جہاں اِن کی مہما کا گن گان نہیں کیا جاتا! دُنیا میں کئی مسلم ممالک تک گیتا کے فلسفے سے مانوس ہو چکے ہیں اور جو کٹر واد اور بنیاد پرستی کے حامل ممالک ہیں وہاں روز بروز کشتہ خون ہو رہا ہے، بے چینی اور افراتفری کا غلبہ ہے۔ بھارت میں جہاں کہیں بھی بدامنی ہے وہاں کے لوگ گیتا کے فلسفے سے سبق لینے میں ناکام رہے ہیں۔ اس ضمن میں ایک مثال بیان کرتا ہوں۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اِن تَمُوتَ تَنجُو مِن طُوفَانِ الدُّنیَا
وَ اِن تَحیِی تَنجُو مِن فِکرِ الدُّنیَا

हतो वा प्राप्स्यसि स्वर्गं
जित्वा वा मोक्ष्यसे महीम

عربی والے دو مصرعوں کا ترجمہ یوں ہے:- مر گیا تو پائیگا طوفانِ دُنیا سے نجات
جی گیا تو ہوگی حاصل فکرِ دُنیا سے نجات

(سنسکرت الفاظ کا ترجمہ جو میں نظم سناؤں گا اُسمیں درج ہے) **نظم**

قدم اُن کے ہر دم اُکھڑتے رہینگے، جنہیں پاس اپنے دھرم کا نہ ہوگا۔
وہ دوزخ کی گلیوں میں بھٹکینگے آخر، جنہیں خوف اچھے کرم کا نہ ہوگا۔
جو بیتے رہینگے ایمان دھرم کا، وہ کاہل بھی ہونگے وہ بُزدل بھی ہونگے
وہ دُھتکارے جائینگے ہر در پہ یارو، جنہیں غم دھرم کا شرم کا نہ ہوگا۔
جنہیں فلسفہ جاننے سے ہو رغبت، وہ گیتا کو پڑھ لیں پڑھکر سمجھ لیں
رہینگے مُبرا وہ خوف و خطر سے، اُنہیں پھر کوئی غم سدھرم کا نہ ہوگا۔
ذرا غور کر لو کہ ارجن کو کیسے کرشن نے کیا راضی جنگ و جدل پر
جو باطل کو پوجیں اُنہیں مار ڈالو، وہ الزام تم پر مَرَم کا نہ ہوگا
روایت میں بہہ جانا اچھا نہیں ہے، تم اپنے مرن کو جنم کو سدھارو
تم باطل پرستوں کو تہہ تیغ کر دو، تو وہ فعل تیرے بھرم کا نہ ہوگا۔
محبت کے میدانِ جنگ آزمائی، قدم گاڑ دو تیر و ترکش کو لیکر
مچل جائے گی تیرے قدموں پہ راحت، ہر اُمید فضل و کرم کا نہ ہوگا۔
"اگر مر گیا بھی کوئی غم نہ ہوگا، طوفانِ دُنیا سے آزاد ہوگا
اگر جی گیا فکرِ دُنیا سے ہٹ کر مری جان باعث شرم کا نہ ہوگا"
زمین و فلک ہیں بس میں تیرا ارجن، دکھا دو اگر روپ ششدر رہوگے
بجا ہے جو ثابت قدم تم رہو تو، کوئی دوش تم پر کُکرم کا نہ ہوگا
جھکایا ہے میں نے بھی سر کو کچھ ایسے، کہ مجبور ہو کر کرشن آج آئے
تنفر پہنا رکھا جو کو بہت دیر لگی، گلہ اُن سے ستم و کرم کا نہ ہوگا۔
نثار اپنی منزل کی جانب چلا جا، ترا ساتھ دینگے ستارے سو بار
کھلینگے سبھی در بہشت بریں کے، اثر تم پہ سر دو گرم کا نہ ہوگا

([illegible])

کرم = عمل، سدھرم = فرضِ منصبی، مَرَم = اعتقاد، بھرم = وہم، فضل و کرم = مہر و عنایت، کُکرم = اعمالِ بد، موہن = کرشن

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

1.11.89

ایک ہی سبق

بھگوان رام، بھگوان کرشن، حضرت عیسیٰ، حضرت موسیٰ، حضرت محمد صلعم، بھگوان بدھ، بھگوان مہاویر اور جتنے بھی اوتار، پیغمبر، مہارشی، منی، صوفی، ولی اور مہاپرش دنیا میں وقت وقت پر آئے، انہوں نے پرمیشور کا منع کیا ہوا سچائی، انصاف، بھلائی، بھائی چارہ اور ایک دوسرے کا احترام کرنے کا پروگرام بھگوان کے بندوں اور خلقِ خدا کے سامنے رکھا۔

باطل پر حق کی فتح، جھوٹ پر سچائی کی فوقیت اور غلط کو غلط اور ٹھیک کو ٹھیک کہنے کی ہدایات دیں۔ تمام دھرموں کا ایک دوسرے سے احترام کروانے کا حکم صادر فرمایا، صبر اور قناعت کا درس دیا، برداشت کرنے کا مادہ پیدا کرنے کا طریقہ بتلایا۔ کیونکہ یہ سبھی ہستیاں بھگوان کی جانب سے دھرتی پر انسانیت کے سدھار کے لئے وقت وقت پر بھیجی گئیں۔ اور بنی نوع انسان اگر اصل راستہ سے ہٹ کر غلط راستہ کو اپناتا ہے تو وہ بھگوان کے حضور میں جواب دہ ہے، کیونکہ بھگوان ایک اوتار کو ایک پیغمبر کو بلکہ ایک مہاپرش کو اور ایک احمق کو اور ایک آوارہ ذہن انسان کو اپنی عدالت کے کٹہرے میں یکساں پکارتا ہے۔ سبھوں کو اپنی اپنی صفائی اور اپنی اپنی گواہی پیش کرنا ہوتی ہے۔ تب کہیں بھگوان کی جانب سے فیصلہ صادر ہوتا ہے اور ہوا کرتا ہے، جو محض غلط کاروں کے لئے نارِ جہنم اور سقر میں ڈالے جانے کا ہوا کرتا ہے۔ اور محض صحیح کاروں کے لئے سورگ یعنی جنتِ نعیم میں داخلہ منظور کرنے سے متعلق ہوتا ہے

پس ایسے حالات میں انسان کو کون سا
راستہ اپنانا چاہیئے، وہ انسان
کو خود سوچنا ہوگا، جس سے
اُس کی عاقبت سنورے
وہی کچھ کرنا چاہیئے
نہ کہ وہ

جو ان دنوں خدا کی ذات سے منکر ہوکر اور پیغمبروں کی مقدس ہدایات سے منحرف ہوکر کر رہا ہے کہ جس سے انسانیت نام کی چیز کا عدم سی ہوتی جارہی دکھائی دیتی ہے۔

کشمیر کے مسلم دہشت گرد متذکرہ صدر تمام باتوں کو پسِ پشت ڈالکر انسانیت کا ہی خاتمہ کررہے ہیں۔ جو کچھ بھی اچھا نہیں۔ نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

صدرِ محترم، مہمانانِ گرامی، مقتدر بہی خواہاں، سامعین حاضرین سندوبین ناظرین وغیرمنسلک سامعین وارکانِ ماثر شکق

نمکار۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ ریاستی اور مرکزی سرکاروں کا رویہ ہماری افسردہ حال جاتی کے تئیں کتنا غیر ذمہ دارانہ، غیر شفقانہ اور غیر ہمدردانہ رہا ہے۔ اسپر طرہ یہ کہ دونوں سرکاریں ہمیں یہ جتانے دکھانے کے لئے بہت کچھ غلط بیانیاں کر رہی ہیں اور یہ سب کچھ ایک سوچے منصوبہ کے تحت بقدر یزید نہ کہ بہ حسب امام ہوتا رہا ہے۔

ایک بڑے فخر کا مقام ہے کہ آج اس عظیم ترین کنونشن میں جاتی کے معتبر، مقتدر، معزز اور مفکر ارکان کا اکٹھ ہوا ہے اور مجھے یقینی طور پر اچنبا تک رہا ہے۔ یہ اجتماع اُس جاتی کا ہے کہ جس کا ایک ایک فرد عروسِ ہند کے لئے زیب و زینت کا باعث بنا رہا۔ اس کے اخلاص و اخلاق کو مخلص رکھا۔ اس کی عظمت کے لئے دل و جان داؤ پر لگاتا رہا۔ میں آپ سب کو اپنے دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارک باد دیتا ہوں۔

جن اپنے مسائل اپنی ضروریات اور اپنے حقوق کے لئے آجتک چھوٹی بڑی نشستوں، جلسوں، اجتماعوں اور کنونشنوں میں یکجا یا الگ الگ طور پر مختلف پلیٹ فارموں پر رد و قدح ہوا، بحث مباحثہ ہوا، قرار دادیں پاس کی گئیں، اُن کی مجموعی اور مشترکہ حیثیت پر نظر دوڑا کر اگر آج اس اجتماع میں تن واحد بن کر دوبارہ سوچنے سمجھنے، کرنے کرانے یا بحث کرنے کی ضرورت ہو تو وقت کا تقاضہ یہی ہوگا کہ کھلے دل سے ہر بات پر بات ہونی چاہئے اور وقت کی بھاگتی صورت کو بھی مدِ نظر رکھنے کی ضرورت ہوگی۔

کشمیری پنڈت جاتی پر کیسے کیسے کب کب اور کیسے کیسے کوہِ گراں گرائے گئے، وہ ایک طویل داستان ہے جو آج کے اس کنونشن سے بعید ہی ہے۔ کشمیر ہر کٹرواد، بنیاد پرستی انتہا پسندی غارتگری اور دہشت گردی کا دبدبہ باطنی طور پر حکمران ہے۔ اور جو ظاہرہ طور پر حکومت کرتا ہے اسے کب اپنے سر و پا کی خبر رہتی ہے۔

آج کے ہمارے اس اجتماع کا مقصد ہونا چاہئے۔ کشمیری پنڈت بے دخلوں کی فوری بحالی، ان کی جائدادوں کے نقصانات کا احتساب، ان کی غیر منقولہ جائدادوں کے جلائے جانے والے نقصانات کی پورتی۔ کشمیر میں ان کی آماجگاہ بنا پر امن ماحول میں با عزت طور اور با وقار طریقہ پر واپسی۔ ان کی اولاد کے درخشندہ مستقبل کی ضمانت، روزگار اور تعلیم کا ٹھوس بروپ یقین، تباہ حال کاروباری اور تجارت پیشہ لوگوں کی بحالی، سرکاری ملازمین کے غیر معمولی مسائل، پنشنر لوگوں کے ساتھ ہمدردانہ اور سلیقہ مندانہ سلوک وغیرہ وغیرہ۔ ان کے علاوہ ہمارے بیان کے مطابق مجوزہ چناؤ میں کشمیری پنڈت جاتی کا کیا رول رہنا چاہئے، سر تا پا ڈیبیٹ آنا چاہئے، اور حتمی پالیسی کا اعلان آفیشل طور پر اس ضمن میں پندرہ دن الیکشن سے پہلے کیا جانا چاہئے کیونکہ سرکاری ایجنٹ جن میں اپنے پرائے دونوں ہوتے ہیں کسی نہ کسی بھیس میں ایسے اجتماعوں میں موجود ہوتے ہیں۔ یہ بھول جاتا۔ ہمارے بھائی بہنوں نے تمام تر مسائل پر رائے زنی اور تبصرہ کرنا ہی پڑتا ہے جو میں پردے کی باتیں اُن کو پردے میں ہی رہنے دو بہت ہی گل کھلینگے جب زمانہ پر عیاں ہوں گی

ناظرینِ کرام۔ جسطرح کوئی زمانہ بھگوان کے اوتاروں یا ان کے نائبین ریشیوں اور منیوں سے خالی نہ رہا بالکل اسی طرح شداد نمرود فرعون اور راکھشس بھی ہر زمانہ میں نمودار ہوتے رہے، کبھی دھارمک اور مذہبی اور کبھی سیاسی لبادہ اوڑھ کر بھگوان کے بندوں کو ظلم و جبر کا نشانہ بناتے رہے اور ہم اور آپ ایسے غیر بھگوان اسروں اور راکھشسوں کو گذشتہ کوئی آٹھ دس سال سے کھلے روپ میں کشمیر میں دیکھتے چلے آرہے ہیں، مگر وہ گذشتہ کئی صدیوں سے مختلف شکلوں میں کشمیر میں تک ہر جگہ کسی نہ کسی روپ میں نمودار ہوتے ہی رہے ہیں اور ہندوؤں پر ظلم و تشدد کرتے ہی رہے ہیں۔

معزز سامعین۔ جناب حضرت امیر خسروؒ نے کشمیری براہمنوں کے بارہ میں لکھا ہے " ان کی حیثیت ایک محب وطن کی ہے جنہیں ہندوستان سے زیادہ محبت ہے، وہ ہمدرد اور اچھے صلاحکار ہیں، وہ عالم ہیں اور ہر کسی کو ہمراز بنانا چاہتے ہیں،

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آنجہانی معقول محمد علی جناح کے قبلہ کے پرنسل سیکریٹری آنجہانی جناب جلال احمد زبیری نے اپنی ایک کتاب "ذہانت کے علمبردار" میں تحریر کیا ہے کہ "دنیا میں یہودیوں، پارسیوں، شیعوں اور کشمیری پنڈتوں میں کئی اطوار اور کئی صورتوں میں کشمیری براہمن یعنی پنڈت عقل و دانش کے لحاظ سے سرفہرست گردانے گئے ہیں۔ دوسرا اقوام اور فرقوں میں بھی اچھے لوگ ہیں لیکن کشمیری پنڈتوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔"

حقیقت سے آشنا ہونے کے لئے یہی ہرگز ہرگز نہیں جھیکتا۔ کشمیری پنڈتوں کا کشمیر پر حق ملکیت جتانا صحیح ہونے کی بات خود آنجہانی شیخ محمد عبداللہ نے اپنے شجرۂ نسب اور اپنے ہندو پوروجوں پر نظر ڈال کر کہی ہے۔ کشمیری پنڈت کو روشنی کا مینار کہا ہے۔ ڈاکٹر ایشوری پرساد مسلمہ تاریخ دان نے بھی کشمیری پنڈتوں کا کشمیر پر صحیح حق جتانا مدتِ مدید پہلے تسلیم کر لیا ہے۔ آنجہانی حشمت علی خان لکھنوی نے بھی مان لیا ہے کہ "کشمیر کو آباد کرنے والے اصل میں وہاں کے براہمن ہی تھے۔ ہزاروں سال پرانی تاریخوں، دستاویزوں اور مقدس دھارمک پستکوں میں بھی ایسا ہی ذکر کیا گیا ہے۔" شیخ نورالدین ولی المعروف نند رشی نے بھی اس بات کی تائید کی ہے۔" ۷۹۲ھ ہجری کی بات ہے کہ خود شاہ ہمدان صاحب نے کشمیری پنڈتوں سے ملی رعایت کی سراہنا کرتے ہوئے کہا ہے کہ "کشمیری براہمن بہترین سبھاؤ، اچھے اخلاق دماغ، چلن اور تحریر و تقریر کے مالک ہیں اور یہ لوگ زبردست عقل کے دھنی ہیں اور ہر کسی کو دوست گردانتے ہیں۔ یہ لوگ شریف، صلح اور آپسی بھائی چارہ کے قائل ہیں۔

اب چونکہ ہندوستان کی آزادی کے بعد بھی کشمیری پنڈت جاتی کا شیرازہ دوبارہ بکھرنے لگا اور اس جاتی کے لوگ ہندوستان کے طول و عرض اور نشیب و فراز میں پھیلے ہوئے ہیں اور کسمپرسی میں گزار رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی عزت اور اپنے ناموس کو بچانے میں اچھی سی اچھی پہل قدمی کر کے اہلِ ہند سے اپنے حق میں سراہنا ہی سنی ہے۔ متذکرہ ایسے اوصاف کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک ہی دماغ سے ایک ہی سمت میں چلکر ایک ہی لائحہ عمل طے کر کے ایک ہی نوعیت کی کارگزاری کا مظاہرہ کرنے سے ہی ہمارے تمام دکھ دور ہوں گے اور تمام مسائل حل ہو کر رہیں گے ورنہ ہم کہیں کے نہ رہینگے۔

اسکے ساتھ ہی میں آپ سبھی حاضرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

بی این بھان نثار دہلوی

نظم

گزرے چھ سالوں میں اپنا درد بڑھتا ہی گیا
کتنے اعضائے بدن کشمیر میں میرے کٹے
کمسن و نادار کا بے جا قتل ہوتا رہا
کتنے ہی دریا بہائے پنڈتوں کے خون کے
بے دخل ہونا پڑا آتنک کے زیر و زبر سے
وہ سبھی دہشت گرد انساں نہ تھے حیوان تھے
زندگی ہے سب سے زیادہ قیمتی یہ جان کر
گل رخوں کے سارے چہرے اسطرح مرجھا گئے
آخرش قسمت نے جب ڈھارس بندھائی بیٹھ کر
اسکے آگے کہہ نہیں سکتا کہ عالم کیا ہوا
اے نثارِ نیک خو کیا تم نے سوچا ہے کبھی
اور آتنک واد کا سورج بھی چڑھتا ہی گیا
کوئی تیرہ سو ہیں وہ جن میں ہیں چھوٹے اور بڑے
گن گرج میں جو نہ سویا وہ بھی پھر سوتا رہا
دل دہل اٹھتا ہے اکثر دن جو یاد آتے رہے
مسجدوں سے جب وہ اکثر قہر برسانے لگے
جن کی مارا ماری سے پنڈت سبھی چلتے بنے
چل دئے میداں کی جانب نیک و بد سب مان کر
زندگی اور موت کو لاکر یہاں الجھا گئے
سو گئے سڑکوں پہ فٹ پاتھوں پہ گھوڑے بیچ کر
کون ہارا کون جیتا زندگی کا سلسلہ
ہم کہاں کے تھے کہاں جا کر رہیں گے ہم سبھی۔

نثار دہلوی

کشمیر پر مسلم حاکموں اور جابر حکمرانوں کے وار ہوتے رہے

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ظالم اور جابر مسلم حکمرانوں اور حملہ آوروں نے کشمیر پر وار کب نہ کیا؟ یہ سلسلہ تو ٦٥٥ برس سے متواتر چلا آرہا ہے۔ گو اتنے لمبے عرصہ میں وقت کی بدلتی کروٹوں نے اس خباثت کو ترک کر دیا کیونکہ حکمرانی جابروں کی نہ تھی۔ وار ناکے، آدمیت کو ضربیں لگائیں، انسانیت کو ختم کرنے کی بے شمار کوششیں ہوئیں اور کامیاب نہ ہوئے، اسلئے کہ اُس وقت سے آج تک انسانیت کشمیری پنڈتوں کا ہی مقدر بنی ہوئی تھی۔

اسی طرح لٹیرے، اور خطرناک قسم کے مجرم لوٹ پاٹ اور عورتوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کے چکر بھی چلایا کرتے رہتے۔ وہ سبھی اُٹھائی گیرے تھے، لٹیرے تھے، بدمعاش تھے اور سفاک تھے۔ غرضیکہ انسانی شکل میں انسان نہ تھے۔

یہی وہ لوگ تھے جو کپواڑہ سیکٹر کی جانب سے آکر ہندواڑہ، کیرن، ملنگر، ٹار اور بانڈی پور لولاب وغیرہ میں لوٹ مچاتے، ہلاکت کرتے، اور آبرو ریزیاں بھی کرکے واپس جایا کرتے تھے۔ گو وہ سرحد پار سے آکر واپس جایا کرتے تھے۔ آج یہ علاقہ پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں واقع ہے جو ایسے لوگوں کی بستی کہلاتا ہے۔

اس لوٹ پاٹ سے خوفزدہ رہنے کے کارن ان علاقوں میں بس رہے لوگوں کو بڑی تکلیف پہنچتی رہتی تھی۔ اور کاروبار اور تجارت پیشہ کشمیری پنڈت ان علاقوں میں لکھ پتی ہوا کرتے تھے (آج کے حساب سے) لیکن پھر بھی وہ اپنے سامان وغیرہ کو آسانی سے لوٹنے نہ دیا کرتے تھے۔ وہ لوگ سبھی گھر گرہستی اور کچن (چوکہ) میں مٹی کے برتنوں میں سبھی کام کیا کرتے تھے۔ اور لوٹنے والے منہ لٹکا کر نکل جاتے اور اسکے مقابل میں سوپور بارہمولہ میں رہنے والے سفید پوش کشمیری پنڈت پیتل اور کانسی کے برتنوں کا استعمال کیا کرتے تھے اور وہ لُٹ جایا کرتے تھے۔

اسی طرح وادی کے دوسرے علاقوں اور شہر سرینگر میں پنڈت لوگ اپنے مکان بناتے وقت اسکے رُخ کا خیال کیا کرتے تھے اور پیچھواڑے یعنی عقب میں بھی ایک چھوٹا سا دروازہ بنایا کرتے تھے جو دوسری طرف کھل جایا کرتا تھا۔ لٹیروں اور حملہ آوروں کے آنے پر گھر کے لوگ اور عورتیں عقب والے دروازے سے باہر دوسرے علاقہ یا گلی میں جاکر اپنی جان اور عزت بچایا کرتے تھے۔ ایسے مکان جو کوئی ایک دو اور اڑھائی سو سال پہلے چھوٹی اینٹوں سے تعمیر کئے گئے تھے میں اکثر ایسا ہی دیکھا گیا ہے۔ چنانچہ ہم اپنے اجداد کے مکان ایسی صورت حال میں دیکھ بھی چکے ہیں جو ابتک سرینگر کے وسط میں موجود ہیں۔ اب بھی مکان تعمیر ہوتے ہیں لیکن ویسے نہیں اور اُن میں وہ خوبی کہاں جو خوبی ہونی چاہئے۔ آج کے مکان عاشقی کے عجوبے ہیں بلکہ نمونے بھی +

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستانی ٹی وی پر غلط قرآنی تعلیم

پاکستان کے دارالخلافہ متصل اسلام آباد سے پاک ٹی وی لاہور کے نام پر غلط فہم کی قرآنی تعلیم دے رہا ہے۔ دوپہر کے وقت ۹ نومبر ۱۹۹۵ء کو پاکستانی ٹی وی پر بال بکھرائے بلکہ ان ٹاپ داڑھی کو لے کر ایک عاشق مزاج دینی مدرس یا مذہبی ہدایت کار قدم رکھنے کے ساتھ ہی وہ سب کچھ کہہ گیا جو ایسے موقعوں پر مُلا لوگ کہا کرتے ہیں۔

تقریر کا عنوان تھا "آدابِ مجلس"۔ عنوان بہت ہی بڑھیا تھا اور دُنیا کے انسانوں کے لئے سبق آموز ہو سکتا تھا۔ لیکن اس کا دائرہ سعودی عرب اور پاکستان تک ہی محدود تھا۔ غالباً اس لئے کہ پاکستان کے لوگ بے شعور ہیں اور انہیں آدابِ مجلس کا احترام نہ ہونے کے کارن اُن کو کچھ تو سمجھایا جائے۔ کیونکہ ویسے ہی وہ جھوٹ بولتے ہیں اور بے ادب ہیں، خواہ عوام میں سے ہوں یا عوام پر مسلّط کی گئی سرکار میں سے ہوں۔

مقرر نے سب سے پہلے کہا کہ آج میں آدابِ مجلس کی نسبت وہ باتیں بتاؤں گا جو قرآن اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی ہیں۔" اس کے بعد مقرر "کٹھ مُلّے" نے کہا۔

"قرآن کی رُو سے اور رسولِ خدا صلعم نے بھی فرمایا ہے کہ "دُنیا میں سب دینوں مذہبوں اور دھرموں سے اسلام سب سے برتر، اعلیٰ اور افضل ہے" اس کے بعد فوراً ہی ہم نے ٹی وی کو بند کر دیا اور سوچنا شروع کیا کہ "اسلام دھرم کیسے سب سے افضل اور برتر ہوا جبکہ تمام دھرم اچھے ہیں، اعلیٰ ہیں اور افضل ہیں، جو ہمیں پڑھنے سننے کو ملا ہے۔ کیا سبھی دھرم انسانی قدروں کی آبیاری نہیں کرتے؟ کیا سبھی دھرم ایک دوسرے سے منافرت رکھنے کی مناہی نہیں کرتے؟ تو قرآنِ حکیم اور رسول اللہ صلعم کے اسمِ مبارک کو غلط بتانے میں کیوں گھسیٹا جا رہا ہے۔ اگر یہ مہاشے ہندوستان کے ٹی وی سے ایسی حماقت آمیز بات کرتے تو میں بذاتِ خود اُن سے مناظرہ کرتا اور بعد میں ایک زوردار تھپڑ ارسال کر کے ان کو ابدی نیند سلا دیتا۔

آنحضرت صلعم نے خود فرمایا ہے کہ "مجھ سے پہلے جس قدر اوتار، پیغمبر آئے ہیں اُن کی اطاعت، اُن کا احترام کرنا ہی میرا احترام ہوگا" حضورؐ نے ایسا فرما کر کیا یہ بات تسلیم نہ کی کہ اسلام سے پہلے آئے ہوئے دھرم بھی اُسی طرح قابلِ احترام ہیں کہ جس طرح اسلام۔ قرآن شریف میں اس طرح کا کوئی مقولہ نہیں جو دوسرے مذاہب کو گھٹیا کہتا ہے یا کہتا ہو پس یہ باور رہے کہ مقرر پاکستانی ٹی وی پر کیا جھک مارنے کے لئے آتے ہیں اور فرقہ وارانہ تناؤ پیدا کر کے اسلام کی کیا سیوا کرتے ہیں۔ بے نظیر بھٹو کو ایسے ہی بیوقوف مُلّاؤں کی ضرورت ہے جو اسلام کے جھوٹے حوالوں سے اس کی تعریف کے پُل باندھتے رہیں گے (نثار)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

جموں و کشمیر میں صدق دل لیڈروں کی خطرناک کمی

2/96

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سیاسی پیکیج ہو یا ۱۹۵۳ء کا سلسلہ ہو یا اندرونی خود مختاری ہو یا پھر برباد کئے جانے کے منصوبے ہوں یہ سبھی کچھ بھارت کی سالمیت کے منافی ہے۔ اصل بات کی طرف توجہ کرنے والا اب کوئی صدق دل رہنما نہ رہا۔ اگر کوئی رہنما ہونے کا دعویٰ کرتا بھی ہے تو اُسے اپنی فہم و فراست، اگر کچھ ہو، کو ٹیکس کرکے یہ ثابت کرنا چاہئے کہ وہ ملک کی سالمیت، اکھنڈتا اور یکجہتی کے لئے جان فدا کرنے سے دریغ نہ کرے گا۔

صحیح رہنمائی کرنے والوں کا جموں و کشمیر میں زبردست فقدان ہے۔ جو جموں کے لئے روتا ہے وہ دہلی میں بیٹھ کر گلچھرے اُڑاتا ہے اور جو کشمیر کے لئے رنج کرتا ہے وہ پارلیمنٹ کا طواف کرتا ہے یا پھر بمبئی میں فلمی ستاروں سے معاشقہ کراتا ہے یا پھر جموں کی ریذیڈنسی روڈ پر مردہ گوشت کے کباب کے چٹخارے لیتا ہے۔

وادیٔ کشمیر میں کئی سیاسی لیڈر ہوئے لیکن معتبر تین چار ہی ہوئے اور اُن میں بھی باقی کوئی نہ رہا۔ جو بھی "اب" کوئی ہے وہ ایک اُٹھائی گیری طبیعت رکھنے والا اور بھی مفادات کے لئے ہوں ہاں کرنے کا عادی بن چکا ہے۔ غریب عوام کا درد نیشنل کانفرنس کے دل میں نہ رہا اور کانگریس آئی کو ساڑھے تین لاکھ کشمیری پنڈتوں سے رتی بھر ہمدردی نہیں۔

افریقہ کی گلیوں میں جا کر وہاں کے ٹی وی پر "اپنا" "اتی سندر" مکھڑا دکھانے کو سبز جھنڈی نہیں کہا جا سکتا۔ ریاستی نام نہاد لیڈر بیوقوف بنائے جا رہے ہیں جو وہ بن بھی رہے ہیں۔

کسی کے دل میں آزادی کا ناسور سجا ہوا ہے، کوئی کشمیر کو پاکستان کی زوجہ متعلقہ بنانے کے لئے برہم ہے۔ کوئی حسبِ دستور کشمیر کو ہندوستان کی اکائی بنائے رہنے میں آنند لیتا ہے۔ کوئی کشمیر کو خود مختاری کے لئے معصوم لوگوں کا قتلِ عام کرتا رہا اور کوئی اپنا حلیہ بگاڑ کر وحشی چلن اختیار کرکے اپنی ہی ماں بہنوں کی عصمت دری کرنے کو اپنا نتیجہ و نفرت اور سربلندی سمجھ کر اُسی پر نازاں لگتا ہے۔ کوئی سر منڈا ہے تو کوئی ریش دراز فراڈی کوئی ٹوپی باز ہے تو کوئی زُلفا بنا ہوا ہے۔ کسی کا ایمان ٹھیک سمت میں نہیں جا رہا بلکہ پٹری سے اُترا ہوا ہی لگتا ہے۔

کوئی ریاست کا سربراہ بننے کے خواب دیکھ رہا ہے تو کوئی حکومت کا چیف بننے کی خوش فہمی میں مبتلا ہے۔ کوئی لوٹ کھسوٹ کے لئے تڑپتا ہے۔ تو کوئی کرسی کے مگر ہوا لگتا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کوئی وزیر اعظم بننے کے لئے روزِ روشن میں خواب دیکھ رہا ہے تو کوئی
صدرِ ریاست بننے کے لئے پریشان پھر رہا ہے۔

کوئی جموں کے لئے الگ ریاست کا درجہ چاہتا ہے۔ تو کوئی اس کی
اندرونی خود مختاری یا کونسلگی کے لئے مرن برت پر بیٹھنے
کی تیاری میں لگا ہوا ہے۔

الغرض کہ ملک کی نسبت سبھی تنِ واحد (لیڈر) جو لیڈر
ہونے کا دعویٰ کرتا ہے یا شرف رکھتا ہے کو ہمدردی ہیں۔ عوام
کے ساتھ ہمدردی ہیں۔

البتہ جس کے لئے یہ لیڈر تگ و دو کر رہے ہیں یا بیان بازی
کر رہے ہیں، تو وہ ہے اپنی کھوئی ہوئی پوزیشن، ساکھ اور
حیثیت کو دوبارہ حاصل کرنا اور۔۔

..... ہندوستان کے لئے نفرت والی آگ میں پٹرول ڈالنا۔ ڈال
دینا یا ڈلوا دینا۔

اسلامی کٹر واد اور پاکستانی دہشت گردی کے
خاتمہ کی طرف کسی کی توجہ نہیں جا رہی۔ جو ایک
دکھ کی بات ہے۔

ان حالات میں جموں وکشمیر اسمبلی کا چناؤ
کس حد تک معنی خیز اور سود مند ہو سکتا
ہے۔

یہ ریاستی عوام چناؤ سے پہلے یا
چناؤ کے بعد دائر ہوئے تو کسی ایک
ساعت پر دیکھ ہی لیں گے۔ رتناکر دیوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

پاکستان میں غیر مسلم مذاہب کی کھلے عام بے حرمتی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہم وہ ہیں ہیں کہ ایسی حیوانی باتوں سے دل برداشتہ ہو گئے ۔ ہماری فراخدلی اور ہندو دھرم کی وسیع القلبی دُنیا میں مشہور ہے ۔ مگر عرب اور دوسرے عرب ممالک اس کا لوہا مان چکے ہیں ۔

ہم سلمان رشدی نہیں جو نعوذ باللہ قرآن مجید ایسی مقدس کتاب کو شیطانی آیات کہیں گے ۔ جس کفر کے لئے اُسے آیت اللہ خمینی نے گردن زدنی کا فتویٰ صادر کر دیا ہے ۔

ہم تسلیمہ نسرین بھی نہیں ہیں جو مانگ کریں گے کہ قرآن مجید اور دوسرے اسلامی قوانین پر نظر ثانی ہو ۔ اور ایسا کہنے کے لئے اُنہیں ملک بدر ہونا پڑا ۔

ہم وہ ہیں کہ جو فطرتاً اسکولر کریکٹر کے مالک ہیں اور تمام مذاہب اور تمام اوتاروں ، پیغمبروں ، ریشیوں ، منیوں ، صوفیوں ، سنتوں ، اولیاؤں اور روحیوں کا دل و جان سے احترام کرتے ہیں ۔ ہماری سرشت میں ایسا ہی لعیب کیا گیا ہے ۔

لیکن تم ہو کہ اول فول بکے جا رہے ہو ۔ مظفر آباد پاکستانی مقبوضہ کشمیر سے چھپنے والا ہفت روزہ " انصاف " نے تمام تر بے اتفاقی جتا کر جہاں **کالی ماتا بھگوتی** کی حد سے زیادہ بے حرمتی کی ہے ، اُن کے بارہ میں نہایت گستاخانہ لہجہ اختیار کیا ہے وہاں ہندوؤں کے مذہبی عقیدے اور دھارمک جذبہ پر بے جا وار بھی کیا ہوا ہے ۔ جو ہر لحاظ سے قابلِ مذمت اور قابلِ نفرت حرکت ہے ۔

میر عبدالعزیز ایڈیٹر انصاف نے اپنی پاکستانی ہر دلعزیزی کو کر سیکولر ہندوستانیوں سے لعنت کے انبار ہی حاصل کر لئے ہیں ۔ بھلا بتلائیے یہ کونسی قرآنی اور اسلامی تعلیم ہے کہ تم ہندوؤں کے دھارمک جذبہ اور مذہبی قدروں پر حقیر وار کرتے رہو ، جبکہ پیغمبر اسلام جناب حضرت محمد صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہو کہ " مجھ سے پہلے آئے ہوئے دینوں دھرموں اور مذہبوں ، پیغمبروں اور اوتاروں کی عزت کرو ، اُن کا احترام میرا ہی احترام ہو گا " کشمیری مہاجر پاکستان نواز میر عبدالعزیز نے پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں اسلامی جمہوریہ پاکستان سکنہ اسلام آباد کے زانو پر سر رکھ کر دم توڑنے کی کوشش کی تھی کہ دم نہ توڑ سکے اور بدنام و

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

رسُول سے منسوب کر کے یہ ہندوؤں میں سے ہیں تاکہ اُن کے گناہوں کی کشتی بھر کر غرق ہو جائے اور اُسی کا سلسلہ ہے دوسرے دھرموں کی تحقیر بھی کرتا۔ واحد اور جمع کا امتیاز ہیں تذکیر و تانیث کی خبر ہیں، املا میں بے شمار غلطیاں، کتابت اور مفاہمین میں دھاندلی، کٹر واد اور فرقہ پرستی کا چرچا بنا کر ہفت روزہ انصاف بے انصافی کا مبلغ بنا ہوا ہے۔

عزیز میرنے عیسائیوں، شیعوں، حدیثیوں، مرزائیوں بہائیوں اور سکھوں کے مذہبی عقیدوں پر پاکستانی جاہلوں کی طرح سلسلہ وار حملے کیے اور ہندوؤں پر وار کرنا ہی تھے۔ سو کیے، کیونکہ ہندوؤں سے مسلمان بنے ہوئے لوگوں کا ایسا ہی حال رہا ہے۔ کیا ولی اور کیا ڈاکٹر اقبال ترکِ دھرم کرنے والے (ہندو سے مسلمان) اکثر و بیشتر کٹر واد، بنیاد پرست اور خراب ذہن واقع ہوئے ہیں۔ لجد میں لیکن جناب شیخ نورالدین ولی المعروف نند رشی ایسے واقع نہ ہوئے کیونکہ اُن پر آنجہانی للی شوری کی نظرِ کرم کا سایہ پڑ گیا تھا کہ جس کو انہوں نے تسلیم بھی کر لیا ہے۔

میر عبدالعزیز نے کسی فرسودہ ذہنی نکہت بانو کے نام سے "کالی ماں کے بیٹے" کے عنوان سے وہ وہ خرافات لکھ ڈالی ہیں کہ بعید از بیان ہیں۔ پھر بھی لکھتے ہیں :-

"کالی ماں کے پیرو کار خوفناک اور عجیب و غریب خلقت ہوتے ہیں۔
کالی ماں کے حوالے سے ٹھگ یاد آجایا کرتے ہیں۔
کالی ماتا کو شو دیوتا کی بیوی کہا جاتا ہے، جو ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک ہے۔ اور وہ بدی کی علامت ہے۔
کالی ماتا انسانی خون پی کر خوش ہوتی ہے۔
کالی ماتا طاعون، چیچک اور وبائی امراض کی خالق ہے اور یہ بھی اسی کی بدولت پھیلتی ہیں۔ طوفان اور آندھیاں اسی کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ اسکی رنگت سیاہ ہے، نظریں خوفناک ہوتی ہیں۔
کالی ماتا کا دوسرا نام بھوانی بھی ہے۔ اور اسی کے نام سے بھارت کا مشہور شہر کلکتہ منسوب کیا گیا ہے۔
کالی ماتا جنس اور ظلم کی علامت ہے
اور جانے کیا کیا لکھا گیا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

[illegible]

انسانی شکل میں ٹھگوں، راکشسوں اور اسروں کو لقمۂ دُنیا سے ختم کرنے کے لیے اُنہوں نے کالی ماں کا رُوپ دھارن کیا تھا۔ اسلئے کہ اسروں کے مارے جانے پر اُن کے خون ناپاک سے اور بھی شیطان اور اسُر یعنی راکشس پیدا ہوا کرتے تھے۔ لہذا اُنہوں نے نیا رُوپ دھارن کرکے کسی اسُر کے خون کو زمین پر گرنے نہ دیا۔ اور اسطرح اسروں کا خاتمہ ہُوا۔

لیکن پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں اب بھی ایسے اسُر اور جاہل، بے شرم اور غافل، بے دین اور قاتل، اور بے ضمیر اور بزدل کہیں کہیں کسی کسی غارِ ناپاک سے نکل کر پھیل چکے ہیں، جو پاکستانی مقبوضہ کشمیر کو یرغمال بنائے ہوئے بیٹھے ہیں، جو روزانہ کراچی میں درجنوں لوگوں کو موت کی نیند سُلا دیتے ہیں۔ جنہوں نے پاکستان بھر میں کہرام مچایا رکھا ہے، جو افغانستان پر اسروں کی طالبان فوج کے نام سے قائم کرکے حملے کرواتے رہتے ہیں، جنہوں نے تمام ایشیا اور کہیں کہیں مغربی ممالک میں بے چینی پیدا کرکے رکھی ہے۔ اور جو وادیٔ کشمیر میں "شیخ العالم" کی درگاہ کو جلا کر راکھ کر بیٹھے، جنہوں نے معصوم لوگوں کو ہزاروں کی تعداد میں قتل کر ڈالا۔ جو کشمیری مسلم مستورات اور جوان لڑکیوں کی اجتماعی عصمت دری کیا کرتے ہیں۔

شکر ہے کہ نکہت بانو پر اُن افغانی اور کشمیری اسروں کی نظر نہ پڑی (یا پڑ گئی ہو کیا معلوم) ورنہ وہ بھی داخلِ جنت ہو چکی ہوتی اور روتی رہتی ہوتی اپنی قسمت کو اور پھر میر عبدالعزیز غلامانہ ذہنیت کا شکار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

در در بھٹکتا رہا، آنسو بہاتا رہا اور بالآخر
حکمِ ربی سے واصل بہ جہنم ہوا ہوتا۔

ہندو کسی طعش کے سامنے غلط بات
نہیں کریں گے۔

ہندو کسی بھی صورت میں اسلام کے خلاف
نہ زبان کھولیں گے نہ قلم ہی اُٹھائیں گے۔
کہ جس کے وہ دھنی ہیں۔
ورنہ کرنے کو کیا کچھ نہیں ہو سکتا یا
کیا جا سکتا۔

ہندو البتہ ہر وقت اور ہمیشہ کے لیے
راکشس یعنی اسُروں کا خاتمہ
چاہے گا۔

(ہفت روزہ انصاف جلد 42 شمارہ 50۔
۔مورخہ 7 تا 13 جون 1995ء صفحہ نمبر 5۔
۔مظفر آباد، (نام نہاد) آزاد کشمیر۔ راولپنڈی۔
۔پاکستان)

جو کچھ بھی کالی بھگوتی کے بارہ میں نگہت بانو کے نام سے لکھا گیا ہے
وہ بالکل واہیات۔ جھوٹ کا انبار ہے۔ یہ ایک تضحیک
کی بات ہے جو قابلِ نفرین ہے۔ (نثار دہلوی)
جنوری 1996ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری بیدخل ہندوؤں کو نظرانداز کیا گیا

ریاستی سرکار نے بیدخل کئے گئے کشمیری ہندوؤں کے لئے کئی مراعات کا اعلان کر دیا۔ کیمپوں میں جدیدیت لائی جائیگی۔ پانی بجلی کی فراہمی اور سلجھے سوچالیہ یعنی انگریزی طرز کے بیت الخلا بنانے کی ہدایات، تعلیمی ادارے تعمیر کرنے اور علاج معالجہ کی سہولیات میں مزید استواری لانا، نالیاں تعمیر کرنے وغیرہ وغیرہ کے بارہ میں افسران کی مجلس میں احکامات جاری کرائے گئے۔

اسکے علاوہ کشمیری ہندو مظلومین کی ریلیف ۱۵۰۰ سے ۲۰۰۰ کرنے کا بھی اہم فیصلہ تابع متعلقین کو سنایا گیا۔ مزید برآں راشن کی حصولی میں طوالت اور بے ضابطگی ختم کرنے کے لئے بھی کئی قسم کے احکامات صادر کرائے گئے۔

سابق گورنر جناب جگموہن کے بعد ایسا کرنے والا فی الحال چیف سیکریٹری اشوک کمار کی ظہور پذیر ہوا جو گردہ رکھتا ہے۔ تمام حالات کو بھانپنے کے بعد ہی انہوں نے نظامی سطح پر فیصلے لئے، ہدایات دیں، احکامات جاری کئے۔ حالانکہ اس سے پہلے ہی وہ کئی ایسے اقدامات کشمیری بے دخلوں کے بارہ میں کر چکے ہیں۔ ہزور روزگار یوجنا، پرائم منسٹر روزگار یوجنا وغیرہ کے دروازے کیمپ نواسیوں کے لئے بھی کھولنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ تجارت پیشہ لوگوں کے لئے بھی انہوں نے ٹھوس باتیں کر کے انکے دیرینہ مسائل کے نپٹارہ میں گہری دلچسپی لی۔

ایک بات جو چیف سیکریٹری جناب اشوک کمار کے حدِ اختیار سے باہر رہی وہ ہے "کشمیر یونیورسٹی کی مسلسل مسلم نوازی اور ہندو دشمنی کا خاتمہ"۔ یہ بدنام زمانہ یونیورسٹی کشمیری ہندو طلباء و طالبات کے تعلیمی مستقبل پر طرح طرح کے وار کرتی رہی ہے۔ کبھی امتحان نہ لیا کبھی امتحان لیکر سالوں تک نتیجہ نہ سنایا۔ کبھی مسلم نوازی کا ذہنی ثبوت پیش کیا، کبھی اتوار کو امتحان لینے اور شکروار (جمعہ) کو چھٹی کے مضحکہ خیز فیصلے کئے۔ جموں میں یونیورسٹی کا کوئی باضابطہ آفس اور سینٹر قائم نہ کرنا بھی کشمیر یونیورسٹی کی بدنیتی ظاہر کرتا ہے۔

چیف سیکریٹری اس معاملہ میں دخل غالباً اسواسطے نہ دے سکے، کیونکہ یونیورسٹی ایک خود مختار ادارہ ہے اور گورنر اسکے چانسلر ہیں۔ جو آج تک اس بارہ میں عرضیاں وصول کرنے کے بعد بھی کوئی ٹھوس اور معقول کاروائی سے گریزاں ہی رہے اور بیدخل کنندہ کشمیری ہندو طلباء و طالبات کے لئے قدم قدم پر الجھنیں پیدا ہوتی رہیں۔

کشمیر میں سینکڑوں تعلیمی ادارے جلا دئے گئے۔ اسکولوں اور کالجوں میں تعلیم کا معیار ۱۰ فیصد رہ گیا۔ طلباء و طالبات دہشت گردی میں پڑ گئے اور دختران ملت بھی ہو گئے۔ وہ کب چاہیں گے کہ غیر مسلم طلباء و طالبات کو کشمیر یونیورسٹی سے منسلک رکھا جائے

(جو

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تعلیم میں آئے ... [illegible] ... تعلیم ، امتحان
کالج ، اسکول ، نتیجہ ، ڈیٹ شیٹ اور سارٹیفکیٹ ، سند یا ڈپلومہ ڈگری کے
بارہ میں فیصلے لیا کرتی ہے:

اسی کشمیر یونیورسٹی میں درجنوں بار چھاپے ڈالے گئے ، مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ، بم دھماکوں کا سامان سکورٹی فورسز کے ہاتھ لگا - لیبارٹری ، ہوسٹلوں اور کلاسوں میں چھپایا ہوا سامانِ جنگ (از پاکستان فراہم کردہ) برآمد کرلیا گیا - اور درجنوں دہشت گردوں کو بھی اسی یونیورسٹی کے احاطہ اور قرب و جوار سے پکڑا گیا - اس سے بڑھکر ایس ایم ایس ہسپتال ، میڈیکل کالج ، میڈیکل ہوسٹل اور میڈیکل انسٹی ٹیوٹ صورہ میں بھی چھاپوں کے دوران پاکستان سے آیا ہوا سامانِ جنگ پکڑا گیا - میڈیکل اسٹوروں سے راکٹ ، پستول ، ریوالور ، آر ڈی ایکس ، گولی بارود اور دھماکہ خیز مادہ ، وائرلیس سیٹ وغیرہ برآمد ہوئے ، لیکن جو باجر منتظمین تھے اور جن کے ہی اشاروں پر ایسا کیا جاتا رہا ، اُن کے خلاف کوئی قانونی کاروائی نہ کی گئی - ہسپتالوں میں بے تحاشہ ڈاکے ڈالے گئے اور دہشت گردوں کے لئے خاص اور خانم کے طلایع زیر اثر اندار کراؤنڈ ہسپتال اور طبی ادارے تمام کئے گئے - لیکن سرکار نے سختی سے ان باتوں کا کوئی نوٹس نہ لیا -

بہر حال یہ نظام کی بدحالی کا آئینہ ہے - شاید کبھی مستقبل قریب میں دہشت گردی کے بادل چھٹ جائیں اور کشمیر دوبارہ بارونق وادی بن جائے - آس تو رکھنا ہی چاہئے ، لیکن ایسا ہونا حشر تک غیر ممکن ہی ہے:

دوسرے کرایہ پر رہنے والے بیدخل کئے گئے ہندوؤں کے بارہ میں چیف سیکریٹری صاحب نے کوئی دھیان نہ دیا - شائد وہ بھول ہی گئے کہ اُن کو بڑی بڑی رقمیں کرایہ کے طور پر ادا کرنا پڑ رہی ہیں اور مالی وسائل محدود ہونے کے کارن بڑے ہی پریشان حال ہیں -

آخر میں یہ کہنا ضروری ہے کہ ا -

سرکار کا بے دخل کئے گئے کشمیری ہندوؤں کے تئیں جذبۂ ایثار ، کہیں یہ معنی تو نہ رکھے گا کہ نرسمہا راؤ کی کانگریس کو ریاست کی سرکار بخشنے کے لئے 3½ لاکھ کشمیری ہندوؤں سے اس کے بے ایمان اور غیر معروف نمائندوں یا غیر پسندیدہ لیڈروں کو مجوزہ اسمبلی الیکشن میں کامیاب کرنے کے لئے میدانِ عمل میں ووٹ کی پرچیاں لیکر کود پڑنے کا لالچ دیا جا رہا ہو - یہ ایک توجہ طلب بات ہے - ویسے کشمیری پنڈت نامراد نیشنل کانفرنس جو ریاست کی درگت کے لئے ذمہ دار ہے کے بھی دلدادہ ہیں - اسکی بدچلنی زبان زدِ عام ہے - بس رہی بھارتیہ جنتا پارٹی ، بی ایس پی (ک - ب) اُن کے بارہ میں سوچا جاسکتا ہے - جنتا دل کی خباثت نے روبیہ سعید کا چکر چلا کر کشمیر کو ہمیشہ کے لئے تباہ کرکے رکھدیا ہے - اسکی خیر نہیں !

دسمبر ۱۹۹۵ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

بہ ظاہر کچھ بہ باطن کچھ

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

نہایت معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ماہ (نومبر ۹۵) بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کے سابق صدر چمن لال گپتا نے بمبئی جاکر شری بال ٹھاکرے سے بہ نفسِ نفیس ملاقات کی اور دورانِ گفتگو اُن سے اپیل کی کہ:-

"جسقدر بھی بیدخل شدہ کشمیری پنڈت طلبا و طالبات کو مہاراشٹر بھر میں آپنے پیشہ ورانہ یا دوسرے اعلیٰ تعلیمی اور تربیتی اداروں میں داخلہ بخشا ہے، اُنھیں آپ اُسی قدر فوراً منسوخ کریں، کیونکہ اسطرح ریاست بھر میں خاصکر جموں ڈویژن میں ڈوگرے طلبا و طالبات ایسی مراعات سے محروم ہونگے اور کہ اُن کا مستقبل تابناک نہ بن سکے گا۔ جسقدر کشمیری پنڈت طلبا و طالبات کا سوکر رہے گا اور یہ مجموعی طور پر آباد ہونگے، جبکہ جموں نواسی پچھڑے پن کا شکار ہوکر رہینگے اور پھر مجوزہ الیکشن میں بی جے پی کو زبردست خسارہ کا مُنہ دیکھنا ہوگا۔"

یہ خطرات سُننے کے بعد بزرگ بار اور صحیح الدماغ شری بال ٹھاکرے نے اُنھیں (سی ایل گپتا) کو درجواب کہا "ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا۔ یہ ہماری نیتی ہے اور پالیسی بھی کہ مستحق شخص کی ہر لحاظ سے بھرپور امداد ہو۔ مزید برآں یہ جاتی (کشمیری پنڈت) بنیادی طور پر تعلیم کے دلدادہ ہے۔ اور اس جاتی کے مستحق افراد کو حق سے محروم کرنا ہمارے لئے شائستگی اور انسانیت والی بات نہ ہوگی۔ قابلیت کے آدھار پر جو لوگ بھی کام کیا جائے وہ ٹھیک ہی ہوسکتا ہے۔ ہمارے لئے آپ کی طرح غرض مندی والی بات کوئی نہیں۔ ہمارا حاجت مندوں کے لئے دِل و دماغ وقف ہے اور ایسی بات جائز بھی ہے۔"

مزید "جو پڑھے گا، تجربہ کرے گا اور تحقیق کرے گا، وہ تو حسبِ شرح معاوضہ اور صلہ پا ہی لے گا۔ غلط طرز کی بات کہنے پر میرے لئے ایک تعجب سے کچھ کم نہیں۔ تنگ نظری کوئی پھل دائک نہیں ہوتی نہ ہوسکتی ہے۔ وہ سبھی کہ جن کو مختلف اداروں میں داخلہ بخشا گیا ہے، وہ بالآخر اسی اسٹیٹ کی خدمت گزاری میں لگ جائینگے اور کہ مہاراشٹر نواسی طلبا و طالبات اِن سے بہت کچھ سیکھ کر مستفید ہونگے"

اسکے بعد شری بال ٹھاکرے نے چمن لال گپتا (پرومنیر) کو یہ بھی کہا کہ "جموں میں جموں کے لوگ بلکہ وہاں آپ کی پارٹی کے کارکنان سرحد پار سے اسلحہ اور

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

دوسرا اہم کام یا دھان اسمگل کرتے ہیں اور کشمیری مسلح دہشت گردوں کو پہنچانے کا کام بھی کرتے ہیں۔ یہ لوگ سرحد پار بھی کرتے ہیں اور سکھ دہشت گردوں سے بھی میلاپ رکھتے ہیں۔

کیلوں کٹنے کے لئے سڑکوں میں ڈالکر آپ ہا کہ جموں تو اسی ہندو کشمیری مسلمانوں کو پیش کرتے ہیں۔ آپنے ان دو باتوں کے بارہ میں کیا کبھی سوچا بھی ہے۔ جموں میں کئی جگہوں سے ہندو لڑاکوں کی بغل میں اسلحہ وغیرہ کے ذخیرے پکڑے گئے اور آپ اس بارہ میں برابر بے خبر بنے بیٹھے رہے۔ ہمیں تو بمبئی میں بیٹھکر جموں و کشمیر کے بارہ میں روزمرہ کے واقعات حالات، حادثات اور کرشمہ جات سے واقفیت رہا کرتی ہے۔ لیکن آپکی وچار دھارا اسقدر بگڑی ہوئی معلوم ہوتی ہے کہ ہمیں انتہائی تعجب ہونے لگا ہے"

پروفیسر جمنا لال گپتا نے یہ سنکر کوئی جواب نہ دیا اور کچھ دیر کے لئے ششدر بیٹھنے کے بعد روانہ ہو گئے۔ لہذا متعلقین کو ان تمام باتوں کی واقفیت رکھنا ہوگی۔ مطلب برآری کے لئے امداد کرنا نیک کام سیوا نہ ہوگا۔ حالانکہ کشمیری پنڈت بھائی چارہ کے قائل ہیں۔

جمنا لال گپتا کو یہ غالباً معلوم ہی ہے کہ جموں کے کھنڈروں کو شائستہ لوگوں کی بستیاں بنانے میں کشمیری پنڈتوں کا کتنا ہاتھ ہے۔ جموں کے تاجروں کو کشمیری پنڈتوں سے ابتک ایک ارب روپیہ مل چکا ہے۔ جموں اب جموں بن گیا ورنہ اسکے پتھروں کو کون منہ لگاتا تھا یا پوچھتا تھا۔ شکر گزار رہنے کی بجائے غلط وغیرہ اختیار کرنا کسی ذی ہوش کو شوبھا نہیں دیتا۔

کشمیری پنڈتوں کی بھارت ماتا کے وقار کی قائمی کے لئے اسقدر قربانی زبان زد عام ہے، اور تمام بھارت واسی اس سے پورے طور باخبر ہیں۔ اگر کسی اور جاتی نے ایسی عظیم قربانی آجتک دی ہو، تو وہ ہم کو بتلا دیا جائے!۔

چاہئے تو یہ تھا کہ اس ستم رسیدہ جاتی کی سراسیمگی اور بدحالی کو دور کرنے کے لئے جتن کئے جاتے لیکن ایسا کرنے کی بجائے ان کے لئے ہتک آمیز اور حقیر باتیں کی جاتی ہیں۔ جموں والوں کی قوت خرید و فروخت کو بڑھاوا دینے کے لئے کشمیری پنڈتوں نے صدق دل سے ساتھ دیا۔ لیکن احسان فراموش لوگوں کا کیا کہنا۔ وقت ہی خراب ہے۔ سوجھ بوجھ کا فقدان ہے۔ کیونکہ بے ترتیب روپیہ نے سب کی عقل پر پردے ڈال دئے ہیں۔ غلط قسم کی آمدن نے دل و دماغ خراب کرکے رکھدئے ہیں۔ اس لئے ان سے کسی قسم کا گلہ کرنا بھی بے معنی ہوگا۔ البتہ انسان بننے کی نصیحت کی جاسکتی ہے اور دعا بھی کی جاسکتی ہے کہ غلط کاروں کو عقل ملے۔ (دسمبر ۹۲ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

کشمیر کے لئے محض فوجی سرکار درماں ثابت ہوگی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

لیجیئے مہاراج ! بے بنیاد - بے بنیاد ... بے بنیاد چیز ایک دن بھی نہیں ٹھہر سکتی ہے، اور بے بنیاد کوئی بھی چیز کھڑی نہیں رہ سکتی، جیسا کہ آپ بھی خود مانتے ہیں کہ اس کی چھاپ بہت سمے سے پڑی ہے - اگر اس روڑھی ملہ ماس کو بقول آپکے بے بنیاد کہیں تو بھانو ماس بھی سراسر بے بنیاد قرار دیا جا سکتا ہے، کیونکہ جس حصول اور مقصد کے لئے بھانو ماس کی اُتپتی یا ایجاد ہوئی ہے وہ ہی مقصد ملہ ماس کی اُتپتی کا بھی ہے - اس میں ذرا بھر بھی تفاوت، فرق یا انتر نہیں ہے - پھر یہ دو ماس کیوں؟ ایک ہی ماس کیوں نہیں؟ یہ دوسرا سوال ہے - یہ سوال ایسا ہی بے وقت اور بے موقعہ ہے، جیسے کہ ہم پنڈت ہندو کے یہ کہیں کہ جبکہ ہمارا CLANDER سرو سریشٹھ ہے، تو انگریزوں کو کیا ضرورت پڑی کہ اُنہوں نے دوسرا CLANDER رائج کیا، یا مسلمانوں کو کیا ہو گیا، جو اُنہوں نے ہجری سمت کا آغاز کیا، وغیرہ وغیرہ - اس لئے آپ کا یہ کہنا اور بار بار چلانا کہ اس سے برادری دو حصوں میں بٹ جاتی ہے غلط ہے - دنیا میں ایک ہی مذہب ایک راستہ یا ایک ہی خیال پر سب لوگوں کو لایا نہیں جا سکتا، خاص کر آج کے سائنسی دور میں - اب رہا سوال آخیر بھانو ماس یا ملہ ماس کیا ہے؟ اور اس کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی - یہ مسئلہ اصلی ہے، جس پر آپ کو روشنی ڈالنی چاہیئے تھی! بجائے اس کے کہ ڈنڈا لے کر روڑھی ملہ ماس، کے پیچھے چل پڑتے۔

کہتے ہیں ضرورت ایجاد کی ماں ہے - لوگوں کو ضرورت پڑی تو بھانو ماس یا

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

[illegible] پیدا ہوا کہ [illegible] یعنی جیوتش کاروں نے
اس کا نرمان کیا۔

ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

ہمارے ہاں یعنی بھارت ورش میں دو CLANDER یعنی دو طریقے کے سمت رائج ہیں، اور وہ آدی کال یا ویدک کال سے برابر برابر ساتھ ساتھ چلے آرہے ہیں، ایک سوریہ سمت اور دوسرا چندرمہ سمت۔ چندرمہ سمت کے مطابق ہمارے سارے مذہبی تیوہار مثلاً نوراترہ، درگا اشٹمی، مہانومی، دسہرہ، دیپ مالا، انرکوٹ، شوہ راتری وغیرہ اور مہاپرشوں، گوروؤں اور اوتاروں کے جنم دن وغیرہ اور سوریہ سمت کے حساب سے سنکرانتی، ورت، بیساکھی، پہلا چیت، نوروز وغیرہ وغیرہ۔

اب دیکھئے سمت 1983 میں پہلا نوراترہ ۱۴ اپریل کو پڑتا ہے۔ اور اسی دن بیساکھی بھی ہے، اور اگر ادھیکا تو ماس یا ملہ ماس (جو کہ ایک ہی چیز کے دو نام ہیں) نہ ہو، تو ایک سال کے بعد پہلا نوراترہ بجائے ۱۴ اپریل کے ۳ اپریل کو ہوگا اور دو سال کے بعد ۲۳ یا 25 مارچ کو ہوگا وغیرہ وغیرہ۔ اور اسی طرح آگے آگے چلتا ہوا یہ چیت کی بجائے بیساکھ، جیٹھ، پھر ہاڑ وغیرہ ماسوں میں پڑتا تھا پورے سمت میں چکر کاٹتا رہتا، ٹھیک اسی طرح جس طرح مسلمانوں کے تیوہار عید وغیرہ کبھی سردیوں میں، کبھی گرمیوں، برسات اور بہار میں آتے رہتے ہیں۔
مگر ہمارے جیوتش کاروں نے یہ وچار کیا کہ چندرمہ سمت کے تیوہار بھی سوریہ تیوہاروں کے سمان اپنے مخصوص موسم نہ بدلیں اس کا حل ڈھونڈ نکالنا چاہا۔
یعنی اس چاند اور سوریہ سمت میں جو ایک ماس کا فرق کوئی 32 ماہ ۱۶ دن کے

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

لوند آتا ہے، اس کو دور کیا جائے اور اس ایک مہینے کو علاوہ بڑھا کر تہواروں کو موسم کے ساتھ مطابقت پر لایا جائے۔ اسی ایک ماس کو جو علاوہ پیدا کیا جاتا ہے، اب ملہ ماس کہیئے یا بھانو ماس، کوئی بھی نام دیں، مگر جب تک تہواروں کو موسموں کے ساتھ لانے کا مقصد ہے، ایک ماس بڑھانے کا اصول ایجاد کیا گیا اور اس کے سوا اس کا اور کوئی مقصد نہیں ہے، اس میں نہ کسی کو کوئی نرک ہی ملے گا اور نہ سورگ۔

اب رہا سوال کا دوسرا پہلو یہ کہ جب بھانو ماس اور ملہ ماس کا یہی اثر مقصد ایک ہی ہے، تو پھر دو طریقے دو زمانوں میں کیوں آئے۔ اس سے پہلے کہ اس سوال کا جواب دیا جائے پہلے ہم یہ دیکھیں کہ بھانو ماس کا طریقہ ایجاد (THEORY) کیا ہے اور ملہ ماس کا طریقہ ایجاد کیا ہے اور جبکہ بھانو ماس کا طریقہ رائج تھا، تو پھر ملہ ماس کا طریقہ اپنانے کی ضرورت کیوں پڑی؟

بھانو ماس کی THEORY اس طرح ہے کہ تقریباً پونے تین سال کے بعد جب اماوس اور سنکرانتی ایک ہی دن پڑے تو بھانو ماس مانا جائے، اور ایک مہینہ چاند کے مہینوں میں بڑھا دیا جائے، کیونکہ اس مدت تک چاند اور سورج کے موسمی پھیر میں ایک مہینے کا انتر آیا ہوا ہوتا ہے۔ یہی بھانو ماس رائج ہونے کی پرتھا ہے۔ لیکن ___

کچھ سمے کے بعد ایسا ہوا (جیسا کہ اس سال ہوا ہے) کہ وقت مقررہ پر تو سنکرانتی اور اماوس کا میل نہ ہوا، اور بھانو ماس کا ایک مہینہ قاعدہ کے مطابق بڑھا دیا گیا، مگر اس کے چند ہی ماہ اندر خلاف توقع پھر سنکرانتی اور اماوس کا میل ہوا، تو پھر کیا ایک مہینہ اور بڑھایا جائے یہ سمسیا پیدا ہو گئی یا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تو FARMULA کو ہی سرے سے بدلا جائے یا اسی فارمولا کا آسرا لے کر اور کچھ جوڑ توڑ کے ساتھ فارمولا کا شودھن کیا جائے۔ چنانچہ کچھ جیوتشیوں نے اس میں یہ شودھن کیا یعنی CORRECTION کی، کہ جب بھی ایسی صورت ہو، تو دوسرے دفعہ کے سنکرانتی اور اماوس کے میل پر بھی ایک مہینہ بڑھایا جائے اور اس کے ساتھ ہی ایک مہینہ کو کھٹے ماس یا لئے ماس مان کر (1 = 1 - 1 + 1) دو مہینے بڑھا کر ایک مہینہ گھٹایا جائے۔ اور ایک مہینہ کو کھٹے ماس یا لئے ماس کہا جائے، تاکہ مجموعی طور پر صرف ایک مہینہ بڑھ جائے جو کہ مطلوب ہے۔

مگر اوپر کا طریقہ کار DEFECTIVE FARMULA ہونے کی وجہ سے کچھ جیوتش کار ونے جو خاص کر کشمیر کے ہی جیوتشی تھے۔ ایک NEW FARMULA (نیا فارمولا) پیش کیا، جس میں سنکرانتی اور اماوس کا میل ہونے کی کوئی پابندی نہیں رکھی گئی، بلکہ خالص CALCULATION کے بل بوتے پر جتنی سمے میں ایک مہینہ کا فرق آتا تھا، اتنی مدت کے بعد ہی ایک مہینہ بڑھایا گیا۔ یہ ملہ ماس کے نام سے پکارا گیا، اور یہ کشمیر پرانت کے زیادہ سے زیادہ لوگوں نے اپنایا۔ اس کا فارمولا یہ ہے کہ چونکہ پورے 990.5371 دنوں کے بعد ایک چاند کے مہینے کا انتر ہو جاتا ہے، تو پھر ہر 990.5371 یعنی 990 دن 32 گھڑی اور 48 پل کے بعد ملہ ماس مانا جائے اور ایک مہینہ کا انتر ایک مہینہ بڑھانے سے پورا کیا جائے۔ یہ فارمولا سب سے آسان فارمولا بغیر کسی ہونے والے DEFECT کے تھی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور اس کو تقریباً گیارہ ماہ کے ۔۔۔ ریزینے اپنایا۔ اگر پھر بھی ہٹ دھرمی پر لے ہی DEFECTIVE والا مہینہ کو اپنانا ہے تو ہے۔

لیجیئے مہاراج! اب آپ نے دیکھا ہو گا کہ ملماس نام کی کوئی بے بنیاد چیز نہیں ہے، بلکہ وقت کی ضرورت کے مطابق ایک مضبوط بنیاد پر بنا ہوا ایک قاعدہ ہے جس کو کوئی بھی CHALANGE نہیں کر سکتا ہے بلکہ اس میں (1=1-1+1) کا جھگڑا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہوتا ہے۔
اوم شانتی۔

ہاں! ایک اور بات!! آپ نے اپنی اسی جنتری جس کا ذکر میں نے کیا ہے، کے صفحہ 86 پر لکھا ہے کہ " [illegible] ' یعنی 32 مہینہ 16 دن کے بعد ملماس آتا ہے" یہ سراسر غلط ہے۔ اور تنقید کی ہے کہ برہمن منڈل میں کوئی جیوتش ودھیا کا ماہر دکھائی نہیں دیتا ہے اور کہ 16 دن - 32 ماہ صرف 976 دن ہوتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ بھی گنت ودھیا میں بالکل کمزور ہیں۔ ابھی وقت ہے کہ آپ کسی حساب دان سے ضرب، تقسیم اور جمع، تفریق سیکھئے تو اچھا رہے گا۔ لیجیئے ایک سوال کا حل آپ کے سامنے ہے۔ دیکھ لیجیئے:-

سوال:- بتاؤ 32 ماہ 16 دن کے کتنے دن ہوتے ہیں؟
جب کہ سال کے 365.256 دن ہوتے ہیں، اور ایک سال بارہ مہینوں کا۔ جواب چار دشملو تک یا دن، گھڑی اور

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پلوں میں دیجیے؟

حل :-

ایک سال کے دن = 365.256

اس لئے ایک ماہ کے دن = $\frac{365.256}{12}$ = 30.438 دن

اوسطاً : 32 ماہ = 30.438 × 32 = 32 ماہ

= 974.016

16 دن اور جمع کئے۔ = + 16.

990.016 دن

جواب

اگر پورا گنت کیا جائے تو یہ 990.5371 دن

یعنی 990 دن 31 گھڑی اور 48 پل ہوتا ہے، اور یہی انتر ایک ملہ ماس سے دوسرے ملہ ماس کی اودی تک ہے۔

مشتہر کنندہ :-

بی این بھان نثار

288 سبھ منزل، بکرم نگر

سروال چوک، جموں 180005

آپ کا شبھ چاہنے والا

جیا لعل بٹ

ریٹائرڈ ایس۔ڈی۔او

ساکن تولہ مولہ کشمیر (191131)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

2

شریمتی اندرا گاندھی

30/10/84

اپنے بھارت دیش کی خاطر مجھے مرنا ہے کل
پھر جدائی کا ہی غم آپ کو سہنا ہے کل
حوصلہ اپنا نہ کھونا میرے غم میں ساتھیو
ہنستے ہنستے آپ نے مجھکو وداع کرنا ہے کل

جسم جاں دونوں میسّر ایکتا کے واسطے
خون میرا ہے مقرر ایکتا کے واسطے
دیش کو اتحاد کی حدوں میں رکھنا ساتھیو
آپ بن جانا پیمبر ایکتا کے واسطے

یوم شہادت حضرت بہا اللہ

6/92

جاگ اٹھا ہوں قسم بہ خدا
جان کر لوں گا اپنی فدا
خواب کی مجھکو تعبیر ملی
حضرت بہا ظہور اللہ

8/93

بہائی مت کے آنے سے سکون اطراف میں آیا
محبت کا بہا اللہ نے ہر اک راز سمجھایا
بہائی دین نے انساں کو اخوت کا درس دیکر
عوام الناس کی وحدت کا گُر عالم کو سکھلایا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سُبھاش چندر بوس

ہمہ دالوں میں بھی تھا خود دار سُبھاش بوس
تھا قوم کی بھی گرمیٔ رفتار سُبھاش بوس
دُشمن کی گردنوں پہ تھا تلوار سُبھاش بوس
تھا عظمتِ بھارت کا اِک شہکار سُبھاش بوس
وہ قوم کے نازوں کا تھا سردار سُبھاش بوس
بھارت کی فتح و نصرت کا جرّار سُبھاش بوس
علم و ہنر سے تھا بھی وہ سرشار سُبھاش بوس
افکار سے ہرگز نہ تھا دوچار سُبھاش بوس
تھا سرفروشوں کا بھی وہ غمخوار سُبھاش بوس
اِخلاص و مُروّت کا تھا پندار سُبھاش بوس
حُبّ وطن کی مے کا وہ خُمّار سُبھاش بوس
تاریکیوں میں رحمتِ انوار سُبھاش بوس
نثار وہ وطن کا سگّا یار سُبھاش بوس
نظروں میں تو مدّت میں تھا ہموار سُبھاش بوس

جولائی ۱۹۷۰ — سابنہ میں مشاعرہ میں پڑھی گئی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! پنڈت کشپ بندھو جی

19.12.86
28.12.86

کس لئے شرق و غرب یکساں ہونے لگ گئے
کس کے غم میں ایکجا انسان ہونے لگ گئے
کس نے اپنے وقت میں خاقان تک ٹھکرا دئے
اب یہ عالم ہے کہ سب سلطان ہونے لگ گئے
تجھ سے میرے گھر کی رونق اب کہاں ممکن کہاں
اے امیر کارواں، میرے امیر کارواں

کچھ ہیں الفاظ جو شردھانجلی کر لوں بیاں
دل مرا چھلنی ہے کچھ کچھ، اسمیں ہے سوز نہاں
اے امیر کارواں تو اب نہ ہوگا درمیاں
یہ مری بے چارگی ہے کر میں جاؤں گا کہاں
اب تو کھانے کو پڑیں گے یہ ترے کون و مکاں
اے امیر کارواں میرے امیر کارواں

اسلئے مانوس اے کشپ بندھو تجھ سے میں تھا
کاشمیری پنڈتوں کا درد سینے میں رکھا
آخری دم سے جو پہلے کہنا تھا وہ کہہ دیا
پھر قیامت بخش کر خود سوئے جنت چل دیا
تیری دوری بن گئی ہے ستم کی رانی یہاں
اے امیر کارواں میرے امیر کارواں

جاتی کو مدت ہوئی تم نے تو بخشی تھی جلا
تجھ کو کہنا ہی پڑے گا روشنی کا دیوتا
مخزنِ فہم و فراست آپ کا تھا مرتبہ
غم زدوں کا اور بے کسوں کا بن گیا تھا ہمنوا
قوم کو تقدیر میں خوشحال ہونا ہے کہاں
اے امیر کارواں میرے امیر کارواں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آپ کے اُس دور کی ہر بات لگتی تھی جواں
آپ کی طرزِ فکر، طرزِ عمل، طرزِ بیاں
آپ کو سمجھا کیا کرتے تھے اپنا پاسباں
تینوں باتیں مل گئیں ورثہ میں تیری داستاں
جیسے ہر ایک ورق پر کندہ ہیں تیرے نشاں
اے امیرِ کارواں میرے امیرِ کارواں

آجکل انسانیت پہ آگئے الزام ہیں
آجکل شرفا کو کرتے ہر طرح بدنام ہیں
آجکل اخلاق کے کچھ اُلٹے سیدھے نام ہیں
آجکل آتے رہے کچھ غلط سے پیغام ہیں
تو مگر کشمیر میں تھا عظمتِ ہندوستاں
اے امیرِ کارواں میرے امیرِ کارواں

آپ کے حالات سے واقف رہے تھے دو جہاں
آپ بن کر آگئے تھے اِک امیرِ کارواں
آپ کے غم میں رہیں گے ڈوب کر ارض و سماں
آپ کے پیچھے یہاں کھل پائے گی کیسے زباں
اب نہ پاسِ دوستاں ہے اور نہ پاسِ دشمناں
اے امیرِ کارواں میرے امیرِ کارواں

اپنی جاتی کے لئے رحمت کو برسایا کیا
اور شفقت کے لئے ہر دم ہی ترسایا کیا
اپنے دل کے داغ باطن میں ہی سہلایا کیا
حق و باطل کی لڑائی میں ہی اُلجھایا کیا
تیرے جانے سے پریشاں ہے ہر اک پیر و جواں
اے امیرِ کارواں میرے امیرِ کارواں

کچھ گھٹا پا سامنے اور دیکھتا ہوں آر پار ۔ گر نہ ہوتی شاملِ افکار تیری وہ پکار
میں سراپا ٹھگ لیا ہوتا گیا اے یارِ غار ۔ اسلئے ہونے لگا ہوں تجھ پہ تجھ پری نثار
تو وطن کا تھا ستارا اور تو جانِ جہاں
اے امیرِ کارواں میرے امیرِ کارواں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ستی ایک رسمِ کہنہ

30. 4.9.87

مُسدّس

کِس لئے بدنام راجستھان ہونے لگ گیا
کون ستی کے روپ میں قُربان ہونے لگ گیا
کِس لئے جے پور تک شمشان ہونے لگ گیا
کون اپنا ہوتے بھی انجان ہونے لگ گیا
غیر انسانی تھا واقعہ اُور نہ تھی کوئی خودی
وہ ظُلم تھا، اُور تھی اِنسان کی بے حُرمتی

رُوپ کنور کو کِس لئے زندہ جلانا تھا پڑا
اِسلئے کیا اُس کا شوہر بھی تو دُنیا سے اُٹھا
کون احمق تھے وہ جِن سے وہ گُناہ سرزد ہُوا
اُور ستمبر چار کو بدنام کر کے رکھ دیا
اُس پہ کیا گزری ہوئی ہوگی جو زِندہ ہی جلی
اُور دِلوائی گئی کِس دھرم سے اُسکی بلی

دیورالہ کا یہ گاؤں اُور راجستھان بھی
اِسطرح بدنام ہیں کہ جسطرح شیطان بھی
ایک ابلا کو جلایا اُور اُسکی آن بھی
ایسا کرنے والے تھے قاتل بھی وہ حیوان بھی
ایک واضح شکل میں قانون کو لایا گیا
دو صدی کے بعد ماں بہنوں کو ستکارا گیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

9/88

بھونچال

زلزلہ تھا یا کہ تھا کچھ موت کا نزلہ گرا
جسکے کارن سینکڑوں کو جان سے جانا پڑا
یہ قیامت خیز کوئی آسمانی تھی بلا
جس نے اپنی گود میں معصوم لوگوں کو لیا
یہ ہزاروں گھر گھروندے منہدم ہو کر رہے
یہ تباہی کے مناظر ہمسجدم ہو کر رہے
موت نے کچھ اسطرح دستک بھی دی حملہ کیا
سینکڑوں افراد کو شمشان میں پہنچا دیا
کلکتہ سے بے طرح نیپال تک ہوتا رہا
زلزلہ بنگلہ سے بہار بنگال تک ہوتا رہا
وہ بلائے ناگہانی رک گئی مونگھیر میں
اُس وقت جب سینکڑوں جانیں گئیں تھیں ڈھیر میں
پھر عفو کرنے کو چاہیئے دل جگر گردہ نثار
ورنہ ایسی بات تو سودا کا ہے جیسے خمار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! شری راجیو گاندھی

بم دھماکے کی نذر اُسکی جوانی ہو گئی
اسطرح انسان کی پوری کہانی ہو گئی
شخصیت راجیو کی ہی آنجہانی ہو گئی
موت کی وادی کی ہر شب یوں سہانی ہو گئی

زندگی تھی وقف اُسکی مُلک و ملت کے لیے
رات دن سوچا کیا جو آدمیت کے لیے

اپنے دل کا وہ مالک اپنی سوچ و فکر
خوبصورت خوب سیرت جس کا تھا ہر دم ذکر
ذرہ بھر نخوت نہ تھا اور ذرہ بھر کوئی کبر
غلط باتوں کے لیے ہرگز نہ ہوتا تھا مُفکر

موت پہ احساں کیا اللہ کی رحمت کے لیے
یاد رکھا جائے گا وہ عقل و جرأت کے لیے

وہ سیکولرواد کا حامی وہ اک سالار تھا
وہ تو بھارت کی سیاست کا بڑا سردار تھا
وہ سراپا نور تھا وہ فہم کا انبار تھا
وہ تو ذوقِ علم کا بھی اک بڑا شہکار تھا

ہاتھ پھیلایا تھا تھوڑی سی مہلت کے لیے
بے درد لوگوں نے مارا اپنی شہرت کے لیے

قدر و منزلت ایک سلطان کی طرح اُسکی رہی
شان و شوکت ایک سلطان کی طرح اُسکی رہی
ساکھ و عظمت ایک سلطان کی طرح اُسکی رہی
سوجھ و قوت ایک سلطان کی طرح اُسکی رہی

ہر مٹا ماں کی طرح لوگوں کی فرحت کے لیے
وقت ہمائے کر نہیں سکتا تھا حجت کے لیے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یہ الیکشن یہ الیکشن جان لیوا کیا ہوا
موت کا سایہ ہر اک سر پر ہی منڈلاتا رہا
کل جو اپنا ووٹ دیکر اس جہاں سے چل دیا
آج اپنی موت پر شرق و غرب یکساں کیا (یکجا)

مرحبا وہ ہند کے لوگوں کی عظمت کے لئے
یاد رکھا جائے گا لوگوں سے شفقت کے لئے

وہ تو غربا کی سعادت کے لئے جیتا رہا
امن عالم کے لئے زہراب تک پیتا رہا
چاک جس کا بھی گریباں تھا اُسے سیتا رہا
زندگی بھر قوم کی پڑھتے ہی وہ گیتا رہا

ہر بشر تھا سینہ زن اُسکی محبت کے لئے
ہر بشر ڈوبا رہا غم میں مروت کے لئے

ایک سناٹا تھا یا کوئی اندھیری رات تھی
بختِ مفلس کی سیاہی جس کے آگے مات تھی
مرد و زن خورد و کلاں کی ایک جیسی بات تھی
قتلِ انساں کے لئے ہر آنکھ پر برسات تھی

عرش تک روتا رہا لاشے کی درگت کے لئے
ابنِ اندرا کی شہادت اور صحبت کے لئے

دیکھنے والوں کی نظریں خونچکاں دیکھی گئیں
صورتیں جتنی بھی دیکھیں بدگماں دیکھی گئیں
روز و شب کی کروٹیں نامہرباں دیکھی گئیں
قمریاں روتی درونِ آشیاں دیکھی گئیں

چن لیا مدراس کیا اللہ سے قربت کے لئے
آتنکی ماحول میں شوقِ شہادت کے لئے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اپنے نانا کی طرح وہ رات دن گھوما کیا
ہر کسی کی نبض کو شام و سحر دیکھا کیا
دیش کی خاطر وہ آٹھوں پہر ہی جاگا کیا
ہاں وہ جو ہم سے ہمیشہ کے لیے روٹھا کیا

تم نہیں تو لا کبھی بھی اپنی عزت کے لیے
جان دی بھارت کی آن و شان و غیرت کے لیے

آنکھ ہر کوئی یہاں پر آج یوں گریاں ہے
ہر طرف اندھیرا ہے اور ہر شہر ویران ہے
جسکو دیکھو ایک ساعت کے لیے مہمان ہے
اپنی آنکھوں میں کہیں جلتا ہوا شمشان ہے
وہ نثارِ خشمگیں جیتا نہ صولت کے لیے
یاد رکھا جائے گا وہ داغِ فرقت کے لیے

رُعب داب

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یک نفری کمیشن کے لیئے واقعاتی نظم

13.1.89

ماہِ اوّل کی تیرہ کے منحوس دن ، موت جموں پہ منڈلا رہی دیر تک
رات دن شہر کتنا دھواں دار تھا ، عقلِ انسان کتنی جلی دیر تک

وہ عناصر غلط تھے جو شامل ہوئے ، شوبھا یاترا میں بے شرم حائل ہوئے
ٹھان لی تھی تباہی کی کر ہی گئے ، دم زدن میں وہ انسان کے قاتل ہوئے

شرپسندوں کے نعرے کھٹکنے لگے ، اُن کو سن کر وطن دوست جلنے لگے
ایک ہی آن میں کچھ سے کچھ ہو گیا ، راستے رزم گاہ میں بدلنے لگے

قاتلوں کو شہادت کا رُتبہ دیا ، یوں گورُو کی بھی عظمت کو ہلکا کیا
شوبھا یاترا انہاں کی خون سے ، ساتھیوں سے بھی اس طرح دھوکا کیا

خون بہنے لگا خون گرنے لگا ، اور شیطان ہر سو اُبھرنے لگا
اپنی پولیس کا کوئی بندہ نہ تھا ، اور گلستان شمشان بننے لگا

ہر طرف خون بکھرا پڑا دیکھ کر ، سارے انسان نقشِ زمیں ہو گئے
میں بھی دُرگت کا مارا پھرا دربدر ، ڈھونڈتا تھا اُنہیں جو کہیں کھو گئے

کوئی اِس جا پڑا کوئی اُس جا مرا ، اس کا کچھ دیر تک چل پڑا سلسلہ
کھوکھے دوکان بسیں بھی تو جلنے لگیں ، مالی نقصان ہو کر رہا انتہا

وہ لٹیرے تھے یا کوئی تھے شرپسند ، جو تباہی کا کارن بنے جا بجا
اُن سے آتش زنی اسقدر ہو گئی ، جو بھی دیکھا گیا راکھ کا ڈھیر تھا

اِس طرح کوئی بیباک ہوتا کہاں ، گر اُسے شہ کسی کی بھی ملتی نہیں
ڈھونڈتے رہے روزِ روشن ہیں جو ، اُن میں انسان کی کوئی بو بھی نہیں

بے بسی کا جنازہ نکل کر گیا ، چار سو ہُو کا عالم ختم ہو گیا
اب تو شیر و شکر ہو گئے ہیں سبھی ، بھائی چارے کا پھر سے جنم ہو گیا

دُشمنی دوستی میں بدلنے لگی ، رنگ انسانیت کے اُبھرنے لگے
ہر طرف کُفر کی جب نفی ہو گئی ، امن دشمن گھروں سے کھسکنے لگے

جشن اُتسو پہ دسویں گورو کے نثار ، ہر طرف تھی خزاں اور خزاں کا خمار
وہ شگون کوئی اچھا شگون تھا نہیں ، کیونکہ انسان مارے گئے بے شمار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

13 جنوری 1989 - جموّں کی خجالت

ایک یاترا تھی شو بھاگی تھی دھرم کی ، اپنے دسویں گورو کے جو شایاں نہ تھی
قاتلوں کے جو فوٹو سجائے گئے ، گورو کی اک شبیہ تک نمایاں نہ تھی
چوک میں جو چھوتر کے دیکھا گیا ، مُلک و ملّت کی دھجیاں اُڑاتے رہو
برملا ایک عورت کو کہتے سُنا ، دیش دروہی بنو گھر جلاتے رہو
وہ تو پنجاب کی ایک ڈائن سی تھی ، جو ضیا کو ، امر تک بتاتی رہی
وہ تو اماں بنی وحشیوں کی یہیں ، جو ضیا کے لئے سٹپٹاتی رہی
ایک ایسی وبا پھوٹ کر جا بجا ، زندگی ہر طرف ٹمٹمانے لگی
شر پسندی لگا یک جہنم پا گئی ، ایک خطرے کی گھنٹی بجنے لگی
ہر طرف آگ بھڑکتی رہی ، گاڑیاں بیشتر اُس میں جلتی رہیں
پھر دوکانوں کے لُٹنے کا تھا سلسلہ ، قتل و غارت سے انسانی جانیں گئیں
انتظامی عمل مر چکا تھا کہیں ، جو نہ حالات پر ہی نظر رکھ سکا
تیغ چلنے بھی دی آگ لگنے بھی دی ، وحشی ہاتھوں سے اِنساں کو مرنے دیا
دیکھتے ہی بھیانک سیہ بدلیاں ، شہرِ جموّں پہ ہر سُو وہ چھانے لگیں
دھرم استھان تک جب بچے نہ رہے ، تب کہیں گولیاں سنسنانے لگیں
روشنی کا جو عالم تھا مدقوق تھا ، زندگی ظلمتوں کی نذر ہو گئی
میرا سر جُھک گیا شرم سے کیا کہوں ، ایسا لگتا تھا عزت کہیں کھو گئی
اپنے چہرے کی بے شرمی دیکھ کر ، ایسا ظاہر ہوُا کچھ نہ باقی رہی
تیرے ماتھے کی افسُردگی کی قسم ، اپنی میّت اُٹھانا ہی باقی رہی
وہ راگی کہ جس نے زہر بو دیا ، اُور انسانیت سے رہا بے وفا
زہر افشانی کرنے سے چُوکا نہ جو ، وہ جموّں کے فسادوں کے پیچھے رہا
اُسکی تقریر کا ہر لفظ زہر تھا ، کون سے دھرم کا وہ پُجاری بنا
اُسکی تقریر کا سلسلہ قہر تھا ، کس گورو کی وہ تعلیم دیتا رہا ۔

حا آمر ضیا الحق

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

رام جیٹھ ملانی کی دھمکیاں

2.12.89

بڑی بیدردی سے پیٹا گیا ہے جن کو کل یارو
عجب کیا ہے وہ کل ہی خود بخود بنیں گے دَل یارو

جنہوں نے الغرض بن کر بجائی اپنی ڈفلی ہے
ہمیں تو ڈھونڈنا ہوگا کہیں اُن کا بدل یارو

کہ جن کو تم نے اپنے سر پہ بٹھلانے کی سوچی ہے
نہیں ہیں وہ کسی کروٹ حکومت کے اہل یارو

بڑی عجلت سے دوزخ کی ہوا اپنے مگر ہوگی
پھر اُس حالات میں تم جاؤ گے ہاتھوں کو مل یارو

ہمارے بخت میں لکھا سراسیمہ رہیں گے ہم
نہیں ممکن کہ جائے گا ہمارا دل بہل یارو

تم ہی نے مختلف لوگوں کی بنوائی حکومت ہے
تو ایسے حال میں چلنا نہیں ممکن سنبھل یارو

نثارِ غزل خواں نے کہہ دیا ہے کل ہی محفل میں
اُسے ہر حال میں کہنا پڑے گی اک غزل یارو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قابلِ مذمت کارنامہ

30.11.90

پانچ پیارے آتنکی تھے جن کو چھوڑا بے خطر
اور پھر کشمیر کے حاکم ہوئے تھے بے اثر
یک بیک جلنے لگا کشمیر پھر چاروں طرف
مندروں اور مسجدوں کو بھی جلایا سر بسر
کتنے محکوموں کو پھانسی دی گئی کشمیر میں
اور لٹکائے رکھا اُن کو وہاں آٹھوں پہر
کتنی ماؤں اور بہنوں کا قتل ہوتا رہا
جاں بچانے کے لئے کتنی ہوئی ہیں گھر بدر
سینکڑوں اسکول کالج نذرِ آتش کر دئے
یوں کتابوں کے ذخائر کا ہوا زیر و زبر
آتشیں اسلحہ سے آدم کا خوں ہوتا رہا
سلسلہ ایسا چلا کشمیر میں شام و سحر
عصمتیں لوٹی گئیں اتنی نہ کچھ پوچھو ہمیں
ہم نے دیکھا ہر جگہ روتا ہوا ہر اِک بشر
لوٹ کر ہندو گھرانوں کو جلایا بے طرح
اور لوگوں کو بھگانے کے لئے توڑا قہر
دیکھنے کو یکجہتی ایمان میں ملتی نہیں
قدر و منزلت چیز کیا ہے اُس سے ہیں سب بے خبر
جنون میں ایسا نہ دیکھا ہو گئی اتنی عمر
جب خزاں آلودہ ہونے لگ گئے برگِ شجر
پانچ پیارے آج بھی تھے جن کو چھوڑا بے خطر
اسطرح سرکار نکلی ہر طرح سے بے ہنر
اب کسی کی خیر کیا ہوگی وہاں پر دوستو
کپکپانے لگ گئے ہیں دیر سے سارے شہر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اب تمیز نیک و بد خورد و کلاں میں ہے نہیں
ابتدا ہر کام کی ہوتی اگر سے تا مگر
اب خدا کا خوف کوئی کھا نہیں سکتا وہاں
جب کہ دہشت کا لگا ہے خوف واں شام و سحر
آج تک کتنے ہزاروں لوگ واں مارے گئے
زندگی انسان کو لگنے لگی ہے پُر خطر
جن کے ہونے سے شیطان محسوس ہوتی ہے وہاں
اُن کو بچنا ہی پڑے گا جو بنے ہوں گے شرر
مُلک دُشمن عنصروں کو ڈھیل اتنی دی گئی
جیسے اُن پہ ہو چلی سرکار کی کھلی مہر
نقل و حرکت جن کی جاتی ہو مخالف دیش تک
اُن کو کرنا ہی پڑے گا ہند سے اک دن بدر
دفتروں کا کام ٹھپ اخلاق ٹھپ انسان ٹھپ
لگ گئی کشمیر کو جادو بھری کوئی نظر
اسطرح ملکی معیشت کا خسارہ ہو نہ کیوں
جب کہ بدلے دہقاں کے کھیتوں میں بویا ہو زہر
اب وفا کی کیا توقع ہم کریں گے اے نثار
دفتروں میں جم گئے ہاں بے شعور و فتنہ گر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

منڈل کمیشن اور آتم داہ

کس نے اولاد کو زندہ جلنے دیا — زہر کھا کر اُنھیں کس نے مرنے دیا
ایک پاگل کی گفتار سے کیا ہُوا — ماتمی محفلوں کو جو سجنے دیا
کس نے کھلواڑ معصومیت سے کیا — اور بچوں کو زندہ نہ رہنے دیا
وہ سبھی اپنے دل کے ہی ٹکڑے تو تھے — جن کو پھانسی پہ بے جا لٹکنے دیا
کتنے گھر کے چراغوں کو گُل کر دیا — اور کتنے گھروں کو اُجڑنے دیا
نوجواں تھے وطن کے سجے تھے جنھیں — ہوش کھونے کی گولی کو چکھنے دیا
گولیوں سے جنھیں بھون ڈالا گیا — خون اُن کا ہر اک جا پہ گرنے دیا
جل گئے جو بھی سو فیصدی جل گئے — موت کا منتظر اُن کو ہونے دیا
اُس سے کم جو جلے وہ تڑپتے رہے — ہسپتالوں میں اُنکو بلکنے دیا
آٹھویں کے بھی بچّہ کا گُردہ ہے کیا — اپنی معصوم جاں کو جو تپنے دیا
چار بچّوں کی خاطر سبھی باپ نے — تن بدن کو جلا کر جُھلسنے دیا
اک کلرک کا جادو بھی دیکھیں ذرا — خود کو مرنے سے پہلے نجلنے دیا
سات سو کے قریں بچگانِ وطن — زندگی سے جنھیں ہاتھ دھُلنے دیا
قسمتاً ڈیڑھ سو اُن میں مرکر رہے — باقیوں کو سراپا تڑپنے دیا

اے نثارِ حزیں کس پہ تکیہ کریں
کس نے سولی پہ ہم کو بھی چڑھنے دیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! سمتا پاٹل

روپ کی رانی تھی وہ ، کردار کی غمازی تھی وہ
وہ سراپا نور تھی ، اطوار کی غمازی تھی وہ
وہ سلیقہ مند تھی ، افکار کی غمازی تھی وہ
وہ مسلسل یاد تھی ، اقرار کی غمازی تھی وہ

رونقِ فلمی جگت تھی ، عظمتِ بھارت تھی وہ
دیش کی بیٹی تھی اور حرمتِ بھارت تھی وہ
شوخ و چنچل تھی وہ لیکن ، قوتِ بھارت تھی وہ
تیز گامی کی بدولت ، جرأتِ بھارت تھی وہ

وہ سمتا ہی تھی جسکی ایک اعلیٰ ذات تھی
وہ سراپا فلم تھی اور ہدیۂ دن رات تھی
وہ تو اک آواز تھی اور دشمنِ ظلمات تھی
عقل کی دیوی تھی وہ اور نقش میں اک بات تھی

وہ سماپت ہو چکی تھی "پدم شری" سے اے نثار
فاخرہ خلوت سے جو وہ ہو چکی تھی آبیار
وہ غریبوں کی تھی محسن اور تھی وہ یارِ غار
اس کے غم میں ہر دلِ پُر درد ہو گا دل فگار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شریمتی سپن مالا وشری وجے سمن سوسن

ادب کے واسطے جو سہہ گئے زیر و زبر ساتھی
بنے دشوار منزل راہوں پہ جو شانِ بشر ساتھی
وہی مالا سپن مالا ۔ وہی سوسن وجے سوسن
وہی ہاں نیک سیرت نیک عورت، پُر اثر ساتھی

—

اجل کے جال میں وہ ہرگز نہیں آئیں نہیں آئیں
اجل گھبرا کے بھاگے گی ، اگر وہ خشمگیں آئیں
عنایت ہم پہ ہوگی سپن مالا اور سوسن کی
جو رہ کر سدن وسنگم کے ہمارہی قریں آئیں

آنجہانی پنڈت دینا ناتھ نادم

زندگی کی سحر کو یہ شام کیسے کھا گئی
میرے نادم کو یہی بدنام کیسے کھا گئی
خونِ دل جس کا بہا ساری عمر اے دوستو
اُس پرستارِ ادب کا نام کیسے کھا گئی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! راجکپور

ہو چکا وہ شہنشاہِ فلم ہم سے بہت دور
جسکو پردے پر کبھی دیکھا تھا تو آتا تھا سرور

وہ سلیقے کا تھا مخزن اور تھا انساں صفت
جو کہ ہر دل پر تھا حاوی اور تھا مینارِ نور

جو مؤرخ فلم کا تھا اور سراپا نور تھا
پھاند کر وہ جا چکا ہو گا کہاں تک کوہِ طور

جو اتھاہ گہرائیوں میں جا کے اُبھرا بار بار
نام اُس کا راج تھا اور ذات تھی اُسکی کپور

وہ مذاہب کا تھا دلدادہ وہ پڑھتا تھا نثار
بائبل و انجیل و گیتا و قرآں، گرنتھ و زبور

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! جناب ٹھاکر پونچھی

کس کے ہاتھوں مٹ گیا ادب کا مجنوں
کس نے دن دہاڑے سر بازار کیا ہے خون ؟
کس ستم گار نے تعارف دیا جیسے فرعون
کس جلاد نے ہنسنے کو دیا ماتمی مضمون
کس نا اہل رند نے ظاہر کیا اپنے کو ملعون
کون درندہ ہُوا یزید کے نام سے مسنون
اب کچھ نہ بنے گا کچھ نہ بنے گا کچھ نہ بنے گا
کرلو بیشتر دوائیں یا کھلوالو بیشتر معجون
بے گناہ کی موت اور وہ بھی جناب ٹھاکر پونچھی کی
اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ راجِعُون

آہ! جناب قاضی نذرالاسلام

قول جس کا ہر برائی کے لئے اتمام تھا
وہ سراپا نور تھا وہ قادر الکلام تھا
آج اُس محسن کو اپنے درمیاں پاتے ہیں
اسم گرامی جسکا قاضی نذرالاسلام تھا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! حضرتِ جاں نثار اختر

کس کے غم میں گلستاں سارا بیاباں ہو گیا
کون تھا وہ جو اجل کے زیرِ داماں ہو گیا

دے گیا داغِ جدائی والئی فن و ادب گیا
ہو گیا وہ رحمتِ حق چرخِ گرداں ہو گیا

جاں نثار اختر کبھی ہی دلِ شکستہ تھا ہیں
کون جانے کس لئے وہ غم کا ساماں ہو گیا

وہ ادب کا اک محافظ تھا وہ تھا ہم سے بھلا
آج نظروں سے جو اوجھل جانِ جاناں ہو گیا

کیا کہیں کس سے کہیں کیسے کہیں ہم اے نثار
شعلۂ فن و ادب نذرِ زمستاں ہو گیا

آہ! حضرتِ مکیش ماتھر

پھر وفورِ شوق میں وہ غزل گاتا ہوں کبھی
"آگ" میں چلمن کے پیچھے تم نے گائی جو کبھی

جب کبھی نغمہ ترا کانوں میں آتا ہے کہیں
پھر بیک دم ہونے لگتا ہوں وہیں نقشِ زمیں

یہ وہی پُرسوز لہجہ اور سُریلا پن ترا
مجھ لگتا ہے کہ اسمیں خوف ہے آنے لگا

رقص میں آتا ہوں لیکن تیرے نغموں سے مکیش
دلیش پر قرباں ہو کر تو مرا اندر بدیش

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یومِ منوہر لال دِلؔ

جوشؔ[1] کی معیت میں جس نے ہو پڑھا اپنا کلام
آج میں بھی جان سے کرتا ہوں اُس کا احترام
وہ جنابِ دِلؔ ہے جس کو درمیاں پاتا ہوں میں
اُسکی خدمت میں عرض کرتا ہوں میں اپنا سلام

مشاعرہ آریہ سماج جموں

یومِ وِلادت ڈاکٹر ایل سی گپتا

قوم کی بے لوث خدمت نے کیا جن کو بلند اور پہنچا ہو نہ جن سے بھی کسی اِک کو گزند
آج وہ اِنساں صفت ایسے ہیں اپنے درمیان
نام نامی اسمِ گرامی ہے جنہوں کا لال چند

— —

وہ صبح تا شام کرلیتے ہیں جو سوشل سُدھار
وہ جو ہر دم حق کی کھاتے ہیں نہیں کھاتے اُدھار
وہ سدنؔ[2] کے سرپرست ہیں وہ ہمارے مہرباں
یہ مِری دِلی دعا ہے وہ رہیں پُر از بہار

[1] حضرت جوشؔ ملیح آبادی شاعرِ انقلاب مشاعرہ تارا ہوٹل موتی بازار جموں

[2] اکھل بھارتیہ ساہتیہ سدن (رجسٹرڈ) جموں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! جناب سنتوکھ سنگھ سنتوکھ

پھر ادب کا اِک محافظ جسم و جاں سے یوں گیا
جیسے کوئی گھر کا مالک خود ہی گھر سے چل دیا
اب تو سُوکھے کہساروں پہ رواں ہیں وادیاں
یوں لگے ہے چھا گئی ابرِ سیاہ کی پھر گھٹا

پیرِ صد سالہ ہیں تھے ہوش مند انسان تھے
با اثر تھے، پُر اثر تھے، ادب پہ احسان تھے
معتقد تھے اُن کے پنجابی تو کیا ہندی سبھی
وہ سراپا نور تھے، بابِ علم کی جان تھے

آہ! کاکا رام جی شاستری

ذہن پر چھانا ادیبوں کے یہ اُن کا کام تھا
وہ ادیبوں کے دلوں میں تھے کہ اُن کا نام تھا
آج وہ عالم ہماری نظر میں آتے ہیں
نام نامی اسمِ گرامی جن کا کاکا رام تھا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پنڈت جواہر لال نہرو

پاسبانِ ہند تھا، وہ امن کا اِک خال تھا
سارے بھارت کے لئے رحمت تھا نیک فال تھا
نیک صورت، نیک سیرت، نیک خو تھا نیک چال
نام نامی اسمِ گرامی جس کا جواہر لال تھا

خان عبدالغفار خان گاندھی

امن کا اِک دیوتا یوں درمیاں سے ہٹ گیا
دَم بخود ہیں جیسے اِک حِصّہ بدن کا کٹ گیا
ہر سُو کھڑے کہساروں پر رَواں ہیں وادیاں
آج دُنیائے سیاست کا سِتارہ گھٹ گیا

آہ! سنجے کول

اُٹھ رہا تھا برف کے دِل سے دھواں کل رات کو
منہ سے باہر تھی فرشتوں کی زباں کل رات کو
وہ جوانِ انجمن کیسے مرا کیونکر مرا
جو اَدا کرتا رہا سُود و زِیاں کل رات کو
بختِ مُفلِس کی سیاہی آج دیکھی ہے یہاں
نور کے انبار دیکھے تھے یہاں کل رات کو
وہ کسی تاریخ کا کوئی سیاہ سا باب تھا
جسکو دیکھا تھا وہ تھا ماتم کناں کل رات کو
مَیں بھی روتا ہی رہوں گا ایسی صورت میں نثار
گر گِری مجھ پر کوئی برقِ تپاں کل رات کو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ ! آیت اللہ رُوح اللہ خمینی

ملکِ فارس کا ولی جنت کی جانب چل پڑا
شکلِ اِنسانی میں تھا وہ، رُوحانی پیشوا
وہ خمینی آیت اللہ رُوح اللہ تھا کہ جو
پہلوی شاہوں کی شاہی کو ختم کر کے گیا

اِک صدی میں فقط بارہ سال ہی کم تھے مگر
پورے ستتر سال تک لیکن تھا رُوحانی بشر
انقلابی رنگ میں وہ قوم کو رنگا گیا
اُس کی ہر اِک بات ثابت ہو گئی جادُو اثر

ڈگمگاتی قوم کی نیّا بچائی کیا کہیں
سٹپٹاتی قوم کی حالت سنواری کیا کہیں
ایسا عالِم ایسا رُوحانی شخص ملتا کہاں
تھرتھراتی قوم کی قسمت بنائی کیا کہیں

اُس کی میّت کو جو دیکھا سینہ زن ہونے لگے
اہلِ ایراں راستوں پہ خیمہ زن ہونے لگے
خوں میں لت پت کئی تو گور تک چلتے بنے
اور واں اپنے لئے ہی تیرہ زن ہونے لگے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بہ نام فکر و عمل

اعجازِ اسلام

گلدستۂ اِسلام

قصۂ عدلِ عمرِ فاروقؓ

مرتبہ

بی این نثار دہلوی

دہلی 6

حال جموں 180005

1952
1953
1954
1956

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

عدلِ فاروق

عدل کہتے ہیں جسے انصاف جس کا نام ہے
سچ تو یہ ہے وہ عمرِ فاروق ہی کا کام ہے۔

اے ساقی روزِ جزا جامِ شرابِ جنت کر عطا — شیطاں سے دل ہے کانپتا اُسکی شرارت دیکھکر
لکھا ہے مجھ کو ماجرا ابنِ عمرِ فاروق کا — نشہ میں کی ایسی خطا ہوتی ہے حیرت دیکھکر
مے کے پینے والے کا مرنا بُرا جینا بُرا

جب یارِ غارِ مصطفےٰ پہونچے سوئے دار البقا — درجہ خلافت کا عطا فاروقِ عادل کا ہوا
فاروق کا وہ رعب تھا وہ شان تھی وہ دبدبہ — دبتے تھے سب شاہ و گدا شانِ خلافت دیکھکر
آپ محبوبِ خدا کے جانشین مشہور تھے
عادلِ دوراں امیر المومنین مشہور تھے

انکا ابو شحمہ پسر خوش خلق خوش رو خوش سِیَر — شیریں زباں تھا اسقدر شہرہ تھا اُسکا گھر بہ گھر
پڑھتا تھا وہ قرآں اگر ہوتا تھا ہر دل پر اثر — خوش تھا ہر اک فردِ بشر حُسنِ تلاوت دیکھکر
اسقدر خوش لہجہ خوش آواز خوش الحان تھے
ایک ہی مُلکِ عرب میں قاریٔ قرآں تھے

کچھ ایسے خوش گفتار تھے سب اُنکو کرتے پیار تھے — ہر شخص کے دلدار تھے سب اُن کے تابعدار تھے
کچھ دن سے وہ بیمار تھے اُٹھنے سے بھی لاچار تھے — حضرت عمر غمخوار تھے ان کی علالت دیکھکر
اپنی رحمت سے خدا نے جب اُنھیں اچھا کیا
غسلِ صحت کی خوشی میں آپ نے جلسہ کیا

مسجد میں سب جمع ہوئے قرآن سُننے کے لیے — حضرت عمر کے حکم سے قرآں پڑھا جو آپ نے
رحمت کے بادل جھوم اُٹھے سب سُننے والے رو دیے — دیوار و در سکتے میں تھے یہ جوش و رقت دیکھکر
ایک یہودی بھی کلامِ پاک کو سُنتا رہا
رشک سے جلتا رہا حسرت سے وہ سر دھنتا رہا

وہ یارِ ابو شحمہ کا تھا ظالم نے کی مل کر دغا — تنہائی میں آکر ملا اور فخر سے کہنے لگا
ہے پاس میرے اک دوا خوش ذائقہ ہے گُلِ — خوش رنگ ہے خوش ذائقہ خوش ہو طبیعت دیکھکر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آپ نے فرمایا اچھا وہ دوا لا دے مجھے
اُس کے استعمال کی ترکیب بتلا دے مجھے

اس نے مئے دو آتشہ دھوکہ سے دی لا کر پلا — جب زور نشہ کا ہوا اک باغ میں لے کر گیا
مالی کی بیٹی کو بلا دی اُس کے پہلو میں بٹھا — شیطان کا جادو چلا بیٹی وہ عورت دیکھکر
رہ گیا اُس سے حمل جب اُس سے ہم بستر ہوئے
نشہ جب اُترا تو دل میں نادم و مضطر ہوئے

اُٹھے وہ پچھتاتے ہوئے عصیاں کا غم کھاتے ہوئے — سر دھنتے چکراتے ہوئے ڈرتے تھے گھر آتے ہوئے
آئے تو گھبرائے ہوئے لوگوں سے شرمائے ہوئے — دہشت سے تھرائے ہوئے ہوتی تھی ہیبت دیکھکر
اپنی رُسوائی کے ڈر سے رات دن ڈرتے رہے
توبہ توبہ خوف سے اللہ کے کرتے رہے

اک روز کا یہ ذکر ہے حضرت عمر مسجد میں تھے — منبر پہ جب چڑھنے لگے کچھ وعظ کہنے کے لیے
اک عورت آئی سامنے ایک بچہ گودی میں لئے — کہنے لگی یوں آپ سے رعب جلالت دیکھکر
یا امیر المومنین بچہ بہت روتا ہے یہ
ہے ابو شحمہ کا بیٹا آپ کا پوتا ہے یہ

کچھ پرورش فرمایئے کچھ خرچ کو دلوایئے — مشکل میں کچھ کام آیئے جاؤں کہاں بتلایئے
مجھ کو وہاں پہونچایئے یا اُنکو یاں بلوایئے — اس بچہ کو دکھلایئے خوش ہوں گے صورت دیکھکر
آپ نے فرمایا اس سے کیا یہ سچ کہتی ہے تو
یہ کہاں پیدا ہوا ہے کس جگہ رہتی ہے تو

عورت نے اپنا ماجرا گذرا جو تھا سب کہدیا — سن کر پسینہ آگیا کچھ غیرت آئی کچھ حیا!!
فوراً اُٹھے خنجر اُٹھا غصہ کا جوش ایسا ہوا — کانپے عزیز و آشنا غصے کی حالت دیکھکر
حالتِ غیظ و غضب میں پا پیادہ گھر چلے
ہاتھ میں دُرّہ اُٹھا اور کھینچکر خنجر چلے

جب گھر کا دروازہ کھلا گھر میں ابو شحمہ ملا — کھانا تھا بیٹھا کھا رہا جب باپ کو دیکھا خفا
رنگ اُس کا فق ہوا منہ کا نوالہ منہ میں تھا — اور ہاتھ سے نکلا گرا گھبرا گیا صورت دیکھکر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آپ نے فرمایا کھالو ہے یہ کھانا آخری
آج پانی آخری ہے آج دانہ آخری

سچ بول اے ابنِ عمر مجھ سے نہ ڈر اللہ سے ڈر   میں نے سنی ہے اک خبر وہ جھوٹ ہے یا معتبر
افسوس اے نورِ نظر جس کا خلیفہ ہو پدر   بدکار ہو اُس کا پسر آتی ہے غیرت دیکھکر

کیا سمجھتا ہے کہ دوزخ سے بچاؤں گا تجھے
جو شریعت میں سزا ہے وہ سزا دُونگا تجھے

کی عرض سچ ہے وہ ابا مجھ سے خطا ایسی ہوئی   میں عفو کا ہوں ملتجی عزت بچا لیجئے مری
گھر میں سزا دیجئے کوئی باہر نہ ہو بے حرمتی   دشمن ہرے ہوئے خوشی یہ میری ذلت دیکھکر

آپ بولے مل گئی دُنیا میں گر ذلت تجھے
دیکھنا دیگا خدا کیا حشر میں عزت تجھے

پکڑے ہوئے اُسکے ہوئے سر مسجد میں لائے کھینچکر   اور کی منادی گھر بہ گھر جمع ہوئے فرد و بشر
پھر یہ ہوا حکمِ عمر سو درّے گِن کر لگاے نظر   فوراً لگاؤ پشت پر ہو سب کو عبرت دیکھکر

اس تنِ لاغر پر دُرّے جوں لگاتا تھا غلام
اُن کو روتا دیکھکر خود روتا جاتا تھا غلام

جب دُرّہ پر دُرّہ لگا کچھ پیاس کا غلبہ ہوا   بولے کہ پانی دو پلا دَم نکلا جاتا ہے مرا
فرمایا گر تو مر گیا دیں گے جناب مصطفےٰ   جام مئے کوثر پلا خوش ہوگا جنت دیکھکر

صبر کر بیٹا کہ تھوڑی دیر کی یہ پیاس ہے
دُور دُنیا سے ہوا تو حوضِ کوثر پاس ہے

جب اسّی درّے لگ چکے بے ہوش مطلق ہو گئے   سب حاضرین روتے ہوئے اُٹھے سفارش کے لئے
یعنی جو ہیں باقی رہے دہ درّے ہم کو ماریئے   کچھ رحم بھی فرمایئے اسکی نقاہت دیکھکر

آپ نے فرمایا ہرگز ایسا ہو سکتا نہیں
گور میں دیکھو کسی کی کوئی سو سکتا نہیں

آئی ابو شحمہ کی ماں کرتی رہی آہ و فغاں   بس ہو چکا ہے نیم جاں کیجئے کرم دیجئے اماں
گر مر گیا بیٹا جواں ٹوٹے گا مجھ پر آسماں   دیدوں گی میں بھی اپنی جاں بیٹے کی رحلت دیکھکر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یا امیرالمومنین بخشو خدا کے واسطے
ملتجی مسلم ہیں سب عفو خطا کے واسطے

رحم آپ کو آتا نہیں کیا آپ کا بیٹا نہیں !! کیا گود میں پالا نہیں کاندھے پہ بٹھلایا نہیں
کیا ہاتھ منہ دھویا نہیں کیا ساتھ میں کھلایا نہیں کیا منہ کبھی چوما نہیں یہ پیاری صورت دیکھکر

آہ! وہ کیا دل ہوا اب وہ طبیعت کیا ہوئی
کیا ہوا وہ جوش پدری وہ محبت کیا ہوئی

فرمایا بس چپ رہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اسکی سفارش مت کرو حکم شریعت کو سنو
مرجائے تو مرجانے دو جی بھر کے اسکو دیکھلو میت یہ لینا خوب رو تڑپو نہ غفلت دیکھکر

مرگیا تو پائے گا طوفان دنیا سے نجات !
جی گیا تو ہوگی حاصل فکر دنیا سے نجات

ہاں اے غلام باوفا کچھ غم نہ کر درے لگا جب درے پر درہ پڑا بسمل تڑپ کر مرگیا
مسجد میں شور و غل ہوا بس ہو چکی پوری سزا آتا ہے اب خوف خدا لاشے کی درگت دیکھکر

یا امیرالمومنین بس اب کرم فرمایئے
لاش کو نہلایئے کفنایئے دفنایئے

سب شور و غل کرتے رہے پروا نہ کی بس آپ نے باقی جو تھے درے رہے وہ لاش پر لگوا دئے
پر آپ خود روتے رہے بیٹے کی لپٹے لاش سے ٹکڑے جگر کے ہوگئے بیٹے کی میت دیکھکر

ہوگیا ہنگامۂ محشر بپا دربار میں
مارتے تھے سب مسلمان سر در و دیوار میں

کیا دل تھا اللہ غنی دل کی تسلی خود ہی کی ، ایسا تو ہو گر ہو کوئی بندہ شرع متقی
پر آپ نے ہوکر خوشی تجہیز اور تکفین کی خائف ہوا ہر آدمی حکم شریعت دیکھکر

اہل مکہ آئے پڑھنے کے لئے اسکی نماز
آپ ہی نے خود پڑھائی اپنے بیٹے کی نماز

اٹھا جنازہ دھوم سے سب اہل مکہ ساتھ تھے جب دفن سے فارغ ہوئے فاروق اعظم سوگئے
یہ خواب دیکھا آپ نے یعنی ابوشحمہ ملے فردوس میں بیٹھے ہوئے آئی محبت دیکھکر

عرض کی مجھ پر بڑا احسان فرمایا حضور !
نار دوزخ سے بچا جنت میں پہونچایا حضور

اے سرور ہر دو جہاں ہیں مجھ پر ایسے مہرباں جام شراب ارغواں پیتا ہوں روزانہ یہاں
جنت ملی ہے میرا مسکن خدمت کو حوران جہاں اب نور دل ہے شادماں دیدار حضرت دیکھکر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قصۂ عدلِ عمرِ فاروقؓ

مرتبہ

بی این نثار دہلوی

حویلی اعظم خان - بازار چتلی قبر

جامع مسجد دہلی

نوٹ: اِس قصّہ کو مولانا ابو الکلام آزاد صاحب نے عربی سے مناثرہ کی صورت میں اُردو میں ترجمہ کیا ہے اور 1952 میں اسے میں نے نظم مسدس کی صورت میں پیش کرنے کے لئے تین ماہ کا عرصہ لگایا۔

جناب مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی چیف کل ہند احرار پارٹی (احرار خدام خلق) اور جناب میر مشتاق احمد صدر سوشلسٹ پارٹی دہلی اور عبدالستار سیکریٹری احرار پارٹی اردو بازار جامع مسجد دہلی نے اس مواد کی کتابت کاغذ اور لاہور پرنٹنگ پریس اردو بازار کے چھپائی کا اہتمام کر دیا۔ ایک آنہ فی کاپی کی قیمت رکھی گئی - =/6250 روپیہ میں سے مجھے =/1250 سے نوازا گیا باقی ماندہ کتابت کاغذ اور چھپائی کے علاوہ دونوں پارٹیوں کو چندہ کی صورت میں دیا گیا اس سلسلہ میں میں جناب شیک چند سلوجہ اور عبدالستار کا ذاتی طور پر ممنون ہوں۔ نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

منظوم خاکہ

و مناثرہ

شریمتی اندرا گاندھی

ایک

نہ بھولنے والی یاد

بہ نام فکر و عمل

(۱) جلد اوّل 500
(۲) جلد دوم 500

مؤلف
نثار دھلوی
پتہ منزل بکرم نگر سروال چوک
جموں توی - 180005

ا۔ یکم نومبر 1984
۲۔ یکم اپریل

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

خراجِ عقیدت

سال سترہ نومبر کی انیس تھی —— وہ دُرگا جواہر کے گھر آ چلی
جب نام اندرا کا بخشا گیا —— سارے بھارت پہ احسان ہو گیا

اپنی عقل و فہم کو لئے اوج پر —— ہر طرف وہ نکلتی رہی کھوج پر
ایک محقق کی صورت ابھر لی گئی —— اور بھارت کے دل میں اتر لی گئی
ہوتے ہوتے سیاست میں داخل ہوئی —— دنوں دن میں وہ دنیا پہ چھا لی گئی
ایک دن کانگریس کی صدارت ملی —— اور ہونے کو لیڈر اجازت ملی
ایک دن پھر منسٹر کی صورت میں وہ —— اور قلمدان لینے کی قدرت میں وہ
لشکر ریاست کو یوں سنبھالا دیا —— کچھ سمجھے نہیں ہی اس کو بڑھا وا دیا
اپنی حکمت سے جادو چلا لی گئی —— دلتوں کو وہ ڈھارس بندھا لی گئی
مفلسی کو مٹانے کی کوشش میں وہ —— منتری سے پردھان منتری ہو گئی
دل عدو ہی کے کارا چمک لی گئی —— آسماں تک زمیں سے سرک لی گئی
ساری دنیا کو اپنی گرفت میں لے —— دیش کی اپنے قسمت بدل لی گئی
اپنی شہرت سے پھر لوگ خائف رہے —— اندرا کو مٹانے وہ لگنے رہے
سارے لوگوں میں وہی لوگ تھے —— پھر وہ اندرا کو آگے بنا ر ہے
تین سالوں میں جو کچھ ہوا ہی نہیں —— ختم ایسے اثاثہ ہوا کیا نہیں
فائدہ مستی میں لوگوں کا وہ واویلا —— ختم کرکے دیا جو چلی تھی ہوا
پھر حکومت کی سونپی گئی جو کماں —— اب کے کر دکھایا جو سب نے کہا
راستہ ہند کے بلند کر گئی —— مجھ سے لفظوں میں ہو گا نہیں بیاں
ایک بلند قومی مقام آ گیا —— آدمی کو خدا میں بھی چھپا لیا
عوام طبقی ہوئے جو بڑھا وا ملا —— قومی دھارے میں جوڑ لیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

11 مفلسوں کی ترقی کی کیا بات تھی —— دولت والوں کی قسمت بدلنے لگی
کارخانوں زمینوں کی حالت بنی —— پیداوار کی سطح پر وہ کبھی [illegible]

12 آج خوشحال آتے نظر ہیں یہاں —— اور مزدور کا پیار اندرا لیا
یہ فقط اندرا کی بدولت ہوا —— یہ دعا ہے رہے جاری یہ سلسلہ

13 اس عالم کے غم میں رہی مبتلا —— دیش کی ایکتا کے لیے ہی سدا
ذرے ذرے کو دل سے لگائے ہوئے —— نعرہ دیتی رہی ایکتا ایکتا

14 دیش واسی سبھی اُس کے پیارے ہوئے —— ہوتے ہوتے وہ اُس کے دُلارے ہوئے
اُس وقت اُسکی خوشیوں کی حد نہ رہی —— ایک دوجے کے جب وہ سہارے ہوئے

15 غیر وابستہ ملکوں کی تحریک کی —— سربراہ بن گئی کیونکہ مضبوط تھی
ایسے عالم میں گرویدہ ہونے لگے —— وہ سبھی جو کبھی اُسکے حامی نہ تھے

16 ہر کسی مذہب میں بھی وہ شامل ہوئی —— ہر کسی کو گلے سے لگاتی رہی
ہر کسی دھرم کا اُس نے سنمان کیا —— قوم کے ہر فرد کو بھی اپنا لیا

17 ہر شہر میں وہ گھومی پھری اسطرح —— ایک آزاد شہری پھرے جسطرح
گوردواروں میں گرجوں میں حاضر ہوئی —— مندروں مسجدوں میں گئی اسطرح

18 اس سے آگے کسی جگہ جانا نہ تھی —— وہ کرا اندرا تھی اندرا ہو گئی
رات دن کی مسافت سے تنگ وہ نہ تھی —— دیش کے ہت میں اکثر وہ تھکتی نہ تھی

19 پیداوار کی صلاحیت بھی ایسی بڑھی —— غیر ملکوں کی امداد ہوتی رہی
محنتوں کا صلہ مستقل دیتی رہی —— فاقہ مستی بھی منتظا سی ہونے لگی

20 آپ کی نیک عظمت کے چرچے ہوئے —— آپ کی نیک حکمت کے چرچے ہوئے
آپ کی نیک سیرت کے چرچے ہوئے —— آپ کی نیک صورت کے چرچے ہوئے

21 اور سماج میں نئے افق جلنے لگے —— صورت ہند پر وہ نکھرنے لگے
[illegible] غریب کو قریب [illegible] —— ہند کی شان کو [illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قرب ہیں سازشوں کے ابھارے بنے — اُن کروں کی امان کے سہارے بنے
ہند میں ہر بھی کے شرارے بنے — دشمنوں کی امامت کے دھارے بنے
گرد میں دشمنوں کی جھکائی گئی — اُن کی آماجگاہیں گرائی گئی
اور خطروں کے بارے جگائی گئی — سب شیاطین شکلیں مٹائی گئی
اپنے افکار سے اپنے کردار سے — دو دلوں کو ملایا تھا گفتار سے
ایکتا کے لیے اپنی رفتار سے — سب کو واقف کیا اپنی سرکار سے

اور جے ہند نمسکار کر کے گئی
قوم کا اپنے سنگار کر کے گئی
لال قلعہ کی پندرہ اگست کی صبح
قوم کو پھر سے بیدار کر کے گئی

اس سے بڑھ کر اُڑیسہ میں یوں کہہ گئی
جاں نچھاور کروں گی سنبھلنے کے لیے
خون کا ہر اک قطرہ وقف ہے میرا
قوم کی ایکتا اور وطن کے لیے

اس سے دنیا کا شدید خطرہ رہا
اور ایشیا کا دامن چمکتا رہا
اسی پیار اُوپا مچلتا رہا
اور بھارت کا نقشہ بدلتا رہا

اس اندرا کو میرا ہے شت شت پرنام — جو پی کر گئی ہے شہادت کا جام
جس نے بھارت کی وحدانیت کے لیے — سارے عالم میں اپنا بنایا مقام

[illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! شریمتی اندرا گاندھی

1 تواریخ اکتیس جو راسی کا سال
سفاکوں کے ہاتھوں قتل ہو گئی
اکتوبر کے منحوس دن کا کمال
وہ اندرا کہ جس کا رہے گا ملال

2 قتل کے مرتکب ہی محافظ ہوئے
خون کرنے کی ٹھانی تھی خوں کر گئے
گھر کے بندوں کی مانند جو پلتے رہے
کس لئے کر گئے اور کیوں کر گئے

3 اک نہتے کی جان اس طرح لی گئی
ارغواں ہو گیا جب زمردی فرش
خون ناحق سے دل بھی دہلنے لگے
سارے عالم میں شعلے مچلنے لگے

4 سرپھرے ان سبھی میں مگر دو ہی تھے
گولیاں اسطرح سے چلائی گئیں
جن سے امن و سکوں تک اکھڑنے لگے
آسماں تک زمیں پر اترنے لگے

5 روشنی بھی اندھیروں میں ڈھلنے لگی
کون وہ بندۂ اہرمن تھے کہ جو
مندروں کے گلشن تک لرزنے لگے
مادرِ ہند کا خون کر کے گئے

6 وہ سخت جان دلّی میں تھے کون تھے
روز روشن میں کیا خون کی ہولیاں
سلطنت مہر کی غرق کر کے گئے
کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے یہاں

7 کون باہر گئے اپنی اوقات سے
کس نے فرقہ پرستی کو ترجیح دی
قتل انسانیت عام کر کے گئے
قوم کو کون بدنام کر کے گئے

8 خون مادر کیا کس لئے کیا بیتے
کون امن و سکوں کی فضا کو یہاں
کس نے سفاک بن کر صفایا کیا
ایک چشمک زنی میں مٹا کر گیا

9 رنگ افلاک کے دفعتاً اڑ گئے
کچھ رہے پیتے بھی غصے میں سب لال تھے
کچھ ستاروں کے اپنے بھی گرنے لگے
اور سیارے تھے نہ پیلے کہ بدحال تھے

10 ٹہنیاں جھک گئیں پھول جھڑنے لگے
شام صورت بنی شرق و غرب مل گئے
گلستانوں کے دل خوں اگلنے لگے
رنج و غم میں سبھی دل دہلنے لگے

11 صبح دم سے ہی خلقت امڈ آ پڑی
[illegible]
کوچے کوچے میں بازار بند ہونے لگے
[illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation, Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

23	زندگی کا اثاثہ ختم ہو گیا زندگی کا خزینہ ختم ہو گیا	زندگی کا سلسلہ ختم ہو گیا زندگی کا قرینہ ختم ہو گیا
24	حالت غیظ میں ہر بشر دیکھ کر ظلم کی آندھی نے تغیر ہر ایک شہر کو	ہوش اڑنے لگے یک بہ یک سر بسر حوصلہ ہل نہ پایا پھرے در بدر
25	کچھ تقاضے تھے انسانیت کے مگر ان کو جو کچھ پڑھایا گیا پڑھ گئے	وہ تو جاہل تھے وہ اور تھے بے خبر ان کے کارن ہوا ہے یہ جاک جگر
26	ان بزدلوں کے کارن امن بھنگ تھا ہاتھ اسلام کھڑا کر لئے تھے کہ جب	جن کے منظروں پہ گویا عیار زنگ تھا اپنے محور کو دیکھا بہت تنگ تھا
27	ان کو پابند زنداں جو کرنے لگے ایک دوزخ کو احساس ہونا لگا	وہ کہ شیطان فطرت الجھنے لگے دوسرا ہے بشر جو بھی زندہ رہا
28	اسکے زخموں کو بھرنے کی خاطر یہی کچھ تقاضے تھے انسانیت کے یہی	اسکی ہر روح حالت سنواری گئی ورنہ اسکی یہی تھی موت سے دوستی
29	وہ جو کہتا گیا لوگ سنتے گئے وہ تو کم ظرف ہے وہ رہے بے ایماں	اسکی گفتار کے رنگ بدلنے لگے اسکے ہونے سے دوزخ وہ ہوگا رواں
30	قتل اندرا پہ دشمن بہت خوش ہوئے ایسی حرکت سے غارتگری کا جگر	اور گھروں میں چراغاں کرتے رہے چل گیا جس سے ان کا دل تھے بے خبر
31	وہ مٹھائیاں بھی تقسیم کرتے رہے - وہ تو کم عقل کم فہم نادان تھے -	تہنیت کے بھی پیغام دیتے رہے اپنی کوتاہ اندیشی کے خاقان تھے
32	قاتلوں نے تو امت کو برباد کیا بے خطر اور بے خوف سارے ہوئے	دیش میں جس کا چلنے لگا سلسلہ سینکڑوں موت کے گھاٹ اتارے گئے
33	ان کے کردار کو لاکھ لعنت ملے دفعتہ سنگ و آہن سے شعلے اٹھے	جن کے کارن فضا کے پرخچے اڑے یک بہ یک گھر جلے یک بہ یک سر کٹے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

12	ایکتا کو کلنکت یہ کس نے کیا؟ وہ وطن کے سگے کس طرح ہیں ہیں	—	سمجھنا کو کلنکت یہ کس نے کیا؟ بھید جن کے کھل کر ہو چکے اب یہیں
13	غیر ملکوں میں بندے ہی گھر کے گئے دیش کے کھنڈ کرنے کے در پے ہوئے	—	اور غدار نگری سیکھ کر آ گئے وہ سکھیں جو مزے کے در پے ہوئے
14	اُن کا انداز تھا سوچنے کا غلط حق و باطل کی اُن کی پرکھ تھی غلط	—	دیش کے کھنڈ کرنے کا نعرہ غلط اور یقیناً تھے اُن کے بھی آقا غلط
15	قتلِ اندرا تھا یا قتلِ جمہوریت وہ تو انسان نہیں تھے درندے تھے وہ	—	جان لیتے وہ کیا دونوں کی اہمیت دیش دروہی تھے پکے اور تھی بربریت
16	اُن کی آماجگاہ تھی وطن سے بہت دور آخرش وہ رہیں گے سبھی سے بھی دور	—	اُن کی فطرت تھی اکثر جیل سے بھی دور وہ تو ہوں گے تربیت سے زمیں سے بھی دور
17	شہر سے گام تک کالا سایہ پڑا مضطرب بحرِ ہند کو بھی دیکھا گیا	—	شور رہا تم بھی ہر سو پڑا جا بجا غضب ڈھایا گیا خون تھوکا گیا
18	روتے روتے بہرحال گھر سے چلے آخرش تین مورتی میں وارد ہوئے	—	غم کی راہوں کے بڑھنے لگے سلسلے مادرِ ہند کی مورت کے درشن کیے
19	سوگواروں کی حالت بہت غیر تھی نجم زادوں کی حقیقت بہت غیر تھی	—	ماؤں بہنوں کی صورت بہت غیر تھی ایسا لگتا تھا قدرت بہت غیر تھی
20	جس نے دیکھا وہی آگ ہونے لگا سادھوؤں کے لیے راگ ہونے لگا	—	دشمنوں کے لیے چھاگ ہونے لگا غافلوں کے لیے ناگ ہونے لگا
21	رنگ پھیکا پڑا تھا ہر اک شخص کا زیست کا کوئی نام و نشاں ہی نہ تھا	—	دل بھی ڈوبا ہوا تھا ہر اک شخص کا جیسے بھارت میں پیر و جواں ہی نہ تھا
22	کھو گئے تھے سبھی جیسے بہرے بنے خونِ مادر گرایا گیا کس لیے	—	ہوش کھو کر جو گرایا تھا کرتے بنے سر ہتھیلی پہ لے کر وہ کہتے بنے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

وہ تو دوزخ لغیوں کا اِک رنگ تھا —— اور کرب و بلا کا عجب ڈھنگ تھا
شہر بھی ہر طرف شوخ تھا شنگ تھا —— چلنے پھرنے کا ہر راستہ تنگ تھا

وہ اچھائی کی کوئی نہیں بات تھی —— وہ تباہی کی جیسے سیاہ رات تھی
کچھ سمجھنے سے عاری رہے اس لیے —— کیونکہ لوگوں کی آنکھوں کی برسات تھی

شاخ میں سبز درختوں کے جھلتے رہے —— گلستانوں کے رنگ جیسے بہتے رہے
لوگ اشکوں کی برسات کرتے رہے —— کچھ تڑپتے رہے کچھ بلکتے رہے

عقلِ انساں کی دنگ ہو کر رہی —— اور انسانیت بھنگ ہو کر رہی
فہم و ادراک بھی تنگ ہو کر رہی —— بھائی بھائی میں یوں جنگ ہو کر رہی

اس سے بڑھ کر برا اور کیا دیکھتے —— دشمنوں سے بھلا اور کیا دیکھتے
بے حیائی حیا اور کیا دیکھتے —— دل کو روتا ہوا اور کیا دیکھتے

جو بھی دیکھا بہت ہی برا تھا مگر —— ہم تو کہتے اسے کوئی سپنا اگر
قیمتی ہے زمانے میں ہر اِک بشر —— اور بے جا ہے ہماری نگری سر بسر

موت کی نیند کتنے سلائے گئے —— کتنے بچے عبث ہی رلائے گئے
ماؤں بہنوں کے سر بھی کٹائے گئے —— خون کے دریا تک بہائے گئے

ان کے گھر تھے کہ یا کوئی شمشان تھے —— جن میں جلتے رہے کتنے انسان تھے
گویا گھر والے خود گھر کے مہمان تھے —— جن کی حالت پہ سب لوگ حیران تھے

ان کو دھارس بندھانے کا سادھن نہ تھا —— چپ کرانے کا مطلق بھی کارن نہ تھا
قتل تھا ہند کا تو وبھاجن نہ تھا —— ٹھہرا پھر اس کا جیسا آدھار نہ تھا

زہر ہر روپ میں گھر کر گزرنا پڑا —— کچھ تپش سے جسم گرم کرنا پڑا
وہ تو گھر ہی گئے کچھ کرم اس طرح —— جن سے انسانیت کو بھی مرنا پڑا

جانے کب تک یہ یادیں بھی چبھنے لگے —— تن بدن تو کیا دل بھی جلنے لگے
ہوش کھو سے تھا جنتا گر خسیم تن —— غم میں ممکن کہ سنگ بھی پگھلنے لگے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

۷۵ رام ہونا اگر یہی تقدیر ہے ———— رام ہونے کا کیا کوئی تدبیر ہے
غم طرف سے گلے میں کہاں تک کوئی ———— حیف اپنی ہی کوئی تقصیر ہے

۷۶ اپنے گھر میں جو دیکھا اسے بھول جا ———— گرچہ تقصیر ہے بڑا اسے بھول جا
پھر سے امن و اماں کی فضا کے لیے ———— کام کر جا خدا کی رضا کے لیے

۷۷ اے نثارِ حزیں آس ٹوٹی مگر
زندہ رہنے کے کچھ اور سادھن تو کر
مارے مارے یوں پھرنے سے ہو در بدر
تم نے دیکھا نہیں آج تک اصلی گھر

ب. ایس. نثار دہلوی
پریزیڈنٹ آل انڈیا سا... سدن رجسٹرڈ
سیکرٹری مارٹ میموریل کمیٹی جموں
سرپرست پنجابی ادبی سنگم رجسٹرڈ

اگر مر گیا تو کوئی غم نہ ہوگا طوفانِ دنیا سے آزاد ہوگا
اگر جی گیا فکرِ دنیا سے ہٹ کر مری جان باعث شرم کا نہ ہوگا
(دیگر)

گنگ کے آغوش میں دینے کو میرے لاش بھی
استھیاں چن کر مرا نورِ نظر لے جائیگا

نثار دہلوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

از: نثار دہلوی

…نیاں پھیلائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار
خورد و کلاں تک تڑپائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار

…ینوں کی سُولی پر کتنے معصوم چڑھائے تھے
پھانسی دے کر لٹکائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار

…لوگوں کے جُھرمٹ نے باطل پرستی دکھلا دی
حق کے بیاں تک جھٹلائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار

…رنگ لال ہوا تھا پھر بھی لاشیں بہتی رہیں
کن کے اعضا کٹوائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار

…بچوں کو لوٹا ہر سو دیکھا دیکھی میں
اپنے جواں بھی بھیڑ کٹائے تھے کس نے اُس کشمیر میں یار

…وں کو جلا کے رکھا، پڑھنے والے کیا کرتے
اسکے علاوہ کشمیر میں زائد از 1200 ہندوؤں کے قتل کے بعد جموں میں (کشمیر سے بے دخلی کے بعد) یہ لوگ قتل ہونے شروع ہو گئے اور ایسے مقتولین کی تعداد 4 اتک پہنچ گئی (3 ہندو اور ایک سکھ) سانپوں کے ڈسنے سے کوئی 26 افراد انتقال کر گئے جب کہ ایسے کوئی 97 کیس ہسپتالوں میں زیر علاج رہے۔ 6 لوگ گرمی کے جھٹکوں سے بچنے کیلئے نہروں میں ڈوب گئے۔ جبکہ تمام ملک میں مختلف اطلاعات کی بنیادوں پر 56 لوگ حادثوں کی نذر ہو گئے۔ جموں کے باہر اور جموں ڈویژن میں بالترتیب 1245 اور 3596 لوگ غموں پر غم کھا کر اور فکر مندیوں کو اوڑھ کر بے دردی کے عالم میں انتقال پر ملال کر گئے۔ لیکن مرکزی اور ریاستی سرکار کا مردہ احساس جاگا نہیں۔ اور ان کی باقی ماندہ غیر منقولہ جائدادوں کی کشمیر میں مسلم دہشت گردوں کے ہاتھوں آگ کے سپرد کئے جانے تک منتظر ہی بیٹھی رہیں۔ چنانچہ 12 مارچ 1995ء سے 17 جولائی 1995ء تک وادی بھر میں ہندوؤں کے کوئی 12000 مکان خاکستر کر دئے گئے۔ لیکن سرکار نے اس سلسلہ میں ان جائدادوں کے تحفظ کا کوئی مؤثر سامان نہ کیا۔

ہند سرکار جموں و کشمیر میں ہی نہیں بلکہ ملک بھر میں فرقہ دارانہ تناؤ پیدا کرنے کے عمل رچا رہی ہے۔ چرار میں سوختہ مسلم حجروں کی جگہ عالیشان تعمیرات کھڑی کرنے کیلئے منافرت رقم کشمیر پیش کی گئی۔ لیکن ہندوؤں کے کوئی چالیس ہزار مکانوں دوکانوں اسٹوروں سنگھروں اور ٹھاکر دواروں کو جلایا گیا، تباہ کیا گیا یا لوٹا گیا کے لئے سرکار کی جانب سے نہ کوئی عطیہ نہ کوئی امداد اور نہ کوئی ہرجانہ اور نہ کوئی معاوضہ ہی دستیاب کیا گیا۔

ایسے حالات کو مد نظر لا کر کسی ستم رسیدہ کو باغی بننے میں کونسی دیر لگ سکتی ہے۔ مرتا کیا نہ کرتا۔ اس تباہ حال جاتی کے بچوں کا مستقبل مخدوش بنا دیا گیا، تعلیمی سہولیات میسر نہیں۔ خیموں میں پانی بجلی اور صفائی کا خاطر خواہ انتظام نہیں۔ میڈیکل یونٹ قائم نہ کئے گئے ہیں۔ شدت کی گرمی میں اس جاتی کی عمر رسیدہ مستورات اور بزرگ لوگوں کے ساتھ کسی طرح کا انسانی سلوک نہ کیا جاتا ہے اور اپنی سیک سیک کر، تل تل کر مرنے دیا جاتا یا بے بہرے دیا جاتا ہے۔ بیروزگاروں کی طرف الطاف پسندانہ قدم نہ اٹھایا گیا، تاجر پیشہ لوگوں کو خس و خاشاک کی طرح اڑنے دیا گیا اور اس پر طرہ یہ کہ کشمیری پنڈتوں کو واپس وادی میں جا کر اپنے اپنے خانقاہ سوختہ کے دیدار کرنے کی سعادت حاصل کر لینی چاہئے۔ تاکہ ریاست میں نام نہاد سیاسی عمل رچا کر بوگس ووٹنگ کر کے عوامی سرکار قائم کی جا سکے۔ 1986 اور 1989 میں بھی عوامی سرکاریں تھیں، انہوں نے آتنک واد کو جنم دیا اور اب جو نام نہاد عوامی سرکار بنا دی جائے گی بشرطیکہ الیکشن ہوا، وہ کیا خاک دہشت گردی سے نپٹے گی۔

اکثریتی فرقہ کی حکمرانی اکثریتی فرقے کے ملک دشمنوں اور دہشت گردوں کے ساتھ ہمدردی ہی رکھے گی جیسے پہلے رکھی جاتی رہی۔ کیونکہ ان میں خاص خاص موقعوں میں یکسانیت ہو ہی جاتی ہے۔ بھلے ہی ملک دشمن ہو یا اسلام دشمن ہو۔

ہند سرکار کے لئے ایک مخلصانہ مشورہ ہے کہ اگر اسے محب وطن کشمیری پنڈتوں کے ساتھ ذرا بھی ہمدردی ہے تو وہ چرار شریف والے کرب سے ہی ان کے دکھوں دردوں پریشانیوں الجھنوں، بربادیوں اور تباہیوں کی شدت کو ماپے اور ان کی ہر لحاظ سے دادرسی کرے۔

الیکشن کی اتنی ضرورت نہیں کہ جتنی ضرورت کشمیری پنڈتوں کی دیرینہ شکایتوں کا ازالہ۔ ویسے بھی کشمیری پنڈتوں کے بغیر کشمیر کن حالات میں ہندوستان کا اٹوٹ انگ رہ سکتا ہے۔ یہ سوچ لیں۔ نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کیا لمبی چوڑی قمیض شلوار اسلامی پوشاک ہے؟ سنسکرت پڑھنے والے مسلمان کافر ہیں؟

کیا لمبی چوڑی قمیض شلوار اسلامی پوشاک ہے۔ اگر ہے تو ہمیں اس قمیض کا کوئی افسوس جو اور دیگر معاملوں کیا جائے ورنہ جو ہم سمجھتے ہیں کہ افغانستان کے اہل تشیعہ کا یہ اپنا مروجہ ڈریس ہے اور یہ پٹھانوں خانہ بدوشوں گجروں اور میراثیوں کا ڈریس ہے۔

اسلام میں اس ڈریس کے بارہ میں جو ہمیں معلوم ہے کوئی ہدایت نہیں۔ عرب ممالک کے عوام کو ہی دیکھ لیجئے، وہ اس قسم کی نازیبا پوشاک نہیں پہنا کرتے۔ پاکستان اس غیر مانوس پوشاک کو سرکاری پاکستانی اور اسلامی ڈریس قرار دیکر نے ایک ایسی حماقت کی ہے کہ جس کے لئے ماتم ہی کیا جا سکتا ہے۔

قمیض شلوار پہننے والے ڈاکٹر، کمپاؤنڈر احد منکار لیڈی پولیس اور اعلیٰ افسر یہاں تک کہ صدر پاکستان تک کیا خدمات سرانجام دے سکتے ہیں کہ جب انہیں بھاری اور کم لباس کے ساتھ بہ آسانی لگو منے پھرنے، چلنے پھرنے میں سہولیت حاصل نہیں رہتی۔ یہ پاکستان ہی ہے کہ جو غیر ملکوں، ہندوستان اور مغربی ممالک میں اپنے اس غیر معیاری پوشاک کو پہن کر اکثر اوقات اپنے عوام کی کھلی اڑا رہا ہے۔

کشمیری مسلمان پاکستان کی اس بدزیب حرکت کو دیکھ کر، ایسی ہی پوشاک پہن کر اور مردار یا بڑے گوشت کے چسکارے لے کر اپنا تمسخر اڑا رہے ہیں خصوصی طور پر وہی مسلمان جو بنیاد پرست، علیحدگی پسند اور دہشت گرد بن چکے ہیں۔ اور اس غلط کاری کا نوٹس لینے والا یہاں وہاں کوئی نظر نہیں آتا کیونکہ شرم نام کی کوئی چیز پاکستان کے پاس بھی نہیں۔

ہم نے اسی شمارہ میں عربی زبان کے بارہ میں کچھ لکھا ہے اور اسکے تسلسل میں ہم یہ بتانا بھی چاہیں گے کہ زبان کسی ملک قوم یا فرقہ کی بھی جائیداد نہیں ہوتی۔ دنیا میں ہر زبان کا مطالعہ مسلّم رکھتا ہے۔ اور اسکو محدود کرنا خدائی کی توہین ہے۔

احمدیوں کو پاکستان میں عربی کے استعمال کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ غرضیکہ پاکستان نے سنی مسلمانوں کو بھی دولت سمجھتے ہیں جو ایک واہیات رجحان ہے۔ تو پھر جو مسلمان سنسکرت کے اسکالر ہو گئے ہیں اور اب بھی حیات ہیں کیا وہ مسلمان نہ رہے۔ جنہوں نے فرنچ پڑھی کیا وہ غیر مسلم ہو گئے اور جو ہندی میں حاصل ہے وہ کافر تو نہ ہو گئے۔ اور جن ہندوؤں نے فارسی عربی سنسکرت فرنچ انگریزی ہندی اردو اور دیگر زبانیں خاص کر روسی بھی پڑھی کیا اُن کو ہم غیر ہندو کہہ سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ پاکستان کے اوچھے ہتھکنڈے اسکے خاتمہ کی نشوونما بتاتے ہیں دیکھنا۔

کشمیر کے سبھی مسلم شاطروں کو یہ سمجھ لینا چاہیئے

کہ 1947ء میں بھارت سے حتمی طور پر پاکستان میں وارد ہونے والے
48 دین محمد سے وابستہ مسلمان گزشتہ 48 سال سے لب دم آ چکے ہیں اُن کی قدر و منزلت خاک میں ملا کر رکھدی گئی۔ پاکستان کا حکمرانوں اُن کے لئے کوئی ٹھکانا نہیں، سرکاری روزگار نہیں، تعلیم میسر نہیں، شہریت نہیں بلکہ وہ بھک منگوں کی صورت میں خانہ بدوشی کے عالم میں زندہ رہنے کے لئے مجبور کئے جاتے ہیں۔ گزشتہ ڈیڑھ سال میں ان کی 700 کے قریب مستورات و بہو بیٹیوں کے ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی کے غنڈوں، سرکاری بدچلنوں اور وزارت کے درندوں نے بلاتکار کیا۔ تازہ دم مہاجر قومی موومنٹ کے ایک رہنما کی معصوم 16 سالہ بہن مس فرزانہ کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا گیا جسکی تصدیق کراچی کے سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹروں نے کی۔ اور اسی کے کارن مہاجر مسلمان لوگ سرکاری اہلکاروں، فوجیوں اور پولیس والوں کے ساتھ دو دو ہاتھ ہونے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اور اب انہوں نے ہفتہ میں دو دن یعنی شکروار اور سنیچر وار کو ایجی ٹیشن چلانے کا کھلم کھلا فیصلہ کر لیا ہے۔

اسکے علاوہ آج تک سندھ اور کراچی میں کوئی 9 ہزار کے اغوا کاری کے واقعات ہو چکے ہیں۔ اب تک 162 کروڑ کی بھی سرکاری نیم سرکاری اور غیر سرکاری منقولہ و غیر منقولہ املاک نذر آتش کی جا چکی ہیں۔ اور کل ملا کر 3992 مہاجر لوگ قتل بھی کئے جا چکے ہیں۔ پاکستانی پولیس اور دیگر رینجرز وغیرہ کے کوئی 708 لوگ فنا کر دئے گئے ہیں۔

چونکہ پاکستان کی وزیر اعظم عصمت دری کے لفظ سے بخوبی واقف ہے اور وہ سرکاری اور شرعی بلاتکار سے پوری طرح آشنا بھی ہے اور وہ خود بھی آئے دن اپنی نجی زندگی میں شب و روز کرشمہ جات کرتی رہتی ہے، اسی لئے اُسے 16 سالہ معصوم فرزانہ اور دیگران کے ساتھ ہونے اجتماعی سرکاری بلاتکاروں کا کوئی احساس نہیں اور ڈاکٹروں کی تصدیق کے باوجود فرزانہ کو جھوٹی ثابت کرتی ہے اور کراچی کو جلنے دے رہی ہے۔

اس لئے حرکت الانصار، حریت کانفرنس، جماعت اسلامی، حزب المجاہدین، الجہاد، مسلم مجاہدین اور العمر وغیرہ کشمیری دہشت گرد اسلامی تنظیموں کو چاہئے کہ وہ اپنے سروں پر سوار رکھے ہوئے پاکستانی بھوت کو جلد سے اُتار پھینکیں، ورنہ اُن کا بھی وہی انجام ہوگا جو اسوقت مہاجر مسلمان لوگ پاکستان میں بھگت رہے ہیں۔

(عبدالوہاب زینہ کوٹ۔ سراج الدین بٹہ پورہ پلوامہ)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

لادینیت کے شکار کشمیری مسلم دہشتگردو

تم غیر ملکی مہمان انسانوں کا جیتے جی سر قلم کر سکتے ہو
تم جلتے سگریٹ بٹنوں اور گرم سلاخوں سے لوگوں کے جسم جھلسا سکتے ہو
تم مسلمان اور ہندو بزرگ جوان عورت یا لڑکی کو گولی مار سکتے ہو
اُن کے گلے میں قرآنی تعویز یا تسبیح، جنیو یا مالا دیکھ کر بھی
اُن کو گھسیٹ کر نالی میں پھینک سکتے ہو۔ اُن کے منہ میں پیشاب
ڈال سکتے ہو۔ اُن کی لاشوں پر تھوک بھی سکتے ہو۔
تم پھانسی لگا سکتے ہو۔ زندہ جلا سکتے ہو۔ ہاتھ پاؤں کاٹ
ہندو عورت کے شوہر کو کھانے کے لئے مجبور کر سکتے ہو۔
تم عورتوں اور لڑکیوں کے ساتھ اجتماعی بلاتکار کے بعد اُن کو
آرے پر کٹوا سکتے ہو اور کتوں کو کھلا سکتے ہو۔
تم شریفوں کو ورغلا کر دھمکا کر دھونس دیکر اپنی دہشت
گرد بننے کے لئے مجبور بھی کر سکتے ہو۔
تم ساڑھے تین لاکھ کشمیری ہندوؤں پر تابڑ توڑ حملے کر سکتے ہو
اُنہیں کشمیر چھوڑنے کے لئے مجبور بھی کر سکتے ہو۔
تم مندر جلا سکتے ہو، اُس کی بے حرمتی بھی کر سکتے ہو۔
تم استھاپنوں کو لوٹ بھی سکتے ہو۔ ہندوؤں کی دھرم شالہ
استھاپنوں پر ناجائز قبضہ بھی کر سکتے ہو۔
تم مسجد کو قلعہ بنا سکتے ہو۔ اسکی بے حرمتی کر سکتے ہو۔ تم
زیارت گاہوں کو لوٹ سکتے ہو اور آستانوں کو خاکستر کر سکتے ہو۔
تم اپنی ماؤں بہنوں سے اجتماعی بلاتکار تک کر سکتے ہو۔
تم آتش زنی بھی کر سکتے ہو۔ مکانوں کو لوٹ بھی سکتے ہو۔ سکولوں
کو راکھ میں بدل سکتے ہو۔
تم غیر ریاستی باشندوں اور ریاستی لوگوں کو یرغمال بنا سکتے ہو
تم علمائے دین اور سفیان شرح متین کو بھی قتل کر سکتے ہو۔
تم افغانیوں اور سوڈانیوں کو (نعوذ باللہ) اپنا خدا بنا
سکتے ہو اور انہی سے اپنی ماؤں، بہو بیٹیوں کی عزت لٹوا سکتے ہو
تم معتبر لوگوں کو سر بازار ہی موت بخش سکتے ہو۔
تم نہ جانے اور کیا کیا کر سکتے ہو۔
لیکن تم وہ کچھ نہیں کر سکتے، جو عین قرآن کے مطابق ہو
قرآنی تعلیم ہو، قرآنی ہدایت ہو۔ تم انسانیت کی خیر نہیں چاہ سکتے جو
عین اسلام کے مترادف بات ہے۔
تم جو کچھ کرتے ہو یا اب تک کر چکے ہو اُس سے تمہارے حصول میں کیا رہے
کچھ بھی نہیں۔ سوائے گناہ اور پاپ کے۔ جس کا بوجھ تم اُٹھائے اُٹھائے سر گرداں
پھرتے ہو، پھرتے رہو گے۔ تم نہیں جانتے کہ تم کو اور تمہارے وسیلوں کو جو
تمہارا ساتھ دیتے ہیں، معبود برحق معاف نہیں کر سکتا۔ پھر حاصل کیا ہے
وہی خون ناحق کا بوجھ، وہی بد چلنی، وہی بے ضمیری۔ وہی نافرمانی
وہی روگردانی، وہی بے اعتباری، وہی خاکستری، وہی آہیں، وہی کراہیں

کشمیر سمتی نئی دہلی کی دل برداشتگی

نئی دہلی۔ کشمیری سمتی نئی دہلی نے جموں کے بم دھماکوں سے ہونے جانی اور مالی نقصانات سے ہولناک حد تک اپنی دل برداشتگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس بات کو دہرایا ہے کہ ان تمام تر دھماکوں اور بھیانک کھیلوں میں ملوث وہ انتہا پسند، دہشت گرد مسلم کرائے دار اور غیر ملکی مجرم ہیں جن کی تکمیل میں سرحد پار کی رسی پڑی ہوئی ہے اور وہیں کے اشارے پر یہ حیوان صفت ظالمانہ طریقہ اپنا کر معصوم لوگوں کا قتل عام محض مذہبی درندگی، جھوٹ، مکاری اور بے بنیاد مسئلہ پر کر رہے ہیں اور یہ غیر ملکی انسان نما درندے اس قدر پاگل ہو بیٹھے ہیں کہ حرص و لالچ کے تحت لوٹ اور دیگر مجرمانہ افعال کو اپنی من مرضی کے مطابق عمل آوری میں لاتے ہیں۔

سمتی نے ان بم دھماکوں میں شہید ہونے والوں کے سوگوار خاندانوں کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور مجروحین کی جلد صحتیابی کے لئے پرارتھنا کی ہے۔ سمتی نے جموں کے غیور عوام کی حوصلہ کی تعریف کرتے ہوئے اُنہیں ہر موقعہ پر اپنا سمم تمن برقرار کرنے کا آشواسن بھی دیا ہے۔

سمتی نے ان حادثوں کے رونما ہونے کے لئے مرکزی انتظامیہ کی انتہائی غفلت شعاری پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اور شری امرناتھ جی کی یاترا کے بارے میں سرکار سے سکیورٹی کے معنوں میں فول پروف انتظام کی تمنا بھی کی ہے اور خدشہ بھی ظاہر کیا ہے اگر سرکار کی سہل انگاری کے کارن کوئی حادثہ ظہور پذیر ہوا تو بھارت کے ۸۵ کروڑ ہندو عوام کے دھارمک جذبات مجروح ہونگے، ملک کی بدنامی اور بے عزتی ہوگی اور وہ انتشار پیدا کرنے کے لئے ایک انگیخت ہوگی۔

مزید برآں سمتی نے مرکزی سرکار کو ملک کی سالمیت اور وقار کے لئے حالات کے تقاضوں کے بموجب اقدام کرنے پر زور دیا۔

سمتی نے سویڈش سیاحوں کی مسلسل یرغمالی پر بھی اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے اور الفران دہشت گرد گروپ سے اپیل کی ہے کہ وہ انسانی ناطے اُنہیں رہا کریں۔

(یاد رہے یہ پریس نوٹ ۱۶ اگست کا ہے اور آج ۲۴ اگست ہے جب یہ بیچارا ہاتھ لگا۔ دریں اثنا ناروے کے سیاح کا ۱۳ اگست کے دن سر تن سے جدا کیا گیا جو انسانیت پر ایک کلنک ہے اور ایسی وحشیانہ حرکت کرنے والوں کی جتنی بھی ملامت اور مذمت کی جائے کم ہی ہوگی مزید ۱۵ اگست کے جموں والے بم دھماکہ میں کوئی دس لوگ بری طرح زخمی ہو گئے اور سہ منزلہ بلڈنگ مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی (ایڈیٹر)

بھارتی ہونے کے ناطے ہندوستانی کا پڑھنا سیکھنا ضروری ہے

وہی نالے وہی چیخ و پکار وہی قیامت وہی بے حرمتی
وہی تباہی، وہی ویرانی، وہی عقل کا اندھاپن۔ جو تمہارا اوڑھنا بچھونا
رہیں اور ریانی ہونگے اور اُن کے آگے تمہارا مکروہ چہرہ۔ بنک

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

روئیداد دو سالہ چناؤ

برائے اکھل بھارتیہ ساہتیہ سدن (رجسٹرڈ) دہلی و جموں

مورخہ 31 جولائی 1995ء

سب سے پہلے صدرِ سدن جناب نثار دہلوی نے آئین میں کچھ ترامیم و اضافے پیش کیں جن کو غور و خوض کے بعد ہاؤس نے پاس کر دیا۔ اسکے بعد صدرِ سدن نے سدن کی دو سالہ کارکردگی اور آمدن و خرچ پر ایک جامع رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ دیکھ کر سبھی حاضرین عش عش کر اٹھے اور چند منٹ کے لئے واہ واہ کے بغیر ہاؤس میں کچھ سنائی نہ دیا گیا۔ رپورٹ چونکہ صدرِ سدن کے ہاتھ سے لکھی گئی تھی لیکن پھر بھی ایسا لگتا تھا کہ چھاپہ خانہ سے نکلی ہو۔ یہ تھے تاثرات جو سننے میں آئے۔ ابھی صدرِ سدن نے رپورٹ ختم ہی کی تھی کہ سدن کے سرپرست جناب بی پی شرما نے رپورٹ پر اپنے تاثرات یوں بیان کئے:-

"ایسی لاثانی رپورٹ ہمارا یہ ایک ادبی انجمن میں پہلی بار دیکھا ہے" آپ نے فرمایا "اس زمرہ میں جس تندہی سے جناب نثار دہلوی نے محنت اور لگن سے کام سرانجام دیا ہے، قابلِ صد مبارک و تحسین و ستائش ہے اور میں بحیثیت سرپرست جناب نثار دہلوی کو دلی مبارکباد دیتا ہوں" آپ نے مزید فرمایا "رپورٹ صداقت پر مبنی ہے اور جس کسی ممبر یا عہدیدار سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں یا جس کسی نے سدن جیسے پاک ادبی ادارے کو نقصان کرنا چاہا یا اسکے آئین کی خلاف ورزی کی تو اسکے خلاف آئین کے مطابق کارروائی عمل میں لانا کوئی غیر دانشمندانہ اقدام نہیں بلکہ برحق کارروائی ہے اور ان باتوں کا ذکر رپورٹ میں کرنا بے جا بات نہیں۔"

جناب بی پی شرما کے بعد جناب احقر رامپوری ممبر ورکنگ کمیٹی سدن نے رپورٹ پر اپنے تاثرات یوں بیان فرمائے:-

"نثار صاحب دل و دماغ سے صرف ہیں ساہتیہ کے کام تو کیا لکھائی چھپائی سے کچھ کم نہیں۔ ساہتیہ کے لئے انتھک محنت کرتے ہیں۔ تکالیف جھیلتے ہیں بے لوث سیوا کرنا ان کا دھرم بنا ہوا ہے۔ انہی کی ذاتی کوششوں سے سدن نے طرح طرح کے ساہتیہ کاروں کو یکجا کیا ہے۔ یہاں دہلی ہریانہ یوپی اور جموں وغیرہ۔ ناموروں کو یکجا کیا ہے۔ ان میں ہندی کے بڑے اساتذہ ہیں جتنا اردو پنجابی فارسی ڈوگری کشمیری اور دوسری لغات والوں کے لئے ہے۔ میں نثار صاحب کو انکی کارکردگی پر دلی مبارکباد دیتا ہوں"

جناب سوم راج احقر رامپوری کے بعد جناب دلاور میر ممبر سدن نے نثار دہلوی کے کام کو سراہا۔ اور دعا دی کہ "آپ اسی طرح اپنے ایمان میں پختہ رہیں اور ادب کی سیوا میں جٹے رہیں"۔ اسکے بعد سبھی ممبران و حاضرین جناب نثار صاحب کے کام اور ایماندارانہ جذبہ کو سراہتے رہے۔ دو چند منٹ بعد جناب نثار دہلوی نے سبھی حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا "میری صحت کچھ ٹھیک نہیں رہتی اور جتنا کام مجھ سے ہو سکا، میں نے اسکو سرانجام دہی میں کوتاہی نہیں کی۔ عدالت میں دفتر والی بلڈنگ کے مالک کے ساتھ مقدمہ چل رہا ہے۔ اڑھائی ہزار روپیہ آج تک خرچ ہو چکا ہے۔ گو ہم نے مقدمہ جیت لیا لیکن میں اس قسم کے اخراجات زیادہ دیر برداشت نہ کر سکوں۔ لہذا میں سدن میں ایک ممبر اور خادم کی حیثیت سے کام کروں گا۔ لہذا آپ لوگ میری التجا قبول فرمائیں اور اسی کے ساتھ اپنا اور اپنی کمیٹی کا ہاؤس میں استعفیٰ پیش کرتا ہوں۔"

دریں اثنا ہاؤس میں ایک ہنگامہ سا کھڑا ہوا۔ نثار صاحب کا نام دوبارہ بطور پردھان چنے جانے کا شور سنائی دیا گیا۔ کچھ دیر بعد ڈاکٹر تلسی دھر ناز دہلوی نے باضابطہ طور پر صدر کے لئے شری نثار کا نام تجویز کیا جس پر جناب بی پی شرما، جناب احقر رام نگری، جناب زبیر پاشا، شری مدن لعل بیر، سینئر تلک، ڈاکٹر جگ موہن شاستری اور

باقی صفحہ 8 پر

غزل

نثار دہلوی

محشر میں جو بھی ہوگا وہ میں تم کو دکھا دوں
محبوبِ خدا کا تمہیں درشن بھی کرا دوں

گر عاقبت سنوارنا ہے پاس آ میرے
دنیا میں جینے کا تمہیں ہر گُر بھی سکھا دوں

اچھے برے کے واسطے قاصد نہیں ہوں میں
تو کس طرح کسی کو میں پیغام سنا دوں

بھگوان کے دربار میں جاتا ہوں اس لئے
توفیق عطا ہو تو میں دنیا کو گھما دوں

ایثار ہی ہے مرا کارِ ثواب بھی
جینے کی چاہ میں مریضِ دل کو دوا دوں

اچھے کرم نہیں ہیں اگر جانتا ہوں میں
میں کون ہوں جو تیرے حق میں کوئی دعا دوں

جب قسم کھائی راز میں رکھنے کی بات کو
وہ بات پھر تجھے میں کس طرح سے بتا دوں

اچھا نہیں ہے میرا تمسخر اڑاؤ تم
وہ فن بھی میرے پاس ہے کہ تم کو رُلا دوں

تیغ و تبر نہیں ہے اپنا کام اٹھانا
اپنے قلم کے زور سے دشمن کو مٹا دوں

اپنی تمنا ہے یہی اندھیر ختم ہو
ہر راہ میں بس روشنی کا ایک دیا دوں

دشمن کو معاف کرنے کا حکم ہے ترے نثار
جو بھی سلوکِ بد ہوا میں اس کو بھلا دوں

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بقیہ چناوی کارروائی از صفحہ نمبر 7

ہاؤس میں موجود ممبران نے یکجا ہو کر اسکی تائید کی اور اس طرح جناب نثار دہلوی کو باتفاق رائے سدن کے آئین میں ترمیم کے مطابق دوبارہ مزید 5 پانچ سال کے لئے سدن کا صدر چنا گیا۔ اور پھر دوسرے نمبر پر جناب محمد سلطان رنجور مالیر کوٹلوی نے جنرل سیکریٹری کے عہدہ کے لئے جموں توی سے رسا سلطانپوری کا نام تجویز کیا جسکی ہاؤس میں موجود سبھی ممبران نے باتفاق رائے تائید کر کے منظور کیا۔ (یہاں جناب نثار دہلوی نے تجویز پیش کی کہ جنرل سیکریٹری سے ہی پبلسٹی سیکریٹری کا کام لیا جائے) (اس تجویز کو بھی یک رائے سے منظور کیا گیا۔ تیسرے نمبر پر سیکریٹری کے عہدہ کے لئے شری اشفاق احمد جموں نے شری گوری شنکر مسکین کا نام تجویز کیا جسکی تائید در تائید ہوئی اور ہاؤس نے تجویز کو پاس ہی کرنا تھا کہ شری مسکین نے اپنی معذوری بیان کرتے ہوئے کہا کہ کسی اور جناب کا نام تجویز کیا جائے چونکہ میں پٹھانکوٹ سے آتا ہوں دہلی جموں اور جالندھر میں بہ آسانی حاضری نہ دے سکوں گا اور اسطرح مجھ ذمہ داری سے عہدہ سے انصاف نہیں کر سکوں گا۔ چنانچہ آپ نے جناب گلزار مسیح مہت کا نام تجویز کیا اور اسکی تائید شری بال کرشن اختر مسیحا پٹھانکوٹ دہلوی کے بعد سارے ہاؤس نے کی۔ اور اسطرح باتفاق رائے سیکریٹری کے عہدہ کے لئے گلزار مہت کو چنا گیا۔

اور آخیر میں چوتھے نمبر پر خزانچی کا عہدہ پر کرنا تھا۔ لیکن اس سے قبل شری نثار دہلوی نے جناب پی سی جین کی بطور خزانچی خدمات کو سراہتے ہوئے ہاؤس پر واضح کر دیا کہ جناب جین نے سدن کے بہت میں کافی سے زیادہ مالی اخراجات برداشت کئے اور آپ چونکہ ایماندار ساہتیکار اور ساہتیہ پریمی بھی ہیں میں ہاؤس سے درخواست کروں گا کہ ان کی قربانی اور ان کی ایماندارانہ روش کو مدنظر رکھکر انہی کا نام تجویز کر کے ان کو خزانچی کے عہدہ پر مزید پانچ سال کے لئے منتخب کیا جائے۔ اسپر ڈاکٹر سروپ سنگھ ونود نے شری پی سی جین کا نام برائے خزانچی پیش کیا اور سارے ہاؤس نے تائید کر کے باتفاق رائے جین صاحب کو بطور خزانچی چن لیا۔

چاروں عہدیداروں کا مکمل انتخاب ہونے کے بعد اتفاق رائے سے درج ذیل نامزدگیاں ہوئیں اور صدر سدن نے ان کی سدن کے لئے ڈیوٹی بھی مقرر کی۔

1. کماری شیلجا سدن کے لئے بطور لائبریرین کام کریں گی۔
2. محترمہ رضیہ انجم بطور چیف آرگنائزر لیڈیز ونگ کام کریں گی۔
3. شری ہرد نرائن گلفام بطور آرگنائزر جالندھر کام کریں گے۔
4. جناب گوپی ناتھ بیکس دہلوی بطور آرگنائزر دہلی کام کریں گے۔
5. جناب مسعود حسن مائل بطور آرگنائزر جموں کام کریں گے۔

مندرجہ بالا انتخابات اور نامزدگیوں کے بعد باتفاق رائے طے پایا کہ نئے سرے سے سرپرست مقرر کئے جائیں اور ان کو اس ضمن میں چٹھیاں لکھی جائیں۔ اور انکی منظوری حاصل کرلی جائے۔

اسکے بعد جناب بدری پرشاد شرما نے ایک شمع جلا کر اسپر داد دیا کہ جسطرح یہ جوت جلی اسی طرح پریم کا نگر سدن کے تمام اہلکاروں اور اراکین میں اتحاد و پریم کی جوت ہمیشہ روشن رہے۔ اور پھر محترمہ رضیہ انجم نے اپنے ہاتھ سے تمام ساہتیکاروں اور حاضرین میں پرشاد تقسیم کیا اور دعا کی سبھی حاضرین، مہربان بزرگ، ساتھی، ساہتیکار، عہدیدار، ممبران، بہن بھائی پھولیں پھلیں ہمیشہ ہمیشہ سکھی رہیں اور بہترین ادب کو پھیلاویں۔ سرترم عملی رہیں۔ سبھی حاضرین نے آمین کہا۔

اسکے بعد شری نثار دہلوی نے جناب بدری پرشاد شرما، جناب افقر رامپوری، جناب دلاور میرٹھی، جناب ناز دہلوی، جناب زمرد پاشا، جناب رگھوبیر سنگھ تلک، ڈاکٹر کرشن موہن شاستری، جناب محمد سلطان رنجور، جناب رسا سلطانپوری، جناب گوری شنکر مسکین، جناب گلزار مہت، جناب بال کرشن اختر، جناب بیکس دہلوی، جناب پی سی جین، کماری شیلجا، محترمہ رضیہ انجم، جناب ہرد نرائن گلفام، جناب بیکس دہلوی، جناب مسعود مائل اور دوسرے حاضرین کے علاوہ ممبران سدن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ "آپ لوگوں نے از سر نو مجھ پر سدن کی صدارت کی ذمہ داری ڈالدی اور وہ بھی مزید 5 سال کے لئے حالانکہ اب میں آزادی سے سدن میں کام کرنے کا خواہاں تھا لیکن پھر بھی میں کوشش کروں گا کہ جسطرح میں نے 1973 سے سدن کے لئے کام کیا اسی لگن اور جذبہ بلکہ اس سے بھی زیادہ محنت سے کام کر کے دکھاؤں گا اور امید ہے کہ آپ کا تعاون آج کی ریزولیوشن سے بڑھیا ہو گی۔

اسی دوران ممبران اور حاضرین نے چندہ اکٹھا کر کے عدالت بازی کا خرچہ پورا کر کے صدر سدن کے ہاتھ میں تھما دیا۔ اور پھر تالیاں بجائی گئیں۔

آج کے غیر معمولی اجلاس میں سدن سے وابستہ دہلی، ہریانہ، یوپی، پنجاب اور جموں و کشمیر کے ساہتیکار، ادیب، شاعر، کوی، کویتریاں اور ساہتیہ پریمی اور ادب دوست اور ممبران سدن شامل ہوئے، جنہوں نے اجلاس کی رونق بڑھائی اور آل انڈیا ساہتیہ سدن (رجسٹرڈ) دہلی و جموں کے 5 سالہ چناؤ کو بخیر خوبی شور شرابا کے کامیاب بنایا۔

یاد رہے جناب نثار دہلوی ستمبر 1973 سے سدن کے صدر چلے آ رہے ہیں۔ انہوں نے ہر بار کوشش کی۔ گزارش کی کہ دوسرے کسی ساہتیہ پریمی کو صدر منتخب کیا جائے لیکن انہیں ہر بار ناکامی ہوئی اور اس ادبی بوجھ کو بدستور اٹھاتے رہے۔ (گلزار مسیح مہت)

سالانہ چناوی اجلاس اس بار جناب سرشار جالندھری کے دولتکدہ پر جالندھر میں منعقد ہوا جہاں میزبانی کے فرائض جناب سروپ سنگھ ونود اور جناب سرشار جالندھری نے سنبھالے اور 80 لوگوں کے کھانے پانی کا اہتمام کیا۔ اسکے بعد ایک ملا جلا مشاعرہ منعقد کیا گیا۔

ہندی پڑھیئے اردو بولیئے بھارتی ہو جیئے
اسی کو حب الوطنی کہتے ہیں، جی ہاں +

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پہر کا خواب بلا شر مندہ تعبیر ہوا کرتا ہے - لیکن آخری پہر
خواب اکثر ذہنی ملامت اور درماندگی اور الجھاؤ کا باعث
جاتے ہیں - جن کا نہ سر ہوتا ہے اور نہ پیر - یہ صرف
خواب دیکھنے والے کے لیے شیخ چلی کی طرز کی بات بن جایا
کرتے ہیں۔ خواب دیکھتے جاؤ لیکن حاصل ندارد"
خواب کی تعبیر جو پچھلے پہر لے جائے گا
وہ ادھر کی بات کو بھی پھر ادھورے جائے گا -

(ہاں) میں غالباً اصل بات سے قدرے ہٹ گیا ہوں -
جو کچھ کہنا تھا وہ میں نے نہ کہا - البتہ اب کہوں گا -
میں بھی اچھے برے خواب دیکھا کرتا ہوں بے سر و پیر کے خواب دیکھنا
زندگی کا ایک امتزاجی پہلو بن گیا ہے -

میں نے اپنے اخبار کے شپ والی کے پڑھنے والے کچھ نئی دہلی نواسیوں
کو خواب میں مفلس ہوتے دیکھا - دیوالیہ بنا ہوا دیکھا - لیکن
انہی حامی روپیاں توڑتے ہوئے بھی دیکھا - مرغا اور شراب کو
اُڑاتے ہوئے دیکھا - ٹھاٹھ باٹھ کی گرفت بھی دیکھی - لیکن چہرے
یعنی لعنت زدہ - یرقان زدہ - پیلیا زدہ یعنی جعفری
لال ان کے دیکھے - میں نے خواب میں ہی ان سے ایک ایک کر کے سبب
دریافت کرنا چاہا لیکن انہوں نے جواباً کہا کہ ہم آپ کے گناہ گار ہیں
نے بھٹک گئے ہیں - ذہن ہمارا جابر بن گیا تھا -

(2)

یہ حقیقی کی تعبیر آج بشر کو سے اُفق میں کھنچ رہی تھی
برا ہو مرغِ سحر کا جس نے مٹا دیا میرا خواب آدھا -

اچھا ہوا کہ میرا وہ خواب کسی سبب سے ٹوٹا اور دفعان ہوا - خدا
جھوٹ نہ بلوائے " اگر یہی خواب میں نے پچھلے پہر میں دیکھ لیا ہوتا تو
وہ سبھی جو مجھ سے دیکھے گئے ، بجا طور پر دیوالیہ ہوتے دیکھے جاتے اور
یقیناً " اُن کا ضمیر اُن کو کوسنے پر مجبور رہتا یا مجبور ہوتا - پھر
کیا ہوتا ، میری امیدوں پر پانی پھر جاتا اور جہاں میں ایک وقت
کے دوسرے کے ساتھیوں کو مفلس ہوتے دیکھتا وہاں میری لاچاریوں
میں اضافہ ہوتا - حالانکہ وہ سبھی میرے نہ اُن داتا ہیں اور نہ کوئی
خدا ہے +

خواب کے جو مطالب بیان کیے گئے ہیں وہ یوں ہیں :-
خیال ، بے خبری ، نیند ، سونا ، سپنا ، رونا ، وہم ، گمان
غفلت ، مشکوک - شبہ - شک ، قیاس - تخمینہ - سوجھ
رائے - اندازہ - تسلیم -

یہ سبھی الفاظ اس بات کی دلالت کرتے ہیں
کہ خواب صحیح اور سچ بھی ہوتے ہیں اور زیادہ
تر یہ جھوٹ اور غلط پر مبنی ہوتے ہیں ٥ نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

(۱) خواب دَر خواب تعبیر باقی

کہتے ہیں کہ خواب اکثر اوقات خیالات کے انتشار پر مبنی ہوتے ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ خواب حقیقت نہیں بن سکتے اور یہ کہ خواب دیکھنے والے کا دماغی توازن بھی بگاڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ خواب کسی کے سگے بھی نہیں ہوا کرتے۔ یہ بھی سنا گیا ہے اور دیکھا بھی گیا ہے بلکہ بعض کتابوں میں پڑھا بھی گیا ہے کہ دنیا کے خاصے عوام خواب کے سہارے زندگی بسر کیا کرتے ہیں اسی طرح کہ "امید پر جب دنیا قائم ہے تو امید کے سہارے جینا بھی ہے۔" بھلے ہی زندگی کا کافی سارا حصہ بے مطلب ہی کیوں نہ گزر جائے۔

ایک ایسی کتاب جس کا نام "رمزِ حقیقت" ہے اور آنجہانی جناب سرور کاشانی نے پشنہ میں لکھ کر اورنگ زیب پریس سے چھپوا کر 1809ء میں شائع کرائی ہے میری نظر سے گزری۔ اس کتاب میں ایک جگہ درج ہے کہ:-

"خواب وہ ایک زیرِ پردہ حقیقت ہے کہ جس کی جوازیت کچھ بھی نہیں۔ یہ اکثر ایک بے حسی اور حرام دماغی کی علامت ہے خواب وہی لوگ دیکھتے ہیں جن کا ذہن مجرم ہوتا ہے یا اعتدال میں نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ خواب صحیح بھی ہوتے ہیں کہ جیسے علی مرداں خان نے 17 ویں صدی میں جنت بے نظیر کشمیر کی وادی میں دیکھ لیا اور پھر اسی خواب کو نظم میں بیان کر کے انہوں نے اس خواب کی تصویر بنا ڈالی یعنی سرینت بیری پادن تک ذکرِ خیر کر کے جنت نشین علی مرداں خان نے کائنات کے مالک پرم پیشور یعنی بھگوان کو دیکھ لیا۔ اس کے علاوہ چونکہ ان کا ذہن صاف تھا۔ ایمان پختہ تھا، کوئی عیب نہ تھا خوفِ خدا کے نزدیک تھے۔ انہوں نے اس پرم پیشور سے کوئی گفتگو بھی کر لی ہوگی جس کا مجھے یقین ہے مگر اس گفتگو کا ذکر انہوں نے مخلوق کے لئے کرنا مناسب نہ سمجھا ہوگا یا پھر پرم پیشور نے انہیں ایسا کرنے کی ہدایت فرمائی ہوگی لیکن حقیقت حقیقت بن کر سامنے آئی اور اللہ کی مہر آنجہانی علی مرداں خان پر ہوئی۔ خدائے تعالیٰ کے سامنے نہ کوئی مذہب ہے، نہ کوئی مسلمان ہے اور نہ کوئی عیسائی۔ جو کوئی بھی ہے وہ اس کا بندہ ہے"+

ایک اور کتاب "خواب" جو ۹۱ سال پہلے لاہور سے شائع ہوئی ہے اور سردار منور علی مرزا نے لکھی ہے میں خواب کے بارہ میں لکھا ہے:-

"کہ خواب سچے اور بالکل سچے بھی ہوتے ہیں۔ وہی خواب جو پچھلے پہر میں دیکھے جائیں۔ وہ خواب خللِ دماغی کے تابع نہیں ہوتے۔ اُن کی تعبیر نکلتی ہے اور ایسا خواب جوابدہ ہوتا ہے۔ ذہن سے سوال کرنا خواب کہلاتا ہے اور خواب کا بالعمل آنا اس سوال کا جواب ہوتا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستان جھوٹ کا دفتر، غارتگری کا منبع، اغوا کاری کا سرچشمہ، بلاتکاری کا مرکز، انسانی مقتل کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں رکھتا

لٹھ ملاؤں اور ریش دراز بیادیگروں اور اسلامی دہشت گردوں کا مکمل غلام پاکستان پر حاوی

گذشتہ 5 برسوں میں وادی کشمیر میں 3,600 اور 1,600 بالترتیب غیر معروفہ و معروفہ طور پر مسلم مستورات کی افغانی و پاکستانی درندوں نے عصمت دری کی

ایسے ماحول میں کیا

علی شاہ گیلانی، اے جی لون، انصاری و عمر فاروق وغیرہ وغیرہ پاکستان میں جاکر اپنی نام نہاد عزت اور مستورات کی آبرو بچا سکینگے؟ نہیں نہیں ہرگز نہیں

غزل

نثار دہلوی

نہ کشمیر میں تیرا دل لگ سکیگا، اندھیرے اُجالے پرکھنے سے پہلے = تجھے اپنا دامن بچانا بھی ہوگا، پھٹا سا گریبان سینے سے پہلے

بڑی ایک مدت سے وعدہ دیا ہے، کہ کشمیر کو صاف کر کے رہیں گے = کہ جتنی بھی اولادِ افغان ہوگی، ہٹا دینگے اُن کو پنپنے سے پہلے

غلط راستوں پہ جو اکثر ہے چلنا، زمانے میں اکثر وہ بدنام رہتا = غلط کار کے واسطے موت اچھی، گناہوں کا الزام لینے سے پہلے

بڑی کارسازی ہے محفل میں جانا، مگر ایک چھوٹی سی شرط بھی اہم ہے = اِدھر باندھنا تم خیالوں کو اپنے، اُدھر اُن کا دم جا کے بھرنے سے پہلے

وطن کے لئے مر مٹیں گے جو یارو، شہادت کا رتبہ وہ پائینگے یارو = وطن کے لئے جان دینے کی خاطر، نہ ٹالا نہ بدلینگے مرنے سے پہلے

یہی اُن سے پیشین گوئی ہوئی تھی، تمہارے ہی حق میں تمہیں یاد ہوگا

نثار اُن کی چوکھٹ پہ سجدہ نہ کرنا، زمیں پر ملائک کے بسنے سے پہلے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستان میں تمین لڑکیوں کے ساتھ وہاں کی سرکاری اسلامی پولیس کی ایک شیطانی حرکت تصویر ہے!

ہندوستان سے گئے ہوئے 72 لاکھ اب اڑھائی کروڑ مہاجر مسلمانوں کو پاکستان میں دہشت گرد لوگ قرار دیا گیا

پاکستان میں سپریم کورٹ بھی انتظامیہ کی غلام شرفاء کا رہنا بسنا پاکستان میں حرام ہو چکا ہے لاکھوں لوگ جلاوطنی میں۔

قرآن مخالف سے خوف کھا کر بلا فکر ہوکر مظفر نے کے ہتھکنڈے اپنا کر انسانیت کا قتل عام کروانے سے گریز نہیں کرتی؟

پاکستان میں مروجہ سرکاری اسلامی قوانین کی آڑ میں غیر سنیوں کی زندگی خطرناک حد تک اجیرن کر دی گئی ہے۔

48 سال گزر جانے کے بعد بھی پاکستانیوں نے مہاجروں کے شہری حقوق غصب کر کے رکھ دیے۔

شیعہ فرقہ، احمدی ٹولہ، عیسائی قبیلہ اور ہندو جاتی پاکستان میں سفیر کی آگ سے جھلس رہے ہیں!

قتل و غارت لوٹ پاٹ آلزنی اور عصمت دری کے علاوہ اغوا کاریاں پاکستان کے ترقیاتی پہلو ہیں!

کراچی اور سندھ میں پاکستان سرکار نے اپنی غارتگری سے دس ہزار سے زائد لوگوں کو لقمۂ اجل بنا دیا!

پاکستان میں کمسنوں کو گولیوں سے اڑانا عین اسلامی کرتب بنایا جاتا ہے لیکن لوگ خاموش ہیں!

بندھوا مزدوروں کے لیئے پاکستانی سرکار دنیا بھر میں ذلیل و خوار ہو چکی ہے

اپنے قالین سازی کارخانوں کو پاکستانی سرکار امتِ محمدیؐ کی زندگیاں قربان کر کے برقرار رکھی ہوئی ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں مئی ۱۹۹۵ء

خراجِ عقیدت

جموں - اخبار سہوگی تامر جموں کے دفتر میں موخہ ۱۰ اپریل ۱۹۹۵ء کو کئی مقتدر جرنلسٹوں اور نامور علماء و فضلاء کا شری ایم کے رینہ "رتناکر" اسسٹنٹ ڈائریکٹر آل انڈیا ریڈیو جموں کی صدارت میں ایک ماتمی اجلاس منعقد کیا گیا۔ جس میں جناب او این کاک جرنلسٹ سوشل ورکر اور گیان وان کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا مقررین نے جہاں مرحوم شری او مکارناتھ کاک کی مُسلّمہ شخصیت بہترین صحافت بڑھیا صلاحیت اچھی عظمت اعلےٰ تماشی، یادگاری طرزِ براڈ کاسٹنگ اور ناقابلِ فراموش آدمیت کو بہت بہت یاد کیا وہاں شری بی این بھان نثار دہلوی ایڈیٹر مکتب وانی جموں نے مرحوم کو اپنا خراجِ عقیدت منظوم صورت میں پیش کیا، جسکے بارہ میں حاضرین نے مکرر کہا کہ "نظم میں نثار صاحب نے مرحوم کے تئیں صحیح نذرانۂ عقیدت پیش کیا اور اُن کے کردار کی صحیح صحیح عکاسی کی ہے (نامہ نگار)

آہ ! او این کاک جرنلسٹ

نثار دہلوی

ذہن و دل سے صاف تھا وہ کاک تھا او مکار تھا ہر گناہ بھی معاف تھا وہ لائقِ ستکار تھا
عقل کا اِمراف تھا، لگتا مگر بیزار تھا لام بدلے کاف تھا، وہ غازیٔ کردار تھا
شومئی قسمت، ہمیں چھوڑا خجالت کے لئے
یاد رکھا جائیگا لمبی مسافت کے لئے
وہ بکھاری وہ صحافی، وہ مگر انسان تھا اپنے چھوٹے سے قبیلے کا مگر خاقان تھا
پاس کچھ تھا ہی نہیں، پھر بھی مگر سلطان تھا اپنی جاتی کے لئے وہ آن تھا وہ شان تھا
مر مٹا کیا ہی وہ اچھی بشارت کے لئے
کتنے ہی پنّے لکھے کارِ صحافت کے لئے
اِسقدر مفہوم اُسکے اِسقدر اُن کے متاں اِسقدر مفہوم اُسکے اِسقدر میٹھی زباں
اِسقدر مفہوم اُسکے اِسقدر شعلہ بیاں اِسقدر مفہوم اُسکے اِسقدر سوزِ نہاں
وہ عجوبہ تھا سراپا اِک سخاوت کے لئے
جان دینا تھا کسی کی بھی رفاقت کے لئے
مختلف مسئلوں پہ اُسنے خامہ فرسائی بھی کی مختلف وقتوں پہ اُسنے خامہ فرسائی بھی کی
مختلف لوگوں پہ اُسنے خامہ فرسائی بھی کی مختلف گیتوں پہ اُسنے خامہ فرسائی بھی کی
کچھ نہیں مشغول تھا اُس سے بغاوت کے لئے
وہ مگر مصروف تھا اپنی عبادت کے لئے
زندگی بھر اپنی خودداری کبھی بیچی نہیں زندگی بھر اپنی سرکاری کبھی بیچی نہیں
زندگی بھر اپنی افکاری کبھی بیچی نہیں زندگی بھر اپنی فنکاری کبھی بیچی نہیں
قلم میں طاقت وہ رکھتا تھا بلاغت کے لئے
وقف اُسکی جاں نہیں تھی اِک عداوت کے لئے
جاتی کی اُفتادگی نے اُسکو برہم کر دیا جاتی کی بے چارگی نے اُسکو برہم کر دیا
جاتی کی برخاستگی نے اُسکو برہم کر دیا جاتی کی اُفتادگی نے اُسکو برہم کر دیا
اپنی جانب سے جیا لیکن نفاست کے لئے
مر گیا لیکن مرا اپنی شرافت کے لئے
اِک خدا کے بعد اُسکا کوئی ساتھی تھا نہیں قوم دشمن ملک دشمن کوئی راضی تھا نہیں
دین و دل کا قرض اُس پہ کوئی باقی تھا نہیں جو بھی اُس نے لکھ کے رکھا کوئی کافی تھا نہیں
کل تلک جو کچھ لکھا اُسکی وضاحت کے لئے
درد و غم لے کے چلا غیبی عدالت کے لئے
اے نثارِ خستہ دل جینا تھا اُس کا کس لئے اے نثارِ جمع دل مرنا تھا اُس کا کس لئے
اے نثارِ پاک دل مٹنا تھا اُس کا کس لئے اے نثارِ صاف دل رہنا تھا اُس کا کس لئے
[illegible] حاجت کے لئے
چھوڑ کر گھر کو گیا کس کی قرابت کے لئے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE 2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پاکستان میں کٹر وادی مُلا لوگ خود آنحضرت صلعم کی شانِ اقدس میں گستاخی کرتے ہیں

ہوتی۔ مرحوم ضیاالحق سابقہ خود ساختہ صدرِ پاکستان نے جن کو اپنی گناہ گاریوں اور عوام کش پالیسیوں کی پاداش میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہیبت ناک سزا ملی اور جسم و جاں کے ہوا میں چیتھڑے اُڑے اور زمین نے اُنہیں قبول نہیں کیا نے پاکستان میں اسلام کو ایک پلاٹ فارم (ایک الیباۃ) کے تحت نافذ کیا کہ جس کی بدولت اُن کے کٹر وادی عمر فکر کا بول بالا ہو۔ غیر مسلموں پر عذاب شدید ہو۔ شیعوں کا قافیہ تنگ ہو، احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیکر اُن کی زندگیاں حرام ہوں۔ عیسائیوں کو پاکستان چھوڑنے یا مسلمان ہونے کے لئے دباؤ پڑے، ہندوؤں کا قلع قمع ہو اور سکھوں کو کرپان سے دست کش ہونا پڑے۔ اور اسی بدعت سے آجکل پاکستان میں کٹر وادی مُلاؤں، بنیاد پرست بے دینوں اور بے ضمیر سرکاری اہلکاروں اور غیر منصف ججوں کا بول بالا ہے۔ اور میڈ لوگ تمام کے تمام بن مانے ان کر کے غیر مسلموں کو پھانسیاں دیتے ہیں یا سناتے ہیں۔ قتل کر دیتے ہیں، جھوٹے کیسوں میں پھنسا کر اُنہیں سالہا سال کیلئے جیلوں میں ڈال دیا کرتے ہیں اور اپنی خواہ مخواہ کی سربلندی کے لئے الزام لگاتے ہیں کہ

"انہوں نے اسلام کی توہین کی" وغیرہ وغیرہ

اگر صحیح دماغ سے سوچا جائے اور چشمِ بینا سے دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہو کر سامنے آئے گی کہ

"پیغمبر آخر زماں رسالت مآب جناب حضرت محمد صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں گستاخی کرنے والے یہ سبھی کٹر وادی مُلا اور بنیاد پرست سُنی مسلمان ہی ہیں جو دوسرے فرقوں پر الزام لگایا کرتے ہیں کہ پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین کی گئی ہے۔ قرآنِ مجید پر اُنگلی اُٹھائی گئی ہے۔ وغیرہ وغیرہ"

کیا اسلام اتنا نایائیدار ہے کہ جو اِن کٹر وادیوں کی نظروں میں خطرہ میں آئے دن پڑ سکتا ہے یا پڑ جاتا ہے۔؟ نہیں نہیں ہرگز نہیں۔ یہ کٹھ ملا اسلام کو اپنی نجی جائداد کی کردہ بولی بولتے ہیں جو شریعت کی رو سے توہین کے مترادف ہے۔ اِن کا ایمان جھوٹ پر مبنی ہے۔

آنحضرت جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ شفیع روزِ محشر بھی ہیں اور آپ صرف کٹر وادی مُلا طائفہ اور دیگر کٹر وادی مسلمانوں کے لئے ہی شفیع روزِ محشر نہیں بلکہ آپ سبھی طرح کی خلق، کیا مسلم کیا غیر مسلم کی شفاعت فرمانے والے ہیں اور اگر اُن کی شان میں کوئی گستاخی کرے گا تو وہ خود اُنہیں معاف کر سکتے ہیں، شفاعت فرما سکتے ہیں یا سزا سے ہمکنار کر سکتے ہیں" تو بیچ میں یہ کٹر وادی اسلام دشمن لوگ کہاں سے آ ٹپکے، کہ جنہوں نے تمام براعظم ایشیا کے لوگوں کی نیندیں حرام کر رکھی ہیں۔

تمام صحیح الدماغ عالمی لوگوں کو اس پر رائے عامہ منظم کر کے ان کٹر وادیوں اور ان کے حواریوں کے خاتمہ کی سبیل کرنا ہو گی ورنہ انسان بے گناہ مر کر بھی پاکستان بنگلہ دیش وغیرہ میں کٹتے مرتے رہیں گے اور قہرِ الٰہی نازل ہو گا۔ بشارت

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں وکشمیر کلچرل اکادمی نے کب جماعت اسلامی کے بول نہ بولے؟

اکادمی نے بزرگان وطن کی ہمیشہ ہی مٹی خراب کی جو قابل مذمت ہے۔

جموں - 25 دسمبر - اب جبکہ کلچرل اکادمی کے اسپیشل نمبر برائے نومبر گزشتہ ۱۹۹۱ء جو مرحوم پروفیسر غلام محی الدین حاجنی سے منسوب کیا گیا تھا کے شائع ہونے کے بعد ریاستی سرکار نے اس شمارہ کی اشاعت کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ عوام کو معلوم نہیں کہ تحقیقات کرنے والے کون لوگ مقرر کئے گئے ہیں۔

چونکہ اس شمارہ "شیرازہ" کہلانے میں جو مواد درج کیا گیا ہے وہ حقیر ترین غیر موزوں، ناشائستہ اور غیر مہذب الفاظ سے سجایا گیا ہے اور اس ناپاک مضمون میں محترمہ آنجہانی شریمتی اندرا گاندھی۔ آنجہانی شیخ محمد عبداللہ آنجہانی ڈی پی در اور دوسرے سرکردہ لوگوں دانشوروں شاعروں ادیبوں اور آنجہانی دینا ناتھ نادم کی شان میں تندرجہ گستاخ اور حماقت آمیز لہجہ میں ذکر کرکے اس نامراد "شیرازہ" کو ادبی دنیا میں یکطرفہ، حقیر اور فرقہ پرست رسالہ بنا کر چھوڑ دیا ہے۔

جن اصحاب نے اس گندے شمارہ کو شائع کرکے ماحول کو بیہودہ بنا دیا اُن کے کردار اور چلن کا پوسٹ مارٹم ضروری ہے۔ یہ لوگ سرکار سے تنخواہ پا کر جماعت اسلامی کے کاز کی بہ انداز دیگر حمایت کرکے اپنے الحاد وادی اور بنیاد پرست ہونے کی نمائش کر چکے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان تمام متعلقین کو پابہ زنجیر کر دیا جائے تب کہیں اس نامراد شمارہ کے بارے میں صحیح اور غیر جانبدارانہ تحقیقات انجام پذیر لائی جا سکے گی۔ سرکار کو چاہئے کہ اس شمارہ کو فوری طور ضبط کرے اور اکادمی کے ارباب اختیار کے خلاف سخت ترین کارروائی کرے کیونکہ وہ منافرت پھیلانے کے بھی مرتکب پائے گئے ہیں۔

ویسے بھی اس بدنام زمانہ اکادمی نے کئی سال پہلے شیخ العالم نمبر شائع کیا تھا جس میں اتنی مبالغہ آرائی سے کام لیا گیا تھا کہ تواریخ کو معکوس کرنے کی جہاں کوشش کی گئی وہاں اس کو مسخ کرنے کی بھی سعی لاحاصل کی گئی تھی۔ وہ شمارہ صرف اسلام کے لئے ایک پراپیگنڈہ کا سادھن بنایا گیا تھا۔ کہیں للہ شوری کے بارہ میں اوٹ پٹانگ طور پر ذکر کیا گیا تھا۔ کہیں انہیں نندہ ریشی (شیخ نور الدین ولی۔ ہندو سے مسلم) کا شاگرد بنایا گیا تھا۔ کہیں شاہ ہمدان صاحب سے متاثر ہو کر للہ عارفہ کے طور پر ذکر کیا گیا تھا۔ جبکہ

دونوں باتیں سرے سے ہی غلط اور مبالغہ آمیز تھیں۔ اور ہم نے اسی دم اس شمارہ کے بارہ میں زبردست الفاظ میں چوٹ کی تھی۔ اور کئی سال بعد مناسب موقعہ ملنے پر اس حماقت کے خلاف ہم نے حقائق پر مبنی ایک مضمون تیار کرکے آل انڈیا کشمیری سماج مائگرنٹ ایکشن کمیٹی جموں کے ایک غیر معمولی اجلاس میں 2,000 سامعین کے سامنے انکشاف کرنے کے لئے پیش کیا جس کو بے حد پسند کیا گیا۔

کلچرل اکادمی ایک ایسا اکھاڑہ بنایا جا چکا ہے جس میں صرف وہ لوگ شامل کئے جاتے رہے ہیں جو محض رشوت دیگر نام کمانے کے درپے تھے۔ اس اکادمی نے ہندوستان اور کشمیر کی تواریخ کو ہر قدم پر مسخ کرنے کی تندرجہ کوشش کی ہے لیکن اصلیت مٹانے سے نہ مٹائی جا سکی۔

(کے این نگار دھوی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہند سرکار کی بدچلنی یا نابنجاری

نومبر 1995

عرصہ دراز سے ہم طرح طرح کے بیانات سنتے آ رہے ہیں، جن سے ہمارے کان پک سے گئے ہیں۔ غضب کی بات ہے کہ کھلے ہندوں بھارت دشمنی کرنے والوں پر سرکار کی کوئی گرفت نہیں۔ یہ لوگ سرینگر تا دہلی اسطرح گھوم پھر رہے ہیں کہ جیسے وہ سرکار کے مہمانِ خصوصی ہوں یا وہ کسی نوعیت کے وی وی آئی پی ہوں۔ ان لوگوں کے دوروں میں سرکار ہی سہولیات بہم پہنچاتی ہے اور انہیں اپنے بے رنگ پگڑی کا ایک ایک لاٹ اُتر وانے میں فخر بھی محسوس کرتی ہے۔ یہ لوگ پارلیمنٹ کے زیر زنخدان پارلیمنٹ، وزرا سیاسی لیڈران بھارت سرکار، اسکورٹی فورسز کو جہاں سے بانگ دہل کہہ سکتے رہتے ہیں وہاں یہ لوگ پرانی دہلی کے فرسودہ ذہن اور کٹر پنتھی مسلمانوں کو طرح طرح کے جھوٹ بولنے اور اسلام کی دہائی دینے کے ورغلا رہے ہیں اور اسطرح بھارت دشمنوں کا ایک اور محاذ کھڑا کر رہے ہیں لیکن سرکار کی چشم پوشی اُسکے اصلی روپ کو ننگا کر رہی ہے۔

بلی ماران۔ گلی قاسم جان، فتحپوری، بارہ ہندو راؤ۔ پل بنگش کوچہ پنڈت، اجمیری گیٹ، ترکمان گیٹ، مٹیا محل، اُردو بازار اور لال کنوؤں میں کشمیری غارت گر گھومتے پھرتے اکثر دیکھے جاتے ہیں اسکے علاوہ نئی دہلی میں حضرت نظام الدین۔ جل وہار، لاجپت نگر، ایسٹ آف کیلاش، نہرو پلیس، آر کے پورم اور گریٹر کیلاش میں بھی سینکڑوں کی تعداد میں گھومتے پھرتے رہتے بستے دیکھے جاتے ہیں۔ انہوں نے بیس پردہ نئی دہلی کو بری طرح سے اپنے آتنک وادی نرغے میں لا کر رکھا ہے لیکن سرکار کی بے حسی حیرت خیز نظر آتی ہے۔

کشمیر میں چناؤ کرانا ایک احمق پن ہوگا جب تک نہ وہاں امن و قانون کی بالادستی مکمل طور پر قائم ہوگی اور کشمیر سے بیدخل کئے گئے ساڑھے تین لاکھ کشمیری پنڈتوں اور دیگر ہندوؤں کی عزت و آبرو کے ساتھ باز آباد کاری نہ ہو۔ ورنہ ان کی عدم موجودگی میں بلکہ عدم شمولیت میں چناؤ بوگس، فراڈ اور ریکارڈ مانے جائیں گے کیوں کہ جس چناؤ میں صحیح پبلک کی نمائندگی نہ ہوگی اُس چناؤ کو آگے لگانا ایک بہتر قدم ہوگا۔

مدت سے لیا جا رہا ہے کہ کشمیر میں کوئی ترقیاتی کام نہ ہونے پائیں (اور ہاں کوئی کام اگر ہو بھی رہا ہے) ان میں ایک ہی فرقہ کے افراد (ملازم اور افسر) شامل ہیں ملوث ہیں جن کو بھارت سے کوئی لگاؤ نہیں لیکن بھارت کے سرمایہ کو چٹ کرنا اُن کا عین ایمان ہے۔

ہند سرکار کو ساڑھے تین لاکھ بیدخل شدہ کشمیری ہندوؤں کی حیات و بقا کا کوئی خیال نہیں آتا، آئے بھی تو کیسے؟ اسکو اپنا ذہنی الجھاؤ، پارٹی بازی، آپسی عدم اتفاقی، غبن، گھوٹالے، فراڈ، قتل اور دردِ سر نے تیاں چبائی ہیں۔ بڑے بڑے اسکنڈلوں سے یہ خود ہی لب دم آئی ہوئی نظر آتی ہے، اسکا ذہنی شعور نفعی کے برابر ہو گیا ہے۔ کہنے اور کرنے میں یہ یکساں نہ رہی۔ البتہ اسے ووٹوں کی حصولی کا فکر بری طرح لگا ہوا ہے۔ جمینٹر پکیج اور کاغذ کو اندر ہی اندر کھاتے کھاتے ریزہ ریزہ کر دیتی ہے۔ یہی حال ہے مرکزی سرکار اور کانگریس کے خداوندان کا۔

اس بے شرم سرکار کو گزرے چھ سالوں میں ان تباہ حال کشمیری پنڈتوں کو بسانا نہ آیا۔ ان کو ٹینٹوں، حجروں، گوداموں، گراجوں میں رہنے دیا جینے دیا، سڑنے دیا، مرنے دیا۔ اور یہی وہ محب وطن ہیں کہ جنہوں نے کشمیر میں بھارت کے ترنگا کو اونچا رکھا تھامے رکھا۔ اسکو برداد کو قائم رکھنا ہے۔ یہ فہمیدہ اور دانشمند جاتی پر حیثیتوں کا غالب آنا کسی بھی سیاست، قانون، آئین اور دھرم کی رو سے جائز نہیں۔ اور یہی کم ظرفی جو سرکار کی رہی ہے حکومت کے ماتھے پر ایک کلنک کی حیثیت رکھے گی تب تک جب تک دنیا قائم رہے گی اور تواریخ ہند زندہ رہے گی (خرد برد نہ ہوگا)

چونکہ سرکار شروع سے ہی بد دیانت واقع ہوئی ہے اور اسکی بدمستی ملک کے حق میں بھی اچھی نہیں، اسکا مردہ احساس جگانے کے لئے تمام تارکینِ کشمیر کو ایک ہی جھنڈے تلے آ کر اپنے مستقبل کو بجائے سنوارنے کے بارہ میں سوچنا ہوگا اور مجوزہ پارلیمنٹ کے چناؤ سے قبل اپنے حق میں موزوں اور دیرپا فیصلے کروانے کے لئے سر دھڑ کی بازی لگانی ہوگی۔ دریں اثنا جموں و کشمیر کے چناؤ میں شامل نہ ہونے کی ضرورت ہوگی۔ بشار

رہ نہ جائے کوئی ارمان ستم ڈھانے کا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

عقل کے دو ہی پہلو ہیں

عقل سلیم	عقل بے جا
زود فہمی	کج فہمی
عقلمند	بے عقل
باشعور	بے شعور
مدبر	بد دماغ
سمجھی	نا سمجھی
دانش	غیر دانش
Common Sense	Non Sense

Common Sense یعنی عقل سلیم انسان کو پیدائش پر ہی الاٹ ہوا کرتی ہے۔
زود فہم وہ شخص ہوتا ہے جو اشارے سے ہی سب کچھ سمجھ پاتا ہے
عقل ایک ایسی سوغات ہے جو آدمی کو انسان ہونے کا شرف بخشتی ہے۔
مُدبر وہ شخص ہے جس کا دماغ متوازن رہتا ہے۔
اور فہمیدگی اسکی صفت ہوتی ہے۔
سمجھی وہ شخص کہلاتا ہے جو کسی بات کو دماغ میں اُتارنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
دانش وہ انسان ہے جو اعلیٰ صفات کا مالک ہوتا ہے۔ سلیقہ مند ہوتا ہے اور رہنمائی کا کام کرتا ہے۔
اسکے برعکس جتنے بھی لفظ آپ دیکھ رہے ہیں اُن سب کا نچوڑ یہ ہے :- انسان کی بدبختی، لاشعوری، ناعاقبت اندیشی، غلط کاری، بیوقوفی، بدچلنی، بے راہروی، گمراہی اور بد حواسی۔
چونکہ عقل دو ہی قسم کی ہے کہ جن کی بدولت انسان نامور ہو جاتا ہے اور بدنام بھی، شہرت پاتا ہے اور گمنامی بھی، نیک گردانا جاتا ہے اور بدکردار بھی، لائق عزت سمجھا جاتا ہے اور لائق نفرت بھی، دانشور کہلاتا ہے اور غیر دانشمند بھی۔
گویا شہرت دونوں طریقوں سے حاصل ہوتی ہے، نیک کاری سے بھی اور بدکاری سے بھی۔ ایک دُنیا میں نام کماتا ہے جبکہ دوسرا بدنامی کی دلدل میں پڑا رہتا ہے۔ اور بھگوان کے سامنے دونوں اپنی اپنی دُنیاوی کرتوتوں کی جوابدہی کے لئے کھڑا کئے جاتے ہیں۔ اور جب تفصیل اچھائیوں اور برائیوں کی پیش ہوتی ہے تو ثواب کاری اور عذاب کاری کا موازنہ ہوتا ہے۔ چونکہ نیک راہ پر چلنے والا ثواب کا مستحق ہوتا ہے اور غلط راہ کو اپنانے والا عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔ یہ طے ہو جایا کرتا ہے۔
انسانیت کے لئے خدمت گزاری ثواب کاری ہوتی ہے جبکہ انسانیت کی بے قدری عذاب کاری کہلاتی ہے۔
انہی اچھی اور بری خاصیتوں کے آدھار پر سزا اور جزا کا تعین ہوتا ہے اور برا مستوجب سزا ٹھہرتا ہے، جہنم میں ڈالے جانے کا حقدار ہوتا ہے جبکہ اچھا سیدھے طور پر سورگ یعنی جنت میں داخل پاتا ہے۔ غرضیکہ صحیح عقل آخرت تک رہنمائی کرتی ہے جبکہ غلط یعنی خراب عقل یا برباد دماغ آخرت تک ذلالت کے جامے پہنائے رکھتا ہے جو غلط کار اپنی بیوقوفی کی وجہ سے دیکھ نہیں پاتا۔

پشکر

مُردہ ماحولیاتی یہ جموں شہر

ہندوستان میں مخصوص ناک ماحولیاتی بگاڑ جموں شہر میں اپنے جوبن پر دیکھنے میں آرہا ہے۔ سڑکوں سے گزرنے والے لوگوں کے پھیپھڑے ہر روز گمبھیر خطرے کا خفیف جواب دیتے رہتے ہیں۔ یہ بابرکات مہربانی جموں شہر میں بوسیدہ اور خراب انجن والے میٹاڈور اور منی بسوں کی کارستانی ہو رہی ہے۔ آپ گزشتہ دو برسوں میں دو بار مکمل سورج گرہن دیکھ چکے ہیں، اگر آپ یقین کریں گے تو یہ ماننے سے بھی آپ انکاری نہ ہوں گے کہ جموں شہر میں ہر روز سورج گرہن دیکھنے کو ملتا ہے اور وہ بھی مکمل طور پر۔ منی بسوں کے دھوئیں سے خلا میں ایک سیاہ پرت بنی ہوئی دیکھنے کو ملتی ہے اور اس کے پیچھے سورج کا دم گھٹا ہوا رہتا ہے۔ منی بسوں کی اس بدچلنی اور بدذوقی کے لئے ٹریفک پولیس کا عملہ سو فیصد ذمہ دار ہے کیونکہ وہ مبینہ طور پر ہر منی بس اور ہر میٹاڈور سے ہر روز بالترتیب 15 اور 10 روپیہ لیتا ہے اور منی بس وغیرہ کو ماحولیات کو گندہ کرتے ہوئے دیکھنے سے پہلے ہی اپنی نظریں پھیر دیتا ہے اور اس دوران اگر کوئی ہرگز یا میجر جنرل سامنے سے فلیگ کار میں بیٹھے ہوئے گزر بھی جائے تو جموں و کشمیر کی آرمڈ یا ٹریفک پولیس اپنی مستعدی نہ دکھلا کر سلامی بھی نہیں دیتی۔ وہ سلامی دیتی ہے ماحولیات کے دشمنوں کو، ملک سے غداری کرنے والوں کو، کشمیری و افغانی دہشت گردوں کو، مسلمان بنیاد پرستوں اور کٹر وادیوں کو۔ اسے بھارتی فوج کے اعلیٰ ترین افسروں کی پرواہ ہی کیا کیونکہ وہ ماہانہ 1500 اور 1200 روپیہ فی گاڑی وصول کرنے کی شکر گزاری کرتا ہے۔ دوسری غلط باتوں اور حادثات کی روک تھام اور ماحولیات سے ہونے والی بربادی کی طرف متوجہ نہیں ہوتی۔ نتیجہ یہ کہ سبھی لوگ دمہ کے مریض پھیپھڑوں کے امراض کے شکار اور درد دل میں مبتلا ہوا کرتے ہیں اور اس طرح بے گناہ کار اور انسان دشمن ریاستی ڈاکٹروں کے بھی لیس پردہ وارے نیارے ہوا کرتے ہیں۔
یہ ہے جموں شہر اور اسکا ماحولیاتی چلن۔
ویسے بھی ہسپتال کے سامنے گیتا بھون والی طرف سے آپ گزر کر خود ہی دیکھیں کہ جو بو آپ کو آ رہی ہے وہ خوشبو ہے یا بدبو، وہ متعفن ہے یا گلاب کی خوشبو۔ وہ نجس کی بو ہے یا ٹیلکم پوڈر کی خوشبو۔ بھئی یہاں بھی 30 منٹ رک کر دیکھو کہ آپ دھکے کے لئے میڈیکل کالج ہسپتال کے گندے ایمرجنسی وارڈ میں اپنے آپ کو بیہوشی کی حالت میں داخل پائیں گے۔ جموں میونسپلٹی بھی بدکرداری کی علامت بن گئی ہے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

عرب، پاکستان اور کشمیر

اسی بابرکت اسلام کی برکتوں سے عرب عوام برکت یافتہ ہوئے تھے

لیکن اُسی بابرکت اسلام کی برکتوں کو لبیک نہ کہنے ہوئے بے برکتی کے لئے اسلامی برکتوں کو ٹھکرا رہے ہیں پاکستانی درندے جو یہاں اور وہاں ذلالت اور رکالت کے جامے پہنے ہوئے ہیں اور وہ وہ انسانیت سوزی کا کام کرتے ہیں جو :-

"انسانی برکتوں کے منافی ہیں، جو اسلام کے منافی ہیں، اور جو پیغمبر صلعم کی مقدس ہدایات کے منافی ہیں اور دینِ اسلام کے قطعاً ناموافق ہیں۔

اور اسی پاکستان کی کم ظرفیوں کی بدولت تمام دُنیا بے چینی کا احاطہ بن گئی ہے، انتہا پسندی اور جنسیاد پرستی کا دور دورہ ہر ایک ملک میں شروع کر کے پاکستان جہاں عوام کی زندگیاں اجیرن بنا رہا ہے وہاں اسلام کی بیخ کنی بھی کر رہا ہے اور انسانیت سوزی میں ہر جگہ جُٹا ہوا ہے۔

دو بڑی اہم مثالیں سامنے ہیں :-

ایک کشمیر میں دہشت گردی اور ہزاروں بے گناہوں کا غیر اسلامی طور پر ہلاکت اور کشمیر کے ساڑھے تین لاکھ ہندوؤں پر ڈھائے گئے مظالم۔
دوسری دینِ محمد صلعم کے پیروکار ڈھائی کروڑ مسلم مہاجرین کے کراچی سندھ اور دیگر صوبوں میں خاتمہ کی پالیسی کے تحت قتل و غارت اور بربریت کے آئے دن کے مظاہرے ہیں۔

ویسے افغانستان کی موجودہ خانہ جنگی کے پیچھے اسی پاکستان کا ہاتھ ہے جہاں مسلمان مسلمان کو فنا کر رہا ہے۔

حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کے خون کی قیمت خانہ کعبہ کی دیواروں سے زیادہ بتائی ہے۔

حضرت محمد صاحب صلعم کا اوتار انتہائی واجب اور مناسب تھا لیکن پاکستانی حیوان اس بات کی اہمیت اور برکت سے انحراف کرتے ہیں چونکہ سرزمین عرب (پہلے کا نام کچھ اور ہی تھا لیکن واضح نہیں) میں انسانیت سوزی، غنڈہ گردی، لوٹ پاٹ، دہشت گردی، عصمت دری، ڈاکہ زنی، ہیرا پھیری، بربریت، بےدینی، الحیتی، بگتری نہ جانے اور کیا کیا بدکرداریاں اُس ماحول میں بھری پڑی تھیں اور اُنہی بدکرداریوں اور رکیک ماحول کو ختم کرنے اور سرزمین عرب کو پاک و صاف رکھنے کے لئے نبی آخر زماں، ختم رسل آنحضرت جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اُس سرزمین پر تشریف لائے۔

آپ نے اللہ تعالیٰ کے اسپیشل کرم سے عرب کی سرزمین کو نہایت دانشمندی، پاکبازی، سنجیدگی، برداشتگی، حلیمی، خوش خلقی، بُردباری، انکساری اور حوصلگی سے دھیرے دھیرے سُدھار دیا اور آہستہ آہستہ تبدیل فرمایا۔ عوام کو سوجھ بوجھ سے ہمکنار فرمایا۔

یہ وہ دور تھا "کہ بیٹا بیٹی، ماں بیٹا، باپ بیٹی، بھائی بہن

نہ کوئی ننگ نہ کوئی شمیر

اُسمیں کوئی امتیاز نہ کیا کرتے تھے۔ اور اُسی درندگی اور انسانیت کشی اور حیوانیت کو ختم کرنے کے لئے آپ عرب میں حکم خدا سے تشریف فرما ہوئے۔ آپ دشمنی کرنے والوں کو دعا دیا کرتے تھے اور دشمنی یا مخالفت کرنے والوں کو کچھ دیر غیر حاضر پانے پر اُنکے گھروں میں مزاج پُرسی کو جایا کرتے تھے۔

انہی بابرکات اسالیب سے آپ نے عربوں کو جو اُس وقت درندوں سے بھی گئے گزرے تھے انسانیت کے جامے میں لایا۔ اور انسانیت کی خدمت اللہ کی عبادت کہہ کے اُنہیں ہدایت فرمائی۔ اور پھر عرب رفتہ رفتہ آج کا عربستان بن گیا۔ لیکن یہاں پر آج بھی اور پھر بھی درجنوں عربی ملک ہو گئے جن کا نظام مختلف، رسمیں الگ الگ، سوچ اپنی اپنی، فطرت قسم قسم کی، حکومتیں جداگانہ، تفرقات، آپسی دشمنیاں، دہشت گردی، غارتگری، منشیات کی اسمگلنگ، ماردھاڑ، سائنسی جنگ، گولہ بارود کی پرستش، جنگجوانہ ماحول، بُنیاد پرستی، کٹر واد، افراتفری وغیرہ وغیرہ پنپ رہے ہیں، پنپ چکے ہیں اور پنپتے رہینگے۔

حالانکہ آنحضور صلعم کے مبارک دور میں اِن تمام بدعتوں کی کوئی گنجائش باقی نہ رہی تھی۔

اگر اہلِ اسلام اُن کی ہدایات، اُنکے احکامات پر صدقِ دل سے چلیں گے اور اُن کی نوازشات کی قدر کریں گے تو تمام دنیا میں امن کی فضا قائم ہو کر رہیگی اور آپسی بھائی چارہ، افہام و تفہیم کا نیا شاندار دور شروع ہو سکے گا جسکی پیشگوئی صدیوں پہلے کی جا چکی ہے۔

زندگی کے اصل مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے اور عبادتِ الٰہی میں جُٹ جانے کے لئے آپ نے اہلِ اسلام کو قرآن شریف کا مبارک اور مقدس نسخہ عطا فرمایا لیکن پاکستانی لوگ اور کشمیری مسلمان خاصکر دہشت گرد یا اُنکے سرغنہ اس مقدس کتاب کی کوئی قدر نہ کرتے ہوئے وہ وہ کچھ کر رہے ہیں جو بالآخر اُنکے لئے ایک کلنک ہی بن کر رہے گا۔

پیغمبر صاحب صلعم کی اُمت میں عرب کے لوگ کس طرح ایک ایمان کے شامل ہو گئے وہ پاکستانیوں اور کشمیری نام کے مسلم لیڈروں (جو دہشت گردی کے ناظم بنے بیٹھے ہیں) کی سمجھ سے باہر ہی لگتا ہے۔

پاکستان مسلمانوں کا آبادی بڑھانے کے لئے بربریت کا مظاہرہ کر رہا ہے جبکہ ہی وہ لوگ اسلامی نام رکھتے ہوں اور اُمت میں شامل بنے ہوں اور دوسری طرف اپنے ملک میں اقلیتوں کو فنا کر کے اُن کی تروانے سے احتراز نہیں کرتا۔ جو ایک تکلیف دہ حلیں سے انکار

ہے بیٹے مشہور عالم کمالِ محمدؐ
ہے مرغوبِ دل کو جمالِ محمدؐ
میسر ہو عشقِ نبیؐ یا الٰہی
جو ہو جائے حاصل وصالِ محمدؐ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فرسودہ ذہنیت کی علمبرداری

ایڈیٹوریل

نیشنل کانفرنس آئے دن مرتی ہے اور آئے دن جلا پاتی ہے۔ لیکن کوئی عظیم ترین ہستی اسکے مردے پن میں "قم باذن اللہ" نہیں کہتی، تاکہ یہ جی اُٹھے۔ یہ دوبارہ اور دوبارہ مسئلہ تناسخ یعنی آواگون کے چکر میں کیوں اُلجھ رہی ہے۔ یہ ہمیشہ کیلئے مکتی حاصل کرنے کیلئے مانوس اقدام کیوں نہیں کرتی؟ اسکے غیر معروف کارکن اور غیر سنجیدہ لیڈر جو ایک مدت سے دہلی تا جموں اور جموں تا دہلی حیران و پریشان جگہ کا طواف کرتے ہیں اور سرکاری امداد سے مرغن، مقوی اور مزین قسم کی غذائیں کھاکر بسر اوقات کرتے ہیں، کیا یہ نہیں جانتے کہ عوام کے 2 تہائی حصے نے نیشنل کانفرنس کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ترک کردیا ہے، کیونکہ یہ لوگ مرحوم شیخ محمد عبداللہ کی طرز پر رائے شماری محاذ جیسا کوئی نیا ادارہ کھڑا کرکے اپنی خرافاتی مانگ سیلف رول کو زندہ کرکے اسے طرب کا پتا بنانا چاہتے ہیں۔ ان کی مانگ کہ 1952-53 کے قبل والے حالات جموں و کشمیر میں بحال کئے جانے کے بعد ہی مجوزہ چناؤں میں شرکت کریں گے۔ ورنہ زیادہ جہلم، چناب اور توی کے دونوں کناروں پر بیٹھ کر اپنی ڈوبتی نیّا کی مغفرت کے لئے دعاگو ہونگے یا پھر سراسیمگی کی حالت میں روتے سر پٹکتے اور بلکتے رہیں گے۔؟

اب ان حالات میں ہندوستان 42 سال پیچھے کیسے جا سکتا ہے کہ جب یہ ہر لحاظ سے ملک میں پیداوار اور دوسری ضروریات کی فراوانی اور صلاحیت کو چار چاند لگا کر تمام دنیا میں ایک عظیم قوت کے طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے۔ اور اسے مستحکم کرتا جا رہا ہے۔ اور یہ اُن چند لوگوں کو، کہ جو اپنی ساکھ مکمل طور پر کھو چکے ہیں، ملک کے سیکولرازم کی قیمت پر خوش کیسے کر سکتا ہے۔ یہ ایک انہونی بات ہے۔ علاقائی پارٹی ہونے کے ناطے اسے یا تو اپنی منہدم دوکان بند کر دینی چاہئے یا اگر یہ زندہ رہنا ہی چاہتی ہے تو کسی قومی پارٹی میں ضم ہو جانا چاہئے پھر اسکے دوبارہ وارے نیارے ہو سکتے ہیں۔

کشمیر کی موجودہ حالت، غارتگری، کشت و خون، افرا تفری، آتش زنی، بلاتکاری کے لئے یہی نیشنل کانفرنس پہلے نمبر پر ذمہ دار ہے۔ اسی کے عہد حکومت میں 1975 سے 1989 تک کشمیر بارودی وادی بن گئی اور جو کچھ کسر باقی رہ گئی تھی اُسے مخلوط سرکار کے عہد میں پورا کیا گیا۔ اس لحاظ سے قومی پارٹی کانگریس آئی دوسرے نمبر پر کشمیر کی تباہی کے لئے ذمہ دار ہے کانگریس آئی اس لئے بچ سکتی ہے کہ اسکی مانگ صرف جمہوری حکومت قائم کرنے کی ہے۔ جبکہ نیشنل کانفرنس کہہ سکتی ہے کہ اسکی مانگ فی الحال صرف ہندوستان ڈوب جائے نیشنل کانفرنس بنی رہے، والی بات ہے۔

دیگر قومی پارٹیوں میں کچھ محب وطن بھی ہیں۔ اور وہ جمہوری نظام حکومت کی تلاش میں ہیں۔ اور ان میں صرف جنتا دل (وی پی سنگھ بنام بوہنی) ایک نامراد پارٹی ہے کہ جسکو عوام ٹھکرانا چاہئے کیونکہ اسکی وجہ سے ملک میں کوئی 950 نوجوان، طلبا و طالبات اپنی زندگیاں منڈل کمیشن کی وجہ سے بینڈل کرکے گئیں۔ اور ان کا ماتم ابھی ہو رہا ہے۔ باقی اللہ اللہ خیر صلا۔ البتہ بی جے پی کچھ کام کر دکھا سکتی ہے، بشرطیکہ اس میں سے لُنڈ منڈ باہر نکال دئے جائیں۔

نیشنل کانفرنس میں بھرتی پاکستان نواز اور کٹر پنتھی لیڈر اُٹھتے ہیں کہ ہندوستان کی سیکولر فورسز نے کشمیری مسلمانوں کو یرغمال بنا کر رکھ دیا ہے۔ ایسی مضحکہ خیز بات لینے پر ان کی زبانوں پر چھالے کیوں نہ پڑے۔

ان نیشنل کانفرنسی بے ضمیروں کو توفیق نہ ہوئی کہ یہ $3\frac{1}{2}$ لاکھ کشمیری پنڈتوں کی تباہی، بے دخلی اور اضطراب پر واویلا کرتے، کانفرنسیں کرتے، رونا روتے اور ان کے مسائل کے حل تلاش کرنے کی کوشش کرتے۔ یہ لوگ اگر ہیں کچھ تو ہیں بنیاد پرستی اور بے لگام کے دلدادہ +

ایسا بھی کہا جاتا ہے کہ نیشنل کانفرنسی صدر مختاری کی ایماء پر اپنی انوکھی اور انہونی مانگ کر رہے ہیں۔ یہ پاکستان اور بنگلہ دیش ایسے کٹر وادی اور بنیاد پرست جماعت اسلامی والے نمبرا اسلامی ممالک ہیں کہ جنہوں نے گھڑی کی سوئیاں پیچھے اور آگے کر دی ہیں۔ اور دنیا کو بتا دیا ہے کہ یہ دونوں برصغیر ہندوستان کے نہ تب کچھ لگتے تھے نہ اب کچھ لگ رہے ہیں۔ یہ مسلم ملک ہیں اور مسلمانوں کا خون پینے کیلئے ہی آزاد اور خود مختار ہیں۔ جبکہ ان کی ترقی کی صلاحیت یہ رہی ہے کہ بیرونی ممالک سے دودھ تا اسلحہ درآمد کیا کرتے ہیں اور دنیا کو اُسکے بدلے میں مختلف ناموں کے زہر برآمد کرتے ہیں۔ اور دونوں ملک اسلام کی پیروی کیا کرتے ہیں

بقیہ از صفحہ نمبر 6 "ادیب نہ ہو کر شاعر"

کہ جنہوں نے نریش کمار شاد کو جموں میں شراب پلا کر اُن کی غیر مطبوعہ بیاض کو ہی اُڑا ڈالا اور آج شاعر ہو کمال شاعر تھے۔ یا شاطر تھے۔ اور ریاست کی بے ڈھب کلچرل اکاڈمی نے ریڈیو والوں کے پہلو بہ پہلو آئین انجام یافتہ بنا ڈالا۔ بقول جناب بسمل ساگری۔ یہ علاقہ ہی نیارا ہے یعنی

جاہل کے سر پہ تاج ہے اہل ہنر خراب

بشارر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بغیر سکورٹی وادی میں داخل ہونے کی مثال قائم کیجئے

حال ہی میں غلام رسول کار نے گورنر جموں و کشمیر کو سرکار کا ایک نمک خوار غلام اور ملازم کہا اور نصیحت کی کہ "آقاؤں کی بات ماننا ہی ہوگی اور مالکوں کی آپ نکتہ چینی نہیں کرسکتے"۔ گورنر مرکزی سرکار کے منتروں کے بارہ میں اپنی اچھی یا بری رائے قائم کرنے میں آزاد ہیں۔ یہ جناب نمبلیں تنخواہ خوار ہیں لیکن آپ کی طرح سرکاری زکاۃ خوار نہیں ہیں۔ مرکزی منسٹر ملک کو اہل الحمد ہیں۔ ان میں بجز ایک دو کے یہ سبھی منسٹر حرص مترادف ہی نکلتے ہیں ان کو آدمیت کی چنداں بھی پرواہ نہیں۔

بتلائیے کس ایک بزرگ مرکزی منسٹر نے ایک بھی بار کشمیری پنڈت بے دخلوں کے مسائل پنڈتوں کی انسانیت کے ناطے حل کرنے کی کوشش کی۔ آپ صاحب یہ لوگ پارلیمنٹ کو گمراہ کرنے میں طاق ہیں۔ سمجھتے ہیں جو کچھ ہم نے پارلیمنٹ میں بیان کیا وہی حرف آخر ہو گیا۔ یہ نہیں جانتے کہ ان کے سروں پر کشمیر سے لیجید ایماندار "مینڈیٹ" قفا کے طور پر آسمانوں پر منڈلاتا رہتا ہے۔ یہ لوگ پارلیمنٹ کو گمراہ کرسکتے ہیں۔ ہم جیسے سنجیدہ ذہنوں کو نہیں یہ آپ کو الیکشن کا جھنجھنا کھلا سکتے ہیں۔ ہم پر کوئی جادو نہیں چلا سکتے۔

جموں و کشمیر میں الیکشن کیا اس مقصد سے کیا جانے والا ہے تاکہ گورنر کے صلاحکار صاحبان گورنر کی سرپرستی اور موجودگی میں ایک منتخب شدہ قائم کی گئی نام نہاد جمہوری سرکار کو "آتنک واد کا ماحول چارج کے روپ میں منتقل کرنا ہوگا اور پھر بغیر مونہہ و دن کانگریسی کشمیری مسلم دہشت گردوں کے گلے میں بانہیں ڈال کر ۱۵ آنہ ۷ آنہ یا ففٹی ففٹی کے آدھار پر بھارتی سرمایہ کو لوٹنا شروع کر دیں اور عوام مجموعی طور پر شیطانوں کے دست نگر بنیں"۔

کار صاحب عقل سلیم سے کام لیجئے۔ اپنے دماغ کے دریچے کھولئے اور پھر جہاد کے بخار میں مبتلا ہو جائیے۔ من ملنے ڈھنگ سے کوئی اقدام کرنا آپ کو، آپ کی پارٹی کو بلکہ آپ کے مرکز کو بھی بہت بھاری پڑ سکتا ہے۔ اور سیٹوں کے پیچھے آنے میں کوئی دیر نہ ہوگی۔

ہم سمجھتے ہیں چونکہ آپ جیسے دوسرے کانگریسی لیڈر لوٹ کا مال گذشتہ سال سے بیٹھ کر کھا رہے کاہل، سست، مضمحل اور کند بنے ہوئے ہیں اور زندگیوں سے تنگ آئے ہوئے لگتے ہیں۔ شاید دہشت گردوں کی گولی سے مرنا چاہتے ہیں تاکہ ریاستی، مرکزی سرکار اور پارٹی سے کوئی دس بیس لاکھ فی کس کے حساب سے وارثوں کو مل جائے، وہ عیش کریں گے اور آپ لوگ قبرستان میں امن کی نیند سو میں گے۔ اگر ہمت ہو تو کبھی مرکزی منسٹر کو بغیر سکورٹی وادی میں داخل ہونے پر مجبور کیجئے۔ ریاستی سرکار کو بیوقوف نہ سمجھئے۔ ویسے یہ بیوقوف ہے ہی لیکن آپ کے کہنے کے مطابق نہیں کیونکہ "آپ کی ساری پارٹی مافیا گروپوں، قاتلوں اور تشدد پسند گروپوں، اسمگلروں اور بلاتکاروں سے بھری پڑی ہے۔ اس پارٹی کو اسکینڈلوں نے کھوکھلا کر رکھا ہے۔ اور اسکی ساکھ کمزور ہو چکی ہے۔

اپنی اور اپنی پارٹی کی خیر چاہتے ہو تو مرکزی لیڈروں! آج ہی کشمیری پنڈتوں کے مسائل حل کروانے میں جنگی سطح پر کاروائی کروائیں اور بعد میں الیکشن کی طرف متوجہ ہوں بین الاقوامی فورموں میں اور بدنام ہونے سے بچا جا سکتا ہے اگر بے دخلوں کی نسبت انسانی رویہ اپنایا جائے۔ اور الیکشن سے پہلے تمام دہشت گرد پارٹیوں کا داخلہ بند اور تحفظ و تکفین کو یقینی بنایا جائے۔

نثار

شفاعت بالکل نہ ہوگی

کیونکہ مسلم دہشت گرد زنانہ نیم زنانہ یا دختران سے کشمیر میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرینگے۔ یہ لوگ اب مختلف بم دھماکوں سے انسانیت کو نیست و نابود کرنے کی شروعات کر چکے ہیں۔ لال چوک اور لولو گراؤنڈ کے درمیان دو طرفہ یہ لوگ ایسے کارنامے کرینگے ہیں۔ شاید اسلحہ کی کھیپ اب آسانی سے مل نہ رہی ہوگی، تبھی بم دھماکوں پر اس نیت سے اتر آئے ہیں تاکہ ایک ایک موقعہ پر درجنوں لوگ موت کا نوالہ بنائے جا سکیں۔ چونکہ ان کے ابتک لوٹ چکے ہزاروں معذز آباؤں، اجداد ناموں جانوں اور بھولے بھالوں سمیت موت کے گھاٹ اتارے جا چکے ہیں اور پست حوصلوں کے کارن بم دھماکہ کرنا ان کو آسان اور سود مند لگتا ہوگا۔

کشمیر میں مسلم آتنک واد کے ذریعے بے گناہ لوگوں کا مارا جانا قرآن شریف کی رو سے انتہائی مجرمانہ حرکت ہے اور اس حرکت کو سرزد کرنے والا قرآن شریف سے انحراف کرنے کا گناہ گار ہوا اور جو مسلمان قرآن شریف کی نفی کرے، یا اسکے احترام سے کنارہ کشی کرے وہ براہ راست داخل بہ جہنم ہوگا، کیونکہ حکم ہی ایسا ہے۔ اور اگر معصوموں کے قتلوں کے اپنے نامۂ اعمال رکھنے کے بعد بھی مسلم دہشت گرد شفیع روز محشر سے شفاعت کی امید رکھتے ہیں تو وہ اور بھی گناہ گار ہو گئے، کیونکہ شفیع روز محشر معصوم لوگوں، بچوں، بوڑھوں، عورتوں اور نوجوانوں کو بلاوجہ قتل کرنے اور مستورات کی عصمت دری کرنے کی پاداش میں سخت ترین سزائیں دیں گے نہ کہ شفاعت فرمائینگے۔ اس کی پیغمبری کشمیری مسلم دہشت گردوں کے لئے وقف نہیں بلکہ آپ تمام جن و انس اور انسان دوست بندوں کی رہبری اور شفاعت کے لئے ہی تشریف فرما ہو چکے ہیں۔

بحیثیت ایک غیر مسلم شفیع روز محشر سے اپنے حق میں شفاعت کی توقع رکھ سکتا ہوں لیکن مسلم دہشت گرد سراسر اس حق سے محروم ہیں۔ میں قرآن حکیم کو عزیز اور مقدس گردانتا ہوں اور مسلم دہشت گرد اس کی قدر نہیں کرتے۔ پھر ان بدبختوں کو حاصل کیا رہا +

نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

علی شاہ گیلانی بلاوجہ حواس باختہ ہوگئے حیرت ہے۔

نومبر ۹۵ میں علی شاہ گیلانی نے کشمیر یونیورسٹی کے عربی لیکچر مولانا عبدالغنی اظہری پر نامعلوم بندوق دھاریوں کے ہری سنگھ ہائی اسٹریٹ سرینگر میں حملہ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اس حرکت کو سرکاری ایجنٹوں اور مسلم دہشت گردوں کی ملی بھگت سے تعبیر کرتے ہوئے مزید کہا کہ شانگس کوکنار (اننت ناگ) میں مولانا عنایت اللہ کا قتل، بٹ زلہ سرینگر کی جامع مسجد کے امام مولوی عبدالحمید اور جماعت اسلامی کے اہلکاروں کے قتل اس موقف کی شہادت کے لیے کافی ہیں۔ علی شاہ گیلانی کی زبان پر دو مولوی اور کچھ جماعتی دہشت گردی چڑھے۔ باقی غائب ہوگیا حقّو ٹھو۔

نام نہاد حریت کانفرنس کے نام نہاد مجاہد عمر فاروق کے والد محترم میر واعظ مولوی محمد فاروق کا اسم گرامی انہیں یاد نہ رہا کہ جن کو انہی کے احباب ذلت دہشت گردوں نے نگین میں قتل کر ڈالا۔ تُف ہے ایسے شخص کو جو فضول کا رونا رو کر اپنی پاک بازی اور مولوی دوستی کا غلط ثبوت دے رہا ہے۔

پروفیسر مشیر الحق ہندوستان بھر میں اعلیٰ پایہ کے عربی اسکالر تھے۔

مولانا محمد سعید مسعودی عربی فارسی کے اعلیٰ اسکالر اور دماغ دار سیاست دان تھے۔

میر واعظ ڈاکٹر قاضی نثار اننت میں ایک اچھے انسان دوست تھے۔

اُستاد محلہ جموں کے امام بم دھماکہ سے بری طرح زخمی ہوگئے مگر بال بال بچ گئے

جناب ولی محمد یتو کو جموں میں دن دہاڑے قتل ہوا

امام نظام الدین گجر پانہ پونہ کوٹ بانڈی پورہ کا قتل ہوا

خدا دوست عبدالمجید بٹ کا مرن میں قتل ہوا

چھتر گل میں عربی اُستاد محمد کمال شیخ کا قتل ہوا۔

نماز ادا کرنے والے اور نماز پڑھکر آنے والے کتنے ہی عابد اور اہل اللہ قتل کئے گئے۔

وچار ناگ سرینگر کے قدیمی مندر کے پجاری پنڈت کیشو ناتھ کا قتل ہوا۔

ضلع بارہمولہ میں بھگوان پرست شری گری کا بیدردی سے قتل کیا گیا (1968)

اعلیٰ فنکار، زبان دان اور ادیب پنڈت سروانند کول پریمی کا قتل ہوا۔

سو سالہ پیتامبر ناتھ پنڈت، پروفیسر این کے کول، پنڈت دینا ناتھ مجبور، پنڈت پریم ناتھ بٹ ایڈووکیٹ اور درگا ناگ مندر کے پجاری پنڈت سوم ناتھ کا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

قتل ہوا - جناب ایچ ایل کھیرا (غیر ریاستی باشندہ) کا قتل کیا گیا - اسی طرح کئی بے گناہ لوگوں کا جو ریاست سے تعلق نہ رکھتے تھے کا قتل کیا گیا - زندہ جلائے گئے -
ناروے کے سیاح کا سر دھڑ سے الگ کیا گیا وغیرہ وغیرہ
ان بلاوجہ قتلوں پر علی شاہ گیلانی کا پتھر دل پسیجا نہیں - آنسو بہانے کی بات تو درکنار دو مولویوں کے پیچھے اپنے ہی حلقہ کے رضاکار دہشت گردوں سے قتل کی سازش کروانے پر ہڑتال مچا کر علی شاہ گیلانی کون سے اپنے عیب کی صفائی پیش کر رہے ہیں - ارے آپ کے لوگوں نے تمام دھرموں کی مقدس کتابوں کو اسلامیہ کالج کی لائبریری کو دو بار آگ لگانے میں خاکستر کر دیں - تب آپ نے زہر ہلاہل کا گھونٹ نہ پیا - اب آپ ان کے لیے واویلا کر رہے ہیں کہ جو آپ کی مضحکہ خیز پالیسی اور بدنیتی کو لبیک نہ کہتے تھے - یہ ہمیں معلوم ہے آپ مانیں یا نہ مانیں
آپ کی بدولت تو ہزاروں بے گناہ، محب وطن اور امن پسند ہندو اور مسلمان بیدردی سے مارے گئے - آپ کی مہر سے سینکڑوں تعلیمی ادارے خاکستر کر دیے گئے - اسی طرح کوئی (ہندوؤں کے) 35 ہزار مکان وغیرہ جلا کر خاک کر دیے گئے - آپ نے اپنے بچوں کو ہند سرکار کے خرچہ پر پیشہ ورانہ اور دوسری تعلیموں سے آراستہ کرنے کے اقدام کیے اور کشمیر کے مسلم نوجوانوں، طلبا و طالبات کو دہشت گردی کی ترغیب دی - آپ نے مسلم دہشت گردوں کا (5) پانچ کروڑ روپیہ ہضم کر دیا جو انہیں دوسرے آتنک وادی اور کٹر وادی مسلم ممالک سے آیا ہوا تھا - لیکن آپ قرآن و سنت سے باخبر ہو کر برملا بے خبری کا مظاہرہ کرتے رہے - آپ نے عمر فاروق کو قربانی کا بکرا بنا کر رکھ دیا - آپ نے وہ اسلام دشمن، رسولؐ دشمن، ملک دشمن، انسانیت دشمن اور امن دشمن کارنامے کروائے ہیں، جن کی معافی کسی بھی قیمت پر یہاں اور وہاں نہیں ہو سکتی -
علی شاہ گیلانی انسانیت کے معیار سے اس قدر گر چکے ہیں کہ مقبول کے لیے بلا کتے رہتے ہیں نیک و بد کی تمیز بھی جاتی رہی، عربی ماسٹروں کے لیے رونا اور عربی اسکالروں کے لیے زبان بندی انہی کا حصہ ہے - کیا گیلانی کشمیر کے مالک ہیں؟ اگر ہیں، تو وہ اپنی مستند مشتہر کریں تاکہ اطمینان کیا جا سکے کہ گیلانی کی پرستش ضروری ہے، کیونکہ وہ ابن خدا ہونے کی سند رکھتے ہیں - وگرنہ آخری عمر میں وہ معجل خواری کے در پے کیوں ہو بیٹھے ہیں -
ہندوستان کا کچھ نہیں بگڑتا، بے شک گیلانی روتے رہیں - ہندوستان اگر کرنے پر آئے تو ایک ہی جھٹکے میں ہزاروں گیلانیوں اور ان کے ہمدردوں کو جیل کر رکھ سکتا ہے سرکار کی نرم روی کا ناجائز فائدہ اٹھا کر ہی وہ ہمیشہ اپنے مقصد میں بے نیل و مرام ہی ہو سکے -
(نشار دہلوی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

فوجی حکومت کشمیر کے لیئے درماں ثابت ہوگی

ریاست جموں و کشمیر میں مرکزی سرکار سوائے دہشت گردوں کی ہمدردی کے اور کسی بات میں رغبت نہیں رکھتی۔ سرکار نے کروڑوں روپیہ مختلف زاویوں سے اکثریتی فرقہ سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو پیش کر کے، آئین ہند کے خلاف اُن کی خوشنودی حاصل کر لی اور بدستور خوشنودی حاصل کر رہی ہے۔ یہاں تک کہ سرکار کی کشمیر میں جو سرکار رہتی ہے وہ مسلم دہشت گردوں کے نرم رویہ کے کارن ہی ہے۔

دوسرے لفظوں میں یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ سرکار نے اسلام کے نام پر قتل و غارت کرنے والوں کے ایمان کاغذی نوٹوں سے خرید کر اُن کو ایمان سے دور اور جہنم کے قریب پہنچا دیا ہے۔ کشمیر کی نسبت سرکار کی ٹھوس پالیسی کوئی نہیں بلکہ اس کا اپنا ایمان بھی متزلزل ہے۔

جمہوری یعنی عوامی حکومت اتنا کچھ کر نہیں سکتی کہ جتنی اُمید گورنری نظام سے کی جا سکتی ہے۔ عوامی سرکار دہشت گردوں کے دامن پر نماز میں پڑھے گی جبکہ گورنری سرکار اس خصلت کو ٹھکراتی رہی ہے۔ عوامی حکومت دہشت گردوں سے رشتے ناطے اسلام کے نام پر جوڑے گی، جیسا کہ ۱۹۹۵ء سے ہوتا چلا آرہا ہے اور اپنی رازداری کی قسم اُٹھانے کے بعد بھی چوراہے پر رکھ دیگی۔

سرکاریں کشمیر میں جتنی بھی ۱۹۴۷ء اگست کے بعد آئیں سربراہی ایک غیر ہندو کے ہاتھ لگی اور چونکہ اسلام کے نام پر یہ لوگ بھی اپنا ایمان فروخت کر بیٹھا اور ملک دشمنوں سے گھل مل ہو جایا کرتے رہے۔ لوٹ کھسوٹ میں اپنی دیش دروہیوں کے ساتھ حصہ داری کرتے رہے اور ملک کی عظمت کی پاسبانی سے "حرام کھانے کے بعد" کتراتے رہے۔

گزشتہ 48 برسوں میں سرکاروں نے نجی مفادات اور لوٹ کو اپنا جزو ایمان بنا کر رکھ دیا اور ترقیاتی اسکیموں کے نام پر کروڑوں روپیہ ہضم کر ڈالا اور یقیناً جس حساب سے روپیہ بہایا گیا اُس حساب سے پیداواری صلاحیت اور ترقیاتی منزلت اور ماحولیاتی عزت حاصل نہ ہو پائی۔

امدادی رقوم کی تقسیم میں 3ج کا گھپلا ہوتا رہا۔ چپڑاسی تک ماروتی وین میں پھرنے لگ گئے۔ ایک معمولی جونیئر انجینئر نے 2 سال کے قلیل عرصہ میں 35 لاکھ روپیہ کی مکانی جائیداد کھڑا کر دی جبکہ ڈیڑھ دو ہزار کی تنخواہ میں یہ ممکن نہ تھا۔ بس اسکیم نسبیہ کاغذ پر ٹھیک دکھلایا گیا۔ روپے دیکر آڈٹ کروایا، جبکہ عمل میں یہ عنقا رہا تھا۔ اس لیئے کشمیر کے لیئے فوجی راج ایک بہترین حل ہے اور سیاسی لیڈروں کو سلاخوں کے پیچھے ڈال کر یہ تجربہ بھی کرنے کی ضرورت ہے۔ (نثار دہلوی)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh,Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کیا جے پور بی جے پی غنڈوں کی راجدھانی ہے۔

دسمبر ۱۹۹۵ء کے آس پاس کی بات ہے کہ جے پور سے لگ بھگ 30 کلومیٹر دور موضع سرولی کے ایک پریوار پر مسلح غنڈوں نے دن دہاڑے حملہ کرکے لڑکیوں اور عورتوں کو الف ننگا کرکے بُری طرح زدوکوب کیا، یہاں تک بیمار کی اور بچوں تک کو بھی نہ بخشا گیا، مردوں کا حال تو بُرا ہی ہوا۔

سوائی مان سنگھ ہسپتال والوں نے پولیس کے کہنے پر ان زخمیوں کے ساتھ بُرا سلوک کیا اور ہسپتال سے خارج کر دیا۔

چیف منسٹر نے اُن کی داستانِ الم سُننے کے لئے وقت نہ دیا، بلکہ کسی تھرڈ کلاس ملازم کو ان کی روئیداد سننے کو کہا، کہ جس نے اُنہیں غنڈوں کے خلاف کارروائی کا یقین دلا کر ٹرخا دیا۔ اوّل تو مقامی پولیس نے ابتدائی رپورٹ درج کرنے میں لیت و لعل کیا، کیونکہ بتایا جاتا ہے کہ وہ غنڈے پولیس کے کماؤ پُوت ہیں۔

اگر چیف منسٹر راجستھان کی بیٹی، بیوی، بہو یا بہن کو ننگا کرکے زدوکوب کیا جاتا، تو اُن کا کیا حال بن گیا ہوتا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے اس نامراد چیف منسٹر کی عقل کیا گھاس چرنے گئی تھی اور غالباً اُسی کارن اُنہوں نے دُکھی پریوار کی کوئی بات خود نہ سُنی اور نہ کوئی خبر ہی لی۔ حالانکہ انہی لوگوں کے ووٹوں سے اُن کی پارٹی کامیابی کی منزل تک پہنچ گئی تھی۔

بی جے پی کا کردار ہر ایک سمت میں گھٹیا ہی دیکھا جا رہا ہے اور دن بدن یہ معیار سے گرتا ہی جا رہا ہے۔ گجرات کے چیف منسٹر کیشو بھائی پٹیل چیف منسٹری سے الگ کیے جانے تاہم ایکا ایک سول ہسپتال اور بعد میں مدراس ہسپتال کے مہمان ہو گئے۔ اگر یہ کھلے دل اور پکا ایمان رکھتے ہوتے اور پارٹی کے ایماندار کارکن ہوتے، تو دل نہ ہار بیٹھتے۔

اُسی طرح نام نہاد تلگو دیشم کے ایکٹر این ٹی راما راؤ چیف منسٹری سے الگ ہوتے ہوتے اپنی کم عمر اہلیہ محترمہ لکشمی پاروتی کے کاندھے پر سوار ہو کر ہسپتال کی زینت بن بیٹھے۔ عیاں ہے کہ لیڈر لوٹ کھسوٹ کو ہی اپنا دھرم سمجھتے رہے ہیں، اسی لئے اُن کو دردِ دل لگ جایا کرتا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

ایک اور عظیم محبِ وطن رخصت ہوا

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں و کشمیر کے ایک عظیم مایہ ناز سپوت، ایک بہترین شہردار، ایک اعلیٰ روحانی فطرتی شخصیت ایک سوشل سماجک اور دھارمک شخصیت، ایک غریب الوطن غریب پرور ہستی، ایک خدا دوست اور محسن، ایک باتدبر انسان، ایک اعلیٰ اصلاحکار، ایک عظیم محبِ وطن ایک تواریخی شخصیت اور کانگریس آئی کے جنرل سیکریٹری و ترجمان شری ایس شرما کے والد بزرگوار **شری دیو راج شرما** نے ۱۶ر جنوری کو اپنے گاؤں "گانیا" تحصیل نوشہرہ ضلع راجوری میں اپنے تمام لواحقین، پسماندگان ہمدرداں، بہی خواہان، دوستاں و بہی خواہان کو داغِ مفارقت دے کر اس دنیا سے رخصت فرما گئے۔

آپ ایک ایسی شخصیت تھے کہ جس پر انسانیت ناز کرتی تھی اور اب بھی بلکہ آئندہ بھی فخر کرتی رہے گی۔ آپ کے اخلاقِ حمیدہ سے کوئی بھی شخص غیر مانوس نہ تھا۔ آپ کا دلِ پُر درد انسانیت کی بقا کے لئے ہمیشہ وقف رہتا تھا۔ آپ ایک اعلیٰ اسکولر کریکٹر کے مالک تھے۔ آپ غریبوں اور پسماندہ طبقوں کے لوگوں کے ساتھ دلی ہمدردی رکھتے تھے۔ آپ کا اخلاقِ حمیدہ آج بھی زبان زدِ عام ہے۔ آپ کا ہمدردانہ، مشفقانہ، محبتانہ اور بزرگانہ و صلاحکارانہ دل سب کے لئے برائے شفقت و مروت پیش پیش رہا جس کے باعث آپ کی ہر دلعزیزی کوئی بھلا نہ پا سکے گا، آپ ایک تواریخ تھے، جس کا آخری باب اب مکمل ہو گیا وہ تواریخ جو انسانی کارناموں سے مزین تھی اور کل تک نیکیوں کو پڑھنے دیکھنے کو ملتی رہی۔

آج شری دیو راج شرما نام کا کوئی شخص زندہ نہ ہو گا لیکن آپ ابدالآباد تک زندہ رہیں گے اور فخر و احترام سے یاد کئے جاتے رہیں گے۔

ادارہ کشیپ وانی جموں مرحوم کی سدگتی کے لئے جیاں بھگوان سے پرارتھنا کرتا ہے وہاں سوگوار پریوار کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار بھی کرتا ہے۔

مورخہ ۱۶ر جنوری ۱۹۹۶ء

بی این نشار ایڈیٹر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

پاکستانی اور کشمیری مسلم عورتوں کی عصمت دریاں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جون ۱۹۹۵ میں پاکستان کے ایک اخبار کے مطابق پاکستان بھر میں ۱۲۴۹۲ جوان عورتوں کی عصمت دری کی گئی - ان میں ۲۷۹۲ کیس پولیس کی نوٹس میں لائے گئے، جن میں سے ۲۴۶۱ کیسوں کا فیصلہ کیا گیا اور یکطرفہ طور پر تمام تر مظلوم عورتوں کو سزا سے ہم کنار کیا گیا، لیکن زناکاروں کو بری الذمہ قرار دیا گیا کیونکہ مظلومین کوئی شہادت پیش نہ کر سکیں - ایسے ہی غیر منصفانہ فیصلوں کے مدِ نظر ۱۳۴۰ واقعات میں ملوث مظلومین قید و صعوبت کی منتظر بیٹھی ہوئی ہیں - باقی ماندہ مظلوم عورتوں نے پاکستانی اسلامی قانون کے خوف سے خون کے گھونٹ پی ہی ڈالے اور اپنی قسمت کا پاکستانی قانون اور وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کو آنسوؤں بھر کوستے رہنے پر مجبور ہو گئیں۔

مزید برآں تک بھگ آٹھ ہزار کشمیری مسلم جوان عورتوں اور دلالیات کی پاکستان بھر میں گذشتہ دو سالوں میں خریداری کی گئی - بیچنے والے کشمیری دہشت گرد اور خرید کرنے والے پاکستانی رئیس زادوں کے وارے نیارے ہوئے - کوئی ۵۱۵ لڑکیوں کو کلبوں، کوٹھوں اور قہوہ خانوں کی زینت بنایا گیا - ان تمام عورتوں کو کشمیری مسلم دہشت گرد دو طرفہ رضامندی سے یا بندوق کی نوک پر یا جبر سے یا پھر اسلام کا واسطہ دے کر ۱۹ مختلف موقعوں پر پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں پہنچانے میں کامیاب ہوئے تھے اور وہاں پر ان کا سودا کیا گیا اور کوئی ۵۰۰ کے قریب تخریبی اور جنگی تربیت میں لگادی گئیں۔

پاکستان میں عورتوں کے ساتھ بلاتکار کئے جانے پر عورت کو ہی سزاوار ٹھہرایا جاتا ہے، کیونکہ وہ موقعہ کی شہادت پیش کرنے سے عاری ہوتی ہیں - اس انوکھی روایت، اس حیوانی دستور، غیر آئینی انصاف اور جنگلی قانون نے جہاں انسانیت کے ماتھے پر دھبّہ لگا رکھا ہے، وہاں ایسے اسلامی قانون نے شرفاء کی زندگی دو بھر کر کے رکھدی ہے۔ اور یہی ایک حرکت انسانی حقوق کی عظیم پامالی ہے، جسکی تمام دنیا کو مذمت کرنی چاہیئے - (کتیب وانی مارچ ۹۶)

پاکستانی اخبار کا نام ہے "کام" لاہور

سرخیاں

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مرکزی سرکار کے دل و دماغ ڈانوا ڈول ہونے نے
عوام کی زندگی حرام کرکے رکھدی۔

سرکار کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے مثبت رول
ادا کرنے سے گریزاں کیوں؟

کشمیر میں چناؤ کرانا اگر غلط نہیں تو ٹھیک بھی نہیں۔
بدامنی میں چناؤ معنی خیز نہیں۔

ہیں حل کئے گئے کشمیری پنڈتوں کے جلتے مسائل بیان بازیوں سے
کبھی بھی حل نہیں ہو سکتے

سرکار کا غارتگروں کے ساتھ نرم گوشہ رکھنا سرکار کی کم ظرفی کی دلیل ہے۔

ریاستی سرکار اپنی کرتوتوں سے جموں میں بے چینی کا احساس جگا رہی ہے

ہڑتالیں کروانے تک سرکار چپ سادھے بیٹھی رہتی ہے اور مسئلوں کو طول ملتا ہے۔

امن و قانون کو برہم کرنے کے لئے سرکار ہر قدم پر خود ہی ذمہ دار ہے

اگر ایگریکلچر یونیورسٹی کے قیام کا مطالبہ کوئی غارتگرانہ مظاہرہ نہیں۔

طالب علموں کا نصابی سال برباد ہونے دینا۔ سرکار کی کھلہ عزائمات
اُترنے کے برابر فعل ناشائستہ۔

کشمیری پنڈتوں کو تسلیم شدہ مراعات نہ دینے سے سرکار اُن کے
نزلے سے کسی صورت بچ نہیں سکتی!

مارچ ۱۹۹۰ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

حقیقت سے منہ موڑنا کوئی اچھی بات نہیں ۔

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سات سال ہو چکے کہ کشمیر سے ہندوؤں کو وہاں کی مسلم دہشت گردی نے زبردستی نکال کر باہر کر دیا ۔ اور یہ 3 لاکھ ہندو کشمیر سے باہر کئی علاقوں اور پردیسوں میں بکھر گئے بیشتر ان میں جموں میں ہیں ۔ جبکہ دوسرا نمبر دہلی میں ہے ۔ یہ لوگ پنجاب سے پونا اور مدراس و حیدرآباد تک پھیل کر رہ گئے ۔ بلکہ بنگلور اور کلکتہ میں بھی دیکھے جاتے ہیں ۔

جموں میں یہ بے دخل کئے گئے محبانِ وطن کسمپرسی کے عالم میں جی رہے ہیں ۔

شری اشوک کمار چیف سیکریٹری کی آمد سے پہلے سرکاری مشینری ان کی طرف نہ خاص توجہ کرتی تھی نہ ان کے مسائل کے بارہ میں کوئی مثبت اقدام اٹھاتی تھی ۔

کہا جاتا ہے کہ سرکاری اہلکار اگر ان ستم رسیدوں کی مدد کو کھل کر سامنے آئیں گے تو وہ مسلم دہشت گردوں کی ہٹ لسٹ میں شامل کئے جائیں گے ۔ دوسری وجہ یہ سننے کو ملتی ہے کہ گورنر سرکار کو مرکزی سرکار سے جو اشارے ملتے رہے ہیں وہ تھے کہ دہشت گردوں کی ہر قیمت پر خوشنودی حاصل ہونی چاہئے ، بھلے ہی یہ 3 لاکھ ہندوؤں کو گھل گھل کر موت کے سفر کو جانا پڑے ۔

خیمہ نشین ان ہندوستان نواز کشمیری پنڈتوں کی حالت زار اگر کوئی غیر ریاستی وی آئی پی دیکھ لیتا تھا تو وہ اپنا دل مار کر بیٹھ جایا کرتا تھا لیکن اپنوں کے سینے پر جوں تک نہیں رینگتی تھی ۔ ان کے علاوہ اپنا اثاثہ اور اندوختہ لٹ جانے کے بعد جو بے دخل شدہ کشمیری پنڈت کرایہ کے مکانوں ، دوکانوں ، اصطبلوں ، گیراجوں میں رہ رہے ہیں ، ان کی درگت بھی کچھ کم نہیں ۔ چند مالی سکوں کے عوض اپنی بڑی بڑی رقمیں کرایہ کے طور پر ادا کرنا پڑتی ہیں اور یہ مالی بوجھ ان کی کمر بھی توڑ کر رکھ گیا ہے ۔

وہ لوگ جن کے پاس تین چار اور پانچ منزلہ پختہ ٹین پوش مکان رہنے کو ہوا کرتے تھے ، اب انہی کو خیموں اور اصطبلوں میں رہنے کے لئے مجبور ہونا پڑا ، کتنا تکلیف دہ منظر ہے ۔ انسانی دل رکھنے والے ان کی بدحالی کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں ، لیکن اقتدار میں موجود انسان ان کی حالت سے ذرا بھی متاثر نہیں ہوا کرتے ۔

(بقیہ پشت پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آ گئے ہیں ان اداروں میں خیموں کی ایک دو کمرے والے سیٹ مہیا کرنے سے ان کی ہولناک درجہ تک بگڑی ہوئی حالت سنورنے کو آسکتی ہے۔ کرایہ داروں کے لئے کرایہ الاؤنس مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔ کشمیری پنڈت سبھا امپھلا جموں اور گیتا بھون جموں میں جو کشمیری پنڈت گذشتہ 6-7 برسوں سے رہ رہے ہیں اور دونوں دھارمک عوامی اداروں کے لئے اب باعث پریشانی بنے ہوئے ہیں کو فی الفور وہاں سے نکال کر کہیں کیمپوں میں پہنچانے کی ضرورت ہے اور ان کے لئے سرکار کو چاہئے کہ وہ ایک دو کمرے والے مناسب سیٹ فوری طور تعمیر کروا کر انہیں الاٹ کرے کیونکہ ان لوگوں کی موجودگی سے عوام کو زبردست تکلیفوں کا سامنا ہے، اداروں کو مالی بحران کا زبردست سامنا ہے۔ اور چند لوگوں کے بدلے سینکڑوں لوگوں کے لئے پریشان کن مسئلہ سامنے کھڑا ہو چکا ہے۔ اس کا صحیح حل سامنے آئے۔

شری اشوک کمار چیف سیکریٹری گو انسانی دل کے مالک ہیں اور چاہتے ہیں کہ ایسے دکھی لوگوں کی ہر لحاظ سے امداد میسر ہو، ان کے مسائل کے حل ڈھونڈ نکالے جائیں ان کی ضروریات زندگی پوری ہوں۔ لیکن ان کے ماتحت جو بھی اعلیٰ اہلکاران ہیں وہ غالباً اس قسم کا دل نہیں رکھتے کہ دوسرں کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھ کر کوئی مثبت اقدام اٹھائیں۔

حقیقت جو ہے، وہ ہے، دیکھنے میں سبھی کچھ آتا ہے، پس سرکار کے ذمہ داران کو اس حقیقت سے نہ آنکھ چرانی چاہئے، نہ منہ ہی موڑنا چاہئے شرافت، انسانیت اور آدمیت کا قول ہے۔

کہ "حاجت مندوں کی حاجت روا ہو۔ انکی ضروریات کا خاص خیال رکھا جائے، ان کو کوئی تکلیف نہ ہو، ان کے بچوں کی تعلیم رخنہ انداز نہ ہو، ان کے بیکار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی ہو۔ تجارت پیشوں کو بلا سود قرضے میسر ہوں، ملازموں کے مسائل جنگی سطح پر حل ہوں، پنشن کیسوں کا فوری نپٹارا ہو اور روٹی کپڑا اور مکان ان تینوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے (دیشار)

کشپ وانی مارچ ۹۶ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) امبھپلا جموں کی جنرل کونسل کی سراہنی کاوشیں

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آئینِ سبھا میں مناسب ترامیم کیں

卐

۳۱ جنوری ۱۹۹۶ء کو کشمیری پنڈت سبھا جموں کے احاطہ میں جاتی کی جنرل کونسل کا ایک غیر معمولی اجلاس زیر صدارت شری ایم. این کھوسہ منعقد کیا گیا۔ ممبرانِ کونسل کے بیچوں بیچ سبھا نے ایک اہم ترین کام سرانجام دیکر حاضرین سے داد و تحسین حاصل کیے۔ اجلاس میں کانسٹی ٹیوشن کمیٹی کے کنوینر پروفیسر اے. این سادھو اور اُن کے شرکا کے لیے بھاؤ پورن الفاظ میں اظہارِ تحسین ادا کیا گیا۔ اُنہیں بہت بہت مبارکباد دی گئی جو اُنہوں نے مروجہ آئینِ سبھا میں کچھ کمیاں بیشیاں، تبدیلیاں، تنسیخات اور اضافیت پیش کیں۔ جن کی نسبت ہر مرحلہ پر زوردار تعمیری بحث کے بعد بارہ (۱۲) صورتوں میں سے دو (۲) صورتوں کو آئین سے خارج کر دیا۔

* "ایک یہ کہ سبھا کی مجلسِ عاملہ (ایگزیکیٹو کمیٹی) میں (۶) چھ ممبر ووٹ کے ذریعے منتخب کئے جائیں گے جبکہ کل تعداد اکیس (۲۱) ہوگی۔"
* "دوسرے یہ کہ صدر کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ سناتن دھرم کا اُپاسک ہو وغیرہ"

••• اِسی ضمن میں یہ بات اِس لئے ختم کی گئی کہ سبھا کا آئین جن بنیادوں پر چودہ (۱۶) سال قبل مرتب کیا گیا ہے وہ بنیادیں ہلائی نہیں جا سکتیں، البتہ کچھ معمولی سی تبدیلی وقت کے تقاضوں کے تحت کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ بات کو اسم ضمیر جان کر ختم کیا گیا۔

* دفعات ۱۰، ۱۵ اور ۱۶ کو مکمل طور پر کالعدم قرار دیا گیا، کیونکہ ان کا ذکر کسی نہ کسی صورت میں کم و بیش دوسری دفعات میں پہلے ہی آچکا تھا یعنی موجود تھا۔

** جنرل باڈی کے لئے ممبران کی فیس تجویز کردہ پچاس (۵۰) کے بدلے چالیس (۴۰) روپیہ منظور کی گئی اور دیگر تجاویز من و عین پاس کی گئیں، منظور کی گئیں اور تالیوں کی گونج میں تسلیم کی گئیں۔

*• یہ بھی طے پایا کہ حسابی سال (مالی سال) جنوری تا دسمبر ہی مقرر کیا جانا چاہئیے، کیونکہ کلنڈر سال، مالی سال (اپریل تا مارچ) کی نسبت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ اور یہ سبھا کی ایگزیکیٹو کمیٹی (مجلسِ عاملہ) کو حساب کتاب مکمل کرنے کے لئے نئے چناؤ کی عمل آوری تک اچھا خاصہ وقت میسر کریگا۔

(باقی پُشت پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

* جنرل کونسل کے ممبران کی تعداد ایک سو کی بجائے ایک سو دس کر دی گئی۔
* ایڈوائزری کونسل کو ختم کر دیا گیا اور آئین میں جہاں جہاں ایڈوائزری کونسل لکھا گیا ہو اُسے بدل کر ہر ایسی جگہ جنرل کونسل کر دیا جائے گا۔ جس کی منظوری سر اجلاس دیدی گئی۔
*** آخیر میں جنرل کونسل نے اس بات کی بیک رائے منظوری دیدی کہ آئین سبھا بمعہ متذکرہ صدر ترامیم و تنسیخات اضافیتی جو بھی کی گئی کے ساتھ آج مورخہ 13 جنوری ۱۹۹۶ء سے لاگو متصور ہوگا۔۔۔ اس طرح سبھا کی موجودہ مجلس عاملہ یعنی انتظامیہ کمیٹی کو پورے تین (3) سال تک کام کرنے کے لیے پابند کیا گیا۔

* "اجلاس میں جموں کے ہر ایک محلہ سے تعلق رکھنے والے نامزد ممبران کونسل نے شرکت کر کے آج کا مہا یگیہ انتہائی صبر و تحمل اور اچھے خاصے ماحول کو قائم رکھ کر تکمیل پذیر کیا اس کے لیے وہ سبھی اصحاب مبارکباد کے پاتر ہیں" یہ تھے وہ الفاظ جو شری کے ۔ ایل ٹھوسہ صدر سبھا و صدر اجلاس نے بیان کیے۔

• پروفیسر سادھو نے جنرل کونسل کے ہر ایک فرد کا شکریہ ادا کیا کہ "اُنہوں نے اُن کی محنتوں کو سراہا اور اُن کی جانب سے آئین کے لیے پیش اور تجویز کی گئی ترامیم وغیرہ کو منظور کیا۔"

• شری کے ۔ ایل ۔ رپشن سابق صدر سبھا نے پروفیسر سادھو کی کاوشوں اور محنتوں کو سراہتے ہوئے اُن کو اپنی اور سبھا کی جانب سے برادری کی جانب سے اور ممبرانِ جنرل کونسل کی جانب سے مبارکباد دی اور شکریہ ادا کیا۔

• اُسکے بعد ممبران کی چاء پانی سے تواضع کی گئی اور پھر اجلاس برخاست کیا گیا۔

•• بتایا جاتا تھا کہ اس غیر معمولی اجلاس کی مثبت کاروائی میں سبھا کے سابق اوّل نائب صدر شری بی ۔ این بھان نثار دلوی چھائے رہے۔

نامہ نگار ۔ کشپ وانی فروری ۱۹۹۶ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

بی جے پی کی سیاست کو جھٹکا لگ گیا ہے۔

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پنجاب میں پاکستان نواز سکھ دہشت گردوں نے پورے ۱۴ سال تمام پنجاب بلکہ تمام ملک کے عوام کی نیندیں حرام کر کے رکھ دیں، کاروباری لوگوں کو قریب قریب ختم کر کے رکھ دیا۔ 52:48 کے تناسب میں ہو کر اُن سکھ دہشت گردوں نے اس قدر مظالم توڑے کہ ہندوؤں کو پنجاب سے نکلنا پڑا اور وہ ہریانہ، ہماچل اور دہلی وغیرہ میں پھیل گئے۔ حتیٰ کہ جموں میں بھی کچھ لوگ آ چکے تھے۔ ان میں ہندوؤں کی بڑی تعداد کے علاوہ کچھ امن پسند سکھ لوگ بھی شامل تھے۔ سکھ دہشت گردوں نے وہ وہ حیوانی کارنامے کئے کہ زمین و آسمان لرز اُٹھے تھے۔ اور اُنہی کی وجہ سے سکھ فرقہ تمام دنیا میں مشکوک سمجھا جانے لگا اور دوسرے عوام ان کو جو بے گناہ تھے لائق اعتبار نہ سمجھا کرتے رہے بلکہ اُن کا ہر قدم پر دہشت گرد ہونے کی انگشت نمائی ہوا کرتی رہی۔ جو سلسلہ کماحقہ آج بھی چل رہا ہے۔

ان ۱۴ برسوں میں بی جے پی آٹھوں پہر سکھ دہشت گردی کی مذمت کرتی رہی۔ امن پسندوں کے لئے رونا روتی رہی۔ قتل و غارت اور کشت و خون کے خلاف آوازیں اُٹھایا کرتی رہی لیکن جب ۹۹ فیصد امن بحال کیا گیا تو آنجہانی بے انت سنگھ چیف منسٹر کی دبی زبان میں تعریفیں بھی کرنی شروع ہو گئی۔ لیکن اب جبکہ پارلیمنٹ کے چناؤ سر پر آ پہنچے ہیں، بی جے پی اپنی اکالیوں کی جن میں دہشت گرد تنظیموں کے اراکین شامل ہیں یا جو سکھ دہشت گردی میں ملوث تھے اور نام نہاد خالصتان کی مانگ کرتے رہے یا دہشت گردوں کا ہر لحاظ سے سپورٹ کرتے رہے کی آؤ بھگت کر کے اُن کے سامنے گھٹنے ٹیک کر لڑائی کے بجائے لڑائی کا خاتمہ کروانے والی بات کرنے لگی ہے۔ اور چناؤ گٹھ جوڑ کے لئے ادھر اُدھر اُس کے ممبران اور عہدیداران سر مار رہے ہیں، کس قدر دکھ کی بات ہے، کس قدر ابن الوقتی کی کھلی دلیل ہے اور کس قدر اپنے موقف سے ہٹنے والی بات ہے۔ اور کس قدر احمقانہ کھیل اور گھٹیا پن ہے۔

چونکہ بھارتیہ جنتا پارٹی کو حوالہ کانڈ چبانے لگ گیا ہے اور اس لئے یہ اپنی مرحومیت اور محرومیت دونوں سے باہر آ کر اپنی نئی زندگی کا آغاز اور مستقبل کی شہنشاہیت اور حکومت کی حصولی کے درپے ہو چکی ہے۔ بھلے ہی اس پارٹی کی شبیہہ دہشت گرد سمرتھک ہی کیوں نہ کہلائے۔

کون جانتا ہے کہ اکالی دلوں کا ماضی کس قدر گھناؤنا رہ چکا ہے اور یہ آن کی آن میں وطن دوست اور غیر پاکستان نواز کیسے ہو گئے۔ کیا یہ لوگ وقتی طور پر حکومت پر قابض ہونے کے بعد کوئی غلط گل نہ کھلائیں گے۔ آنندپور صاحب والا قضیہ دوبارہ نہ چھیڑیں گے۔ یہ ایک بڑا سوال ہے۔ بی جے پی کے جواب کے لئے جو اسے ہر طور دینا ہوگا (کشپ وانی مارچ ۹۶)

ٹھیک ہے یکساں سول کوڈ نہیں ۔۔۔ لیکن

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یہ بات کہ مسلم پرسنل لاء انسان کا بنایا ہوا نہیں ہے، بلکہ اس کا بنانے والا وہ ہے، جس نے زمین و آسمان بنائے۔ گویا یہ لاء اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ کیونکہ وہی زمین و آسمان کا بنانے والا ہے۔ اور مالک بھی ہے۔ اسی اللہ تعالیٰ نے انسان اور دوسری مخلوقات بھی بنائیں۔ یہ بھی درست ہے۔ بلکہ یہ بھی ٹھیک ہے کہ مسلم پرسنل لاء ماننے والے ہی مسلمان ہیں اور جو نہ مانیں وہ غیر مسلم ہونگے اور اسلام کے دائرہ سے باہر ہوں گے۔

ابنِ زبیدہ بمبئی والا نے دھمکی دی ہے کہ یکساں سول کوڈ لاگو کرنے والے بھیانک انجام سے بھی دوچار ہوں گے۔ آپ کہتے ہیں کہ مسلم پرسنل لاء انسان اور دوسری مخلوقات اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں اور اگر اللہ تعالیٰ نے انسان بنائے ہیں تو کیا انہوں نے ہی مسلم پرسنل لاء ماننے والوں کو ہدایت کی ہے کہ :-

"ملک کے خلاف بغاوت کرو، غداری کرو، کشمیر میں دہشت گردی کا ننگا ناچ کرو، ساڑھے تین لاکھ کشمیری پنڈتوں کو بیدخل کر کے گھر بدر کرو، عورتوں اور لڑکیوں کی آبرو ریزی کرو، ڈاکے ڈالو، آتش زنی کی وارداتیں کرو وغیرہ وغیرہ"

اگر اللہ تعالیٰ نے ہی ایسا کرنے کی مسلم پرسنل لاء ماننے والوں کو ہدایت کی ہے تو ہم ایسے اللہ سے ناطہ رکھنے کے بارہ میں دوبارہ سوچ میں جا سکتے ہیں۔

کیا ابنِ زبیدہ نے کبھی کشمیری مسلم دہشت گردوں کو اسلام اور قرآن کی رُو سے فہمائش کی، تنبیہہ کی کہ اسلام کے اصولوں اور قرآن شریف کی ہدایات اور اللہ کی رضا سے روگردانی نہ کرو۔ اگر آپ کی زبان خدا کی مخلوق اور انسانیت کے حق کے خلاف نہیں کھلتی تو ہم آپ کے متذکرہ موقف کو کیا سمجھ سکتے ہیں مان سکتے ہیں۔

نثار دہلوی

کنٹپ وائی فروری ۱۹۹۷ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

حوالہ کانڈ اور جموں وکشمیر

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حوالہ کانڈ میں نیشنل لیول کی پارٹیوں کے لیڈر ملوث ہوئے بتائے گئے۔ تو چندرا سوامی والے اسکینڈلوں میں سرکار اور بیوروکریٹ بھی ملوث پائے گئے۔ بمبئی بم کانڈ میں بڑے بڑے بین الاقوامی اسمگلر اور درندے ملوث بتائے گئے۔ جن کی پکڑ بھی ہوئی اور نہیں بھی ہوئی۔

بھارت میں درجنوں اسکینڈلوں نے ہر کسی کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے یہ ٹھیک ہے منظر عام پر رفتہ رفتہ یہ اسکینڈل آ رہے ہیں۔ ریل میں فراڈ کا میل ڈاکوؤں کا لالو پرساد کے گھر میں آگھس، بہار میں اربوں کی نہاری کھائی گئی۔ افسران تا احمقان سبھی ملوث بتلائے گئے۔ گرفتارِ بلا ہونے والے ہو رہے ہیں رو رہے ہیں اور غبن والی رقومات پر سو رہے ہیں۔ کیا لالو پرساد یادو ان بہاری اسکینڈلوں میں شامل ہیں؟ شریک ہیں، حصہ دار ہیں؟

آنجہانی ایکٹر راما راؤ نے الیکشن جیتنے کے لئے دو روپیہ چاول کا اسکینڈل کیا۔ آندھرا کے لوگوں کا ایمان خرید کر کے سمندر برد کر دیا۔ ایک رانڈ سے رنڈوے یعنی ایک بیوہ کے ساتھ ایک بیوہ زن نے عمر کا لحاظ نہ کر کے شادی خانہ آبادی کو تکمیل تک پہونچایا، غرضیکہ یہ سبھی چال چلن کا ایک معروف اسکینڈل ہے۔

ایک جوان عورت ایک عمر رسیدہ شخص سے کسی لالچ کے پیچھے شادی رچائے اور اپنی ٹھرک پوری کرے اور پھر ملکیت پر حاوی ہونے کی کوشش کرے کہ لنکا ڈھے گئی اور خصم کی زندگی دونوں صورتوں میں بہہ گئی۔ آندھرا کے غیر مسلم اتنے کم ظرف نکلے کہ مرحوم این ٹی راما راؤ کو بھگوان کہتے تھے۔

ٹی وی کی زد میں لالو پرساد یادو کے بائیں ہاتھ کو سر بازار چومنے والی ملکشمی پاروتی کو آپ کیا کہینگے۔ غیر مرد کو چھونا کتنا برا ہوا۔ یہ بھی ایک بازاری اور بے حیائی کا اسکینڈل ہوا۔ کانڈ ہوا۔

لیکن صاحب آپ دیکھئے کہ کیا جموں وکشمیر میں سرکاری، نیم سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر اس قسم کا کوئی اسکینڈل یا گھوٹالا یا کانڈ گو چھوٹے پیمانے پر ہی سہی، ہوا ہے کہ نہیں؟

(الٹیئے پشت پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

یہاں جموں و کشمیر کے [illegible] ۱۹۷۵ء سے اتنے
گھوٹالے اور اسکینڈل ہوئے کہ لکھنے کے لئے ایک ہزار رِم کاغذ درکار ہوگا۔
پہلا اسکینڈل شیخ محمد عبداللہ کو اقتدار میں لانے کا، دوسرا نیشنل کانفرنس کا
حکومت پر قابض ہو جانا (3) مسلم فرقہ پرستی اور کٹر واد کی آبیاری (4) ہندو
ناموں سے منسوب جگہوں کا نام تبدیل کر کے اسلامیت بخشنا (5) محکمہ
مال کے ریکارڈ میں تمام کشمیر کو اوقاف کی ملکیت بتانے کے مسلسل جتن (6)
خاندانی سرکار کی سنگ بنیاد ڈال دینا۔ (7) کنبہ پروری، اقربا پروری اور
حکومتی نشہ (8) کشمیر میں مسلم دہشت گردی کا پس پردہ تولّد (9)
اننت ناگ میں ہندوؤں پر مظالم (10) آتنک واد کا کھل کر کھیل کھیلنے کی شروعات
(11) مسلم جوانوں کو سرکار کے ایما پر مقبوضہ کشمیر میں تخریبی اداکاری سیکھنا
(12) ہندوؤں کے قتلوں کی شروعات (13) ہندو جائیدادوں کی لوٹ و آتش زنی
(14) کشمیری ہندوؤں کا انخلاء (15) چیف منسٹر فاروق کی مع عیال بیرون ملک میں
روانگی (16) ۱۹۵۳ء سے پہلے والے حالات کی بحالی کی مانگ (17) ۱۹۷۵
سے ۱۹۹۵ تک کئی کروڑ روپیوں کا بیجا اسراف (18) پی ڈبلیو ڈی و محکمہ مال
میں سرکاری رقوم کی خطرناک حد تک خرد برد (19) جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹی
و ہاؤسنگ بورڈ میں پلاٹ بندی اور الاٹ منٹ میں زبردست
ہیرا پھیری کی سہرا بندھی (20) جموں میونسپلٹی کے تعمیراتی شعبہ و بجلی شعبہ
کے خرد برد اسکینڈل اور مسلسل دھاندلیاں اور (21) جموں ڈیولپمنٹ
اتھارٹی کی وہ کارستانی کہ جس کے تحت سرکاری زمینوں پر ناجائز طور پر
قبضہ کرنے والوں کے ساتھ بغلگیری۔ اور آخیر میں کشمیر وادی میں
۱۹۷۵ سے ۱۹۹۰ تک پاکستان سے اسلحہ گولی بارود اور جنگی سامان
کی رازداری کے عالم میں درآمد۔

مرکزی سرکار کو چاہیئے کہ وہ جموں کشمیر سے نسبت رکھنے والے
تمام تر اسکینڈلوں کی سی بی آئی کے ذریعے چھان بین کرا کر جموں و کشمیر میں
ہوئے حوالہ نما کانڈوں کی تصدیق کرے یا پشت پناہی کرے۔ اور تمام باتیں
طشت از بام کر کے عوام کے سامنے رکھے اور درپردگی سے مطلقاً کام نہ لے۔

۳/۹۶ نثار

سرینگر میں چھپنے والے اخبارات کی کرامات

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سرینگر میں چھپنے والے اخبارات میں من گھڑت اور لغو خبریں آئے دن دیکھنے کو ملتی ہیں ان اخبارات میں دہشت گرد نواز، ماتم در ماتم، سوگ، الم، غم، تجہیز و تکفین و نمازِ جنازہ کے علاوہ کئی اور بہتان تراشیاں درج ہوتی ہیں۔ ان میں اکثر و بیشتر سکورٹی فورسز کی جانب سے ہوئی مبینہ بلاتکاریوں کو طول دیکر بکس میں، بلاک میں موٹے موٹے حاشیوں کے ساتھ درج دیکھا جاتا ہے۔ بے بنیاد اور بے سروپا خبریں درج کرکے یہ اخبار نویس اپنا لوہا منوانے کی بے حد کوشش بھی کیا کرتے ہیں۔ ان اخباروں میں نام نہاد انسانی حقوق کی پامالیاں بھی درج دیکھی جاتی ہیں۔ ان اخباروں کا حاشیہ بختِ مُفلس کی سیاہی کے آگے مات ہے۔ ورق گردانی کے وحشت ناموں کا کالا ہو جانا یقینی ہوتا ہے۔

ان اخباروں کی آمدن کا انحصار جہاں ایک طرف انہی من گھڑت خبروں اور اشتہاروں سے ہوا کرتا ہے وہاں دوسری جانب انہی اخباروں کی مالی معاونت سرکاری اشتہارات کی فراہمی سے ہوا کرتی ہے۔ پس لکھا گیا اور پایا گیا۔

۱۹۹۵ء میں ان اخباروں میں بہت کچھ نامناسب اور لغو چھاپا گیا۔ اسی سال میں عصمت دریوں کے کوئی 87 معاملے سامنے آئے، جن کو سکورٹی فورسز کا کارنامہ بتایا گیا تھا۔ 76 معاملوں کو انسانی حقوق سے متعلق قائم کردہ کمیشن اور دوسرے سرکاری اداروں نے من گھڑت، غلط اور لغو کہا اور گیارہ (11) معاملوں میں تحقیقات چل رہی ہے۔

اخبار والے سکورٹی فورسز پر آئے دن الزامات لگایا کرتے ہیں لیکن وہ یہ نہیں جانتے، کہ دور یا نزدیک کوئی اور مُسلّمہ اخبار نویس یا اسکا کوئی مُخبر رپورٹر ایسے وقوعات کی پوری جانکاری رکھتے ہیں اور ہم صرف اسوقت دسمبر ۱۹۹۵ء اور جنوری ۱۹۹۶ء میں ہوئے ایسے تاریخ وار دہشت گردانہ بلاتکاری واقعات کی تفصیل جاری کرتے ہیں اور ان میں سے کسی ایک کے بارہ میں بھی کسی کشمیری اخبار نے کوئی ذکر تک نہ چھیڑا کیونکہ یہ بلاتکاری واقعات اہلِ اسلام نے کئے ہیں۔ ہم توقع کریں گے کہ سرینگر کے اخبار جرنلزم کے معیار کو اسقدر نہ گرائیں یہ ایک پاک پیشہ ہے۔ اسکی بےحرمتی نہیں ہونی چاہیئے۔ بلکہ صداقت سے کام لیکر اصلی صحیح اور مطالب کی باتیں عوام کے سامنے رکھیں۔ (باقی پشت پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اُن اخباروں کا ایسی غلط ڈولی کو ڈالنے سے تعلقات خراب ہونے کا موجودہ
روّیہ ہے نہ سرکار کا کچھ بگڑے گا اور نہ اخبار والوں کو کچھ حاصل ہو سکے گا۔
بلکہ شہاب بٹ جیسا عمل اُن کے ساتھ بھی بحکم تعالیٰ رچایا جا سکتا ہے۔
کیونکہ جھوٹ کے پیر نہیں ہوا کرتے اور مکر بھی اور غلط پراپیگنڈہ کی سزا
سخت ترین ہی ہوا کرتی ہے۔

30.11/2.12 1995	مس ڈولی (24)	اجتماعی بلاتکار اور قتل	پلوامہ
5.12.95	مس گلشن آرا (19)	صرف بلاتکار	سولنہ
13.12.95	مس معروفہ (21)	" "	بانگل باغ
	مس شہزادہ (28)	" "	کولہ گام
20.12.95	مسماۃ لکچھمی (31)	" "	بُدرہ گیر
21.12.95	مس زرینہ (21)	" "	غنتہ حال
26.12.95	مس حلیمہ (33)	" "	ہندواڑہ
27.12.95	مس شائستہ (26)	" "	گھانگھن
30.12.95	مس پروین (29)	اجتماعی بلاتکار	سرائے بالا (SISTERS)
	مس زبیدہ (26)	" "	سرینگر
31.12.95	مس ہمینہ (21)	" "	وڑوون (SISTERS)
	مس امینہ (19)	" "	پلوامہ
2.1.96	مس فہمیدہ (26)	صرف بلاتکار	سکہ ڈافر
7.1.96	مس محبوبہ لالائی (21)	" "	اخراج پورہ
19.1.96	مسماۃ خورشی بیگم (45)	" "	ڈال ڈگر
22.1.96	مسماۃ محمدی بی بی (40)	" "	بانڈی پورہ
26.1.96	مس نصرت جہاں (29)	" "	نواکدل
31.1.96	مس محبوبہ برنگر (16)	" "	نوہٹہ

یاد رہے کہ مسلم دہشت گردوں، کشمیریوں، افغانوں و
پاکستانیوں وغیرہ نے کشمیر میں آخیر جنوری سنہ 96ء تک 16,261 عورتوں
اور لڑکیوں کے ساتھ بلاتکار کیا، جن میں 347 کو بلاتکار کے بعد قتل کیا گیا
اور 15,914 کو آبروریزی کے بعد زندگی بھر روتے رہنے کے لیے چھوڑا گیا۔

ہنگار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

مسلم منتران کی فرقہ پرستی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جعفر شریف اور غلام نبی آزاد نے مرکزی سرکار کی کیبنٹ میں رہ کر ہمیشہ ہی پس پردہ وہ وہ کام کئے کہ جن کو اسم عام میں بنیاد پرستی اور مسلم کٹر واد کی آبیاری کہتے ہیں۔ جعفر شریف نے کئی ایک مسلم دہشت گردوں اور اُن کے حواریوں کو ریلوے میں مختلف زمرہ کے عہدوں پر فائز کر دیا۔ حالانکہ یہ سبھی دوسروں کے مقابلہ میں کم تعلیم یافتہ تھے۔ بنگلور میں کشمیری مسلمانوں کی کالونی قائم کی جس میں زیادہ تر ملک دشمن عناصر ہی سکونت پذیر ہیں اور سرکاری نوکریوں سے اُنہیں بھی سرفراز کیا جسکی پول کھلنے پر اُنہیں یعنی جعفر شریف کو منسٹری سے ہاتھ دھونا پڑا اور چونکہ اُنہوں نے کئی جلسوں میں مسلم نوازی اور بنیاد پرستی کے حق میں بیانات بھی دیدئے تھے، اسلئے بھی اُن پر نزلہ گرنا یقینی تھا۔

اسی طرح غلام نبی آزاد نے کوئی وقت نہ کھویا اور وہ کشمیری مسلم دہشت گردوں کی بہ اندازِ دیگر آبیاری کرتے رہے۔ اور جہاں پر اہم منسٹر مسلم نوازی کے لئے شہرت رکھتے ہیں اُسی طرح غلام نبی آزاد نے مسلم فرقہ کے لئے 80 کروڑ عوام کے سروں پر تھوپا ہوا قرض یک طرف رکھکر یا پھر اُس میں اضافہ کرنے کی نیت سے اب حج پر جانے والوں کے لئے ۵۰ کروڑ روپیہ کی سبسڈی کی فراہمی کی گھوشنا کر دی۔

سرکاری خرچہ پر حج کی یاترا کرنا کیا اسلام کی رُو سے جائز ہے؟ کیونکہ یہ حج پر جانے والوں کی کوئی خود پیدا کردہ نیک کمائی نہیں کہ جس کو خرچ کر کے وہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کریں۔ اور اسلام ایسے امدادی پیسہ سے حج کرنے کو حرام کہہ دیتا ہے۔ اور تلقین کرتا ہے کہ ایسا کوئی بھی عمل نہ ہو جو زیارت بیت اللہ کی اہمیت کی نفی کرتا ہو۔ پس کسی نظام اسلام کی رُو سے غلام نبی آزاد ہندوستان کا سرمایہ بیدردی کے ساتھ ضائع کرنے پر تُلا ہوا ہے۔ غلام نبی آزاد کا کردار بھی اسی طرح گھٹیا ہے اور یہ صاحب بھی فطرتاً ایک مسلم نواز آدمی نکلا۔ اسکا کوئی سیکولر چلن نہیں، اگر کچھ اسکے پاس ہے تو وہ ہے مسلمانوں کی خوشنودی حاصل کرنا چونکہ غلام نبی آزاد فطرتاً کانگریس آئی کا ایک مسلم پٹھو ہے اور ووٹ بنک کی تما حقہ کا رنگ بھی ہے، اسلئے وزیر اعظم اور کانگریس آئی کے صدر سر دست اسکے پر نہیں کاٹنے والے ہیں، حالانکہ ایسے ہی لوگ کانگریس آئی کی لٹیا ڈبو کر رکھ سکتے ہیں۔ اسی خیال سے کوئی کانگریسی متفق ہو کہ نہ ہو ہمیں کیا۔ (کشپ وانی مارچ ۹۶ء)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

لاہور کے اخبار حقیقت کا انکشاف

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

گذشتہ دسمبر ۱۹۹۵ء کے ایک شمارہ میں پاکستانی اخبار "حقیقت" نے اپنے ایک کالم میں ذکر چھیڑا ہے کہ قائدِ اعظم آنجہانی مسٹر محمد علی جناح کا اصلی نام سورج پرکاش بھاٹیہ تھا۔ اور ۱۹۱۱ء میں اُنہوں نے تبدیلیٔ مذہب کرکے ڈاکٹر سر محمد اقبال سے بشرفِ اسلام ہونے کا شرف حاصل کر لیا تھا، جنہوں نے ان کا نام محمد علی تجویز کیا تھا۔ لیکن اخبار مذکور نے سورج پرکاش بھاٹیہ کے والد کا نام نہ لکھ کر اس مضمون کی صحت کی تصدیق نہ کی ہے۔ البتہ ایک بات ضرور ہے کہ محمد علی جناح عربی لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ اُنہوں نے کبھی دو زانو ہو کر بارگاہِ الٰہی میں نماز ادا نہ کی اور اُردو بھی نہ بولنے کے برابر بولی۔ اُسکے خاندان پر کسی انگریز غازی کی خشک اور تر مُہر لگی ہوئی تھی۔ چنانچہ تبدیلیٔ مذہب کرنے والے ہمیشہ ہی بنیاد پرستی اور کٹر واد کے غلام ہو جایا کرتے رہے ہیں۔ انہی کٹروں سے محمد علی جناح نے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن کی مانگ کی۔

حالانکہ بعد میں وہ ہاتھ ملنے پر مجبور ہو گئے "کہ پاکستان بنا کر میں نے ایک زبردست بھول کی، کیونکہ "یہ" تمام ایشیا کے لیے ایک ناسور ثابت ہوگا" چنانچہ انہی کلمات کی وجہ سے اُنہیں قتل کر دیا گیا تھا، جس کا اعلان سرکاری طور پر تین دن کے بعد کیا گیا اور پاکستان میں صفِ ماتم بچھ گئی جو تب سے اب تک بچھی ہوئی ہی رہی کیونکہ پاکستان میں اُن کے بعد اسلامی جمہوریہ پاکستان بھی چوہدری محمد علی کے بعد قائم کیا گیا، جس میں وہی سکندر مرزا ایوب خان، یحییٰ خان اور ضیا جالندھری کے فرسودہ طرزِ عمل کو اپنایا گیا، جس کی سربراہی محترمہ بے نظیر بھٹو بنتِ آنجہانی ذوالفقار علی بھٹو کر رہی ہیں۔

آج کا حال ریڈیو اور ٹی وی پر آپ دیکھ سُن لیا کرتے ہیں۔ موجودہ طرزِ نظام وہی گھٹیا فطرت، وہی اصلی اسلام کے بجائے اسلامی قوانین کا نفاذ، وہی خانہ جنگی، وہی فوجداری، وہی سیاسی داؤ پیچ، وہی بدکاری، وہی شراب خوری وہی عصمت دریوں کا چکر، وہی انسانی حقوق کی پائمالی، وہی زور و جبر وہی پولیس اور رینجر راج، وہی قتل و غارت اور پھر کٹر واد، بنیاد پرستی غارتگری اور مُلّا ازم کے دور دورہ سے بھرپور ہے۔ جس کی آبیاری کر رہی ہیں محترمہ بے نظیر بھٹو وزیرِ اعظم پاکستان

(یاد رہے اخبار حقیقت کی کوئی حقیقت نہیں۔ محمد علی جناح کے بارہ میں اس نے غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ محترمہ آنجہانی مس فاطمہ جناح محمد علی جناح کی بڑی بہن تھیں اور اُن کے بارہ میں ذکر لکھا جاتا تو سمجھا جا سکتا تھا کہ بات ٹھیک ہے۔)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

جموں ڈویژن کے لئے اگریکلچر یونیورسٹی کا قیام ازبس ضروری ہے۔

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ایک طویل عرصہ سے شیر کشمیر اگری کلچر یونیورسٹی کی جموں برانچ کے اُستاد اور طالب علم ہڑتال پر چلے گئے ہیں - ان میں نان ٹیچنگ اسٹاف بھی شامل ہے۔ غرضیکہ یونیورسٹی کی اس اکائی میں تالابندی جیسا ماحول ہے۔ ان لوگوں کی مانگ ہے کہ جموں میں الگ اگریکلچر یونیورسٹی کا قیام ہونا چاہئے - ان کا مطالبہ جائز ہے، حق بجانب ہے اور مبنی بر صداقت ہے۔ ویسے بھی جموں میں ایسی یونیورسٹی کا ہونا انتہائی ضروری ہے، پیداواری صلاحیتوں کے لحاظ سے جموں ڈویژن ایک مناسب اور موافق زون ہے۔ اور یہاں تک جبکہ سارا سال اگری کلچر، ہارٹی کلچر، فلوری کلچر اور سلبری کلچر وغیرہ کے متعلق موسمی سازگاری میسر رہتی ہے، اسکے علاوہ انمل ہسبنڈری اور شیپ ہسبنڈری کے بڑھاوے کے لئے موافق ماحول اور فضا میسر ہیں - جموں میں اگرو انڈسٹریز ڈیولپمنٹ کارپوریشن نہایت تیز رفتاری سے مصروف کار ہے۔

جموں میں بارہ مہینے طرح طرح اناجوں، میووں اور سبزیوں وغیرہ کے لئے سارا واتاورن موافق ہے اور خوشگوار اور معتدل بھی جبکہ کشمیر میں ۶ مہینے سے زیادہ عرصہ برف باری اور بارشوں کی نذر ہوا کرتا ہے۔ اور باقی عرصہ کچھ معمولی گرمی اور کچھ موسمی اُتار چڑھاؤ اور طوفانی مدوجزر کی نذر ہوتا ہے۔ غرضیکہ کشمیر میں اتنا بڑا اگریکلچر سے متعلق دائرہ نہیں ہے کہ جتنا جموں میں دستیاب ہے۔ جموں میں کشمیر کی نسبت جنگلات اور جنگلات کے کام کاج وافر تعداد میں موجود ہیں میسر ہیں۔ اور کشمیر اس معاملہ میں پیچھے ہی ہے - جموں میں ریسرچ کے کام اچھے پیمانے پر ہو سکتے ہیں - اگر ریاست میں الگ ایک دو دوسری یونیورسٹیاں ہیں

(باقی دوسری طرف)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

تو جموں میں دوسری ایگریکلچر یونیورسٹی خود مختار طور پر قائم کیوں نہیں کی جاتی۔ جموں و کشمیر میں محکموں کے انگرائنگ اللہ نا ظہیم (ڈائریکٹر) مقرر کیے گئے ہیں تو ایگریکلچر یونیورسٹی کے بارے میں ایسا کیوں نہیں ہو سکتا۔ جان بوجھ کر جموں کے طالب علموں کا تعلیمی سال ضائع کرنے کے لیے سرکار طرح طرح کے ہتھکنڈے اپنانے سے خود ہی نقصان میں رہ سکتی ہے، زیر بار ہو سکتی ہے۔

نئے داخلے سرد پڑے ہوئے ہیں، کیونکہ یونیورسٹی کا جموں میں قائم کیا ہوا موجودہ ڈھانچہ صحیح بات سمجھنے سے قاصر ہی لگتا ہے، وہ وہی کچھ چاہتا ہے، کرتا ہے کہ جو اُسے کشمیر میں بیٹھے ہوئے بیدرد آقا بولتے ہیں کرنے کو اور کہنے کو۔ مکمل بندی کی نوبت بھی آ گئی، سرکار ٹس سے مس نہ ہوئی اس سے پہلے کہ حالات کوئی غیر مناسب کروٹ لیں، سرکار کو اس بارہ میں کوئی مثبت اقدام کرنے چاہئیں۔

ٹیچنگ سٹاف میں مبینہ طور پر ۹۶ فیصد کشمیری لوگ بھرتی کیے گئے ہیں، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایگریکلچر یونیورسٹی کی بجائے کوئی اسلامی درسگاہ ہے۔ اس طرح کے کئی اُلٹے سیدھے اعداد و شمار ہیں جو گورنر کے نوٹس میں بھی ہیں لیکن وہ چانسلر ہو کر کن باتوں کے پیش نظر جموں والوں کے مطالبہ کو عملی جامہ پہنانے سے عاری ہوئے ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

چرار شریف میں ہجروں کے لیے ۲۰ کروڑ دیے جا سکتے ہیں لیکن جموں والوں کی جائز مانگ کو نہیں مان سکتے، یہ کیا راز ہے! کیا یہ بھی ووٹ بنک سے تعلق رکھنے والا مسئلہ ہے؟ نہیں! نہیں! ہرگز نہیں۔ یہ ایک جائز مسئلہ ہے، جس کا جائز اور موافق حل نکالا جانا مطلوب ہے۔ نثار

(دکشپ وانی مارچ ۹۶)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

قبریں کھودنا اور مُردے دفنانا جموں کی ترقیاتی اسکیمیں

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں شہر میں ہر ہفتہ بلکہ ہر روز تقریباً ہر علاقہ میں سَو سَو گز لمبی قبریں کھودی جارہی ہیں اور اِن قبروں کو کھودنے والے کشمیری مزدور پیشہ لوگ ہیں۔ ایک تخمینہ کے مطابق جموں تحصیل کے گرد و نواح اور بیچوں بیچ کوئی چودہ ہزار کشمیری مسلم مزدور مختلف نوعیت کی اسکیموں میں یومیہ اُجرت پر کھدائی کا کام کر رہے ہیں۔

قبریں کھود کر ان میں مُردے دفنائے جارہے ہیں اور اُن پر اینٹیں اور مٹی اسطرح ڈالی جارہی ہے یا ڈالی جاتی ہے کہ مُردے قیامت تک سر نہ اُٹھا سکیں، لیکن اگلے ہی روز قبریں اُکھاڑی جارہی ہیں/جاتی ہیں اور نئے مُردے دفنائے جارہے ہیں جو محکمہ ٹیلی کمیونکیشن یا محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو رشتہ میں کچھ لگتے ہیں۔ بچارے مُردے تنگ گلیوں میں بھی دفنائے جاتے ہیں، بھلے ہی زندہ لوگوں کا گزران مشکل ہوتا ہو۔

کہتے ہیں گڑھے مُردے اُکھاڑ کر دوبارہ دفنائے جانے کے پیچھے ہر دو متذکرہ بالا محکموں کو مارچ کے آخیر تک بجٹ کا روپیہ ضائع کر کے کوئی مقررہ نشانہ پا لینے کی بات ہی ہے۔ بے شک عوام کا سرمایہ بیدردی سے ضائع کیا جارہا ہو۔ ریاستی سرکار کی دھاندلیوں اور بندسرکاری کی بدعنوانیوں کی لمبی چوڑی تفصیل ہے اور ان تمام گوٹالوں کی ذمہ داری کسی پر ڈالنے کی ضرورت ہے۔

کشپ وانی مارچ ۹۷

حقیقت کے آئینہ میں حقیقت

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ایک عرصہ سے کشیر فائل دیکھنا ہمارا مقدر بنا ہوا ہے۔ اس فائل میں مختلف نوعیت کے مضمون چھیڑے جاتے ہیں، مختلف موضوعات کو پیش کیا جاتا ہے۔ جو بھی کچھ کشیر اور "مرحوم" کشیریت کے ساتھ وابستہ تھا اور ہے اُسکو ٹی وی پر درشایا جاکر مناظرہ کرنے والوں کو حظ سے دوچار کیا جاتا رہا ہے۔

بھولی بسری کہانیوں، واقعات، حادثات اور لمحات کو جلا بخش کر اُن کو نئے پن کے ساتھ اور نئی جلد میں وقار و تمانیت کے ساتھ ہمارے بنیادی کلچر، ہماری بنیادی تہذیب، ہمارے بنیادی تمدن اور ہمارے چلن اور (بھولے ہوئے) بزرگان دھرم کے دیے ہوئے ورثہ کو پیش کر کے اُن میں نئی روح پھونکدی جاتی ہے اور بہت سارے دل برداشتہ لوگ نئی زندگی کو پالینے کا شرف حاصل کر لیتے ہیں۔

کشیر فائل امتیاز ما و تُو کی حامل ہیں، قائل ہیں۔ بلا امتیاز مذہب و ملت سبھی واقعات پر صدق دلی اور ایمانداری کے ساتھ روشنی ڈالی جاتی ہے۔ کیا منادر کیا مساجد کیا گرجے اور کیا گوردوارے سبھی کو ایک ہی سمت میں رکھکر ایک ہی لڑی میں پرویا جاتا ہے۔

جموں و کشیر کے موجودہ دور ناقص دور ناشائستہ اور غیر مطمئن ماحول پر طرح طرح سے سیر حاصل تبصرہ کیا جاتا ہے اور عوام کو حقیقت سے روشناس کیا جاتا ہے۔

اسلئے ویتھ نیلی ویژن بہ سرِبراہی ارون کول پروڈکشنز ڈھیر ساری مبارک باد اور خراج تحسین کا مستحق ہے۔

کشیر فائل کے ترتیب دہندگان اور "مس جسلین کے وو ہرہ" کے لئے ہماری دُعائے نیم شبی وقف ہے:

بی این بھان نثار دہلوی
17.2.1996

ایڈیٹر تہذیب وانی جموں
288 بکرم نگر (بہہ منزلہ) سروال چوک جموں
180005

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

ضیاالحق کے مروجہ اسلام کی زیادتی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حکومت و مسلمانان پاکستان افغانستان یا غستان درون ہندوستان گذشتہ 15 سال سے آئی ایس آئی کے ایجنڈا الوں کے ذریعے گڑبڑ کا ماحول پیدا کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ ابتدا میں سکھوں کو ورغلا کر انہوں نے پنجاب کو اپنا نشانہ بنایا تاکہ ہندوستان کو توڑ کر نام نہاد خالصتان کا وجود عمل آور ہو۔ اس لئے چودہ سال تک انکی سرگرمی جاری رہی۔ اور ہزاروں ہنستے لوگوں کو لقمۂ اجل بنایا گیا۔ اربوں کھربوں کی املاک تباہ کردی گئی۔ خدا خدا کر کے پنجاب اس دہشت گردانہ ماحول سے نکل کر سلامتی کی سرحد پر آہی گیا، لیکن اس حقیقت سے بہت بہت پہلے پاکستان کے جاہل حکمرانوں نے آمر ضیاالحق کی سرپرستی میں کشمیر میں جماعت اسلامی کے منشور کے تحت دہشت گردانہ، غارتگرانہ، فرقہ پرستانہ اور بنیاد پرستانہ ماحول کھڑا کیا جس کے نتیجہ میں ابتک جموں و کشمیر میں ہزاروں ہندو، سکھ اور مسلمان مرد و زن اور خورد و کلاں ابدی نیند سلائے گئے۔

ہندوؤں کے کوئی 30 ہزار مکان وغیرہ خاکستر کر دئے گئے، تباہ کر دئے گئے اور لوٹ لئے گئے۔ غیر مسلموں کی زمینوں پر ناجائز قبضے کئے گئے، مندروں کی املاک کو اوقاف کی ملکیت بنا کر رکھ دیا۔ 152 مندروں کو مکمل یا جزوی طور پر جلایا گیا۔ 66 دھرم شالاؤں کو نقصان پہنچایا گیا۔ 49 مندروں کو جزوی نقصان سے دوچار کیا گیا۔ مورتیاں چرائی گئیں اور 33 مندروں کی حد درجہ بے حرمتی کی گئی۔ اسکے علاوہ 24 مساجد کو جلایا گیا یا لوٹ لیا گیا اور 18 مساجد کی بے حرمتی کی گئی۔ ساڑھے تین لاکھ کشمیری ہندوؤں کو کشمیر سے بیدخل کیا گیا جبکہ ضلع ڈوڈہ سے کوئی 8700 ہندو جموں، اودھم پور وغیرہ میں منتقل ہو گئے۔ (لشتہ پر)

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

نام نہاد اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مروجہ اسلام کی خدمت کن کن

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

طریقوں سے کی گئی، اُس کا چرچا اوپر کیا گیا۔ اگر پاکستانی اسلام کا منشا انسانیت کا خاتمہ کرنا ہے، بے گناہوں کا قتل کرنا ہے، مستورات کا اغوا اور اُن کے ساتھ اجتماعی بلاتکار کرنا، غیر مسلموں کی جائدادوں کو لوٹنا اور جلانا مقصود ہے۔ مندروں اور مسجدوں کو جلانا۔ لوٹنا یا بے حرمتی کرنا واجب ہے اور دوسرے مُلکوں کے امن وچین کو درہم برہم کرنا ہی ہے تو اِس اِسلام کو تسلیم کرنے سے امن پسند ہندو اور مسلمان عاری ہیں۔ کیونکہ ایسی خوبیوں والا اسلام یعنی پاکستانی اِسلام آنحضرت جناب محمدِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم کردہ اسلام کے برعکس ہے پاکستانی اسلام اِنسان اور اِنسانیت کا خاتمہ چاہتا ہے جبکہ آنحضرت صلعم کا اسلام مساوات اور رواداری کا درس دیتا ہے۔

کچھ کشمیری مسلمان پاکستانی اسلام کے نام نہاد، کہنہ، فرسودہ اور متروک جہاد کے حامی ہوئے ہیں اور غلط اسلام کی وفاداری میں ہزاروں کی تعداد میں واصل بہ جہنم ہو رہے ہیں۔ آخیر میں اس کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ "کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا" اور جب کشمیری دہشت گردوں اور کٹر وادیوں کی سمجھ میں یہ بات آئے گی اور وہ بھی مکمل طور پر کہ "پاکستان نے اِنہیں اپنے نجی سفادات کے لئے کٹھ پتلی بنا کر صدیوں کے لئے خراب کر کے رکھدیا اور مشکوک بنا کر چھوڑ دیا، تب تک کوئی تین لاکھ انسانی جانیں تلف ہو چکی ہونگی اور وہ بھی کشمیری ہندوؤں، مسلمانوں، اور سکھوں کی اور وہ پیشن گوئی درست ثابت ہوگی، جو کشمیر کے ایک بزرگ ترین خدا دوست درویش نے کشمیر میں کر رکھی ہے۔

اسلئے اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کے لئے مسلم دہشت گردوں کو اپنے خاتمہ کا انتظار کرنا ہوگا۔

نثار

کشپ، وانی

اپریل ۱۹۹۶ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

ہند سرکار کی بے ترتیب کارگزاری کے کارن کشمیری ہجرت تباہ ہو کر رہ گئے

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اس میں کوئی شک نہیں کہ مرکزی سرکار کی بے ترتیب کارگزاری کے کارن ہی کشمیری ہندو تباہ حالی کی لرزہ خیز داستان بن کر رہ گئے۔ سرکاری دوروپیہ پالیسی نے اچھے خاصے طرزِ عمل پر کاری ضرب لگا کر رکھدی ہے۔ ان بے دخلوں کا پھر بساؤ یا باز آباد کاری کے اہم ترین مسئلے میں مثبت دلچسپی نہ لیکر ان لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہی ہو رہا ہے۔ سرکار چاہتی ہے کہ یہ لوگ واپس کشمیر میں اپنے گھروں کو چلے جائیں، کب جائیں اور کہاں جائیں کدھر جائیں، کن مکانوں میں چلے جائیں، ان باتوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔

ماحول کی سازگاری ... امن و قانون کی مکمل بحالی ... آئین ہند کی بالادستی ... عسکریت گری، اغوا اور بنیاد پرستی کا مکمل خاتمہ، ایسے مسائل ہیں کہ جن کو پہلے یقینی بنانے کی ضرورت ہے اور پھر حالات کا جائزہ لینے کے بعد ہی واپسی کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

لیکن سردست سرکار ان ستم رسیدوں کے لئے ٹھوس بنیادوں پر کارروائی کرنے سے گریزاں نظر آتی ہے۔ جب تک یہ لوگ واپس اپنے گھروں کو جانے کے لئے ہر لحاظ سے عزت و آبرو کے ساتھ تیار کئے جائیں گے، تب تک ان کو زندہ رکھنے کی ضرورت بھی تو ہے۔ لیکن سرکار ایسا نہیں سمجھتی۔

سرکار کے آئے دن کے آشواسن اور یقین دہانیوں کو عملی صورت میں دیکھنے کے لئے آنکھیں ترستی رہتی ہیں لیکن سرکار کو ترس نہیں آتا۔ ہند سرکار کے اکابرین کچھ اور کہتے ہیں، سوچتے کچھ الگ ہی ہیں اور کرتے کچھ اور ہی ہیں۔ ان کے سوچ و فکر، فکر و عمل اور عمل و عقل میں یکسانیت کہیں بھی نظر نہیں آتی۔

ایسے میں ہوگا کیا؟ اس کے بارہ میں سوچنے کے لئے گھوٹالوں میں ملوث منسٹران اور اہلکاران کے پاس وقت میسر نہیں۔ کیونکہ یہ اپنی ڈوبتی نیا کو بچانے کی فکر میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اور یہ بھارت کا اسلامی کرن کرانے کے لئے آنے والے چناؤں کی کامیابی کا دن رات خواب دیکھنے میں لگے ہوئے ہیں۔ اتنے میں معاشرے کا ایک اہم ترین محبِ وطن حصہ کالعدم ہونے کی طرف بڑھتا ہی رہے گا۔ اور بھارت کے غیور اور باشعور عوام سب کچھ دیکھتے ہوئے ان دیکھی کر رہے ہیں جو سوچ و سمجھ کا ایک تکلیف دہ حصہ ہے۔ KM 4/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری پنڈتوں نے ثقافتی وتمدنی ورثہ عالباً تیاگ دیا۔

غضب خدا کا کہ وہ جاتی جو ہمیشہ ہی دیا دھرم، کریا کرم اور حیا شرم کی پابند رہا کرتی تھی، کشمیر سے مسلم دہشت گردوں کی زیادتیوں کی بدولت نکل جانے کے بعد جہاں اپنی عزت آبرو ناموس اور بقا کو کافی حد تک بچانے میں کامیاب رہی وہاں یہ اپنے ثقافتی، تہذیبی۔ تمدنی اور دھارمک ورثہ کو بہت حد تک تلانجلی دیکر رہ گئی۔ اس جاتی کے ارکان نے اپنے دھارمک طور طریقوں، پرمپراؤں اور ریتی رواجوں بشمول اپنے مروجہ ملبوسات کو یکسر ترک کرکے رکھدیا۔

شادی بیاہ، یگنیوپویت پر غلط طریقہ کار اپنانے لگے ہیں، گوشت خوری کو ترجیح دے رہے ہیں۔ دن کی بجائے رات کو لگن رچایا کرتے ہیں، بے تحاشہ خوردنی اشیاء کا استعمال کیا کرتے ہیں۔ اناج کی بے قدری کرتے ہیں۔ دولت کو بے جا ضرورتوں پر صرف کیا کرتے ہیں۔ بزرگوں کے وضع کئے ہوئے اچھے اچھے طور طریقوں سے غافل ہوتے جارہے ہیں۔ وقت کی نبض دیکھنے سے عاری ہوتے جارہے ہیں۔

بدنام زمانہ جماعت اسلامی کے رکن جیسے بن کر داڑھیاں رکھ رہے ہیں۔ کہیں چگی داڑھی، کہیں کھٹ ملاتی داڑھی اور کہیں بلگانین طرز کی داڑھی دیکھی جا رہی ہے۔ ان بد ذوقیوں اور خرافات سے ان کے خوبرو چہرے اشروں کے چہرے جیسے لگ رہے ہیں۔

قمیض شلوار کو اپنا لباس بنا کر افغان درندوں اور پاکستانی بے ضمیروں جیسے لگ رہے ہیں اور یہ لوگ ہر طرح اپنا تمسخر اڑا رہے ہیں اور عوام کی نظروں میں گرتے جارہے ہیں۔ کبھی بکھی میں ایسے لباس والے کو دیکھکر گمان ہوتا ہے کہ ہمیں ہنٹ کرنے کے لئے کوئی اشر آیا ہوا ہے اور دل ڈوبنے لگتا ہے۔

بہتر ہوگا کہ پنڈت جاتی سبھی فالتو باتیں ترک کرکے اپنی اصلی لائن پر آئیں تاکہ اس جاتی کی بقا اور قلندری بنی رہے۔ فضول خرچیوں سے بچایا ہوا دھن غریب جاتی افراد میں تقسیم کریں کہ اصلی دھرم ہوگا

K.O.W 4/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مرکزی سرکار کے دل و دماغ ڈانوا ڈول ہونے نے عوام کی زندگی حرام کر کے رکھدی

سرکار کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے مثبت رول ادا کرنے سے گریزاں کیوں؟

کشمیر میں چناؤ کرانا اگر غلط ہیں تو ٹھیک بھی ہیں۔ بدامنی میں چناؤ معنی خیز ہیں!

یہ حقیقت ہے کہ کشمیر جیسے نازک مسائل بیان بازیوں سے کبھی بھی حل نہیں ہو سکتے!

سرکار کا غدار نگروں کے لئے نرم گوشہ رکھنا سرکار کی کم ظرفی کی دلیل ہے!

ریاستی سرکار اپنی کرتوتوں سے جموں میں بے چینی کا احساس جگا رہی ہے

ایجی ٹیشن [illegible] اور مسئلوں کو حل ملتا ہے۔ !!!

امن و قانون کو برہم کرنے کے لئے سرکار ہر قدم پر خود ہی ذمہ وار ہے۔

اگر ایگریکلچر یونیورسٹی کے قیام کا مطالبہ کوئی غدارانہ مظاہرہ نہیں

طالبعلموں کا تعلیمی سال برباد ہو دینا سرکار کی غلطی اٹھانے کے برابر فعل ناشائستہ

کشمیری پنڈتوں کو تسلیم شدہ مراعات نہ دینے سے سرکار اُن کے نزلے سے کسی صورت بچ نہیں سکتی!

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

؎ مجھے اب مرنے جینے سے نہیں ہے واسطہ ہمدم
بصد سامانِ رسوائی سرِ بازار می رقصم

پاکستانی وزیر اعظم بے نظیر بھٹو اب اس قدر اپنی کرتوتوں سے دل برداشتہ ہو چکی ہیں کہ وہ متذکرہ صدر شعر کو اکثر گنگناتے ہوئی دیکھی جاتی ہیں، اسی لئے کہ "لاہور میں پاکستان بھر کی حسینائیں اپنی آزادی کو سلب ہوتی دیکھ کر، نقاب کو خیرباد کہتے ہوئے ایم ایل اے ہوسٹلوں، کلبوں اور قہوہ خانوں کی زینت بننے کو ترجیح دے کر رقص و رنگ میں مصروف ہوئی ہیں اور ان تمام جگہوں پر فنِ مباشرت میں مہارت حاصل کرتی ہیں اور پاکستانی شرفاء اور سرکاری و غیر سرکاری رئیس زادوں بلکہ کچھ مُلّاؤں تک کو اس فن میں ترغیب دے رہی ہیں جن میں اوروں کے علاوہ امراء وزرا اور دیگر وی آئی پی فوجی و غیر فوجی لطف اندوز ہو رہے ہیں اور دادِ عیش دیکر پاکستانی حسیناؤں کے لئے دعاگو ہوا کرتے ہیں۔ یہ ہیں اسلام پالنے والوں کے غیر اسلامی کارنامے +

؎ اصنامِ رقص و رنگ کی کھاتا ہے ٹھوکریں
پیغمبرانِ دین کا ایمان کبھی کبھی۔ نثار

لٹشپ وانی اپریل ۹۶ء

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

حالیہ یا سابقہ مسلم دہشت گردوں کی خرافات

وہ کشمیری مسلمان سیاسی لیڈر یا سماجی کارکن یا مذہبی ٹھیکیدار یا کوئی کٹھ ملا یا کوئی دہشت گرد تنظیمی کارندہ جو یہ کہتا ہے کہ کشمیری پنڈتوں کو کشمیر سے نکل جانے کے لئے جب کے گورنر ستری جگموہن ذمہ دار ہیں وہ انتہائی خباثت سے پُر بیان دیکر اپنی فرسودہ پاکستانی حبلہ کو اُترواننے سے بچنے کے لئے اول فول باتیں کر رہے ہیں۔ ان جاہلوں اور چمچقلوں کو یہ ابتک اندازے میں نہ آیا کہ کشمیری پنڈت کو نکالنے کے لئے اُن کے آقاؤں، اباؤں اور سرپرستوں یہاں تک کہ اُن کی اولاد نا فلک کی کرتوتیں براہ راست ذمہ دار تھیں۔ مسجدوں کے تقدس کو پیروں تلے روندنے والے کشمیری مسلم دہشت گردوں نے اپنے افغانی پدران نامزد کو ساتھ لیکر کیا کیا کچھ بکواس کی، کیا کیا خرافات کہیں، کیا کیا دھمکیاں دیں اور کیا کیا گندگیاں اپنی زبانِ ناپاک سے اُچھالیں، وہ سبھی کچھ کیا بھول گئے؟

عصمت دری اور قتل و غارت سے بچنے کے لئے ہجرت بالجبر ایک ضروری بات بن گئی تھی۔ کیا ایسے ہی لعینوں اور مرتدوں کی وجہ سے آنحضرت جناب محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو ہجرت نہیں کرنا پڑی تھی۔ پنڈت تو اُن کا احترام کرنے والے تھے اور ہیں نہ کہ نعوذ باللہ اُن کے برابر اوتار اور پیغمبر تھے اور ہیں تم لوگوں نے یہ نہ سمجھا کہ ۱۷ فروری ۱۹۹۰ء تک تمہاری جاتی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کی کوئی ۲۱۶ اور ۱۵، مستورات کے ساتھ زنا بالجبر ہوا اور ان کے یہ غلط حمل ملک کے 184 ہسپتالوں، میٹرنٹی ہوموں، ہیلتھ سنٹروں اور ڈاکٹری کلنکوں پر گروائے جاتے رہے اور کئی بے بس ایسا کچھ نہ کروا سکے۔ اسکے علاوہ تمہاری 346 مستورات (طالبات اور جوان عورتیں بھی) کو اجتماعی بلاتکار کے بعد قتل کر دیا گیا۔

اور اگر کشمیری پنڈتوں نے اپنے دماغ سے کام نہ لیا ہوتا اور تمہاری مساجد بکواس اور بندوق بازی کا کارن نہ سمجھ لیا ہوتا تو ان کی دُردشا تمہار سے زیادہ ہونا تھی۔ لیکن اپنی عزت، آبرو، مان، سنمان، زندگی اور بقا کو بچانے کے لیے کشمیری پنڈتوں نے ایک دانشمندانہ قدم اُٹھا کر ایک ناقابلِ فراموش عزت کمائی، نہ کہ تم لوگوں کی طرح کہ جن کی بہو بیٹیوں اور ماؤں بہنوں کو اب بھی کشمیر اور ڈوڈہ میں بلاتکار کا شکار ہونا پڑ رہا ہے، جو یہ کہتے ہو کہ شری جگ موہن نے کشمیری پنڈت جاتی کو کشمیر چھوڑ دینے کی ترغیب دی۔

بابر بدر، بلال لودھی، محی الدین لون اور شبیر احمد کو اپنی زبان پر قابو رکھنے کی ضرورت ہے، ورنہ اُن کے نصیب میں دوسری پریس کانفرنس جموں یا دہلی میں ممکن نہ ہو سکے گی۔

زبان درازی اچھی یا بری کشمیری پنڈتوں کا شیوہ نہیں، یہ عادت اُن ہی کو لگ جایا کرتی ہے کہ جو حرام کھایا کرتے ہیں۔ اپنے مذہب کو رسوا کرتے ہیں اور انسانیت کے ساتھ کھلواڑ کیا کرتے ہیں اور یہ صفات کشمیری پنڈتوں میں چنداں بھی نہیں۔ وہ لوگ عزت اور ناموس کو سب سے زیادہ مقدم اور مقدس سمجھنے والے ہیں سو بزرگوں کی اطاعت برترہا ہے۔ اسی میں آدمی کی اٹھری ہے سے اِدھر آ ہر قدم پہ نقشِ منزل تجھکو دکھلا دوں فلک پر یاس سے منزل بہ منزل دیکھنے والے۔

K.W. 6/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی سروال چوک جموں

آئین ایک نظر میں

بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی ایک پرائیویٹ، غیر سیاسی اور سوشل کمیٹی ہوگی۔

آئین

دفعہ ۱ مقاصد محلہ کی صفائی، بجلی اور پانی کی معقول اور مناسب فراہمی نالیوں اور گلی کوچوں کی مرمت کی طرف خاص توجہ کرنا اور محلہ میں ایک دوسرے کی خوشی اور غمی میں برابر شریک ہونا، نیز شادی بیاہ وغیرہ کے موقعوں پر برتن تا میسر کرنے کے انتظامات کرنا۔

دفعہ 2 نام اس محلہ کمیٹی کا نام "بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی" ہوگا۔

دفعہ 3 کام کا دائرہ اس کمیٹی کی کارکردگی اور کام کا دائرہ اندرون محلہ بکرم نگر ہوگا۔

دفعہ 4 مدت کمیٹی کی مدت کارکردگی دو سال ہوگی اور اسطرح سے ضابطہ کے طور پر ہر دو سال کے بعد ماہ فروری میں عہدیداروں کا چناؤ اور ورکنگ کمیٹی کی تشکیل میعاد ختم ہونے سے پندرہ دن پہلے ہوا کریں گے اور کسی ایمرجنسی کے تحت اس میعاد میں دو ماہ کی توسیع بھی کی جا سکے گی۔

دفعہ 5 اصول (i) اس کمیٹی کا کوئی عہدیدار کسی دوسری محلہ کمیٹی کا عہدیدار نہ ہو سکے گا۔

(ii) محلہ کے ہر ایک کنبہ سے ماہانہ چندہ کے طور پر دس روپیہ لینا ضروری ہوگا۔

(iii) کمیٹی کے ہر ایک عہدیدار اور ممبر کو ہر ماہ دس روپیہ کا چندہ دینا لازمی ہوگا۔

(iv) کمیٹی کے ہر ایک بنیادی ممبر کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ آئین کمیٹی اور اسکے قواعد اور ضوابط کا پابند رہے اور آئین کے تئیں وفاداری برتنے کے لئے ہر رکن کا عہد کرنا لازمی ہوگا۔

دفعہ 6 ممبرشپ کمیٹی میں ممبران کی کل تعداد ابتدائی مرحلہ میں 35 ہوگی جو بعد میں حسب ضرورت بڑھائی جا سکے گی۔ کمیٹی میں ممبر کی شمولیت صدر کی منظوری پر مبنی ہوگی۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

عہدیدار جمہوری ڈھنگ پر عہدیداروں کا چناؤ انہی موجود ممبران میں سے عمل میں لایا جائے گا اور یہی ممبرانِ محلہ جنرل کونسل کہلائے گی۔ عہدیداروں کی تفصیل اسطرح ہوگی:-

صدر - ایک، نائب صدر - ایک، سیکریٹری - ایک، خزانچی - ایک، ایڈوائزر - ایک، آرگنائزر ایک

ورکنگ کمیٹی - صدر کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنے منتخب ہونے کے فوراً بعد ایک ورکنگ کمیٹی یعنی ایگزیکیٹیو کمیٹی کا اعلان کرے، کہ جس میں ممبران کی کل تعداد مع عہدیداران دس ہوگی۔

دفتر اور کارکردگی - بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی کے دفتر کا اہتمام ضروری ہوگا۔ اسکے عہدیداران اور ورکنگ کمیٹی کی مدتِ کارکردگی صرف دو سال ہوگی اور جن کا چناؤ / نامزدگی مدتِ مقررہ سے دو ہفتے قبل عمل میں لایا جائے گا۔

انتخاب انتخاب شروع ہونے سے پہلے سابقہ باڈی کے لئے ضروری ہوگا کہ مستعفی ہو یا نئی باڈی کے چارج سنبھالنے تک بطورِ کام چلاؤ کمیٹی کام کرے گی۔

دفعہ 7 جنرل کونسل جملہ بنیادی اراکینِ محلہ پر مشتمل ہوگی۔ وہ رکن کہ جسکو جنرل کونسل کسی عہدے کے لئے منتخب کرے، عہدیدار کہلائے گا۔ اور صدر جن اصحاب کو ورکنگ کمیٹی کے لئے نامزد کریں گے وہ ورکنگ کمیٹی کے اراکین کہلائیں گے۔

دفعہ 8 اختیارات اور فرائض * عہدیداروں اور ورکنگ کمیٹی ممبران کے علاوہ کمیٹی کی کارکردگیوں میں جنرل کونسل کے ممبران (ضرورت پڑنے پر) کو بھی اعتماد میں لینا ضروری ہوگا۔

* کوئی مسئلہ جو ورکنگ کمیٹی میں طے نہ ہوسکے تو اُس سلسلہ میں کثرتِ رائے سے کیا ہوا فیصلہ قطعی تصور کیا جائے گا۔

* اگر کوئی عہدیدار یا رکن کمیٹی کے کام کی سرانجام دہی میں تغافل برتے گا یا تساہل سے کام لیگا تو صدر کو اختیار ہوگا کہ ورکنگ کمیٹی سے مشورہ کرکے موقعہ و محل کے مطابق اُسکے خلاف ایکشن لے۔

* اگر کمیٹی کے کام میں صدر غیر دلچسپ واقع ہوں تو ورکنگ کمیٹی کی دو تہائی اکثریت سے صدر سے استعفیٰ طلب کیا جائے گا۔

* کمیٹی کے صدر کو ایکسو ۱۰۰ روپے تک خرچ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور اس سے زیادہ کے لئے ورکنگ کمیٹی کی "ہاں" ضروری ہوگی۔

* کمیٹی کی آمدن میں آئی ہوئی رقومات کسی منظور شدہ بنک میں جمع کی جائینگی اور یہ رقوم صرف محلہ اور محلہ والوں کی بہبودی کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے خرچ نہ کی جاسکینگی۔

* آئین کی دفعات میں کسی دفعہ یا اسکی کسی شق یا مد میں ترمیم کرنے یا اضافہ کرنے یا انہیں حذف یا تنسیخ کرنے کے لئے ائگزیکیٹو کمیٹی کا اکثریتی فیصلہ لازمی ہوگا۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

* کسی غیر متوقع صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے کمیٹی کی موجودہ باڈی کو توڑنے (اگر ضروری ہو) کا اختیار صدر کو حاصل رہے گا لیکن ایسا کرنے میں ورکنگ کمیٹی کے 3/4 ممبران کا متفق ہونا بھی ضروری ہوگا۔

دفعہ 9 عہدیداروں کے اختیارات ۔ **صدر** ۔ کمیٹی کی جملہ سرگرمیوں کی نگرانی اور دیکھ بھال کرے گا۔ اخراجات کے بلوں وغیرہ اور رجسٹروں پر دستخط کیا کرے گا، ورکنگ کمیٹی کی بیٹھکوں کی صدارت کیا کرے گا۔ صدر کو کاسٹنگ ووٹ کا اختیار حاصل ہوگا۔ اپنی عدم موجودگی میں صدر کو اختیار حاصل ہوگا کہ دوسرے عہدیدار کو اپنے فرائض سونپ دے۔

نائب صدر ۔ صدر کی عدم موجودگی میں اُس کے فرائض سرانجام دیا کرے گا۔

سیکرٹری ۔ محلّہ سے متعلق تمام سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے کا ذمہ دار ہوگا۔ کمیٹی کی سالانہ رپورٹ ترتیب دیا کرے گا۔ صدر کے مشورہ سے کمیٹی کے ہنگامی یا خاص اجلاس بُلانے کا مجاز ہوگا۔ جنرل کونسل کی بیٹھک ہر تیسرے ماہ بلایا کرے گا۔ جس کے لئے دس دن پہلے نوٹس جاری کرے گا نیز ایگزیکیٹو کی میٹنگ 24 گھنٹہ کی نوٹس پر مہینہ میں کم سے کم ایک بار بلایا کرے گا۔

خزانچی ۔ کمیٹی کی آمدن اور خرچ کا باقاعدہ حساب رکھے گا اور ہر ماہ ورکنگ کمیٹی سے اسکی تصدیق کروائے گا۔ کمیٹی کے ماہانہ چندہ اور عطیہ جات وصول کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ اپنے پاس مستقل ایڈوانس (صدر کے مشورہ سے) زیادہ سے زیادہ دو سو روپیہ نقد رکھنے کا مجاز ہوگا۔ اُس سے زائد رقم بنک میں جمع کرانے کا ذمہ دار ہوگا۔

ایڈوائیزر ۔ کمیٹی کے صدر کو، جب بھی ضرورت ہو، اہم اور پیچیدہ مسئلوں کے نپٹارہ کے بارہ میں اپنی رضاکارانہ صلاح اور مشورہ مہیا رکھے گا۔

آرگنائزر ۔ کمیٹی اور جنرل کونسل کے ممبران کے ساتھ تال میل پیدا کرنے میں اثر و رسوخ سے کام لیکر بیٹھکوں کا اہتمام کیا کرے گا۔ اشاعتی پروگراموں کی تکمیل کرے گا نیز بطور ترجمان بھی خدمات سرانجام دے گا۔

دفعہ 10 ۔ بنک سے روپیہ نکلوانے کا اختیار صرف صدر اور خزانچی کو حاصل ہوگا۔ ایک ہی عہدیدار کے جاری کردہ چیک پر بنک رقم دینے کا مجاز نہ ہوگا۔ (اس دفعہ کی نقل اکاؤنٹ کھولتے وقت بنک کے حوالہ کی جانی ضروری ہوگی)

دفعہ 11 ۔ آئین میں درج تمام دفعات سے متعلق لوگوں کی واقفیت حاصل کرنے کے لئے چھپوائے ہوئے آئین کی کاپی قیمتاً پیش کی جائینگی اور یہ رقم کمیٹی کی آمدن میں شامل ہوگی۔

دفعہ 12 ۔ اگر خدانخواستہ کمیٹی کن ہی خاص وجوہ کی بنا پر ٹوٹ جائے تو اسکی جمع شدہ رقوم اور دوسری منقولہ جائداد جو بھی ہو کسی خیراتی ادارے کو منتقل ہوں گی۔

تمام شد

ترتیب دہندہ
بی این بھان بشار
ممبر ویلفیئر کمیٹی محلہ رام نگر جموں
5/3/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی سروال چوک جموں

حلف نامہ

میں ــــــــــــــــ ولد ــــــــــــــــ

سکنہ اندرون بکرم نگر سروال چوک جموں بطور رکن یا بحیثیت عہدیدار بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی اس بات کا حلف اُٹھاتا ہوں کہ میں کمیٹی ہذا کی کارکردگی یا جو ذمہ داری اسکے کسی سلسلہ میں مجھ پر عائد کی گئی ہو کو اپنی پوری قوت اور قابلیت کے ساتھ نبھانے کی بھرپور کوشش کروں گا۔ اور ایسا کوئی قدم نہ اُٹھاؤں گا جو کمیٹی ہذا اور محلہ داران کے لئے نقصان دہ یا زک آور ہو۔

میں اس بات کا بھی عہد کرتا ہوں کہ میں "بکرم نگر ویلفیئر کمیٹی" کے منظور شدہ اور مروجہ آئین کی پابندی کروں گا اور اسکی وضع کردہ دفعات کا بہر صورت احترام کروں گا اور محلہ داران کی سیوا کروں گا۔ اور کمیٹی سے دھوکہ کرنے کا مرتکب نہ ہوں گا۔

دستخط بہ تحریر

دستخط:- ــــــــــــــــ ــ - ــ - 1996

نام ــــــــــــــــ

ولدیت ــــــــــــــــ

سکونت مکان نمبر ــــــــــــــــ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پورے 38 روز قبل

الیکشن کمیشن کے پارلیمنٹ کے الیکشن کے بارہ میں اعلان کرنے کے بعد سارے ملک میں جہاں الیکشن بخار تیز ہو گیا۔ ہر گلی کوچہ محلہ قصبہ تحصیل شہر صوبہ اور ریاست کے کونہ کونہ میں شرق تا غرب، شمال تا جنوب اور طول و عرض میں زبردست گہما گہمی شروع ہو گئی۔ مختلف پارٹیوں نے الیکشن لڑانے کے لئے متحدہ طریقہ کار وضع کر دئے، اپنے منشور ترتیب دئے جانے لگے۔

سیاسی پارٹیاں آپس میں نشستوں کا سودا طے کرنے لگ گئیں، الحاق ہوئے اور ٹوٹے بھی۔ کئی خوش ہوئے اور کئی غم ناکی کے عالم میں چلے گئے، کئی دوسری پارٹیوں سے ٹکٹ حاصل کرنے کے "چکر" میں اپنی پارٹی کو ترک کر بیٹھے۔ منسٹر مستعفی ہوئے، کچھ چور اور ڈاکو نکلے، کچھ اسمگلر اور دہشت گردوں کے طرفدار نکلے۔ کچھ حوالہ کے حوالہ ہو گئے۔ کچھ کاغذی معنوں میں دودھیا گائیوں اور مویشیوں کو تھری ویلر میں ایک جگہ سے دوسری جگہ تک لے گئے (جو ممکنات میں نہ تھا) علاج کیا کروایا اعلان کیا کہ سبھی جانور رحمت حق ہو گئے۔ 500 کروڑ کا گھپلا کئے بیٹھے اور اس گھوٹالے کے بے تاج بادشاہ بدنام زمانہ جنتا دل کے موجودہ صدر بتائے جاتے ہیں۔ کئی عام لوگوں کے "چکر" میں اربوں پر ہاتھ صاف کر گئے۔ کئی ملک سے غداری کرنے میں لگ گئے۔ کئی جینی کے اسکینڈل سے متعلق ہوئے، غرضیکہ سبھی گرفتار بلا ہوئے ضمانتوں پر نکل کر سرکاری روٹی کھانے لگ گئے۔ آزاد امیدوار بن کر مستقبل میں اور لوٹ کھسوٹ کی خاطر الیکشن لڑنے کے "چکر" میں سڑے جیلوں سے کاغذات نامزدگی درج کروانے لگے۔

لیکن ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے کچھ مقامی پارٹیاں اپنا رول صفر کر گئیں اور کچھ دکھاوے کے لئے سر بکف ہو کر میدان میں اترے۔ ڈرپوک آئیں بائیں شائیں کرنے لگ گئے۔ کچھ عوام کی نبض سے واقف ہو کر بے آبرو ہونے سے پہلے الیکشن سے کنارہ کش ہو گئے۔ خاص کر جموں و کشمیر کے کچھ ابن الوقت سیاست دان، نہ جان نہ پہچان نہ یقین نہ امید، نہ مہربانی نہ ہمدردی، عوام کا نزلہ، عوام کا غصہ، عوام کی نفرت اور اپنی کج فہمی اور کردار کشی کی علامت۔ کہہ گئے "کہ ہم جمہوریت کے حق میں ہیں اور چاہتے ہیں کہ سیاسی دور تباہ حال جموں و کشمیر میں بحال ہو" لیکن بقول کسے "کشمیر میں حالات ان کے لئے موافق نہیں اور مجموعی طور پر بندوق بازی ابھی بھی جو بنا ہوا ہے" ہم مرنے سے بچنے کا [illegible] ہیں اسلئے چناؤ میں حصہ لینے سے قاصر ہو گئے۔

حوالہ نے ریاستی لیڈروں کو بھی آدبوچا ہے۔ اسکا راز سربستہ بہت جلد ظاہر ہو گا۔ بہار کی نسبت جموں و کشمیر میں کئی کانڈ ہوئے ہیں اور وہ بھی بڑی بڑی رقموں کے۔

K/… 5/96.

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کیا یہ سچ ہے؟

کیا یہ سچ ہے کہ جموں و کشمیر کے کئی سیاسی لیڈر حوالہ کانڈ سے مستفید ہو چکے ہیں؟

کیا مفتی سعید اور جموں کے ایک روزنامہ پر
حوالہ کانڈ کی اچھی خاصی چھینٹیں نہ پڑیں؟

کیا فاروق، [illegible] و سیف الدین سوز حوالہ کانڈ کی نعمت سے محروم رہے ہیں؟

کیا منگت رام، چمن لال، جنک راج کی حوالہ کانڈ نے تاج پوشی نہ کی؟
کیا جعفر شریف کی حوالہ کانڈ دولت کا حصہ مفتی سعید کو شادیانے بجا کر ادا نہ کیا گیا؟
کیا علی شاہ گیلانی نے 3 کروڑ 87 لاکھ بیرونی ممالک سے حاصل کر کے حوالہ کانڈ کو دعائیں نہ دیں؟
کیا جموں و کشمیر سرکار کے بیورو کریٹوں کو حوالہ کانڈ کے دیدار نصیب ہوئے؟
کیا ریاستی سیکریٹریٹ سے باہر افسرانِ اعلیٰ نے سرکار کی دولت کو ہڑپ کر کے حوالہ کانڈ کی تحریک نہ ابھاری؟

ہمارے لوگو! "ہو کہ نہ ہو" ہمیں دخل ہی کیا؟ لیکن اگر سرکار بوساطت عزت مآب سپریم کورٹ ہدایت جاری کرے کہ متذکرہ صدر "ہو کہ نہ ہو" کی سچائی کھل کر عیاں بیان کرے اور اپنی سیاہ لیٹ پر سفید روشنائی سے اصل پوزیشن کو طشت از بام کرے، تو اس میں ہرج ہی کیا ہو سکتا ہے؟
"ہوا" کی اہمیت کو سامنے لا سکے گا، ورنہ "ہو کہ نہ ہونا" فضول بد ہی کہلائے گا اور عوام تذبذب میں رہیں گے اور بھلائی کسی کی نہ ہوگی، سوائے حوالہ کانڈ والوں کی۔ جبکہ جموں و کشمیر کے لیے غیر جیسی نہیں ہو سکتے۔ مرحوم ایکڑا راؤ بھی ملوث بتلائے جاتے ہیں تو شمالی کا سہرا [illegible] باندھا گیا؟

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آئی ایس آئی اور سی آئی اے سے کون سا ڈاکٹر مستفید ہوا ہے اور اب بھی ہو رہا ہے۔

متفاد اور گروہ کا مجموعہ "پنن کشمیر تنظیم" کے بارہ میں بین الاقوامی سطح پر ہر طرح کے الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ ایک فورم کا کہنا ہے کہ اس تنظیم کا ایک خود ساختہ سرغنہ جو پیشہ سے ڈاکٹر ہے اور اسکے ایک امریکن نواسی کشمیری کا سلہ و سمرتھک کو بھارت میں تنظیم چلانے کی آڑ میں پاکستانی آئی ایس آئی اور امریکی سی آئی اے نے اپنے ملکی مفادات کی خاطر زمہریروں میں غرق کرکے رکھدیا چنانچہ وہ اسوقت کروڑوں میں کھیل رہے ہیں اور آئے دن ادھر ادھر کے چکر کاٹتے رہتے ہیں۔ اس ریاستی ڈاکٹر کے بارہ میں یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ اس نے بڑی کی دولت سوئیزرلینڈ اور دوسرے بیرونی ممالک کے بنکوں میں جمع کر رکھی ہے۔

دوسرے فورم کا کہنا ہے کہ متفاد پنن کشمیر تنظیم کے ساتھ جو کھلا ہوا ڈاکٹر کارندہ ہے وہ کشمیر میں بڑے پیمانے پر پریکٹس کرتا تھا اور اب کشمیر کے باہر پریکٹس کر رہا ہے۔ اسکے بارہ میں جو شکوک پیدا ہوئے ہیں وہ کافی حد تک درست ہو سکتے ہیں لیکن مکمل طور پر نہیں۔

تیسرے فورم کا کہنا ہے کہ جس ڈاکٹر کو ملوث بتایا جاتا ہے وہ پیشہ ور ڈاکٹر ہے، ایم بی بی ایس ہے۔ اس نے سرکاری ملازمت کر تو لی ہے لیکن پریکٹس اس نے ہمیشہ سے ہی نہ کی ہے۔

جموں میں ایک اور مقامی فورم نے اس خبر کی صحت سے قطعاً انکار نہ کیا کہ متفاد پنن کشمیر تنظیم صرف اپنے حلوے مانڈے بنانے میں لگ چکی ہے اور ناجائز دولت اکٹھا کر رہی ہے جس کے لئے اسے امریکن نواز کشمیری پنڈت لوگوں سے مالی معاونت مل رہی ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اور جو ہر طرف دوغلی بازی، بیان بازی، قلابازی اور ادھار بازی تک ہی اپنی سرگرمیاں محدود کرکے بیٹھی ہے۔ اور اپنی چال بازی سے پاکستان و امریکہ سے دولت کی بازی لیکر ان کے منہ میں گھولی ہوئی شکر ڈال کر رہا ہے۔ جبکہ اکثریتی ہندوؤں کے ساتھ وہ بظاہر ہمدردی بازی کرتی ہے جبکہ بہ باطن وہ ان کے ساتھ دھوکہ بازی کرتی ہے۔ وہ مانگ کرتی ہے اس بات کی جو روئے زمین میں ممکن نہیں، البتہ ان کے دن بے شمار دولت کے کارن اس طرح بھر گئے ہیں کہ ان میں اچھے برے نیک و بد، صحیح و غلط، سچ اور جھوٹ، حق و باطل، جائز اور ناجائز اور اپنے پرائے کی تمیز باقی نہ رہی اور وہ یہ بھی بھول گئے ہیں کہ کشمیر میں لاکھوں کشمیری پنڈتوں اور ہزاروں دیگر ہندوؤں کے ساتھ کیا کچھ سلوک کیا گیا اور ان کی حالیہ درد شا کتنے بڑے پیمانے پر ہے۔ البتہ فریبی آنسو بہا کر وہ ہمدردیاں جتانے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے اور بیچارے ستم رسیدہ لوگ ان کے جھانسے میں آتے رہتے ہیں۔

چنانچہ سرکار کو اس بارہ میں کھل کر اور ہتھیاروں سے لیس ہو کر ان کا تعین کرنے میں چنداں بھی کوتاہی نہیں کرنی چاہیئے۔

یاد رہے ہمارے پاس ایسے بھی گروہ ہیں جو آئی ایس آئی اور سی آئی اے ایجنٹوں کے نام ہیں جو غلط کام کرکے کشمیری پنڈت بے دخل شرنارتھان کے نام کو ایک پلیٹ فارم بنا کر کے بھی مفادات حاصل کر رہے ہیں لیکن کسی کارن ہم وہ نام ظاہر نہیں کر رہے۔

اکشے پروالی، اپریل ۹۶ء

نثار دہلوی

جوانی میں آ کر ذرا یہ بھی دیکھو
جوانی کی ہر شب سہانی نہیں ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

دخترانِ ملت چیف عالمِ غربت میں گھبرا گئی

حال ہی میں سرینگر میں بیٹھی دخترانِ ملت تنظیم کی چیف محترمہ عائشہ اندرابی زندگی سے تنگ آنے کے بعد بھی نکل کر وہی راگ الاپ کر اچھے خاصے شریف طبع لوگوں کو یہ باور کرا رہی ہے کہ اس کی نظر میں دو چیزیں ہی معنی خیز ہیں "یا موت ورنہ کشمیر کا پاکستان میں ادغام" - دونوں صورتوں میں اُسے کیا کرنا چاہئے، وہ لکھتی ہیں "اُسے "ہمارے ہی ہمدردی" ہی بچا سکتے ہیں کیونکہ ہم آر سکھر سے ہر اُس کے سکھر کی طرح تھتھاہٹ کے آثار نہیں ہوا کرتے ...."

وہ کوشش کر رہی ہے کہ اپنا بوریہ بستر اٹھا کر کبھی ہو سکے تو ساتھ لے کر پاکستان میں ضم ہونے کے لئے راہداری کا پروانہ اپنے حسنِ اخلاق سے حکمرانوں سے حاصل کرے اور وہاں پہنچ کر ہندوستان کو آزاد نعرہ دے جانے والے جیسے بیان داغنا شروع کر دے اور چند ایک لمحوں میں وہ پاکستان میں ضم ہوگی یا وہاں کے فوجی درندوں میں تحلیل ہو کر رہ جائے گی یا پھر موت سے بچ جائے گی اور اپنی تمنا کو پروان چڑھتے دیکھ تو لیا۔

عائشہ اندرابی کو پاکستانی مقبوضہ کشمیر سے لوٹے ہوئے دو دہشت گردوں اشفاق احمد اور خادم حسین سکنہ تار کنڈی راجوری کا دیا ہوا بیان کیا یاد نہیں کہ وہاں پر ۱۶ جوان اور کنواری کشمیری لڑکیاں ایک فوجی کیمپ میں فوج کی تحویل میں رکھی گئی ہیں، جنہوں نے حرام کے بچوں کو جنم دیا اور انہیں فوجی درندوں کے لئے وقف رہنے کے لئے سخت طریقوں سے مجبور کیا جا رہا ہے۔ کیا عائشہ اندرابی یہ بھول گئی ہے کہ دسمبر اور جنوری کے مہینوں میں 14 مسلم جوان لڑکیوں کے ساتھ پاکستانی، افغانی اور کشمیری دہشت گردوں نے کشمیر میں بلاتکار کیا اور کہ آخر جنوری ۱۹۹۶ء تک 15,914 مسلم مستورات کے ساتھ زنا بالجبر کیا گیا اور اُس کے علاوہ 363 کو بلاتکار کے بعد قتل کر دیا گیا۔ پاکستان کی منڈیوں میں وادی کی مسلم لڑکیاں اشیاء کی صورتوں میں بکتی رہی ہیں اور تقریباً دس ہزار ایسی لڑکیوں کی زندگی وہاں پر اجیرن بنا کر رکھدی گئی ہے۔ جو کوٹھوں اور قہوہ خانوں میں پاکستانی درندوں کو خوش کرنے کے لئے باندھ کر رکھدی گئی ہیں۔ یہ سب

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کچھ اخباروں سے عائشہ اندرابی نے پڑھ لیا ہو یاد تو رکھا ہوگا لیکن جان بوجھ کر کشمیری لڑکیوں کو گمراہ کرنے کے لئے بد حواسی کے بیان دیتی رہتی ہے۔ جو اسلام کی رُو سے ہرگز ہرگز جائز نہیں اور مس عائشہ اندرابی تم اُسی پاکستان میں مُدغم ہونا چاہتی ہو، شوق سے ہو جاؤ اور اپنی زندگی کا اسلامی پاکستان میں لُطف اُٹھاؤ، حَظ اُٹھاؤ۔

ہندوستان میں تم جیسی عورت ذات کی وقعت کچھ بھی نہیں ہو سکتی تم نے نام نہاد "جہاد" کے نام پر مبینہ طور پر ۹۷ لاکھ روپیہ مسلم ممالک سے لے کر ہڑپ کر لیا اور پبلک کو بیوقوف بنانے کے لئے اُسی حرام کی دولت پر دم بازیوں، بیان بازیوں، چال بازیوں، دھوکہ بازیوں اور تکرار بازیوں سے کام لے رہی ہو، ڈرامہ کر رہی ہو۔

ذرا اپنی عاقبت کی فکر کرو۔

کشپ وانی 6/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

"ولی" اور کشمیری مسلم دہشت گرد

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

اللہ مومنوں کا ولی ہے۔ مومن کون ہوتے ہیں۔ اس پر ہم پہلے کچھ بحث نہ کرینگے البتہ "ولی" پر ہم ضرور خامہ فرسائی کریں گے۔

قرآن شریف اور حدیث کی رُو سے جو مطالب "ولی" کے ہماری سمجھ میں آئے ہیں وہ یوں ہیں

سرپرست، سردار، دوست، مہربان، ہمراز، نزدیک، کفیل ساتھی، وارث، مددگار، معاون، مالک، خدمتدار، با اختیار نگران کار، کارساز، خدا رسیدہ، تابع مطیع، اطاعت گزار، محبت کرنے والا، بہار کا دوسرا مہینہ اور نزدیک ہونا۔

ان کے علاوہ عربی فرہنگ (ڈکشنری) "قاموس" نے اس "ولی" لفظ کے لئے تشریح یوں کی ہے:-

"اللہ کی طرف سے دشمنوں کو جواب دینے میں، اُن کو ہدایت دینے میں اُن کے لئے دلیل تمام کرتے ہیں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ایمان کی زیادتی کے ساتھ ہدایت میں بھی اضافہ کرتا جاتا ہے، جیساکہ خود ہی فرماتا ہے" جو لوگ خدا کی ہدایت اور ہدایت کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ اللہ اُن کی ہدایت میں اضافہ کرتا ہے۔ نیز یہ کہ "اللہ مومنوں کا ولی ہے"
یہاں دشمن سے مراد ہے" جو قرآن، ایمان اور انسانیت سے ہٹ جائے اور جو شرح محمدیؐ اور اسلام کی مخالفت پر اُتر آیا ہو وہی انسانیت اور خدائیت کا اصلی دشمن ہے۔"

"مومن" ہم جو سمجھتے ہیں وہ شخص کہلاتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے پیغمبر جن کو ہم ختم المرسلین صلعم کے اسم مبارک سے بھی یاد کیا کرتے ہیں کی ہدایات پر مکمل طور پر ہمیشہ کے لئے عمل پیرا رہے اور پیغمبر صلعم کی جو

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہدایات ہیں وہ یہ ہیں :۔ ایمان میں پختگی رکھنا ، انسانیت کی خدمت گزاری کرنا حاجت مندوں کی حاجت پوری کرنا ، ضرورتمندوں کی ضرورتیں پوری کرنا غریبوں ، بے کسوں اور لاچاروں کی حسب توفیق امداد کرنا ۔ اللہ تعالیٰ کا اطاعت گزار رہنا ، ہر ایک سے بلا امتیاز محبت کرنا ، نیکی پر عمل کرنا ، دوستداری اور رواداری کو برقرار رکھنا ، آپسی بھائی چارہ اور یگانگت کو برقرار رکھنا ، ماں بہنوں کی عصمت کی رکھوالی کرنا غیر مسلموں کے ساتھ نباہ کرنا ، اُن کی عزت کرنا اور اُن کو اپنا انسانی جزو مان لینا ، کسی مذہب کی توہین نہ کرنا ، ہر مذہب کے پیغمبروں اور بزرگوں کی اطاعت کرنا ، عزت کرنا ، ایک دوسرے کے غم اور خوشی میں شریک ہونا ، گرتے ہوئے کو تھام لینا ، بھوکوں کی بھوک مٹانا ، اپاہجوں کا ساتھ دینا ، کسی کے مذہبی عقیدے سے کھلواڑ نہ کرنا ، کسی کا تمسخر نہ اُڑانا ، کسی کو نیچا یا ہیچ نہ سمجھنا ، دہشت گردی ، ڈر ، خوف و ہراس ، عدم تحفظ کا ماحول پیدا نہ کرنا اور عدو پن نہ پھیلانا ، آپس میں شیر و شکر ہو کر رہنا وغیرہ وغیرہ

اب کشمیری مُسلم دہشت گرد ہمیں یہ تو بتا دیں کہ :۔

"وہ قرآن و حدیث ، اللہ اور پیغمبر صلعم کی کن کن ہدایات اور احکامات کی پیروی کر رہے ہیں اور خود کو اُمتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں شمار کرتے ہیں"

جس میں متذکرہ صدر خوبیاں نہ ہوں
وہ نہ "ولی" ہو سکتا ہے اور نہ "ولی"
کا درجہ پا سکتا ہے ۔ بلکہ وہ دُشمنِ اسلام
دُشمنِ پیغمبر ، دُشمنِ انسانیت ، دُشمنِ
امن ، دُشمنِ مُلک اور دُشمنِ قوم ہی
کہلائے گا ++ نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

چلو اچھا ہوا۔ یہ سچ تو لکھا گیا

پنجاب یونیورسٹی لاہور کے شعبۂ اُردو نے ایک ایسی ڈائری مرتب کی ہے کہ جسمیں سابقہ بھارت اُور حالیہ بھارت اور پاکستان کے اُردو شعراء کا نام درج کیا ہے۔ اسکو ادھورا چھوڑکر اُن ہندو شعراء کا باب مرتب کیا ہے، جن کی شاعری کا سفر اُور کلام کہنے کی عمر ۵۰ سال پہلے سے تعلق رکھتے ہیں اُور جنہوں نے اُردو ادب اُور شاعری میں اپنا مُقام بنا کر رکھا ہے۔

اِس شعری ڈائجسٹ میں کشمیر کے پنڈت شعراء کے لئے الگ ایک صفحہ درج کیا گیا ہے۔ جسمیں بی این بھان نثار کشمیری دہلوی کے بارہ میں صفحہ ۱۸۱ پر درج کیا گیا ہے کہ "بٹوارہ سے پہلے ہی شعر کہنا شروع کیا تھا۔ ان کی پہلی غزل لاہور کے معروف رسالہ "بہارِ کشمیر" میں چھپ چکی تھی۔ اُس وقت اُس ادبی اُردو رسالے کے ایڈیٹر ایک معروف ادیب اُور مسلّمہ کشمیری پنڈت جناب لکشمی نرائن کول ہی تھے۔ نثار دہلوی کے بارہ میں مزید لکھا ہے کہ انہوں نے سینکڑوں مشاعرے اُور شعری محفلیں دیکھیں اُور پڑھیں اُور تب سے ابتک برابر لکھ رہے ہیں اُور بے تحاشہ اُور بے شمار لکھ رہے ہیں۔ ان کی کئی غزلیں اُور نظمیں جناب وجے سمن سوشن نے جموں [illegible] سے 1976 میں جناب کلیم اختر کے نام پر ارسال کی تھیں جو واقعی مُرقع اُور بیش بہا تھیں۔ (یہ اُس خط کا ایک حصّہ ہے جو ہمیں محترمہ زبیدہ نکہت لاہوری نے لکھا ہے) نثار

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیر سے ایک گمراہ کن خط ۔۔۔ مگر معنی خیز

محترمی بھائی جان نثار صاحب

اسلام علیکم ۔ کافی عرصہ سے کشپ وانی پڑھ رہی ہوں ۔ آپ نے نڈر صحافت میں اپنا نام اور مقام بنا کر دکھایا ہے ۔ تمام مذاہب کے بارہ میں آپ اچھی اچھی باتیں لکھتے بلکہ معتبر ڈھنگ اور احترام کے ساتھ لکھ دیتے ہیں ۔ اسلامیات کا آپ کو گہرا مطالعہ ہے ۔ آپ کا ملک ہی ایک بڑھیا ڈھنگ ہے ۔ ادھر کشمیر میں بھی اخبارات میں لکھی ہیں لیکن اُن کا ایمان پائیدار نہیں.

میری گذارش ہے کہ آپ کشمیر میں چھیڑی گئی "کشمیر کے پاکستان میں شامل کئے جانے کی تحریک" کی ہر سطح پر مخالفت کرتے ہیں ، ایسا کیوں؟ اسلام کے حکم کے مطابق جو جہاد ہم نے کئی شکلوں میں چھیڑا ہے اُسکے خلاف آپ مسلمان ہو کر بھی نظم اور نثر میں زہر دست پھیلا کرتے ہیں ، اسکی کیا وجہ ہے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ہماری تحریک غیر اسلامی ہے ۔ ہم ہندو ملک بھارت میں اسلئے رہنا پسند نہیں کرتے کیونکہ یہاں مذہبی آزادی نہیں اور اسلام ہمیشہ خطرہ میں رہا کرتا ہے ۔ اور کشمیر چونکہ پاکستان کا جغرافیائی علاقہ ہے اور کہ کشمیر کے بغیر قائد اعظم کا بنایا ہوا پاکستان ادھورا ہے اور کہ اسکا نقشہ مکمل نہیں ہوتا ، اسلئے ہمیں وہاں کے کروڑوں مسلمان بھائی بہنوں کی خاطر پس پردہ جنگ چھیڑنا پڑی جس میں یہ خادمہ بھی دوسری ساتھیوں کے ساتھ شامل ہو چکی ہے ۔ آپ ذرا سوچیں کہ ہم کہاں غلطی پر ہیں ۔ جواب کی منتظر رہوں گی

آپ کی چھوٹی بہن "عا"

نوٹ : یہ صد فیصد عام لوگوں کی سمجھ سے باہر ہوگا ۔ ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ خط کس کا ہے ۔ ہم نے جواب دینے تھی اور مضمون کے تحت ۔ جو اپریل کے کشمیر شمارہ میں کسی صفحہ پر درج ہوگا ۔ ایڈیٹر

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

محتسب نویس کے "سانسوں کا حساب" لیا

کشمیری پنڈتوں کی توہین، دھرم اور کوئی اگنی شیکھر

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) امبپھلا جموں کے آفیشل آرگن "کھیر بھوانی ٹائمز" کے ہندی حصہ میں صفحہ نمبر ۱۵ پر ایک مضمون بہ عنوان "سانسوں کا حساب" کسی اگنی شیکھر کے نام سے درج ہے۔ (شمارہ 5 جلد ۱ ماہ جنوری ۱۹۹۵ء) میں اس مضمون کو پڑھ کر حد درجہ اچنبھے میں پڑ گیا۔ ایک یہ کہ ہندی و بھاشا کے سمپادک کیسے غلط خامہ فرسائی سے کس طرح متفق ہوئے، دوسرے یہ کہ کسی پڑھے لکھے نابلد نے ہندو دھرم خاص کر کشمیری پنڈتوں کے دھارمک جذبہ کو ٹھیس پہنچانے کی ہمت کس بل بوتے پر کی۔

اگر یہ توہین اور تضحیک کسی غیر ہندو مت کے ساتھ کی گئی ہوتی تو تہرا کا فتویٰ جاری ہو کر گردن زدنی کا حکم کہیں سے بھی جاری ہو چکا ہوتا۔ لیکن یہ سناتن دھرم اتنا ہلکا ہے کہ اس قسم کی ہیبت ناک سزا کا حکم دے۔

اگر یہ مضمون نگار ڈاکٹر اگنی شیکھر خود ساختہ جینیئس نام نہاد "یوتھ کشمیر" ہیں تو ان کو میں براہ راست تف کہتا ہوں اور اگر یہ دوسرے کوئی اگنی شیکھر ہیں تو ان کے لئے میرے پاس لاکھوں مذمتی الفاظ میسر ہیں۔

"کیا ہم اس زعم میں زندہ ہیں ...." "کہ ہمارے منہ میں بھرتی ویاس کا سناتنی پیالا خالی ہے"

مضمون نام اپنی خامیوں، مبالغہ آرائیوں اور لقموں سے بھرے اور ان کے حقیقت کی زیاں فتوں سے بعید واقعات سے لبریز ہونے کے کارن میرا اسے پڑھنے کا وقت ضائع ہو کر رہ گیا۔ جریدہ ہذا کے محترم ایڈیٹر انچیف سے میری گذارش ہوگی کہ تمام مضامین کو پہلے اپنی نظر سے گزار دیا کریں، بعد میں مناسبت کے لحاظ سے اپنے ترجمان رسالہ میں درج کروا کر شائع کریں۔ ع نگاہِ انساں ہے عامیانہ نگاہِ شاعر قلندرانہ + میں نے کالج لائف تک مضامین کے طور پر اردو اور سنسکرت پڑھے ہیں، لہذا ہندی زبان سے مکمل واقفیت رکھتا ہوں، کیونکہ دسترس ہے۔ (فارسی - عربی - عبرانی - یونانی - ان زبانوں سے بھی واقفیت رکھتا ہوں) متذکرہ مضمون یوں لگ رہا ہے کہ ایک ڈاکٹر نے دوسرے ڈاکٹر یا کسی مریضِ دل کے سانسوں کا حساب لیا ہے۔

نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

الیکشن پارلیمنٹ کے ہوں یا اسمبلی کے لیکن ...

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیر سے اُجاڑے گئے ساڑھے تین لاکھ کشمیری پنڈتوں میں سے جتنے بھی اہل ووٹر ہیں کے پارلیمنٹ یا اسمبلی الیکشن میں شریک ہونے نہ ہونے کا نتیجہ "ہر دو نعمت برابر ہے"

جن کا کوئی مقام نہ رہا، گھر نہ رہا، ٹھکانہ نہ رہا، زمین زراعت نہ رہی کاروبار نہ رہا، اثاثہ اور اندوختہ نہ رہا، نوکری نہ رہی، تجارت نہ رہی۔ اُنکے سامنے الیکشن میں شریک ہونے کی بات کرنا ہر لحاظ سے بے معنی سا ہوگا۔

جس جاتی نے ہندوستان کی سالمیت، فلاح کی خاطر، جھنڈے اور آئین کی حفاظت اور اسکولرواد کی قائمی کے لیئے اپنے جان و مال کی بیش بہا قربانیاں دیں اور مدتوں سے دیتی رہی ہے، اُسکو سرکاری سطحوں پر یا سرکار کی جانب سے کوئسا صلہ دیا گیا۔ اُسکو صرف تباہی ہی میسر کی گئی۔ اُسکی زندگی کی حفاظت غیر ممکن بنائی گئی۔

اُسکو اُسکا حق کبھی نہ دیا گیا اور مستقل حق تلفی سے اس جاتی کو اسقدر پریشان کیا جاتا رہا۔ ان باتوں سے اس جاتی کا سرکار پر سے اعتبار اُٹھ گیا ہے۔

کون پارلیمنٹ کا ممبر بنتا ہے، اُسمیں اس جاتی کی کوئی دلچسپی باقی نہ رہی۔ اُسکی بلا سے جو بھی کچھ ہو اُسکے لیئے کوئی کرشمہ ساز نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ اس جاتی نے گذشتہ 49 سال سے سرکار کو ایک ہزار ایک بار آزمایا ہے اور سرکار اسکے حق میں کھری نہ اُتری۔ لہذا چونکہ سیلاب حدوں کو پار کر گیا ہے اور اسنے اپنی زبان کھولی۔

وزیر اعظم نے ایک بار بھی کسی کیمپ میں قدم نہ رکھے۔ متاثرین سے کوئی بات نہ کی، اُن کی حالت کا بذاتِ خود مشاہدہ نہ کیا، اُن کی دلجوئی نہ کی۔ اُن کے جلتے مسائل کے حل کے لیئے جنگی سطح پر کاروائی کرنے کے احکامات صادر نہ کیئے

اب پرائم منسٹر کا کشمیری پنڈتوں کے بیان پر تعجب کا اظہار کرنا، اچنبھے میں پڑ جانا معنی خیز ہیں۔ وزیر اعظم اگر برداشتہ خاطر ہوئے ہیں تو اُن کو فوری طور اپنے سر مبارک کو جھٹکا دیکر عملیت کے میدان میں اُتر کر عوام کی خدمت اور کشمیری پنڈتوں کی دادرسی کرنے کی طرف راغب ہو جانا چاہیئے اور بعد میں الیکشن میں شرکت کا سوچا جا سکتا ہے۔ ابھی اسمبلی چناؤ باقی ہیں۔ دریں اثنا کشمیری پنڈتوں اور سرکار نے جو بھی نیا کوئی سلسلہ کھڑا کیا ہوگا وہ وقت کے تقاضے کے مطابق درست سا ہوگا

۷/۱۰ - ۵/۹۶

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

محتسب نے کس کے "سانسوں کا حساب" لیا۔

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

کشمیری پنڈتوں کی توہین، دھرم اور کوئی اگنی شیکھر

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) امبپھلا جموں کے آفیشل آرگن "کشیر بھوانی ٹائمز" کے ہندی حصہ میں صفحہ نمبر ۲۵ پر ایک مضمون بہ عنوان "سانسوں کا حساب" کسی اگنی شیکھر کے نام سے درج ہے۔ (شمارہ 5 جلد ۱ ماہ جنوری ۱۹۹۸ء) میں اس مضمون کو پڑھ کر حد درجہ اچنبھے میں پڑ گیا۔ ایک یہ کہ ہندی وبھاگ کے سمپادک کیسی غلط خامہ فرسائی سے کس طرح متفق ہوئے، دوسرا یہ کہ کسی پڑھے لکھے نابلد نے ہندو دھرم خاص کر کشمیری پنڈتوں کے دھارمک جذبہ کو ٹھیس پہنچانے کی ہمت کس بل بوتے پر کی۔

اگر یہ توہین اور تضحیک کسی غیر ہندو مت کے ساتھ کی گئی ہوتی تو تبرا کا فتویٰ جاری ہو کر گردن زدنی کا حکم کہیں سے بھی جاری ہو چکا ہوتا۔ لیکن یہ سناتنی دھرم اتنا ہلکا ہے کہ اس قسم کی ہیبت ناک سزا کا حکم دے۔

اگر یہ مضمون نگار ڈاکٹر اگنی شیکھر خود ساختہ چیئرمین نام نہاد "پنن کشیر" ہیں تو ان کو میں براہ راست تف سمجھتا ہوں اور اگر یہ دوسرے کوئی اگنی شیکھر ہیں تو ان کے لئے میرے پاس لاکھوں مذمتی الفاظ میسر ہیں۔

"کیا ہم اسی زعم میں زندہ ہیں ...." "کہ ہمارے منہ میں مہرشی ویاس کا سناتنی جیا کا لیپ لگا ہے"

مضمون کا انداز خامیوں، مبالغہ آرائیوں اور لقموں سے پر ہے اور اس کے حقیقت کی زیادتیوں سے بعید واقعات سے لبریز ہونے کے کارن میرا اسے پڑھنے کا وقت فنا ہو کر رہ گیا۔ جریدہ ہذا کے محترم ایڈیٹر انچیف سے میری التماس ہوگی کہ تمام مضامین کو پہلے اپنی نظر سے گزار دیا کریں، بعد میں مناسبت کے لحاظ سے اپنے ترجمان رسالہ میں درج کروا کر شائع کریں۔ ع نگاہِ انساں ہے عامیانہ، نگاہِ شاعر قلندرانہ + میں نے کالج لائف تک مضامین کے طور پر اردو اور سنسکرت پڑھے ہیں، لہٰذا ہندی زبان سے مکمل واقفیت رکھتا ہوں لیکن دسترس ہے۔ (فارسی - عربی - عبرانی - یونانی - ان زبانوں سے بھی واقفیت رکھتا ہوں) مذکورہ مضمون یوں لگ رہا ہے کہ ایک ڈاکٹر نے دوسرے ڈاکٹر یا کسی مریض یا دل کے سانسوں کا حساب لیا ہے۔

نثار

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

ملک دشمنوں کا سمرتھن

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ملک دشمنوں کے سمرتھن سے جو ممبر پارلیمنٹ کامیاب ہوگا
کیا وہ محب وطن ہوگا؟

بیشک اُسی طرح کہ بدنام زمانہ بھارت دشمن
تنظیم ناشائستہ حریت کانفرنس ہیڈکوارٹر پارٹی
کے اُمیدواروں کو پارلیمنٹ الیکشن میں کھُل کر
مدد دینے کا آشواسن دے گئی ہے۔ تاکہ وقت
پڑنے پر مولوی عمر فاروق کو بلوغیت بخش دی
جا سکے اور محمد علی شاہ گیلانی کو نئے دانتوں
کا جبڑا مہیّا کرکے حوالہ کی زد سے بچانے کے
ساتھ ساتھ نئی داڑھی مونچھ عطا کی جا سکے۔

سامنے کچھ پیچھے کچھ اندر کچھ باہر کچھ ظاہر کچھ باطن کچھ
اِدھر کچھ اُدھر کچھ یہاں کچھ اور وہاں کچھ

ایسے حال میں مستقبل جو ملک کا ہونا چاہئے
اُس کا اندازہ لگانا بھی ضروری ہے۔ ویسے
دھاوے پر ہی لگ سکتا ہے ملک کا بھوشیہ۔

امکان یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پسِ پردہ کوئی سازش رچائی جا رہی ہو
اسطرح دہشت گردوں کا پسِ چلمن الیکشن میں شمولیت کرنا
یا اُمیدوار کھڑا کر دینا بھی معاملہ کو گھمبیر بنا رہا ہے۔ اسلئے چوکسی
برتنا ہر کس و ناکس کے لئے ضروری ہوگا۔

K/N - 5/96

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

نثار دہلوی کی دماغی کاوشوں پر مبنی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

مخزنِ اسرارِ نو

جلد 1

گذشتہ بارہ سالوں میں وقت وقت پر
لکھے گئے خطوط، مضامین، مقدمے و
آرٹیکل، پیپر، ایڈیٹوریل، تبصرے
کھلے خطوط، تنقیدی نوٹ، رائے زنیاں
جلتی سرخیاں، چبھتی خبریں، سرکار مخالف
سیاسی و دھارمک مضامین۔ تاریخی،
مطبوعہ و غیر مطبوعہ ادبی پارے اور مناظرہ
پر مشتمل مخزنِ اسرارِ نو۔

بی ایس نثار دہلوی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Grant

سروال … جموں ۱۸۰۰۰۵